طحاوی شریف

جلد چہارم

حق کاپی رائیٹ محفوظ ہے بلغیر اجازت کوئی نہ چھاپے

قال الامام الاعظم ابو حنیفۃ نعمان بن ثابت اترکوا قولی بخبر رسول صلعم

بحمد اللہ تعالیٰ و تبارک

علیٰ ھذا طبع الکتاب المستطاب للامام الھمام الحافظ ابو جعفر الطحاوی الحنفی جامع صحاح الاخبار عن جناب سید الانام

جلد چہارم

اردو ترجمہ شرح معانی الآثار

سنہ ۱۹۶۲۵ء

المعروف بالطحاوی

علیٰ حسب اشارۃ التاجر الذین ھو الشیخ الٰہی بخش جلال الدین تاجر الکتب سلمہم اللہ تعالیٰ الیٰ یوم النشور

وقد الطبع فی المطبع الاسلامیۃ اللاھور تحت ادارۃ المدیر منشی محمد اسحٰق خان

جلد فہرست ابواب وفصول طحاوی اردو شرح معانی الآثار چہارم

مضامین	صفحات
باب اُن اشیا کے بیان میں جن کو قبضہ سے پہلے فروخت کرنا جائز ہے	۱
باب اُس بیع کے بیان میں جسمیں اسکے خلاف کوئی شرط ٹھہری ہو	۸
باب مکہ کی زمین فروخت کرنے اور اُس کو کرایہ پر دینے کے بیان میں	۲۰
باب کتّے کی قیمت کے بیان میں	۲۴
باب استقراض الحیوان	۲۶
باب جانور قرض لینے کے بیان میں	۳۷
کتاب بیع صرف کے بیان میں	۴۳
باب بیان میں ہار کے جو فروخت کیا جائے بعوض سونے کے اور اُسمیں جواہرات اور سونا ہو	۵۶
کتاب ہبہ اور صدقہ کے بیان میں	۶۴
باب اس شخص کے بیان میں جو اپنے کسی بیٹے کو دے نہ کسی کو	۷۶
باب عمریٰ کے بیان میں	۸۴
باب ان صدقوں کے بیانمیں جو وقف کیے گئے ہوں	۹۲
باب گرو رکھنے کے بیان میں	۹۷
باب گرو چیز کے بیان میں جو مرتہن کے ہاتھ میں ہلاک ہو جائے تو اسکا کیا حکم ہے	۱۰۲
کتاب کاشت اور پانی سینچنے کے معاملات میں	۱۱۰
کتاب شفعہ کے بیان میں	۱۳۵
کتاب الاجارات	۱۴۵
باب پچھنے لگانے کی مزدوری کے بیانمیں کہ آیا وہ لگانے والے کیواسطے اچھی ہے یا نہ	۱۴۹
باب پڑی ہوئی اور گمشدہ چیز کے احکام میں	۱۵۶
کتاب حکومت اور گواہیوں کے بیانمیں	۱۷۱
باب فیصلہ کرنے میں قسم کے ساتھ مع ایک گواہ کے	۱۷۷
باب قسم رد کرنے کے بیان میں	۱۸۶
باب اُس شخص کے بیان میں جس کے پاس کسی کے واسطے گواہی ہو تو کیا اُسپر واجب ہے کہ اس گواہی کی اُسے خبر کر دے اور آیا حاکم اس کو قبول کرے یا نہیں	۱۸۸
باب اس بیان میں کہ حاکم حکم دے کسی بات کا اور وہ حقیقت میں خلاف ظاہر کے ہو	۱۹۵
باب بیان میں آزاد شخص کے کہ اُسپر قرض واجب ہو اور اُس کے پاس مال نہ ہو تو اسکا کیا حکم ہے	۲۰۰
باب اس بیان میں کہ باپ اپنے بچے کے مال کا مالک ہوتا ہے یا نہیں	۲۰۲
باب اسمیں بچہ کا اگر دو شخص دعویدار ہوں تو اسمیں کیا حکم ہے	۲۰۷
باب اس شخص کی بیانمیں کہ خریدے اسباب جو اُسکے قبضہ میں ہو پھر مرجاے اس حالمیں کہ اسکی قیمت میت پر قرض ہو	۲۱۵
باب اسمیں کہ دیہاتی کی گواہی قصبہ والی پر مقبول ہوتی ہے یا نہیں	۲۲۰
کتاب شکار اور ذبیحوں اور قربانیوں کے بیان میں	۲۲۲
باب اس شخص کی بیانمیں جسنے ذبح کیا عید الضحیٰ کے روز قبل اس کے کہ ذبح کرے حاکم	۲۲۸
باب اونٹ اور گائے کے بیانمیں کہ کتنی آدمیوں کی طرف سے کافی ہوتی ہیں قربانیوں اور ہدیوں میں	۲۳۳
باب بکری کے بیانمیں کہ وہ قربانی میں کتنی آدمیوں کی طرف سے کفایت کرتی ہے	۲۳۷
باب اس شخص کے بیان میں جسنے لازم کیا اپنے اوپر قربانی کو عشرہ ذی الحجہ میں قصد کرے قربانی کا کیا اس کے لیے جائز ہے کہ لیوے اپنے بال یا کترے ناخن	۲۴۶
باب دانت ناخن سے ذبح کرنیکے بیان میں	۲۴۹
باب بیان میں کہانے گوشت کے قربانی کے بعد تین دن کے	۲۵۲
باب بجو کے کہانے کے بیانمیں	۲۶۲
باب مدینہ (مکرمہ) کے شکار کے بیان میں	۲۶۵
باب بیان میں کہانے ضباب (گوہ) کی	۲۷۵
باب آبادی کے گدہوں کو کہانے کے بیان میں	۲۸۶
باب گھوڑے کے گوشت کہانے کے بیانمیں	۲۹۹
کتاب پینے کی اشیاء کے بیان میں	۳۰۱
باب ان نبیذوں کے بیانمیں جو حرام ہیں	۳۰۸
باب کدو کی تونبی اور سبز لاکھی گھڑے اور کھودی ہوئی لکڑی اور رال کے گھڑے میں نبیذ بنانے کے بیان میں	۳۲۳
کتاب مکروہات کے بیان میں	۳۳۶
باب پیشاب پائخانہ کیوقت قبلہ رخ بیٹھنے میں	۳۴۱
باب لہسن اور پیاز اور گندنا کے احکام	۳۵۰
باب اس شخص کے بیان میں جو کسی باغ میں گزرے تو کیا اس کو باغ سے کہانا مباح ہے یا نہیں	۳۵۷
باب ریشم پہننے کے بیان میں	۳۶۳
باب اس کپڑے کے بیان میں جس میں ریشم کے نقوش ہوں یا اس میں کچھ ریشم ہو	۳۸۵
باب اس شخص کے بیان میں جس کا دانت ہلتا ہو کیا وہ اس کی بندش سونے سے کر سکتا ہے یا نہیں	۳۸۹
باب سونے کی انگوٹھی پہننے میں	۳۹۲
باب انگوٹھیوں میں مہر کھودنے کے بیان میں	۳۹۹
باب غیر حکومت والوں کو انگوٹھی پہننے کی بیانمیں	۴۰۳
باب کھڑے ہو کر پیشاب کرنے میں	۴۰۵
باب قسم کے بیان میں	۴۰۹
باب ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھنے میں	۴۲۴
باب مسجد کے اندر تیروں کے ساتھ گزرنے میں	۴۲۹
باب معانقہ کے بیان میں	۴۳۱
باب اُن تصویروں کے بیانمیں جو کپڑوں میں ہوں	۴۴۳
باب اس شخص کے بیان میں جو کہے استغفر اللہ و اتوب الیہ	۴۴۴
باب میت پر رونے کے بیان میں	۴۵۰
باب شعر کا نقل کرنا کیا مکروہ ہے یا نہیں	۴۵۷
باب اس بیان میں کہ چھینکنے والے کے جواب دینے والے کو کس طرح جواب دیا جائے	۴۶۷
باب اس بیان میں کہ بیمار آدمی سے اجتناب کیا جائے یا نہیں	۴۷۱
باب نبیوں میں ترجیح دینے کے بیان میں	۴۹۳
باب چوپایوں کو خصی کرنے میں	۴۹۷
باب علم کو لکھنے کے بیان میں کہ آیا جائز ہے یا نہیں	۵۰۰
باب داغنے کے بیانمیں کہ آیا وہ مکروہ ہے یا نہیں	۵۰۴
باب نماز عشاء کے بعد باتیں کرنے میں	۵۲۲
باب غلام کے آزاد عورتوں کے بال دیکھنے کے بیان میں	۵۲۵
ابوالقاسم کنیت رکھنا صحیح ہے یا نہیں	۵۳۳
باب کافروں کو سلام کرنے کے بیانمیں	۵۴۳
کتاب زیادات کے بیان میں	۵۴۸
باب اس میں کہ عورت کو اپنے مال میں کیا حکم ہے	۵۶۱
باب اسمیں کہ نمازی پہلی رکعت کے پہلے سجدہ سے اٹھکر کیا کرے	۵۶۶
باب کہ غلام کا مولا اسے کسقدر کہانا کپڑا دے واجب ہے	۵۷۰
باب مساجد میں شعر گوئی کرنیکے بیانمیں	۵۷۳
باب غیر موجود شے خریدنے کے بیان میں	۵۷۷
باب اس بیانمیں کہ کیا باپ اپنی باکرہ بیٹی کا نکاح میں اس سے اجازت لینے کا محتاج ہے	۵۸۴
باب اس مقدار کے بیان میں کہ اس کے مالک پر صدقہ لینا حرام ہے	۵۹۲
باب اُن چرنیوالے اونٹوں میں فرض زکوٰۃ کا بیان جو ایکسو بیس سے زیادہ ہوں	۵۹۹
کتاب وصیتوں کے بیان میں	۶۱۰
باب اس شخص کے بیان میں جو اپنے یا کسی خاص قبیلہ کے فلاں شخص کے رشتہ داروں کو تہائی مال کی وصیت کرے	۶۲۰
کتاب فرائض کے بیان میں	۶۲۸
باب ذوی الارحام کی میراثوں کے بیانمیں	۶۳۶

تمام شد فہرست جلد چہارم

بَابُ مَا نُهِيَ عَنْ بَيْعِهِ قَبْلَ الْقَبْضِ

باب اون اشیاء کے بیان میں جنکو قبضہ سے پہلے فروخت کرنا ناجائز ہے

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ وَعَفَّانُ قَالَا ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَقْبِضَهٗ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا شُجَاعُ ابْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهٗ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَقْبِضَهٗ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَمَالِكٌ وَغَيْرُهُمْ اَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهٗ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ مَالِكٌ حَتّٰى يَقْبِضَهٗ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَغَيْرُهٗ عَنِ الْمُنْذِرِ ابْنِ عُبَيْدٍ الْمَدَنِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَبِيْعَ اَحَدٌ طَعَامًا اشْتَرَاهُ بِكَيْلٍ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهٗ

ترجمہ

مترجمہ حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب اور عفان نے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن دینار سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص خریدے کہا نیکی چیز تو نہ فروخت کرے اوسکو جب تک اوسکا قبضہ نہ کر لے حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابونعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن دینار سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس بن محمد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبیداللہ بن عمر نے انہوں نے روایت کی نافع سے انہوں نے ابن عمر سے

انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے ابوبشر رقی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شجاع بن ولید نے انہوں نے روایت کی عبیداللہ سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو خریدے کوئی کھانے کی چیز تو نہ فروخت کرے اوسکو یہانتک کہ پورا وصول کر لے اوسکو حدیث بیان کی ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسمٰعیل بن جعفر نے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن دینار سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص خریدے کوئی کہانیکی چیز تو نہ فروخت کرے اوسکو جب تک کہ قبضہ نہ کر لے اوسکا حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجکو عبید اللہ بن عمر اور عمر بن محمد اور مالک اور اونکے سوا اوروں نے کہ نافع نے حدیث بیان کی اونسے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خریدے کوئی کہانیکی چیز پس نہ فروخت کرے اوسکو جب تک قبضہ نہ کرے اوسکا حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو مالک نے انہوں نے روایت کی عبد اللہ بن دینار سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل مالک نے کہا یہانتک کہ قبضہ کر لے اوسکا حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی جھکو عمرو بن حارث نے اور اونکے غیر نے منذر بن عبید مدنی سے انہوں نے قاسم بن محمد سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا اس سے کہ فروخت کرے کوئی شخص کہانیکی چیز کو کہ خریدا ہو اوسکو پیمانہ سے یہانتک کہ قبضہ کرے اوسکا

حدثنا يونس قال اخبرنا ابن وهب قال اخبرني ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال من اشترى طعاما فلا يبيعه حتى يقبضه **حدثنا** احمد بن داود قال ثنا يعقوب بن حميد قال ثنا ابن ابي حازم عن الضحاك بن عثمان عن بكير بن عبد الله بن الاشج عن سليمان بن يسار عن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اشترى طعاما فلا يبيعه حتى يستوفيه **حدثنا** ابراهيم بن مرزوق قال ثنا عثمان بن عمر قال اخبرنا ابن جريج عن عطاء عن عبد الله بن عصمة الجشمي عن حكيم بن حزام قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم الم انبأ او الم اخبر انك تبيع الطعام فلا تبعه حتى تستوفيه **حدثنا** ابراهيم بن مرزوق قال ثنا ابو عاصم عن ابن جريج قال اخبرني عطاء عن صفوان بن موهب عن عبد الله بن محمد بن صيفي عن حكيم بن حزام عن رسول الله صلى الله عليه وسلم مثله غير انه قال حتى يقبضه **حدثنا** ابن ابي داود قال ثنا ابو الوليد قال ثنا ابو الاحوص عن عبد العزيز بن رفيع عن عطاء عن حزام بن حكيم عن حكيم بن حزام قال كنت اشترى طعاما فاربح فيها قبل ان اقبضه فسألت النبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تبعه حتى تقبضه **قال** ابو جعفر فذهب قوم الى ان من اشترى طعاما لم يحل له بيعه حتى يقبضه ومن اشترى غير الطعام حل له بيعه وان لم يقبضه واحتجوا في ذلك بهذه الآثار وقالوا لما قصد رسول الله صلى الله عليه وسلم بالنهي الى الطعام دل ذلك ان حكم غير الطعام في ذلك بخلاف حكم الطعام **وخالفهم** في ذلك آخرون فقالوا ذلك النهي كل وقع على الطعام وغير الطعام وان كان المذكور في الآثار التي ذكر ذالك النهي فيها هو الطعام ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو ابن جریج نے انہوں نے روایت کی ابو زبیر سے انہوں نے جابر سے انہوں نے

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص خریدے کہانیکی چیز پس نہ فروخت کرے اوسکو جب تک
اوسکا قبضہ نہ کرلے حدیث بیان کی ہم سے احمد بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یعقوب بن حمید
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی حازم نے انہوں نے روائت کی ضحاک بن عثمان سے انہوں
نے بکیر بن عبداللہ بن اشج سے انہوں نے سلیمان بن یسار سے انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے جو شخص خریدے کوئی کہانیکی چیز تو نہ فروخت
کرے اوسکو جب تک کامل قبضہ نہ کرے اوسپر حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا۔
حدیث بیان کی ہم سے عثمان بن عمر نے کہا خبر دی ہمکو ابن جریج نے انہوں نے روایت کی عطا سے
انہوں نے عبداللہ بن عصمہ جشمی سے انہوں نے حکیم بن حزام سے کہا فرمایا مجھسے رسول خدا صلے اللہ
علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں تجھکو اسلئے کہ تو فروخت کرتا ہے کہانیکی چیز غلہ اناج پس نہ فروخت کر اوسکو یہانتک
کہ کامل قبضہ نہ کرلے تو اوسپر حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عثمان
بن عمر نے کہا خبر دی مجھکو عطار نے انہوں نے روائت کی صفوان بن موہب سے انہوں نے عبداللہ بن
محمد بن صیفی سے انہوں نے حکیم بن حزام سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل سوا اسکے
کہ انہوں نے کہا لفظ حتی یقبضہ حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
ابوولید نے کہا حدیث بیان ہم سے ابوالاحوص نے انہوں نے روایت کی عبدالعزیز بن رفیع سے انہوں نے
عطا سے انہوں نے حزام بن حکیم سے انہوں نے حکیم بن حزام سے کہا خریدا کرتا تھا میں غلہ اناج پس نفع
لے لیتا تھا میں اوسکا قبضہ کرنے سے پہلے پھر دریافت کیا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تو
آپنے فرمایا کہ نہ فروخت کر اوسکو جب تک اوسکا قبضہ نہ کرلے ابوجعفر نے کہا پس گیا ایک گروہ اسطرف کہ
جو شخص خریدے کوئی کہانیکی چیز (غلہ اناج وغیرہ) تو اوسکے لئے جائز نہیں فروخت کرنا اوسکا جب تک کہ
قبضہ نہ کرے اوسکا اور جو شخص خریدے کہانیکی چیز کے سوا کوئی دوسری چیز تو اوسکو اوسکا فروخت کرنا
حلال ہے اوسکے قبضہ کرنے سے پہلے اور استدلال لائے وہ اس میں ان احادیث سے اور کہا کہ جب
قصد فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے **ممانعت** سے کہانیکی چیز کا تو اس نے دلالت کی اسپر کہ اسکے سوا اور
اشیاء کا حکم کہانیکی چیز کے برخلاف ہے اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا کہ یہ ممانعت کہانیکی
چیز اور نہ کہانیکی چیز دونوں پر واقع ہوئی ہے۔ اگرچہ اون حدیثوں میں جنکے اندر ممانعت مذکور ہے ذکر کہانے
ہی کی چیز کا ہے۔ **وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ
الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ابْتَعْتُ
زَيْتًا بِالسُّوْقِ فَلَمَّا اسْتَوْجَبْتُهُ لَقِيَنِيْ رَجُلٌ فَاَعْطَانِيْ بِهٖ رِبْحًا حَسَنًا فَاَرَدْتُ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى
يَدِهٖ فَاَخَذَ رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِيْ بِذِرَاعِيْ فَالْتَفَتُّ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَقَالَ لَا تَبِعْهُ حَيْثُ
ابْتَعْتَهُ حَتّٰى تَحُوْزَهُ اِلٰى رَحْلِكَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَبِيْعَ السِّلَعَ حَيْثُ
تُبْتَاعُ حَتّٰى تَحُوْزَهَا التُّجَّارُ اِلٰى رِحَالِهِمْ فَلَمَّا اَخْبَرَنِيْ زَيْدٌ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ**

الزيت قد دخل فيما كان نهى عن بيعه قبل قبضه وهو غير الطعام الذي كان ابن عمر رضي الله عنهما علم من رسول الله صلى الله عليه وسلم النهي عن بيعه بعد ابتياعه حتى يقبض وعمل ابن عمر رضي الله عنهما على ذلك فأراد بيع الزيت قبل قبضه لأنه ليس من الطعام فقبل ذلك منه ابن عمر رضي الله عنهما ولم يكن كان ما سمع من رسول الله صلى الله عليه وسلم مما قد ذكرناه عنه في أول هذا الباب من قصده إلى الطعام بمانع أن يكون غير الطعام في ذلك بخلاف الطعام ثم أكد زيد بن ثابت رضي الله تعالى عنه في ذلك فقال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهانا عن ابتياع السلع حيث تبتاع حتى نحوزها التجار إلى رحالهم فجمع في ذلك كل السلع وفيها غير الطعام فدل ذلك على أنه لا يجوز بيع شيء ابتيع إلا بعد قبض مبتاعه إياه طعاما كان أو غير الطعام وقد قال ابن عباس رضي الله عنه وقد علم من رسول الله صلى الله عليه وسلم قصده بالنهي عن بيع ما لم يقبض إلى الطعام ترجمہ اور استدلال کیا انہوں نے اس میں اوس سے جو حدیث بیان کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن خالد وہبی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن اسحاق نے انہوں نے روایت کی ابو زناد سے انہوں نے عبید بن حنین سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا خریدا میں نے زیتون بازار میں پس جب میں اوسکا مستحق ہو گیا تو ایک شخص مجھے ملا اور اوس میں مجھے اچھا خاصہ نفع دینے لگا پس میں نے چاہا کہ اوسکے ہاتھ پر ماروں کہ اچانک پیچھے سے ایک شخص نے میرا ہاتھ پکڑ لیا پس میں نے اودھر کو دیکھا تو وہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے تو انہوں نے فرمایا نہ فروخت کر اوسکو جہاں اوسکو خریدا ہے تو نے جب تک کہ اکٹھا نہ کرے اوسکو اپنے مکان میں کیونکہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہمکو اس سے کہ فروخت کریں ہم اسباب جہاں خریدیں جب تک ہم اوسکو اپنے مکانوں میں اکٹھا نہ کر لیں پھر خبر دی زید نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ زیتون داخل ہے اون اشیاء میں کہ منع فرمایا تھا آپنے اونکو فروخت کرنے سے قبل قبضہ کے اور حال یہ ہے کہ زیتون غلہ اناج کا غیر ہے جسکے فروخت کرنیکی قبل قبضہ ممانعت کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے جانا اور انہوں نے اسی پر عمل کیا اور اسی وجہ سے انہوں نے چاہا کہ فروخت کریں زیتون کو قبضہ کے پہلے کیونکہ وہ کہا نیکی چیز غلہ اناج میں سے نہیں ہے پس قبول فرمایا حضرت عمر نے اسکو اوسے اور جو کچھ انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا جسکو ہم اس بات کے شروع میں لکھ چکے "قصد فرمانا آپکا غلہ اناج کا وہ نہ ہوا مانع اس لیے کہ ہو غیر طعام اس حکم میں مثل طعام کی پھر تاکید کی زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس بارہ میں اور فرمایا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم منع فرمایا کرتے تھے ہمکو فروخت کرنے اسباب کے سے جہاں خریدا گیا ہو جب تک جمع نہ کر لیں سوداگر اوسکو اپنے مکانوں میں پس جمع فرمایا آپنے اس میں ہر اسباب کو اور اوس میں غیر طعام بھی شامل ہے لہذا اس نے دلالت کی اسپر کہ جائز نہیں فروخت کرنا کسی چیز کا جو خریدی گئی ہو مگر بعد خریدار کے اوسکو قبضہ میں لے آنے کے خواہ وہ طعام غلہ اناج ہو یا غیر طعام اسکے سوا اور بیشک ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا حالانکہ آپ جانتے تھے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا قصد قبل قبضہ فروخت

کرنیکی ممانعت سے طعام ہے جیسا کہ حدیث بیان کی ہم سے **ما حدثنا** یونس قال ثنا سفیان
عن عمرو عن طاؤس عن ابن عباس قال اما الذی نھی عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبیع
الطعام قبل ان یستوفی قال ابن عباس برایہ واحسب کل شیء مثلہ **فھذا** ابن عباس رضی
اللہ تعالی عنہما لم یمنعہ قصد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالنہی الی الطعام ان یدخل فی ذلک
النہی غیر الطعام **وقد** روی عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما مثل ذلک ایضا **حدثنا**
ابراھیم بن مرزوق قال ثنا ابو عاصم عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر فی الرجل یبتاع
المبیع فیبیعہ قبل ان یقبضہ قال اکرھہ **فھذا** جابر رضی اللہ عنہ قد سوی بین الاشیاء المبیعۃ
فی ذلک وقد علم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قصدہ بالنہی عن البیع فیہ حتی یقبض الی
الطعام بعینہ **فدل** ذلک النہی علی ما قد تقدم وصفنا لہ **فان قال** قائل فکیف قصد بالنہی
فی ذلک الی الطعام بعینہ ولم یعم الاشیاء **قیل** لہ قد وجدنا مثل ھذا فی القرآن قال اللہ
عزوجل لا تقتلوا الصید وانتم حرم ومن قتلہ منکم متعمدا فاوجب علیہ الجزاء المذکور
فی الآیۃ ولم یختلف اھل العلم فی قاتل الصید خطا ان علیہ مثل ذلک وان ذکرہ العمد لا ینفی الخطا
فکذلک ذکرہ الطعام فی النہی عن بیعہ قبل القبض لا ینفی غیر الطعام **وقد** رأینا الطعام
یجوز السلم فی العروض وکان الطعام اوسع امرا فی البیوع من غیر الطعام لان الطعام یجوز السلم
فیہ وان لم یکن عند المسلم الیہ ولا یکون ذلک فی غیرہ فلما کان الطعام اوسع امرا فی البیوع واکثر
جوازا ورأیناہ قد نھی عن بیعہ حتی یقبض کان ذلک فیما لا یجوز السلم فیہ احری ان لا یجوز
بیعہ حتی یقبض فقصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالنہی الی الذی اذا نھی عنہ دل
نہیہ صلی اللہ علیہ وسلم عنہ علی نہیہ عن غیرہ واغناہ ذکرہ لہ عن ذکرہ لغیرہ فقام ذلک
مقام النہی لو عم بہ الاشیاء کلہا ولو قصد بالنہی الی غیر الطعام اشکل حکم الطعام فی ذلک
علی السامع فلم یدر ھل ھو کذلک ام لا لانہ یجد الطعام یجوز السلم فیہ ولیس ھو بقائم
حینئذ ولیس یجوز ذلک فی العروض فیقول کما خالف الطعام العروض فی جواز السلم
فیہ ولیس عند المسلم الیہ ولیس ذلک فی العروض فکذلک یحتمل ان یکون مخالفا لہ فی
جواز بیعہ قبل ان یقبض وان کان ذلک غیر جائز فی العروض **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے یونس
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی عمرو سے انہوں نے طاؤس سے انہوں
نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا وہ شی جس سے منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس فروخت
کرنا طعام کا ہے پہلے اس سے کہ قبضہ کیا جائے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اپنی رائے سے کہا اور
میں گمان کرتا ہوں کہ ہر چیز کا حکم اسکی مثل ہے پس یہ ابن عباس رضی اللہ عنہ ہیں کہ نہیں منع کیا انکو
نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ممانعت طعام کا قصد کرنے نے اس سے کہ داخل ہو ممانعت میں غیر طعام اور بیشک روایت
کیا گیا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے بھی اسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث

بیان کی ہم سے ابو عاصم نے انہوں نے روایت کی ابن جریج سے انہوں نے ابو زبیر سے انہوں نے جابر سے اوس شخص کے بارہ میں جو خریدی کوئی شئے پھر فروخت کردے اوسکو پہلے اس سے کہ قبضہ کرے اوسکا کہا میں مکروہ جانتا ہوں اسکو پس یہ جابر رضی اللہ عنہ ہیں کہ برابری کی انہوں نے اس بارہ میں تمام اون اشیاء کے درمیان جو فروخت کی جائیں اور بیشک جانا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے قصد فرمانا آپ کا اوس چیز سے جسکی بیع قبل قبضہ ناجائز ہے بالخصوص طعام پس دلالت کی اس ممانعت نے اوپر جسکا بیان ہم پہلے بیان کر چکے پس اگر کوئی کہنے والا کہے کہ پھر کیوں قصد فرمایا آپ نے بالخصوص طعام کی بیع کے قبل قبض ناجائز ہونیکا اور تمام اشیاء کے تعمیم نہ کی تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ ہم پاتے ہیں اسی جیسا مضمون قرآن شریف میں فرمایا خدا تعالےٰ نے نہ قتل کرو شکار کو اسحال میں کہ تم احرام باندھے ہو اور وہ شخص کہ قتل کریگا شکار کو تم میں سے قصدًا تو واجب کیا خدا تعالےٰ نے اوپر بدلہ جو ذکور ہے آیت میں اور نہیں مختلف ہوئے اہل علم اوس شخص میں جو قتل کرنیوالا ہو شکار کا غلطی سے اسبات میں کہ اوپر بھی اوسکی مثل لازم ہے اور خدا تعالےٰ کا لفظ عمد (قصد) کو ذکر کرنا خطا غلطی کی نفی نہیں کرتا پس اسیطرح ذکر کرنا آپکا حدیث میں لفظ طعام کو کہ اوسکی قبل قبضہ بیع ناجائز ہے غیر طعام کی نفی نہیں کرتا اور ہم نے دیکھا طعام کو کہ اوس میں سلم بدنی جائز ہوتی ہے اور اسباب میں بدنی جائز نہیں اور سے طعام زیادہ وسیع از روئے معاملات بیع کے غیر طعام سے اسلئے کہ طعام میں بدنی جائز ہے اگرچہ وہ مسلم الیہ کے پاس موجود نہ ہو اور اوسکے سوا میں یہ جائز نہیں پس جبکہ باعتبار معاملات بیع کے طعام میں وسعت ہوئی اور اکثر صورتیں بیع کی اوس میں جائز ہوئیں اور ہم نے دیکھا کہ اوسکی بیع سے منع کیا گیا ہے جب تک کہ قبضہ میں نہ آجائے تو ہوا یہ اون چیزوں میں کہ بدنی اون میں درست نہیں زیادہ مناسب ہکہ بیع اوسکی جائز نہ ہوتا وقتیکہ قبضہ نہ ہو جائے پس قصد فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ممانعت سے اوس شی کا کہ جب اوس سے ممانعت کی جائے تو دلالت کرے ممانعت فرمانا آپکا اوس سے اوپر ممانعت آپکی کے اوسکے سوا دوسری چیز سے اور بے پروا کردیا آپکو آپکے اوسکا ذکر کردینے نے اس سے کہ آپ ممانعت دوسری چیز کا ذکر کریں لہذا یہ فرمان آپ کا قائم مقام اوس ممانعت کے ہوگیا جو تمام اشیاء کو شامل ہوتی اور اگر قصد فرماتے آپ ممانعت سے غیر طعام کا تو اسکے اندر ساری طعام کا حکم مشتبہ ہوجاتا کہ نہ معلوم ہوتا کہ اوسکا حکم بھی اسطرح ہے یا نہیں کیونکہ طعام کو پایا جاتا ہے کہ اوس میں بدنی درست ہوتی ہے حالانکہ وہ اوسوقت موجود بھی نہیں ہوتا اور یہ بات اسباب میں جائز نہیں لہذا غور کرنے والا کہہ سکتا ہے کہ جسطرح طعام اسباب کے مخالف ہے بدنی کے اوسکے اندر درست ہونے میں حالانکہ وہ مسلم الیہ کے پاس موجود نہ ہو اور اسباب میں یہ حکم نہیں تو اسی طرح ہو سکتا ہے کہ طعام اسباب کے خلاف ہو اسبارہ میں بھی کہ طعام کو فروخت کرنا قبضہ سے پہلے جائز ہو اگرچہ اسباب میں یہ درست نہ ہو فَهٰذَا هُوَ الْمَعْنَى الَّذِي لَهُ قَصَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يُقْبَضْ إِلَى الطَّعَامِ خَاصَّةً وَفِي ذٰلِكَ حُجَّةٌ أُخْرَى وَذٰلِكَ أَنَّ الْمَعْنَى الَّذِي حُرِّمَ عَلَى مُشْتَرِي الطَّعَامِ بَيْعُهُ قَبْلَ قَبْضِهِ هُوَ أَنْ لَا يَطِيبَ لَهُ رِبْحُ مَا فِي ضَمَانِ غَيْرِهِ فَإِذَا قَبَضَهُ صَارَ فِي ضَمَانِهِ فَطَابَ لَهُ رِبْحُهُ فَجَازَ أَنْ يَبِيعَهُ حَتَّى أَحَبَّ وَالْعُرُوضُ الْمَبِيعَةُ هٰذَا الْمَعْنَى

سه یعنی اوس شخص کے پاس جس سے روپیہ لیکر مال دینے کا وعدہ کیا ہے ۱۲ مترجم عفی عنہ

بِعَيْنِهِ مَوْجُودٌ فِيهَا وَذٰلِكَ اَنَّ الرِّبْحَ فِيهَا قَبْلَ قَبْضِهَا غَيْرُ حَلَالٍ لِمُبْتَاعِهَا لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ نَهٰى عَنْ رِبْحِ مَا لَمْ يُضْمَنْ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ قَدْ دَخَلَ فِيهِ الطَّعَامُ وَغَيْرُ الطَّعَامِ وَلَمْ يَكُنِ الرِّبْحُ يَطِيبُ لِاَحَدٍ اِلَّا بِتَقَدُّمِ ضَمَانِهِ لِمَا كَانَ عَنْهُ ذٰلِكَ الرِّبْحُ فَكَذٰلِكَ الْاَشْيَاءُ الْمَبِيعَةُ كُلُّهَا مَا كَانَ مِنْهَا يَطِيبُ الرِّبْحُ فِيهِ لِبَائِعِهِ فَحَلَالٌ لَهُ بَيْعُهُ وَمَا كَانَ مِنْهَا يَحْرُمُ الرِّبْحُ فِيهِ عَلٰى بَائِعِهِ فَحَرَامٌ عَلَيْهِ بَيْعُهُ وَقَدْ جَاءَتْ اَيْضًا اٰثَارٌ اُخَرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يُقْبَضْ لَمْ يَقْصِدْ فِيهَا اِلَى الطَّعَامِ وَلَا اِلٰى غَيْرِهٖ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ قَالَ ثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ اَنَّ يَعْلَى بْنَ حَكِيْمٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ يُوْسُفَ بْنَ مَاهِكٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عِصْمَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ اَخْبَرَهُ قَالَ اَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِيْ فَقَالَ اِذَا ابْتَعْتَ شَيْئًا فَلَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَقْبِضَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَعْلَى بْنُ حَكِيْمٍ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ اَبَاهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَشْتَرِيْ بُيُوْعًا فَمَا يَحِلُّ لِيْ مِنْهَا قَالَ اِذَا اشْتَرَيْتَ بَيْعًا فَلَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَقْبِضَهُ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَبِهٰذَا نَاْخُذُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ غَيْرَ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ قَالَ لَا بَاْسَ بِبَيْعِ الدُّوْرِ وَالْاَرَضِيْنَ قَبْلَ قَبْضِ مُشْتَرِيْهَا اِيَّاهَا لِاَنَّهَا لَا تَنْتَقِلُ وَلَا تُحَوَّلُ وَسَائِرُ الْمَبِيْعَاتِ لَيْسَتْ كَذٰلِكَ وَالنَّظَرُ فِيْ هٰذَا عِنْدَنَا اَنْ يَكُوْنَ الْعُرُوْضُ سَائِرُ الْاَشْيَاءِ فِيْ ذٰلِكَ سَوَاءً عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا فِي الطَّعَامِ ترجمہ پس یہ وجہ ہے اسکی کہ قصد فرمایا حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے قبضہ سے پہلے بیع کی ممانعت میں بالخصوص طعام کا اور اس میں ایک اور دلیل بھی ہے وہ یہ ہے کہ وہ وجہ جس سے لئے طعام کے خریدار کو اوسکے قبضہ سے پہلے فروخت کرنا منع ہوا یہ ہے کہ اوس شخص بائع کے لئے اوس چیز کا نفع اچھا نہیں ہو سکتا جو دوسرے کی ضمانت ذمہ داری میں ہو البتہ جب اوسکا قبضہ کر لیگا تو وہ شی اوسکے ضمان ذمہ داری میں آجائیگی لہذا اوسکا نفع اوس شخص کے واسطے اچھا ہوگا اور اوسکی بیع اوسکے لئے درست ہوگی جب چاہے اور اسباب میں جو فروخت کیا جائے بعینہ یہ علت موجود ہے اور یہ اسوجہ سے کہ نفع اونکے اندر قبضہ سے پہلے اوسکے خریدار کے واسطے حلال نہیں ہے کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اوس شی کے نفع سے جو ضمان ذمہ داری میں داخل نہ ہوئی ہو پس جس طرح اسکے اندر طعام اور غیر طعام دونوں داخل ہیں اور نفع کسیکے لئے اچھا نہیں مگر اوسوقت کہ پہلے وہ شی ذمہ داری میں آجائے جس سے یہ نفع حاصل ہوا ہے تو اسی طرح تمام اشیاء جو فروخت کی جائیں جن جن میں اونکے فروخت کرنیوالیکو نفع لینا حلال ہے سو اونکا فروخت کرنا بھی جائز ہے اور جن جن میں حرام ہے اونکا فروخت کرنا بھی حرام ہے اور بیشک اور حدیثیں بھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسی ثابت ہیں جن جن میں غیر مقبوض شی کے فروخت کرنیکی ممانعت ہے اور اونکے اندر طعام یا غیر طعام کی کوئی قید نہیں حدیث بیان کی ہم سے ابو حازم عبد العزیز کے بیٹے عبد الحمید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن بشار بندار نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حبان بن ہلال نے انہوں نے روایت کی ابان بن یزید سے

انہوں نے یحییٰ ابن ابی کثیر سے کہ یعلیٰ بن حکیم نے خبر دی اونکو کہ یوسف بن مالک نے خبر دی اونکو کہ عبد اللہ بن عصمہ نے خبر دی اونکو کہ حکیم بن حزام نے خبر دی اونکو کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پکڑا ہاتھ میرا پھر فرمایا جب خریدے تو کسی چیز کو تو نہ فروخت کر اوسکو یہانتک کہ قبضہ کرلے تو اوسکا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبد اللہ بن میمون نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ولید بن مسلم نے انہوں نے روایت کی اوزاعیؒ سے انہوں نے یحییٰ بن ابی کثیر سے کہا حدیث بیان کی مجھسے یعلیٰ بن حکیم بن حزام نے کہ اونکے باپ نے دریافت کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پس عرض کیا کہ میں خریدتا ہوں خریدنے کی چیزیں تو بیچکر لیتے اونمیں سے کونسی چیز کی بیع حلال ہے تو آپنے فرمایا کہ جب تو کوئی چیز خریدے تو اوسکو فروخت مت کر یہانتک کہ قبضہ کرلے تو اوسکا ابو جعفر نے کہا پس اسی پر ہم عمل کرتے ہیں اور یہی قول امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے مگر یہ کہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ نہیں ہے کوئی مضایقہ گہروں اور زمینوں کے فروخت کرنے مین قبل اسکے کہ اونکا خریدار اونکا قبضہ کرے اسلئے کہ وہ نہ ہٹائی جاتی ہیں نہ پہرائی جاتی ہیں اور دیگر اشیاء فروختنی ایسی نہیں ہیں اور دلیل نظری اسکے اندر ہمارے نزدیک یہ ہے کہ اسباب اور باقی تمام اشیاء اسکے اندر برابر ہیں جیسا کہ ہم نے طعام میں ذکر کیا +

بَابُ الْبَيْعِ يُشْتَرَطُ فِيْهِ شَرْطٌ لَيْسَ مِنْهُ

باب اوس بیع کے بیان میں جس میں اوسکے خلاف کوئی شرط ٹہیری ہو

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّهُ كَانَ يَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَمَلٍ لَهُ فَأَعْيَاهُ فَأَدْرَكَهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ يَا جَابِرُ قَالَ أَعْيَى نَاضِحِي يَا رَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ أَمَعَكَ شَيْءٌ فَأَعْطَاهُ قَضِيْبًا أَوْ عُوْدًا فَنَخَسَهُ بِهِ أَوْ قَالَ ضَرَبَهُ فَسَارَ سِيْرَةً لَمْ يَكُنْ يَسِيْرُ مِثْلَهَا فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعْنِيْهِ بِأُوْقِيَّةٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ هُوَ نَاضِحُكَ قَالَ فَبِعْتُهُ بِأُوْقِيَّةٍ وَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهُ حَتَّى أَقْدَمَ عَلَى أَهْلِي فَلَمَّا قَدِمْتُ أَتَيْتُهُ بِالْبَعِيْرِ فَقُلْتُ هٰذَا بَعِيْرُكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ لَعَلَّكَ تَرَى أَنِّي إِنَّمَا حَبَسْتُكَ لِأَذْهَبَ بِبَعِيْرِكَ يَا بِلَالُ أَعْطِهِ مِنَ الْعَيْبَةِ أُوْقِيَّةً وَقَالَ انْطَلِقْ بِبَعِيْرِكَ فَهُمَا لَكَ قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا بَاعَ مِنْ رَجُلٍ دَابَّةً بِثَمَنٍ مَعْلُوْمٍ عَلَى أَنْ يَرْكَبَهَا الْبَائِعُ إِلَى مَوْضِعٍ مَعْلُوْمٍ أَنَّ الْبَيْعَ جَائِزٌ وَالشَّرْطَ جَائِزٌ وَاحْتَجُّوْا فِي ذٰلِكَ بِحَدِيْثِ جَابِرٍ هٰذَا وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُوْنَ ثُمَّ افْتَرَقَ الْمُخَالِفُوْنَ لَهُمْ عَلَى فِرْقَتَيْنِ فَقَالَتْ فِرْقَةٌ الْبَيْعُ جَائِزٌ وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ وَقَالَتْ فِرْقَةٌ الْبَيْعُ فَاسِدٌ وَسَنُبَيِّنُ مَا ذَهَبَتْ إِلَيْهِ الْفِرْقَتَانِ جَمِيْعًا فِي هٰذَا الْبَابِ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِهَاتَيْنِ الْفِرْقَتَيْنِ جَمِيْعًا عَلَى الْفِرْقَةِ الْأُوْلَى فِي حَدِيْثِ جَابِرٍ الَّذِي ذَكَرْنَا أَنَّ فِيْهِ مَخْبِئَيْنِ يَدُلَّانِ أَنْ لَا حُجَّةَ لَهُمْ فِيْهِ فَأَمَّا أَحَدُ الْمَخْبِئَيْنِ فَإِنَّ مُسَاوَمَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِجَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِنَّمَا كَانَتْ عَلَى الْبَيْعِ وَلَمْ يَشْتَرِطْ فِي ذٰلِكَ لِجَابِرٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ رُكُوْبًا قَالَ جَابِرٌ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَبِعْتُهُ وَاسْتَثْنَيْتُ

حملانه الى اهلى فوجه هذا الحديث ان البيع انما كان على ما كانت عليه المساومة من النبي صلى الله عليه وسلم ثم كان الاستثناء للركوب من بعد فكان ذلك الاستثناء مفصولا من البيع لانه انما كان بعده فليس في ذلك حجة يدلنا كيف حكم البيع لو كان ذلك الاستثناء مشروطا في عقده هل هو كذلك ام لا

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو زکریا بن ابی زائدہ نے انہوں نے روایت کی شعبی سے انہوں نے جابر بن عبداللہ سے کہ وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے اپنے اونٹ پر پس تھکا دیا اونکو پھر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اونسے ملے اور فرمایا کہ کیا حال ہے تمہارا ای جابر تو انہوں نے کہا میرا اونٹ کمزور ہوگیا ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پس فرمایا آپنے کیا تیرے ساتھ کوئی چیز ہے پس ویدی انہوں نے آپکو ایک لکڑی پس جھبودی آپنے اوسکی یا کیا کہ مارا اوسکو پس چلنے لگا ایسا چلنا کہ نہیں چلاکرتا تھا اوسقدر پھر فرمایا مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فروخت کر اسکو میرے ہاتھ ایک اوقیہ کے بدلہ کہا عرض کیا میں نے اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہ اونٹ آپ ہی کا ہے کہا پس فروخت کردیا میں نے اوسکو بعوض ایک اوقیہ کے اور مستثنی کرلیا میں نے اوسپر سوار ہونیکو یہانتک کہ پہونچ جاؤں اپنے گھر پھر جب میں اپنے گھر آگیا تو لایا میں آپ کے پاس اونٹ اور عرض کیا کہ یہ آپکا اونٹ ہے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا حضور نے شاید تو نے خیال کیا ہوگا کہ میں نے روک لیا تجھکو اوس سے تاکہ لیلوں تیرا اونٹ ای بلال دے تو اسکو تھیلی سے ایک اوقیہ اور فرمایا لے جا اپنا اونٹ کیونکہ یہ دونوں تیرے ہی ہیں ابو جعفر نے کہا پس گیا ایک گروہ اسطرف کہ آدمی جب دوسرے آدمی کے ہاتھ کوئی چوپایہ قیمت معینہ کے ساتھ اس شرط پر فروخت کرے کہ سوار ہو اوسپر فروخت کرنیوالا کسی معین جگہ تک تو وہ بیع جائز ہے اور شرط بھی جائز ہے اور استدلال کیا انہوں نے اس مسئلہ میں جابر کی اس حدیث سے اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے پھر اونکے مخالفین دو فریق ہوئے ایک فرقہ نے کہا کہ بیع جائز ہے اور شرط باطل اور ایک فرقہ نے کہا کہ بیع فاسد ہے اور عنقریب بیان کرینگے ہم دونوں فریقوں کا مذہب اس بابمیں اگر چاہا خدا تعالے نے اور ان دونوں فریقوں کی دلیل پہلے فریق پر حدیث جابر میں ہے جسکو ہم ذکر کرچکے اسلئے کہ اوس میں دو معنے ہیں کہ دونوں اسپر دلالت کرتے ہیں کہ اونکے اسمیں کوئی دلیل نہیں چنانچہ منجملہ اونکے ایک معنے یہ ہیں کہ نرخ کرنا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بجز اسکے نہیں کہ اونٹ پر تھا اور نہیں شرط کیا گیا اسکے اندر جابر رضی اللہ عنہ کے لئے سوار ہونا جابر رضی اللہ عنہ نے کہا پس میں نے اوسکو فروخت کردیا اور مستثنی کردیا اپنے سوار ہونیکو آپنے گھر تک تو توجیہ اس حدیث کی یہ ہے کہ بیع بجز اسکے نہیں کہ تھی اوس شے پر کہ ہوا تھا اوسپر بہاؤ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی طرفسے پھر ہوا استثنا سوار ہونیکا بعد میں لہذا یہ استثناء بیع سے جدا ہوا کیونکہ وہ بیع کے بعد ہوا پس اس میں ہمارے واسطے کوئی دلیل نہیں جو دلالت کرے ہمکو کہ کیا حکم ہے بیع کا اوس صورت میں کہ استثناء کی شرط عقد بیع میں داخل ہوا یا یہ ہی یا کچھ اور

واما الحجة الاخرى فان جابرا رضي الله عنه قال فلما قدمت المدينة اتيت النبي صلى الله

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَعِيْرِ فَقُلْتُ هٰذَا بَعِيْرُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَعَلَّكَ تَرٰى اَنِّيْ اِنَّمَا حَبَسْتُكَ لِاَذْهَبَ بِبَعِيْرِكَ يَا بِلَالُ اَعْطِهِ اُوْقِيَّةً وَخُذْ بَعِيْرَكَ فَهُمَا لَكَ **فَدَلَّ** ذٰلِكَ اَنَّ ذٰلِكَ الْقَوْلَ الْاَوَّلَ لَمْ يَكُنْ عَلَى التَّبَايُعِ فَلَوْ ثَبَتَ اَنَّ الْاِشْتِرَاطَ لِلرُّكُوْبِ كَانَ فِيْ اَصْلِهِ بَعْدَ ثُبُوْتِ هٰذِهِ الْعِلَّةِ لَمْ يَكُنْ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ حُجَّةٌ لِاَنَّ الْمُشْتَرَطَ فِيْهِ ذٰلِكَ الشَّرْطُ لَمْ يَكُنْ بَيْعًا وَلِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ مَلَكَ الْبَعِيْرَ عَلٰى جَابِرٍ فَكَانَ اشْتِرَاطُ جَابِرٍ لِلرُّكُوْبِ اِشْتِرَاطًا فِيْمَا هُوَ لَهٗ مَالِكٌ فَلَيْسَ فِيْ هٰذَا دَلِيْلٌ عَلٰى حُكْمِ ذٰلِكَ الشَّرْطِ لَوْ وَقَعَ فِيْ بَيْعٍ يُوْجِبُ الْمِلْكَ لِلْمُشْتَرِيْ كَيْفَ كَانَ حُكْمُهٗ **وَذَهَبَ** الَّذِيْنَ اَبْطَلُوا الشَّرْطَ فِيْ ذٰلِكَ وَجَوَّزُوا الْبَيْعَ اِلٰى حَدِيْثِ بَرِيْرَةَ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عَائِشَةَ اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ تُعْتِقُهَا فَقَالَ لَهَا اَهْلُهَا نَبِيْعُكِهَا عَلٰى اَنَّ وَلَاءَهَا لَنَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكَ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَتْ تَسْتَعِيْنُ عَائِشَةَ فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَصُبَّ لَهُمْ ثَمَنَكِ صَبَّةً وَاحِدَةً وَاُعْتِقَكِ فَعَلْتُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيْرَةُ لِاَهْلِهَا فَقَالُوْا لَا اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ وَلَاؤُكِ لَنَا قَالَ مَالِكٌ قَالَ يَحْيٰى فَزَعَمَتْ عَمْرَةُ اَنَّ عَائِشَةَ ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيْهَا فَاَعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ **ترجمہ** اور ری دوسری دلیل سو وہ یہ ہے کہ جابر رضی اللہ عنہ نے کہا پھر جب میں مدینہ آیا تو حاضر کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اونٹ اور عرض کیا میں نے کہ یہ آپکا اونٹ ہے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپنے فرمایا شاید تو نے خیال کیا ہوگا کہ بجز اسکے نہیں کہ بند کیا میں نے تجھکو تاکہ لے جاؤں تیرا اونٹ ای بلال اسکو ایک اوقیہ دے اور اپنا اونٹ لے پس یہ دونوں (اونٹ اور اوقیہ) تیرے ہی ہیں لہذا اس نے اس امر پر دلالت کی کہ پہلا قول خرید و فروخت پر محمول نہ تھا اور اگر ثابت ہو جائے یہ کہ سوار ہونیکی شرط اصل بیع میں تھی اس علت کے ثابت ہونیکے بعد تو بھی اس حدیث میں کسی طرح حجت نہیں کیونکہ جس میں یہ شرط ہو وہ بیع نہیں ہو سکتی اور اسوجہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں مالک ہوئے تھے اونٹ کے لہذا جابر رضی اللہ عنہ کا پھر بھی اسمیں اسپر کوئی دلیل نہ ہوی کہ اگر یہ شرط کسی ایسی بیع میں واقع ہو جائے جو خریدار کے لئے ملک ثابت کر دے تو اوسکا کیا حکم ہے اور گئے وہ لوگ جنہوں نے باطل کیا شرط کو اسکے اندر اور جائز رکھا بیع کو حدیث بریرہ رضی اللہ عنہ کیطرف حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو مالک بن انس نے انہوں نے روایت کی نافع سے انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارادہ کیا بریرہ کو خریدنیکا تاکہ اوسکو آزاد کریں تو اسکے مالک بولے کہ ہم تمہارے ہاتھ بریرہ کو اس شرط پر فروخت کرتے ہیں کہ اوسکی ولا (وراثت) ہمارے لئے ہو پس یہ بات حضرت عائشہ رضی نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ذکر کی تو آپنے فرمایا کہ تمکو یہ بات مانع نہیں ہو سکتی کیونکہ ولا (وراثت) صرف اوسکی ہے جو آزاد کرے حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی

جبکو مالک نے انہوں نے روایت کی یحیی بن سعید سے انہوں نے عمرہ بنت عبد الرحمن سے کہ بریرہ آئی امداد طلب کرتی تہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے تو حضرت عائشہ نے اوس سے فرمایا کہ اگر تیرے مالک اسکو پسند کریں کہ میں اونہیں تیری قیمت یکمشت دیدوں اور پھر تجھے آزاد کردوں تو میں ایسا کروں پس بریرہ نے اسکا ذکر اپنے مالکوں سے کیا تو انہوں نے جوابدیا کہ نہیں مگر اوس صورت میں کہ تیری ولا ہمارے لئے ہو مالک نے کہا یحیی کا قول ہے کہ عمرہ نے گمان کیا کہ ذکر کیا حضرت عائشہ نے اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تو آپنے فرمایا خرید لو اسکو اور آزاد کردو کیونکہ ولا صرف اوسی کی ہوتی ہے جو آزاد کرتا ہے **وَحَدَّثَنَا** اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ فَتُعْتِقَهَا فَاشْتَرَطَ مَوَالِيْهَا وَلَاءَهَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِشْتَرِيْهَا فَاَعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ **وَحَدَّثَنَا** اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَهْلَ بَيْتِ بَرِيْرَةَ اَرَادُوْا اَنْ يَّبِيْعُوْهَا وَيَشْتَرِطُوا الْوَلَاءَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيْهَا فَاَعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَتْ تَسْتَعِيْنُهَا فِيْ كِتَابَتِهَا فَقَالَتْ عَائِشَةُ اِنْ شَاءَ اَهْلُكِ اشْتَرَيْتُكِ وَنَقَدْتُهُمْ ثَمَنَكِ صَبَّةً وَّاحِدَةً فَذَهَبَتْ اِلٰى اَهْلِهَا فَقَالَتْ لَهُمْ ذٰلِكَ فَاَبَوْا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيْهَا وَلَا يَضُرُّكِ مَا قَالُوْا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ **قَالُوْا** فَلَمَّا كَانَ اَهْلُ بَرِيْرَةَ اَرَادُوْا بَيْعَهَا عَلٰى اَنْ تُعْتَقَ وَيَكُوْنَ وَلَاءُهَا لَهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَا يَضُرُّكِ ذٰلِكَ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ هٰذِهِ الشُّرُوْطَ كُلَّهَا الَّتِيْ تُشْتَرَطُ فِي الْبُيُوْعِ وَاِنَّهَا تَبْطُلُ وَتَثْبُتُ الْبُيُوْعُ **فَكَانَ** مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰثَارَ هٰكَذَا رُوِيَتْ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِيَهَا فَتُعْتِقَهَا فَاَبٰى اَهْلُهَا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ وَلَاءُهَا لَهُمْ **ترجمہ** اور حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بشر بن عمر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی حکم سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے اسود سے انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ انہوں نے ارادہ کیا بریرہ کے خریدنیکا تاکہ اوسکو آزاد کریں پس شرط ٹہیرائی اوسکے مالکوں نے اوسکی ولا کی پہر ذکر کیا حضرت عائشہ نے اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تو آپنے فرمایا کہ خرید لو اوسکو اور آزاد کردو کیونکہ ولا صرف اوسکی ہے جو اوسے آزاد کرے **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن عبد الرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قعنبی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن بلال نے انہوں نے روایت کی ربیعہ بن ابی عبد الرحمن سے انہوں نے قاسم بن محمد سے انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ بریرہ آئی امداد طلب کرتی تہی اوسنے بدل کتابت کے اندر تو حضرت عائشہ نے فرمایا کہ اگر تیرے مالک چاہیں تو میں تجہے خرید لوں اور تیری قیمت اونکو نقد دیدوں یکمشت پس گئی بریرہ اپنے مالکوں کے پاس اور کہا اونسے وہی (جو حضرت عائشہ نے فرمایا تہا) تو انہوں نے انکار کردیا۔

ح حدیث بیان کی ہم سے ابو بشر رقی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو معاویہ نے انہوں نے روایت کی اعمش سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے اسود سے انہوں نے عائشہ سے کہ بریرہ کے گھر والوں نے ارادہ کیا کہ اوسکو فروخت کریں اور ولا اپنے لئے شرط کرلیں پس میں نے اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ اوسے خرید لو اور آزاد کردو کیونکہ ولا آزاد کرنیوالے کے لئے ہے ۱۲

(فروخت کرنے سے) مگر اس شرط سے کہ ولا اون ہی کی ہو چنانچہ حضرت عائشہ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے اسکا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ خرید لو اوسکو اور جو کچھ انہوں نے کہا وہ تمکو نقصان دہ نہیں ہے کیونکہ ولا صرف اوسی کی ہوتی ہے جو آزاد کرتا ہے کہا انہوں نے کہ جب بریرہ کے مالکوں نے ارادہ کیا اوسکے فروخت کرنیکا اس شرط سے کہ وہ (حضرت عائشہ) اسکو آزاد کریں اور اسکی ولا مالکوں کی ہو تو نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا حضرت عائشہ رضہ سے کہ تمکو (یہ شرط) مضر نہیں کیونکہ ولا اوسیکی ہے جو آزاد کرے تو دلالت کی اس نے اس پر کہ اسی طرح تمام وہ شرطین جو بیعوں کے اندر کی جائیں کہ وہ خود باطل ہوتی ہیں اور بیعین ثابت ہوتی ہیں بس ہوئی حجت اون لوگوں پر کہ یہ حدیثین اسیطرح روایت کی گئی ہیں کہ حضرت عائشہ رضہ نے اوسکے خریدنیکا ارادہ کیا تاکہ آزاد کریں اوسکو تو اوسکے مالکوں نے انکار کیا مگر اس شرط کے ساتھ کہ اوسکی ولا مالکوں کے واسطے ہو۔ **وقد** رواها اٰخرون علے خلاف ذٰلك **حدثنا** یونس قال ثنا ابن وهب قال اخبرني رجال من اهل العلم منهم یونس بن یزید واللیث عن ابن شهاب حدثهم عن عروة بن الزبیر عن عائشة زوج النبي صلے الله علیه وسلم قالت جاءت بریرة الیّ فقالت یا عائشة اني قد کاتبت اهلي علی تسع اواق في کل عام اوقیة فاعینیني ولم تکن قضت من کتابتها شیئًا فقالت لها عائشة ارجعي الی اهلك فان احبوا ان اعطیهم ذٰلك جمیعًا ویکون ولاءك لي فعلت فذهبت الی اهلها فعرضت ذٰلك علیهم فابوا وقالوا ان شاءت ان تحتسب علیك فلتفعل ویکون ولاءك لنا فذکرت ذٰلك لرسول الله صلے الله علیه وسلم فقال لا یمنعك ذٰلك منها ابتاعي واعتقي فانما الولاء لمن اعتق وقام رسول الله صلے الله علیه وسلم في الناس فحمد الله واثنی علیه ثم قال اما بعد فما بال ناس یشترطون شروطًا لیست في کتاب الله عز وجل کل شرط لیس في کتاب الله فهو باطل وان کان مائة شرط قضاء الله احق وشرط الله اوثق فانما الولاء لمن اعتق **قال** ابو جعفر ففي هذا الحدیث الاول ان اهل بریرة ارادوا ان یبیعوها علی ان تعتقها عائشة رضي الله عنها ویکون ولاءها لهم فقال النبي صلے الله علیه وسلم لا یمنعك ذٰلك اشتریها فاعتقیها فانما الولاء لمن اعتق **فکان** في هذا الحدیث اباحة البیع علی ان یعتق المشتري وعلی ان یکون ولاء المعتق للبائع فاذا وقع ذٰلك ثبت البیع وبطل الشرط وکان الولاء للمعتق **وفي** حدیث عروة عن عائشة رضي الله تعالی عنها ان عائشة رضي الله عنها قالت لها ان احب اهلك ان اعطیهم ذٰلك ترید الکتابة صبة واحدة فعلت ویکون ولاءك لي فلما عرضت علیهم بریرة ذٰلك قالوا ان شاءت ان تحتسب علیك فلتفعل فقال رسول الله صلے الله علیه وسلم لعائشة رضي الله عنها لا یمنعك ذٰلك منها اشتریها فاعتقیها فانما الولاء لمن اعتق۔

ترجمہ اور بیشک دوسروں نے انکو اسکے خلاف روایت کیا ہے حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو چند اہل علم لوگوں نے منجملہ اونکے یونس بن یزید اور لیث ہیں ان دونوں نے روایت کی ابن شہاب سے کہ حدیث بیان کی اوس نے اونسے بذریعہ روایت عروہ بن زبیر انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا آئی بریرہ

میرے پاس اور کہنے لگی اے ام عائشہ کہ میرے مالکوں نے مجھکو نو اوقیوں کے عوض مکاتب کر دیا ہے
اسطرح کہ ہر سال میں ایک اوقیہ لہذا میری اعانت کیجئے اور بریرہ نے بدل کتابت سے کچھ بھی ادا نہیں
کیا تھا پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اوس سے کہا کہ جا اپنے مالکوں کے پاس کہ اگر وہ اسکو پسند کریں
کہ میں بدل کتابت اونکو اکٹھا دیدوں اور تیری ولا میرے لئے ہو تو ایسا کروں چنانچہ وہ مالکوں کے پاس
گئی اور اونپر یہ امر پیش کیا تو انہوں نے انکار کیا اور کہا کہ اگر حضرت عائشہ تجھپر اللہ واسطے امداد کریں تو کریں
لیکن تیری ولا ہمارے ہی لئے ہوگی پھر میں نے یہ قصہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بیان
کیا تو آپنے فرمایا کہ یہ امر تجھکو اوس سے مانع نہیں ہو سکتا خریدے اور آزاد کردے اسلئے کہ ولا صرف
اوسی کی ہے جو آزاد کرے اور کھڑے ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم لوگوں میں پس تعریف
کی خدا تعالے کی اور ثنا کی اوسکی پھر فرمایا **امابعد** پس کیا حال ہے لوگوں کا کہ شرط کرتے ہیں ایسی شرطیں
جو نہیں ہیں خدا تعالے کی کتاب میں ہر وہ شرط کہ نہ ہو خدا تعالے کی کتاب میں پس وہ باطل ہے اگرچہ سو شرطیں
ہوں اللہ تعالے کا حکم زیادہ سزاوار اور اوسکی شرط زیادہ مستحکم ہے پس بجز اوسکے نہیں کہ ولا اوسکے لئے ہے
جو آزاد کرے ابو جعفر نے کہا کہ اس حدیث میں سوا ہے اوس بات کے جو پہلی حدیثوں میں ہے اور یہ اسوجہ
سے کہ پہلی حدیثوں میں یہ بات ہے کہ بریرہ کے مالکوں نے اوسکے فروخت کرنے کا ارادہ کیا اس شرط پر
کہ آزاد کردیں اوسکو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور اوسکی ولا مالکوں کے لئے ہو پس فرمایا رسول خدا صلے
اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ امر تمکو مانع نہیں ہے خرید لو اسکو اور آزاد کردو کیونکہ ولا صرف اوسکی ہے جو اوسکو
آزاد کرے پس اس حدیث میں بیع کا اس شرط کے ساتھ مباح ہونا ہے کہ آزاد کردے خریدار اور اس
شرط کے ساتھ کہ آزاد شدہ کی ولا فروخت کنندہ کے لئے ہو تو جب کبھی ایسا ہو جائے تو بیع ثابت
ہو جائیگی اور شرط باطل اور ولا آزاد کرنیوالے کے لئے ہوگی اور حدیث عروہ میں جو انہوں نے حضرت
عائشہ سے روایت کی یہ ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ سے کہا کہ اگر تیرے مالک یہ چاہیں کہ میں
اونکو یہ تمام قیمت یکمشت دیدوں مراد بدل کتابت ہے تو ایسا کر سکتی ہوں لیکن تیری ولا میرے واسطے
ہوگی پس جب بریرہ نے اپنے مالکوں پر یہ بات پیش کی تو انہوں نے کہا کہ حضرت عائشہ تجھپر اگر اللہ
واسطے احسان کریں تو کریں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ
عنہا سے کہ یہ اونکا قول تیرے لئے بریرہ سے مانع نہیں ہو سکتا خرید لو اسکو پھر آزاد کردو اوسکو کیونکہ
ولا ملک اوسکی ہے جو آزاد کرے ◆ **فَكَانَ** الَّذِي فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ مِمَّا كَانَ مِنْ اَهْلِ بَرِيْرَةَ مِنَ
اشْتِرَاطِ الْوَلَاءِ لَيْسَ فِي بَيْعٍ وَلٰكِنْ فِي اَدَاءِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا اِلَيْهِمُ الْكِتَابَةَ عَنْ بَرِيْرَةَ وَهُمْ
تَوَلَّوْا عَقْدَ تِلْكَ الْكِتَابَةِ وَلَمْ يَكُنْ تَقَدَّمَ ذٰلِكَ اِلَّا دَاءٌ مِنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا مِلْكٌ فَذَكَرَتْ
ذٰلِكَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكِ مِنْهَا اَيْ لَا تَرْجِعِيْنَ
بِهٰذَا الْقَوْلِ عَمَّا كُنْتِ نَوَيْتِ فِيْ عِتَاقِهَا مِنَ الثَّوَابِ اِشْتَرِيْهَا فَاَعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ
فَكَانَ ذِكْرُ ذٰلِكَ الشِّرَاءِ هٰهُنَا اِنَّمَا هُوَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِمَّا كَانَ قَبْلَ

ذٰلِكَ بَيْنَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا وَبَيْنَ اَهْلِ بَرِيْرَةَ فِيْ شَيْءٍ ثُمَّ كَانَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ فَقَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كُلُّ شَرْطٍ لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ اِنْكَارًا مِنْهُ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا فِيْ طَلَبِهَا وَلَاءَ مَنْ تَوَلّٰى غَيْرُهَا كِتَابَتَهَا بِحَقِّ مِلْكِهِ عَلَيْهَا ثُمَّ نَبَّهَهَا وَعَلَّمَهَا بِقَوْلِهِ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ اَيْ اِنَّ الْمُكَاتَبَ اِذَا اُعْتِقَ بِاَدَاءِ الْكِتَابَةِ فَمُكَاتِبُهُ هُوَ الَّذِيْ اَعْتَقَهُ فَوَلَاؤُهُ لَهُ **فَهٰذَا** حَدِيْثٌ فِيْهِ ضِدُّ مَا فِيْ غَيْرِهِ مِنَ الْاَحَادِيْثِ الْاُوَلِ وَلَيْسَ فِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اشْتِرَاطِ الْوَلَاءِ فِي الْبَيْعِ كَيْفَ حُكْمُهُ هَلْ يَجِبُ بِهِ فَسَادُ الْبَيْعِ اَمْ لَا **ترجمہ** تو گویا مالکان بریرہ نے جو ولا کی شرط لگائی وہ بیع کے اندر نہ تھی بلکہ حضرت عائشہؓ کے بریرہؓ کی جانب سے اون لوگونکو بدل کتابت ادا کرنے میں تھی اور حال یہ ہے کہ اون ہی لوگون نے عقد کتابت کیا تھا اور حضرت عائشہؓ کے بدل کتابت ادا کرنے سے پہلے ملک ثابت نہ ہوئی تھی پھر ذکر کیا اسکو حضرت عائشہؓ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تو آپنے فرمایا کہ مانع نہیں ہے تمکو بریرہؓ سے یہ امر یعنے نہ رجوع کرو اس وجہ سے اوس امر سے جسکی تم بریرہؓ کے آزاد کرنے میں نیت کر چکی ہو تو اب سے خرید لو اسکو پھر آزاد کر دو اوسکو کیونکہ ولا اوسکی ہے جو آزاد کرے تو گویا خریدنیکا ذکر اسجگہ ابتدائً نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ہوا اس سے پہلے عائشہؓ اور مالکان بریرہؓ کے درمیان کسی گفتگو میں نہ ہوا پھر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ پڑھنے کے لئے اور فرمایا کیا حال ہے اون قومون کا کہ شرط کرتے ہیں ایسی شرطین جو نہیں ہیں اللہ تعالےٰ کی کتاب مین ہر وہ شرط موجود نہیں ہے اللہ تعالےٰ کی کتاب میں وہ باطل ہے اگرچہ ہون سو شرطین یہ فرمانا آپکا واسطے انکار کے تھے آپکی طرف سے عائشہؓ پر اونکے اوس کی ولا طلب کرنے میں کہ عائشہؓ کے سوا دوسرا اوسکی کتابت کا مرتکب ہوا ہو بوجہ اسکے کہ غیر اوس لونڈی کا مالک ہے پھر متنبہ فرمایا آپنے حضرت عائشہؓ کو اور تعلیم دی اونکو اپنے اس قول سے کہ بجز اسکے نہیں کہ ولا صرف اوسی کی ہے جو آزاد کرے یعنے یہ کہ مکاتب جب بدل کتابت ادا کرکے آزاد ہو جائے تو اوسکا مکاتب بنانیوالا ہی اوسکو آزاد کرنیوالا ہے اور ولا آزاد شدہ کی اوسی کے لئے ہے پس یہ ایک حدیث ہے کہ اسکے اندر ضد ہے اوس مضمون کی جو اسکے سوا پہلی حدیثوں میں ہے اور اسکے اندر کوئی دلیل اسپر نہیں کہ بیع کے اندر ولا شرط کرنیکا کیا حکم ہے کیا اس وجہ سے بیع فاسد ہو جاتی ہے یا نہیں **فَاِنْ قَالَ** قَائِلٌ فَاِنَّ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ قَدْ رَوَاهُ عَنْ اَبِيْهِ فَزَادَ فِيْهِ شَيْئًا **قُلْنَا** لَهُ صَدَقْتَ **حَدَّثَنَا** اِسْمٰعِيْلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ جَاءَتْنِيْ بَرِيْرَةُ فَقَالَتْ اِنِّيْ كَاتَبْتُ اَهْلِيْ عَلٰى تِسْعِ اَوَاقٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ اُوْقِيَّةٌ فَاَعِيْنِيْنِيْ فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَدْتُهَا لَهُمْ وَيَكُوْنُ وَلَاؤُكِ لِيْ فَعَلْتُ فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ اِلٰى اَهْلِهَا فَقَالَتْ لَهُمْ ذٰلِكَ فَاَبَوْا عَلَيْهَا فَجَاءَتْ مِنْ عِنْدِ اَهْلِهَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ عَرَضْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَاَبَوْا اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهَا فَاَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ فَقَالَ خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِيْ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ فَفَعَلَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فی الناس فذکر مثل ما فی حدیث الزہری **حدثنا** یونس قال اخبرنا ابن وہب قال اخبرنی
مالک فذکر باسنادہ مثلہ **ففی** ہذا الحدیث الزہری ان الذی کان فیہ الاشتراط من اہل
بریرۃ ان یکون الولاء لہم وابآء عائشۃ رضی اللہ عنہا الا ان یکون الولاء لہا ہو اداء عائشۃ رضی اللہ
تعالی عنہا عن بریرۃ الکتابۃ **فقد** اتفق الزہری وہشام علی ہذا وخالفا فی ذلک اصحاب
الاحادیث الاول وزاد ہشام علی الزہری قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خذیہا واشترطی
فانما الولاء لمن اعتق ہکذا فی حدیث ہشام وموضع ہذا الکلام فی حدیث الزہری ابتاعی
واعتقی فانما الولاء لمن اعتق **ترجمہ** پس اگر کوئی کہنے والا کہے کہ ہشام بن عروہ نے اس حدیث کو اپنے
قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ حَدَّثَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ رَافِعًا صَوْتَهٗ یَاْمُرُ بِقَتْلِ الْکِلَابِ وَکَانَتِ الْکِلَابُ تُقْتَلُ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ مَاشِیَةٍ **ترجمہ**
اور اس بارہ میں وہ حدیث مروی ہے جو بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مکی بن
ابراہیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حنظلہ بن ابی سفیان نے کہا سنا میں نے سالم بن عبداللہ کو کہتے
ہوئے کہ سنا میں نے ابن عمر کو کہتے ہوئے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے

جو پکڑے رہا نے گئے تھے) کوئی کتا سوا اوس کتے کے جو دوڑنے والا ہو شکار پر۔ یا حفاظت کرنے والا ہو چوپایوں
کی پس بیشک وہ کم کریگا اوس کے ثواب سے ہر روز دو قیراط حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے سالم سے انہوں نے اپنے باپ
سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص رکھے کتا سوا شکاری کتے یا چوپایوں کی حفاظت کرنے
والے کے تو اوسکے عمل سے ہر دن دو قیراط گھٹ جاتے ہیں حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہم کو
ابن وہب نے کہ مالک نے خبر دی اون کو نافع سے انہوں نے روایت کی ابن عمر سے انہوں نے رسول خدا صلے
اللہ علیہ وسلم سے اوس کی مثل حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عارم نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن زید نے انہوں نے روایت کی ایوب سے انہوں نافع سے انہوں نے ابن عمر سے
انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
ابوبکر بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابواسامہ نے انہوں نے روایت کی عبید اللہ سے انہوں نے نافع
سے پھر ذکر کیا اوس کے اسناد سے اوسی کی مثل سوا اس کے کہ کہا ایک قیراط حدیث بیان کی ہم سے ابوبشیر
رقی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے فریابی نے انہوں نے روایت کی سفیان سے انہوں نے عبد اللہ بن دینار سے
انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسی کی مثل حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرج
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ بن بکیر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن زید نے انہوں نے روایت کی عمرو بن دینار سے
انہوں نے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کتے مارنے کا سوا شکاری یا چوپایوں کی حفاظت
کرنے والوں کے حدیث بیان کی ہم سے بحر بن نصر نے کہا خبر دی ہم کو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھ کو یونس
نے کہا کہا ابن شہاب نے حدیث بیان کی مجھ سے سالم بن عبد اللہ نے انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے
کہا میں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ بلند آواز سے حکم فرما رہے تھے کتوں کے مارنے کا اور تھے
کہتے کہ مارے جاتے تھے سوا شکاری یا چوپایوں کی حفاظت کے (کرنیوالے کتے) (قولہ) **قال** ابن شهاب وحدثني سعيد
بن المسيب عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اقتنى كلبا ليس بكلب صيد ولا ماشية
ولا ارض فانه ينقص من اجره قيراطان في كل يوم **وحدثنا** حسين بن نصر قال سمعت
يزيد بن هارون قال اخبرنا همام بن يحيى عن قتادة عن ابي الحكم عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم من اقتنى كلبا غير كلب زرع ولا صيد انقص من عمله كل يوم قيراطان **حدثنا** حسين بن نصر
قال ثنا احمد بن يونس قال ثنا زهير قال ثنا موسى عن عقبة عن نافع عن ابن عمر عن رسول الله صلى الله عليه
وسلم مثله غير انه قال الا كلبا ضاريا او كلب ماشية **حدثنا** ابن ابي داود قال ثنا امية بن بسطام قال
ثنا يزيد بن زريع عن روح بن القاسم عن يحيى بن ابي جبير عن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه
وسلم ذكر الكلاب فقال من اتخذ كلبا ليس بكلب قنص او كلب ماشية نقص من اجره كل يوم قيراط
حدثنا ابن ابي داود قال ثنا عبد الحميد بن صالح قال ثنا ابن ابي الزناد عن ابيه عن ابي سلمة
وغيره عن ابي هريرة قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الكلاب وقال لا تتخذ الكلاب الا صياد

اَوْ خَائِفٌ اَوْ صَاحِبُ غَنَمٍ **وَحَدَّثَنَا** سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ
حَدَّثَنِي يَحْيٰى بْنُ اَبِي كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَمْسَكَ كَلْبًا فَاِنَّهٗ يَنْقُصُ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ اِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ اَوْ مَاشِيَةٍ **ترجمہ** ابن
شہاب نے کہا اور حدیث بیان کی مجھ سے سعید بن مسیب نے انہوں نے روایت کی ابوہریرہ سے کہ رسول خدا
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو رکھے کوئی کتا سوا شکاری اور چارپایوں اور زمین کی حفاظت کرنیوالے کتوں کے
تو اوسکے ثواب سے ہر روز دو قیراط گھٹائے جائینگے حدیث بیان کی ہم سے بن نصر نے کہا حدیث بیان کی ہمسے
احمد بن انس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے موسیٰ نے انہوں نے روایت
کی عقبہ سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
اوسکی مثل سوا اسکے کہ انہوں نے کہا سوا اوس کتے کے جو شکاری ہو یا چارپایوں کی حفاظت کرنیوالا ہو حدیث
بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے امیہ بن بسطام نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید
بن زریع نے انہوں نے روایت کی روح بن قاسم سے انہوں نے بجیر بن ابی بجیر سے انہوں نے عبداللہ بن
عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا کتوں کا تو فرمایا کہ جو رکھے کتے کو سوا شکاری کتے یا چارپایوں کی
حفاظت کرنیوالے کتوں کے تو گھٹایا جائیگا اوسکے عمل سے ہر روز ایک قیراط حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی
داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالحمید بن صالح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن ابوزناد نے انہوں نے
روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے ابوسلمہ وغیرہ سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے کتوں سے اور فرمایا کہ نہ رکھے کتوں کو مگر شکار کرنیوالا یا ڈرنے والا یا بکریوں والا اور حدیث بیان کی ہم
سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بشیر بن بکر نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے اوزاعی نے کہا
حدیث بیان کی مجھ سے یحیی بن ابی کثیر نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابوسلمہ بن عبدالرحمن نے کہا حدیث بیان
مجھ سے ابوہریرہؓ نے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص روک رکھے کتے کو پس بیشک وہ کم کردیتا ہے
اوسکے عمل سے ہر دن ایک قیراط سوا کھیتی یا چارپاؤں کے کتوں کے **حَدَّثَنَا** بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ
قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَاَلَ جَابِرًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْكَلْبِ ثَمَنًا
قَالَ اَمَرَ بِقَتْلِهِنَّ ثُمَّ اَذِنَ بِطَوَائِفَ **وَحَدَّثَنَا** اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي عَامِرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ
اَبِي التَّيَّاحِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ ثُمَّ قَالَ
مَالِيْ وَلِلْكِلَابِ ثُمَّ رَخَّصَ فِيْ كَلْبِ الصَّيْدِ وَفِيْ كَلْبِ الْغَنَمِ اَخْرَنْشِيَةٌ سَعِيْدٌ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ
ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ قَالَ اَخْبَرَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ اَنَّ سُفْيَانَ بْنَ اَبِي
زُهَيْرِ الشَّنَائِيَّ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا لَا يُغْنِيْ عَنْهُ فِيْ ضَرْعٍ وَلَا
زَرْعٍ نَقَصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ قَالَ فَقَالَ السَّائِبُ لِسُفْيَانَ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيْ وَرَبِّ الْقِبْلَةِ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ
يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ [illegible] **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا [illegible] قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ

خصیفة فذکر باسنادہ مثلہ غیر انہ لم یذکر قول السائب لسفیان اسمعت ہذا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قال ابو جعفر فلما ثبتت الاباحة بعد النہی فی اباحة اللہ عز وجل فی کتابہ ما اباح بقولہ وما علمتم من الجوارح
مکلبین اعتبرنا حکم ما ینتفع بہ ہل یجوز بیعہ ویحل ثمنہ ام لا فراینا الحمار الاہلی قد نہی عن اکلہ وابیح کسبہ والانتفاع
بہ فکان بیعہ اذ کان ہذا حکمہ حلالا وثمنہ حلالا **وکان** یجیء فی النظر ایضا ان یکون کذلک الکلاب لما
ابیح الانتفاع بہا حل بیعہا واکل ثمنہا ویکون ما روی فی حرمة اثمانہا کان وقت حرمة الانتفاع بہا وما روی فی
اباحة الانتفاع بہا دلیل علی حل اثمانہا وہذا قول ابی حنیفة وابی یوسف ومحمد رحمة اللہ علیہم
اجمعین **وقد** حدثنا عبد اللہ بن محمد بن سعید بن ابی مریم قال ثنا محمد بن یوسف الفریابی قال ثنا
سفیان عن موسی بن عبیدة عن القعقاع بن حکیم عن سلمی ام رافع عن ابی رافع قالت جاء جبریل
علیہ السلام الی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فاستاذن علیہ فاذن لہ فابطا فاخذ رداءہ فخرج فقال قد
اذنا لک قال اجل یا رسول اللہ ولکنا لا ندخل بیتا فیہ صورة ولا کلب فنظروا فاذا فی بعض بیوتہم جرو
فامر ابا رافع ان لا یدع کلبا بالمدینة الا قتلہ فاذا بامراة فی ناحیة المدینة لہا کلب یحرس غنمہا
قال فرحمتہا فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فامرنی فقتلتہ فاتاہ ناس من الناس فقالوا یا رسول
اللہ ماذا یحل لنا من ہذہ الامة التی امرتنا بقتلہا قال فنزلت یسالونک ماذا احل لہم قل احل لکم الطیبات
وما علمتم من الجوارح مکلبین **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے نجر بن نصر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو ابن لہیعہ نے کہ ابو زبیر نے خبر دی اوسکو کہ دریافت کیا گیا جابر رضی اللہ عنہ سے
کہ کیا فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ آلہ وسلم نے کتوں کے بارہ میں کچھ کہا حکم دیا آپنے اونکے مارنے کا اور
اجازت دی اطراف کے باشندوں کے لئے (جنکے مکانات محفوظ نہیں ہوتے اور درندوں وغیرہ کا خطرہ رہتا ہے)
اور حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سعید بن ابی عامر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
شعبہ نے انہوں نے روایت کی ابو تیاح سے انہوں نے مطرف سے انہوں نے عبد اللہ بن مغفل سے کہا حکم دیا
رسول اللہ علیہ وسلم نے کتوں کے قتل کرنیکا پھر فرمایا مجھکو کتوں سے کیا مطلب اور رخصت دی شکاری کتے اور
ایک اور کتے کی جسکو سعید بھول گئے حدیث بیان ہم سے محمد بن نعمان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قعنبی
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن بلال نے انہوں نے روایت کی یزید بن خصیفہ سے کہا خبر دی مجھکو
سائب بن یزید نے کہ سفیان بن ابو زہیر شنائی نے خبر دی اونکو کہ اونہوں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
کو فرماتے ہوئے جو باندھے کتے کو جو نکام آئے اوسکو چوپایوں یا کھیتی میں تو گھٹایا جائیگا اوسکے عمل سے ہر روز
ایک قیراط کہا پس کہا سائب نے سفیان سے کہ تم نے خود سنا ہے یہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے کہا ہاں قسم
ہے کعبہ کے پروردگار کی حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ مالک نے حدیث بیان
کی اونسے انہوں نے روایت کی یزید بن خصیفہ سے پھر ذکر کیا اوسکے اسناد سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے
ابن ابی مریم نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن جعفر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن خصیفہ نے پھر ذکر کیا اوسکے
اسناد سے اوسکی مثل سوا اسکے کہ انہوں نے نہیں ذکر کیا سائب کا سفیان سے یہ کہنا کہ کیا تم نے خود سنا ہے

یہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ابو جعفر نے کہا پس جبکہ ثابت ہوئی اباحت بعد ممانعت کے اور مباح کیا خدا تعالے
نے اپنی کتاب میں اپنے اس قول سے کہ اور جو سکھاؤ شکاری جانور دوڑنیکو تو قیاس کیا ہم نے اوس کتے کے حکم کو
جس سے نفع اٹھایا جائے کہ آیا اوسکی بیع درست اور اوسکی قیمت حلال ہے یا نہیں پس دیکھا ہم نے آبادی
کے گدھے کو کہ اوسکا کہانا منع ہے اور اوس کی اجرت اور اوس سے نفع اٹھانا مباح ہے پس حلال ہوا فروخت
کرنا اوسکا جبکہ یہ حکم ہے اوسکا (اسی طرح) اوسکی قیمت حلال ہوئی اور قیاس میں یہ آتا ہے کہ کتوں کا حکم
بہی ایسا ہی ہو کہ جبکہ اونسے نفع اٹھانا حلال کیا گیا ہے تو حلال ہوا اونکا فروخت کرنا اور اونکی قیمت کا کہانا اور اونکی
قیمتوں کے حرام ہونے کے متعلق جو روایات بیان کی گئیں وہ ہیں اوسوقت کہ جب اونسے نفع اٹھانا حرام تھا
اور اونسے نفع اٹھانے کے جواز میں جو روایات بیان کی گئیں وہ اونکی قیمتوں کے حلال ہونے پر دلیل ہیں اور یہ ہی
قول امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہ اللہ علیہم اجمعین کا ہے اور بیشک حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ
بن محمد بن سعید بن ابو مریم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن یوسف فریابی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان
نے انہوں نے روایت کی موسیٰ بن عبیدہ سے انہوں نے قعقاع بن حکیم سے انہوں نے سلمی ام رافع سے
انہوں نے ابو رافع سے کہا آئے جبرئیل علیہ السلام نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پس اجازت طلب کی
آپسے پس اجازت دی آپنے پہر (بہی) دیر کی انہوں نے اسلئے لی حضور نے چادر اپنی اور نکلے اور فرمایا کہ ہم اجازت دے
چکے ہیں تمکو انہوں نے کہا ہاں اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لیکن ہم اوس مکان میں داخل نہیں ہوتے جس
میں کوئی تصویر یا کتا ہو پس دیکھا انہوں نے تو اونکی کسی کوٹھری میں کتے کا پلا (بچہ) تھا تو حکم دیا آپنے ابو رافع کو کہ نہ
چھوڑے کوئی کتا مدینہ میں مگر مار دے اوسکو پس اچانک مدینہ کے کنارہ ایک عورت پر گذرے جسکا ایک کتا تھا کہ
حفاظت کیا کرتا تھا اوسکی بکریوں کی کہا پس رحم کہا یا میں نے اوسپر اور حاضر ہوا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس
پس حکم دیا آپنے مجھکو چنانچہ مار ڈالا میں نے اوسکو پس آئے آپکی خدمت میں چند لوگ اور عرض کیا اے رسول
خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کون کونسے حلال ہیں ہمارے واسطے اس جنس (کتوں) سے تم نے پاکیزہ چیزیں اور جو سکھاؤ
شکاری جانور دوڑانیکو **حدثنا** روح بن الفرج قال ثنا یحیی بن سلیمن الجعفی ثنا یحیی بن زکریا ابن ابی
زائدۃ قال حدثنی موسی بن عبیدۃ قال حدثنی ابان بن صالح عن القعقاع بن حکیم عن سلمی ام رافع عن
ابی رافع قال لما امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بقتل الکلاب اتاہ ناس فقالوا یا رسول اللہ ما یحل لنا
من ہذہ الامۃ التی امرت بقتلہا فنزلت یسئلونک ماذا احل لہم قل احل لکم الطیبات وما علمتم من الجوارح
مکلبین **ففی** ہذا الحدیث ایضا مثل ما قبلہ مما اباحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد امرہ بقتلہا
وان کان لم یذکر فی ہذا الحدیث غیر ما یصاد بہ منہا وفیہ زیادۃ علی ما قبلہ من الاحادیث فی الاباحۃ التی
ذکرنا لان فیہ نزول ہذہ الآیۃ بعد تحریم الکلاب وان ہذہ الآیۃ اعادت الجوارح المکلبین الی ان صیرتہا
حلالا واذا صارت کذلک کانت فی سائر الاشیاء التی ہی حلال فی حل امساکہا واباحۃ اثمانہا وضمان
متلفہا ما اتلفوا منہا کغیرہا **وقد** روی فی ذلک عن بعض النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم **حدثنا**
یونس قال ثنا ابن وہب قال سمعت ابن جریج یحدث عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عبد اللہ بن عمرو انہ

قَضٰی فِی کَلْبِ صَیْدٍ قَتَلَهٗ رَجُلٌ بِاَرْبَعِیْنَ دِرْهَمًا وَقَضٰی فِی کَلْبِ مَاشِیَةٍ بِکَبْشٍ **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے روح
بن فرج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن سلیمان جعفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ نے
کہا حدیث بیان کی مجھ سے موسی بن عبیدہ نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابان بن صالح نے انہوں نے روایت
کی قعقاع بن حکیم سے انہوں سلمی ام رافع سے انہوں نے ابو رافع سے کہا جب حکم دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کتوں کو مارنے کا تو آئے آپ کے پاس چند لوگ اور عرض کیا اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کونسے حلال ہیں
ہمارے واسطے اس گروہ (کتوں کے) سے جنکے مار ڈالنے کا آپنے حکم دیا پس نازل ہوئی یہ آیت کہ یسالونک ماذا احل لھم
آخر تک پس اس حدیث میں بھی وہی ہے جو اس سے پہلی میں تہا کہ مباح کیا آپنے کتے کو بعد اسکے کہ حکم کر چکے تھے آپ انکو
مار ڈالنے کا اگرچہ اس حدیث میں سوا شکاری کتے کے اور کسی کتے کا ذکر نہیں اور اس میں زیادتی ہے اباحت ثابت کرنے
والی اون حدیثوں پر جنکو ہم ذکر کر چکے کیونکہ اس میں آیت (مذکورہ) کے نازل ہونیکا ذکر ہے بعد حرام کرنے کتوں کے
اور بیشک اس آیت نے مباح کیا یہانتک کہ ٹہیرایا انکو حلال اور جبکہ ہوئے وہ ایسے تو ہونگے باقی امور میں (مثلاً)
انکو باندہ رکھنے کی حلت اور انکی قیمتوں کی اباحت اور انکو تلف کرنیوالوں پر بقدر تلف ضمان کے واجب ہونے میں مانند
دوسری حلال اشیاء کی اور اسکے اندر اون حضرات سے بھی روایات ہیں جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تھے
ہیں حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا سنا میں نے ابن جریج کو حدیث بیان
کرتے ہوئے عمرو بن شعیب سے انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا عبد اللہ بن عمرو سے کہ انہوں نے
حکم دیا شکاری کتے میں جسکو ایک شخص نے مار ڈالا تہا چالیس درہم کا اور حکم دیا چوپایوں کی حفاظت کرنیوالے میں ایک
مینڈھے کا **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ نَهٰی عَنْ ثَمَنِ الْکَلْبِ
وَالسِّنَّوْرِ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ **وَقَدْ** رَوَیْنَا عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ اَنَّهٗ نَهٰی عَنْ ثَمَنِ الْکَلْبِ وَ
لَمْ یَسْتَثْنِ اَیَّ کَلْبٍ هُوَ فَاحْتَمَلَ ذٰلِكَ مِنْ اَحَدِ وَجْهَیْنِ **اِمَّا** اَنْ یَکُوْنَ اَرَادَ خِلَافَ کِلَابِ الْمَنَافِعِ **اَوْ** یَکُوْنُ اَرَادَ کُلَّ
الْکِلَابِ ثُمَّ ثَبَتَ عِنْدَهٗ نَسْخُ کَلْبِ الصَّیْدِ مِنْهَا فَاسْتَثْنَاهُ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ
بْنُ یُوْنُسَ قَالَ ثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ لَا بَاْسَ بِثَمَنِ الْکَلْبِ السَّلُوْقِیِّ **فَهٰذَا** عَطَاءٌ یَقُوْلُ هٰذَا وَ
قَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ ثَمَنَ الْکَلْبِ مِنَ السُّحْتِ **فَدَلَّ**
ذٰلِكَ عَلَی الْمَعْنَی الَّذِیْ ذَکَرْنَا فِیْ حَدِیْثِ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِی اللَّیْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُقَیْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا قُتِلَ الْکَلْبُ الْمُعَلَّمُ فَاِنَّهٗ یُقَوَّمُ قِیْمَتَهٗ
یَغْرَمُهُ الَّذِیْ قَتَلَهٗ **فَهٰذَا** الزُّهْرِیُّ یَقُوْلُ هٰذَا وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ ثَمَنَ الْکَلْبِ سُحْتٌ فَالْکَلَامُ فِیْ هٰذَا مِثْلُ الْکَلَامِ فِیْ حَدِیْثِ جَابِرٍ **حَدَّثَنَا** یُوْنُسُ
قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سُلَیْمٰنُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَبَّانَ الْاَنْصَارِیِّ
قَالَ کَانَ یُقَالُ یُجْعَلُ فِی الْکَلْبِ الضَّارِیْ اِذَا قُتِلَ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ
بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِیْكٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ مُغِیْرَةَ عَنْ اِبْرٰهِیْمَ قَالَ لَا بَاْسَ بِثَمَنِ
کَلْبِ الصَّیْدِ

باب استقراض الحیوان

حدثنا یونس قال اخبرنا ابن وهب قال اخبرنی مالک عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن ابی رافع ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم استسلف من رجل بکرا فقدمت علیه ابل الصدقة فامر ابا رافع ان یقضی الرجل بکرہ فرجع الیه ابو رافع فقال لم اجد فیها الا جملا خیارا رباعیا فقال اعطه ایاه ان خیار الناس احسنهم قضاء **حدثنا** حسین بن نصر قال ثنا شبابة بن سوار قال اخبرنا شعبة عن سلمة بن کهیل قال سمعت ابا سلمة بن عبد الرحمن یحدث عن ابی هریرة قال کان لرجل علی النبی صلی الله علیه وسلم دین فتقاضاه فاغلظ علیه فاقبل علیه اصحاب النبی صلی الله علیه وآله وهموا به فقال النبی صلی الله علیه وآله وسلم ذروه فان لصاحب الحق مقالا اشتروا له سنا فاعطوه ایاه فان خیرکم او من خیرکم احسنکم قضاء **حدثنا** حسین قال سمعت یزید بن هرون قال اخبرنا سفیان الثوری عن سلمة فذکر باسناده مثله الا انه لم یقل اشتروا له وقال اطلبوا **قال** ابو جعفر فذهب قوم الی اجازة استقراض الحیوان واحتجوا فی ذلک بهذه الآثار **وخالفهم** فی ذلک آخرون فقالوا لا یجوز استقراض الحیوان وقالوا یحتمل ان یکون هذا کان قبل تحریم الربوا ثم حرم الربوا بعد ذلک وحرم کل قرض جر منفعة وردت الاشیاء المستقرضة الی امثالها فلم یجز القرض الا فیما له مثل وقد کان ایضا قبل نسخ الربوا یجوز بیع الحیوان بالحیوان نسیئة **والدلیل** علی ذلک ان ابن ابی داود حدثنا قال ثنا ابو عمر الحوضی ح وحدثنا نصر بن مرزوق قال ثنا الخصیب قالا ثنا حماد بن سلمة عن محمد بن اسحق عن یزید بن ابی حبیب عن مسلم بن جبیر عن ابی سفیان عن عمرو بن حریش عن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم امره ان یجهز جیشا فنفدت الابل فامره ان یاخذ فی قلاص الصدقة فجعل یاخذ البعیر بالبعیرین الی ابل الصدقة ثم نسخ ذلک **وروی** فیه ما قد حدثنا محمد بن علی بن محرز البغدادی قال ثنا ابو احمد الزبیری قال ثنا سفیان الثوری عن معمر عن یحیی بن ابی کثیر عن عکرمة عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم نهی عن بیع الحیوان بالحیوان نسیئة **حدثنا** فهد قال ثنا شهاب بن عباد قال ثنا داود بن عبد الرحمن عن معمر فذکر باسناده مثله **حدثنا** محمد بن ابراهیم الصیرفی قال ثنا عبد الواحد بن عمرو بن صالح الزهری قال ثنا عبد الرحیم بن سلیمن عن اشعث عن ابی الزبیر عن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لم یکن یری باسا ببیع الحیوان بالحیوان اثنین بواحد یکرهه نسیئة **حدثنا** محمد بن اسمعیل بن سالم الصائغ وعبد الله بن محمد بن خشیش وابراهیم بن محمد الصیرفی قالوا ثنا مسلم بن ابراهیم قال ثنا محمد بن دینار الطاحی قال ثنا یونس بن عبید عن زیاد بن جبیر عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم نهی عن بیع الحیوان بالحیوان نسیئة

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابونعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہوں نے روایت کی ابوزبیر سے انہوں نے جابر سے کہ انہوں نے منع فرمایا کتے اور بلی کی قیمت سے سوا شکاری کتے کے اور بیشک ہم روایت کر چکے اوپر انہوں نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسباب میں کہ آپ نے

منع فرمایا کتے کی قیمت سے اور نہ بیان فرمایا۔ کہ کونسا کتا ہے وہ پس نہ خالی ہوگا یہ ایک سے منجملہ دو صورتوں کے
یا یہ کہ ارادہ فرمایا ہوگا آپنے نفع دینے والے کتوں کے غیر کا یا ارادہ فرمایا ہوگا ہر کتے کا پھر ثابت ہوا ہوگا آپکو
منجملہ تمام کتوں کے شکاری کتے کا منسوخ الحکم ہونا اسلئے آپنے اوسکو اس حدیث میں مستثنی فرمایا کہ حدیث بیان
کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسرائیل
نے انہوں نے روایت کی جابر سے انہوں نے عطاء سے کہا کوئی مضایقہ نہیں شکاری کتے کی قیمت میں
پس یہ عطاء ہیں جو یہ کہتے ہیں حالانکہ ابوہریرہؓ سے روایت یوں ہے اور وہ روایت کرتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ
والہ وسلم سے کہ کتے کی قیمت حرام ہے لہذا دلالت کی اس نے اوس معنے پر جو ہم حدیث جابر رضی اللہ عنہ میں ذکر
کر چکے حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن صالح نے کہا حدیث بیان
کی مجھ سے لیث نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے عقیل نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے کہ انہوں نے کہا
جب کوئی سکھائے ہوئے کتے کو مار ڈالے تو پہلے اوسکی قیمت کو لی جاتی پھر مارنے والے سے لے لی
جائے پس یہ زہری ہیں جو ایسا کہتے ہیں اور بیشک روایت کی ہے انہوں نے ابوبکر بن عبدالرحمن سے انہوں نے
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ قیمت کتے کی حرام ہے تو گفتگو اسمیں ویسی ہی ہے جیسی حدیث جابر رضی اللہ
عنہ میں حدیث بیان کی ہم سے بکر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو سلیمان بن بلال نے
انہوں نے روایت کی یحیی بن سعید سے انہوں نے محمد بن یحیی بن حبان انصاری سے کہا کہا جاتا تھا کہ شکاری
کتے میں چالیس درہم مقرر ہیں حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن سعید نے کہا
خبر دی ہمکو شریک اور محمد بن فضیل نے انہوں نے روایت کی مغیرہ سے انہوں نے ابراہیم سے کہا شکاری
کتے کی قیمت میں کوئی مضایقہ نہیں ۔

باب جانور قرض لینے کے بیان میں

حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو مالک نے انہوں نے روایت
کی زید بن اسلم سے انہوں نے عطاء بن یسار سے انہوں نے ابورافع سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے
قرض لیا ایک شخص سے نوعمر اونٹ پس پیش ہوئے آپ پر زکوٰۃ کے اونٹ پس حکم دیا آپنے ابورافع کو کہ دیوے
اوس شخص کو نوعمر اونٹ اوسکا پس لوٹ آئے ابورافع حضور کی خدمت میں اور عرض کیا کہ نہیں پاتا ہوں اون میں مگر
اوس سے بہتر اونٹ سات سالے آپنے فرمایا دیدے اوسکو وہی کیونکہ بہترین لوگوں کا اچھا اون کا ہے قرض ادا
کرنے میں حدیث بیان کی ہم سے حسین بن نصر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شبابہ بن سوار نے کہا خبر دی ہمکو
شعبہ نے انہوں نے روایت کی سلمہ بن کہیل سے کہا سنا میں نے ابوسلمہ بن عبدالرحمن کو حدیث بیان کرتے
ہوئے ابوہریرہؓ سے کہا تھا ایک شخص کا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کچھ قرض پس اوسنے آپسے تقاضا کیا اور سختی
کی پس متوجہ ہوئے اوس شخص کیطرف صحابہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اوسپر دست درازی کا قصد کیا تو فرمایا
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ چھوڑ دو اوسکو کیونکہ قرضخواہ کے لئے موقع ہے خرید دو اسکے لئے ایک اونٹ اور
دیدو اسکو وہ کیونکہ بہتر تم میں کا یا بہتر تم میں سے اچھا تم میں کا قرض ادا کرنے میں حدیث بیان کی ہم سے حسین نے

کہا سنا ہم نے یزید ہارون کو کہا انہوں نے خبر دی ہمکو سفیان ثوری نے انہوں نے روایت کی سلمہ سے پھر ذکر کیا اوسکے اسناد کے ساتھ اوسکی مثل مگر یہ کہ انہوں نے نہیں کہا خرید واسکے لئے اور کہا تلاش کرو ابو جعفر نے کہا پس گیا ایک گروہ جانور کو قرض لینے کی اجازت کیطرف اور استدلال کیا انہوں نے اسبارہ میں ان حدیثوں سے اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا کہ جانور قرض لینا جائز نہیں اور کہا انہوں نے ہو سکتا ہے کہ ہو یہ جائز قبل حرام کئے جانے سود کے پھر حرام کیا گیا اسکے بعد سود اور پھیر وہ قرض جو مستلزم ہو کسی نفع کو اور لوٹا دی گئیں قرض لی ہوئی تمام اشیاء اپنی مثلوں کی طرف پس جائز رہا قرض مگر اون چیزوں میں جنکے لئے مثل ہے اور بیشک سود کا جواز منسوخ ہونے سے پہلے جانور کو جانور کے بدلہ ادہار فروخت کرنا جائز تھا اور دلیل اسکی یہ ہے کہ ابن ابی داؤد نے حدیث بیان کی ہم سے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عمر حوضی نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خصیب نے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہوں نے روایت کی محمد بن اسحاق سے انہوں نے یزید بن ابی حبیب سے اونہوں نے مسلم بن جبیر سے انہوں نے ابو سفیان سے انہوں نے عمرو بن حریش سے انہوں نے عبد اللہ بن عمرو سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا اونکو یہ کہ تیار کریں سامان لشکر پس ختم ہو گئے اونٹ لہذا حکم دیا آپنے اونکو یہ کہ لیویں صدقہ کے اونٹوں کے وعدہ پر پس لیا ایک اونٹ بعوض دو اونٹوں کے صدقہ کے اونٹ آنے تک پھر یہ منسوخ ہو گیا اور مروی ہے آپسے وہ حدیث بیان کی ہم سے محمد بن علی بن محرز بغدادی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان ثوری نے انہوں نے روایت کی معمر سے انہوں نے یحیی بن ابی کثیر سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا فروخت کرنے جانور کے سے بدلہ جانور کے ادہار حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شہاب بن عباد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے داؤد بن عبد الرحمن نے انہوں نے روایت کی معمر سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے محمد بن ابراہیم صیرفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الواحد بن عمرو بن صالح زہری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحیم بن سلمان نے انہوں نے روایت کی اشعث سے انہوں نے ابو زبیر سے انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں دیکھتے تھے کوئی مضایقہ جانور کو جانور کے عوض دو کو ایک کے بدلہ فروخت کرنے میں اور مکروہ جانتے تھے اسکو ادھار حدیث بیان کی ہم سے محمد بن اسمٰعیل بن سالم صائغ نے اور عبد اللہ بن محمد بن خشیش اور ابراہیم بن محمد صیرفی نے سب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسلم بن ابراہیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن دینار طاحی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس بن عبید نے انہوں نے روایت کی زیاد بن جبیر سے انہوں نے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا فروخت کرنے جانور کے سے بعوض جانور کے ادھار

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوُدَ وَقَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ ابْنُ زُرَیْعٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُشَیْشٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ

قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثلہ **قال** ابو جعفر فکان ھذا ناسخا لما رویناہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من اجازۃ بیع الحیوان بالحیوان نسیئۃ فدخل فی ذلک ایضا استقراض الحیوان **فقال** اھل المقالۃ الاولی ھذا لا یلزمنا لانا قد راینا الحنطۃ لا یباع بعضہا ببعض نسیئۃ و قرضہا جائز فکذلک الحیوان لا یجوز بیع بعضہ ببعض نسیئۃ و قرضہ جائز **فکان** من حجتنا علی اھل ھذہ المقالۃ فی تثبیت المقالۃ الاولی ان نھی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن بیع الحیوان بالحیوان نسیئۃ یحتمل ان یکون ذلک لعدم الوقوف منہ علی المثل ویحتمل ان یکون من قبل ما قال اھل المقالۃ الاولی فی الحنطۃ فی البیع والقرض فان کان انما نھی عن ذلک من طریق عدم وجود المثل ثبت ما ذھب الیہ اھل المقالۃ الثانیۃ وان کان من قبل انھما نوع واحد لا یجوز بیع بعضہ ببعض نسیئۃ لم یکن فی ذلک حجۃ لاھل المقالۃ الثانیۃ علی اھل المقالۃ الاولی **فاعتبرنا** ذلک فراینا الاشیاء المکیلات لا یجوز بیع بعضہا ببعض نسیئۃ ولا باس بقرضہا ورأینا الموزونات حکمہا فی ذلک کحکم المکیلات سواء خلا التی ھی الاوراق ورأینا ما کان من غیر المکیلات والموزونات مثل الثیاب وما اشبہہا فلا باس ببیع بعضہا ببعض وان کانت متفاضلۃ وبیع بعضہا ببعض نسیئۃ فیہ اختلاف بین الناس **فمنہم** من یقول ما کان منہا من نوع واحد فلا یصلح بیع بعضہ ببعض نسیئۃ وما کان منہا من نوعین مختلفین فلا باس ببیع بعضہ ببعض نسیئۃ **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی محمد بن منہال نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن زریع نے انہوں نے روایت کی سعید بن ابی عروبہ سے انہوں نے قتادہ سے انہوں نے حسن سے انہوں نے سمرہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عفان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قتادہ نے انہوں نے روایت کی حسن سے انہوں نے سمرہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن محمد خنیش نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام بن ابی عبد اللہ نے انہوں نے روایت کی قتادہ سے انہوں نے حسن سے انہوں نے سمرہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوسکی مثل ابو جعفر نے کہا کہ یہ حدیث منسوخ کرتی ہے اوسکو جو ہم روایت کر چکے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جائز ہونا بیع جانور کا بدلہ جانور کے اُدھار اور داخل تھا اس میں قرض لینا جانور کا بھی پس کہا پہلے قول والون نے کہ یہ ہم پر لازم نہیں ہو سکتا کیونکہ ہم نے دیکھا گیہون کو کہ وہ گیہوؤن کے بدلہ اُدھار نہیں فروخت کیا جا سکتا اور اونکو قرض لینا جائز ہے اسی طرح جانور ہے کہ بعض کی بعض کے ساتھ بیع ناجائز ہے اُدھار اور اوسکو قرض لینا جائز ہے اور ہماری حجت اس قول والونپر یہ ہے کہ منع فرمانا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فروخت کرنے جانور کے سے بعوض جانور کے اُدھار ہو سکتا ہے کہ اسوجہ سے ہو کہ اونکی مماثلت معلوم نہیں ہو سکتی اور ہو سکتا ہے کہ پہلے قول والون کے گیہوؤن پر قیاس کرنیکے مطابق (وجہ ممانعت کی ہو) پس اگر وجہ ممانعت کی مماثلت کا معلوم نہ ہونا ہے تو دوسرے قول والوں کا مذہب ثابت ہو گیا اور اگر وجہ اوسکی یہ ہی

کہ دونوں جانور ایک نوع ہیں کہ بعض کا بعض کے بدلہ اُدھار جائز نہیں تو اس صورت میں دوسرے قول والوں کی پہلے قول والوں پر حجت نہیں ہو سکتی پھر ہم نے اس میں غور کیا تو دیکھا کہ کیلی اشیا کا بعض کے ساتھ اُدھار فروخت کرنا جائز نہیں اور اونکو قرض لینے میں کوئی مضائقہ نہیں اور ہم نے وزنی چیزوں کو دیکھا کہ اونکا حکم اس بارہ میں کیلی چیزوں کا سا ہے بعینہ سوا سونے اور چاندی کے اور کیلی اور وزنی چیزوں کے ماسوا مثلاً کپڑے اور اوسکے مشابہ کو کہ اونکے بعض کو بعض کے ساتھ فروخت کرنے میں مضائقہ نہیں اگرچہ کم زیادتی ہوں اور اونکے بعض کو بعض کے ساتھ اُدھار فروخت کرنے میں لوگوں کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ جو کپڑے ایک قسم کے ہوں تو اونکے بعض کو بعض کے ساتھ اُدھار فروخت نہیں کر سکتے اور جو دو قسم کے ہوں تو اونکے بعض کو بعض کے ساتھ اُدھار فروخت کرنے میں حرج نہیں **وَمِمَّنْ** قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْيُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ **وَمِنْهُمْ** مَنْ يَقُوْلُ لَا بَأْسَ بِبَيْعِ بَعْضِهَا بِبَعْضٍ يَدًا بِيَدٍ وَنَسِيْئَةً وَسَوَاءٌ عِنْدَهُ كَانَتْ مِنْ نَوْعٍ وَاحِدٍ اَوْ مِنْ نَوْعَيْنِ **فَهٰذِهِ** اَحْكَامُ الْاَشْيَاءِ الْمَكِيْلَاتِ وَالْمَوْزُوْنَاتِ وَالْمَعْدُوْدَاتِ غَيْرِ الْحَيَوَانِ عَلٰى مَا فَسَّرْنَا فَكَانَ غَيْرُ الْمَكِيْلِ وَالْمَوْزُوْنِ لَا بَأْسَ بِبَيْعِهٖ بِمَا هُوَ مِنْ خِلَافِ نَوْعِهٖ نَسِيْئَةً وَاِنْ كَانَ الْمَبِيْعُ وَالْمُبْتَاعُ بِهٖ ثِيَابًا كُلُّهَا وَكَانَ الْحَيَوَانُ لَا يَجُوْزُ بَيْعُ بَعْضِهٖ نَسِيْئَةً وَاِنِ اخْتَلَفَتْ اَجْنَاسُهٗ فَاِنَّهٗ لَا يَجُوْزُ بَيْعُ عَبْدٍ بِبَعِيْرٍ وَلَا بِبَقَرَةٍ وَلَا بِشَاةٍ نَسِيْئَةً وَلَوْ كَانَ النَّهْيُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً اِنَّمَا كَانَ لِاتِّفَاقِ النَّوْعَيْنِ لَجَازَ بَيْعُ الْعَبْدِ بِالْبَقَرَةِ نَسِيْئَةً لِاَنَّهَا مِنْ غَيْرِ نَوْعِهٖ كَمَا جَازَ بَيْعُ الثَّوْبِ الْكَتَّانِ بِالثَّوْبِ الْقُطْنِ الْمَوْصُوْفِ نَسِيْئَةً **فَلَمَّا** بَطَلَ ذٰلِكَ فِيْ نَوْعِهٖ وَفِيْ غَيْرِ نَوْعِهٖ **ثَبَتَ** اَنَّ النَّهْيَ فِيْ ذٰلِكَ اِنَّمَا كَانَ لِعَدَمِ وُجُوْدِ مِثْلِهٖ وَلِاَنَّهٗ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ **وَاِذَا** كَانَ اِنَّمَا بَطَلَ بَيْعُ بَعْضِهٖ بِبَعْضٍ نَسِيْئَةً لِاَنَّهٗ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ بَطَلَ قَرْضُهٗ اَيْضًا لِاَنَّهٗ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ **فَهٰذَا** هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ **وَمِمَّا** يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا مَا قَدْ اَجْمَعُوْا عَلَيْهِ فِي اسْتِقْرَاضِ الْاِمَاءِ اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ وَهُنَّ حَيَوَانٌ فَاسْتِقْرَاضُ سَائِرِ الْحَيَوَانِ فِي النَّظَرِ اَيْضًا كَذٰلِكَ **فَاِنْ** قَالَ قَائِلٌ فَاِنَّا رَاَيْنَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَكَمَ فِي الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ وَحَكَمَ فِي الدِّيَةِ بِمِائَةٍ مِنَ الْاِبِلِ وَفِيْ اُرُوْشِ الْاَعْضَاءِ بِمَا قَدْ حَكَمَ بِهٖ مِمَّا جَعَلَهٗ فِي الْاِبِلِ وَكَانَ ذٰلِكَ حَيَوَانًا كُلُّهٗ يَجِبُ فِي الذِّمَّةِ فَلِمَ لَا كَانَ كُلُّ الْحَيَوَانِ اَيْضًا كَذٰلِكَ **ترجمہ**

اور ... جو ... میں ... قول ... سے امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ہیں اور بعض نے کہا کہ اونکے بعض کو بعض کے ساتھ ادھار اور ہاتھ در ہاتھ دونوں طرح فروخت کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں اور اوسکے نزدیک تعمیم ہے خواہ دونوں ایک نوع کے ہوں یا دو نوع کے پس یہ تمام کیلی اور وزنی اور عددی چیزوں کے احکام ہیں ماسوا جانور کے جیسا کہ ہم بیان کر چکے پس کیلی اور وزنی چیزوں کے سوا اور اشیاء کو اپنی غیر نوع کے ساتھ فروخت کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں اگرچہ مبیع اور قیمت سب کپڑے ہوں اور جانور کہ اونکے بعض کی عوض بیع اُدھار جائز نہیں اگرچہ اونکی جنسیں مختلف ہوں کیونکہ غلام کو اونٹ یا گائے یا بکری کے عوض اُدھار فروخت کرنا جائز ہے اگر نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کی جانب سے جانور کو جانور کے بدلہ فروخت کرنیکی ممانعت بوجہ اتحاد نوع کے ہوتی تو غلام کا گائے کے عوض اُدھار بیع فروخت کرنا جائز ہوتا کیونکہ گائے غلام کی نوع کا غیر ہے جسطرح جائز ہوتا ہے ریشمی کپڑے کو سوتی کپڑے کے عوض ادھار فروخت کرنا تو جب یہ اپنی نوع اور اپنی نوع کے غیر دونوں میں باطل ٹھیری تو ثابت ہوا یہ کہ اسکی ممانعت بجز

اسکے نہیں کہ اوسکی مثل نہ ہونیکی وجہ سے اور اسوجہ سے کہ اوسکی مماثلت پر آگاہی نہیں ہے اور جب کہ بعض جانوروںکو بعض کے بدلہ اُدھار فروخت کرنا اسوجہ سے باطل ہوا کہ اوسکے مثل پر آگاہی نہیں تو اوسکو قرض دینا بھی باطل ہو گا کیونکہ اوسکی مثل پر بھی اطلاع نہیں ہے پس یہ مقتضا نظر و فکر کا ہے اسباب میں آور ایک دلیل اسکی یہ بھی ہے کہ اسپر سب کا اجماع ہے کہ لونڈیوں کو قرض لینا درست نہیں اور لونڈیاں جانور ہیں لہذا لحسب نظر تمام جانور ایسے ہی ہونے چاہئیں پہر اگر کوئی کہنے والا کہے کہ ہم نے دیکہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا نا تمام بچہ (ضائع کر دینے) میں ایک پیشانی غلام یا لونڈی کا اور دیت کے اندر حکم دیا سو اونٹوں کا اور اعضا کے تاوانوں میں حکم دیا اور یہ تمام جانور ہی ہیں جو واجب فی الذمہ ہوتے ہیں تو کیوں نہ ہوں تمام جانور ایسے **قیل** لہ حکم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی الدیۃ والجنین بما ذکرت من الحیوان ومنع من بیع الحیوان بالحیوان بعضہ ببعض نسیئۃ علی ما قد ذکرناہ وشرحنا فی ھذا الباب فثبت النھی فی وجوب الحیوان فی الذمۃ بالاموال والبیع ووجوب الحیوان فی الذمۃ بغیر اموال **فھذان** اصلان مختلفان نصححھما ونرد الیھما سائر الفروع فنجعل ما کان بدلا من مال حکمہ حکم القرض الذی وصفنا وما کان بدلا عن غیر مال فحکمہ حکم الدیات والغرۃ التی ذکرنا من ذلک التزویج علی امۃ وسطا او علی عبد وسط والخلع علی امۃ وسطا او علی عبد وسط **والدلیل** علی صحۃ ما وصفنا ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قد جعل فی جنین الحرۃ غرۃ عبدا او امۃ واجمع المسلمون ان ذلک لا یجب فی جنین الامۃ وان الواجب فیہ دراھم او دنانیر علی ما اختلفوا فقال بعضھم عشر قیمۃ الجنین ان کان انثی ونصف عشر قیمتہ ان کان ذکرا **وممن** قال ذلک ابو حنیفۃ وابو یوسف ومحمد رحمۃ اللہ علیھم اجمعین **وقال** آخرون نصف عشر قیمۃ ام الجنین واجمعوا فی جنین البھائم ان فیہ ما نقص ام الجنین وکانت الدیات الواجبۃ من الابل علی ما اوجبھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یجب فی انفس الاحرار ولا یجب فی انفس العبید فکان ما حکم فیہ بالحیوان المجعول فی الذمم ما لیس ببدل من مال ومنع من ذلک فی الابدال من الاموال فثبت بذلک ان القرض الذی ھو بدل من مال لا یجب فیہ حیوان فی الذمم وھذا قول ابی حنیفۃ وابی یوسف ومحمد رحمۃ اللہ علیھم اجمعین **وقد** روی ذلک عن نفر من المتقدمین حدثنا سلیمان بن شعیب الکیسانی قال ثنا عبد الرحمن بن زیاد قال ثنا شعبۃ عن قیس بن مسلم عن طارق بن شھاب قال اسلم زید بن خلیدۃ الی عتریس بن عرقوب فی قلائص کل قلوص بخمسین فلما حل الاجل جاء یتقاضاہ فاتی ابن مسعود یستنظرہ فنھاہ عن ذلک وامرہ ان یاخذ راس مالہ **حدثنا** ابو بشر الرقی قال ثنا شجاع بن الولید عن سعید بن ابی عروبۃ عن ابی معشر عن ابراھیم عن ابن مسعود قال السلف فی کل شیء الی اجل مسمی لا باس بہ ما خلا الحیوان **حدثنا** بشیر بن الحسن قال ثنا ابو عامر قال ثنا شعبۃ عن عمار الدھنی عن سعید بن جبیر قال کان حذیفۃ یکرہ السلم فی الحیوان **حدثنا** نصر بن مرزوق قال ثنا الخصیب قال ثنا حماد عن حمید . . . عن ابی نضرۃ انہ سأل ابن عمر عن السلف فی الوصفاء فقال لا باس بہ فاتیت فقلت ان امراءنا ینھوننا عن ذلک قال ذاطیعوا امر دکم (؟) امرنا

دیا اور حکم کو جانوروں [illegible] سو اونٹوں قرار دیا

يومئذٍ عَبْدُ الرَّحمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ وَاَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ترجمہ تو اوسکو جواب دیا جائیگا
کہ حکم دیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیت اور نا تمام بچہ میں اون جانوروں کا جو تم نے ذکر کیا اور منع فرمایا بعض
جانوروںکو بعض کے عوض ادھار فروخت کرنے سے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اور اس میں خوب شرح سے بیان کیا
تو ثابت ہوا منع ہونا وجوب جانور کا ذمہ میں بعوض اموال کے اور مباح ہونا وجوب جانور کا ذمہ میں بعوض غیر اموال
کے لہذا یہ دو قاعدہ مختلف ہیں جنکو ہم صحیح قائم کرکے باقی فروع کو انکیطرف لوٹا دینگے چنانچہ جو جانور مال کا بدلہ ہوگا
اوسکا حکم قرض کا رہیگا جسکو ہم بیان کر چکے اور جو جانور بجز مال کا بدلہ ہو تو اوسکا حکم دیتوں اور پیشانی کا سا رہیگا
جسکو ہم ذکر کر چکے اور منجملہ اوسکے نکاح کرنا لونڈی درمیانی یا غلام درمیانی کے عوض اور خلع کرنا ہے درمیانی لونڈی
یا درمیانی غلام کے عوض اور ہم نے جو کچھ بیان کیا اوسکے صحیح ہونے پر دلیل یہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آزاد
عورت کے نا تمام بچہ میں ایک غلام یا ایک لونڈی دینے کا حکم فرمایا اور تمام مسلمانوں کا اسپر اتفاق ہے کہ لونڈی کے
نا تمام بچہ میں یہ لونڈی واجب نہیں بلکہ اوسمیں دراہم یا دینار حسب اختلاف واجب ہیں چنانچہ بعض نے کہا کہ نا تمام بچہ کی قیمت
کا دسواں حصہ واجب ہے اگر لڑکی ہو اور اوسکی قیمت کا بیسواں حصہ اگر وہ لڑکا ہو اور جنہوں نے قول کیا اسکا اون ہی میں سے
امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمتہ اللہ علیہم ہیں اور دوسروں نے کہا نا تمام بچہ کی ماں کی قیمت کا بیسواں
حصہ (واجب ہے) اور چوپایوں کے نا تمام بچہ کے بارہ میں اتفاق ہے اسپر کہ نا تمام بچہ کی ماں میں جسقدر نقصان
ہو جائے وہ لازم ہے اور اونٹ جو دیت میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واجب کرنیکے موافق واجب ہیں
وہ آزاد لوگوں کے (خونوں کے عوض) ہیں نہ غلاموں کی جانوں کے عوض پس وہ شی جسکے بدلہ میں جانور واجب
فی الذمہ ٹھیرایا گیا ہے وہ ہے جو مال کا بدل نہیں اور جو اموال ہو سکتی ہے اوسکے اندر ان (جانوروںکو دینے) ہی
منع کیا تو اس سے ثابت ہوا کہ جو قرض مال کا بدل ہو سکے اوسمیں جانور واجب فی الذمہ نہیں ہو سکتا اور یہی قول امام
ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمتہ اللہ علیہم کا ہے اور متقدمین کے ایک گروہ سے یہی روایت ہے حدیث
بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب کیسانی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن بن زیاد نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی قیس بن مسلم سے انہوں نے طارق بن شہاب سے کہا بدنی کی زید بن
خلیدہ نے عتریس بن عرقوب سے چند اونٹوں کے اندر مہر اونٹ بعوض پچاس کے پس جب میعاد آگئی تو آئے
اسلم تقاضا کرتے ہوئے (اونٹوں کا) پس آئے عتریس ابن مسعود کے پاس مہلت طلب کرتے تھے اونسے
پس ابن مسعود نے منع کیا اونکو اس سے اور حکم دیا اونکو یہ کہ لے لیں اپنا اصلی مال حدیث بیان کی ہم سے ابو بشر رقی
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شجاع بن ولید نے انہوں نے روایت کی سعید بن ابی عروبہ سے انہوں نے ابو معشر
سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے ابن مسعودؓ سے کہا ہر چیز میں ایک معین مدت تک بدنی کرنے میں کوئی
مضائقہ نہیں سوا جانور کے حدیث بیان کی ہم سے بشر بن حسن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عامر نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی عمار دہنی سے انہوں نے روایت کی سعید بن جبیر سے
کہا تھے حذیفہ مکروہ بتلاتے تھے بدنی جانور میں حدیث بیان کی ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم
سے خصیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے انہوں نے روایت کی حمید سے انہوں نے ابو نضرہ سے کہ انہوں

نے دریافت کیا ابن عمر سے غلام اور لونڈی میں بدفعلی کرنے سے تو انہوں نے کہا کچھ مضائقہ نہیں ہے میں نے کہا ہمارے حاکم ہمکو اس سے منع کرتے ہیں تو انہوں نے کہا اطاعت کرو اپنے حکام کی اوس زمانہ مین حاکم عبد الرحمن تھے اور صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم تھے ؛

كتاب الصرف

کتاب بیع صرف کے بیان مین

باب الربوٰ حدثنا فهد بن سليمن بن يحيى قال ثنا محمد بن سعيد الاصبهاني قال اخبرنا سفيان عن عبيد الله ابن ابي يزيد عن ابن عباس عن اسامة بن زيد ان رسول الله صلى الله عليه واله وسلم قال انما الربوا في النسيئة **حدثنا** نصر بن مرزوق قال ثنا الخصيب بن ناصح قال ثنا حماد عن عمرو بن دينار عن ابن عباس عن اسامة بن زيد ان رسول الله صلى الله عليه واله وسلم مثله **حدثنا** ابراهيم بن ابي داود قال ثنا عمرو بن عون قال اخبرنا خالد هو ابن عبد الله الواسطي عن خالد هو الحذاء عن عكرمة عن ابن عباس عن اسامة بن زيد عن رسول الله صلى الله عليه واله وسلم قال لا ربوا الا في النسيئة **حدثنا** محمد بن عبد الله بن ميمون قال ثنا الوليد عن الاوزاعي عن عطاء ان ابا سعيد الخدري لقي ابن عباس فقال ارأيت قولك في الصرف يعني الذهب بالذهب وبينهما فضل اشئ سمعته من رسول الله صلى الله عليه واله وسلم او شئ وجدته في كتاب الله عز وجل فقال ابن عباس اما كتاب الله عز وجل فلا اعلمه واما رسول الله صلى الله عليه واله وسلم فانتم اعلم به مني ولكن حدثني اسامة بن زيد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انما الربوا في النسيئة **حدثنا** يونس قال اخبرنا عبيد الله بن نافع عن داود بن قيس عن زيد بن اسلم عن عطاء بن يسار عن ابي سعيد قال قلت لابن عباس ارأيت الذي تقول الدينارين بالدينار والدرهمين بالدرهم اشهد اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الدينار بالدينار والدرهم بالدرهم لا فضل بينهما فقال ابن عباس انت سمعت هذا من رسول الله صلى الله عليه واله وسلم فقلت نعم فقال فاني لم اسمع هذا انما اخبرنيه اسامة بن زيد قال ابوسعيد ونزع وساجع عنها ابن عباس -

باب سود کے بیان میں ترجمہ حدیث بیان کی ہمسے فہد بن سلیمان بن یحیی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن سعید اصبہانی نے کہ ابوسعید خدری نے ملاقات کی ابن عباس سے اور کہا کہ خبر دیجیے مجھکو اپنے مذہب سے بیع صرف یعنے سونیکو سونیکے بدلہ فروخت کرنے میں حالانکہ اونکے درمیان زیادتی ہو کہ کیا کچھ سنا ہے آپنے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے اسبارہ میں یا کچھ پایا ہے آپنے خدا تعالے کی کتاب میں تو ابن عباس نے جواب دیا کہ اللہ تعالے کی کتاب میں تو اسکا کچھ حکم میں نہیں پاتا لیکن رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سو تم اونکے اقوال و افعال مجھ سے زیادہ جانتے ہو مگر اسامہ بن زید نے مجھ سے حدیث بیان کی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ سود نہیں کہ سود ادہار میں ہے حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو عبید اللہ بن نافع نے روایت کی داود بن قیس سے انہوں نے زید بن اسلم سے انہوں نے عطا بن یسار سے انہوں نے ابوسعید سے کہا انہوں نے میں

نے کہا ابن عباسؓ سے کہ بتلائیے کیا فرماتے ہیں آپ دو دینار ایک دینار کے عوض اور دو درہم ایک درہم کے عوض فروخت کرتے ہیں میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میں نے سنا کہ آپ نے فرمایا کہ فروخت کیا جائے ایک دینار بدلہ ایک دینار کے اور ایک درہم بدلہ ایک درہم کے (اسطرح) کہ اون میں زیادتی نہ ہو ابن عباسؓ نے کہا کیا تم نے سنا ہے یہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تو میں نے کہا ہاں پس انہوں نے کہا کہ میں نے نہیں سنا یہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لیکن خبر دی مجھکو اسامہ بن زید نے کہا ابو سعید نے اور ابن عباسؓ نے اس سے رجوع کر لیا

حدثنا ابن ابي داود قال ثنا عمرو بن عون قال اخبرنا قيس وهو ابن الربيع عن حبيب بن ابي ثابت عن ابي صالح السمان قال قلت لابي سعيد انت تنهى عن الصرف وابن عباس يأمر به فقال قد لقيت ابن عباس فقلت ما هذا الذي تفتي به في الصرف اشيء وجدته في كتاب الله او شيء سمعته من رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال انتم اقدم صحبة لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مني وما اقرأ من القرآن الا ما تقرؤن ولكن اسامة بن زيد حدثني ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لا ربوا الا في الدين **قال** ابو جعفر فذهب قوم الى ان بيع الفضة بالفضة والذهب بالذهب مثلين بمثل جائز اذا كان يدا بيد واحتجوا في ذلك بما رويناه عن اسامة بن زيد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم **وخالفهم** في ذلك آخرون فقالوا لا يجوز بيع الفضة بالفضة ولا الذهب بالذهب الا مثلا بمثل سواء بسواء يدا بيد **وكانت** الحجة لهم في تاويل حديث ابن عباس رضي الله عنهما عن اسامة رضي الله عنه الذي ذكرنا في الفصل الاول ان ذلك الربوا انما عنى به ربوا القرآن الذي كان اصله في النسيئة وذلك ان الرجل كان يكون له على صاحبه الدين فيقول له اجلني منه الى كذا وكذا بكذا وكذا درهما ازيدكها في دينك فيكون مشتريا لاجل بمال فنهاهم الله عز وجل عن ذلك بقوله يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا ان كنتم مؤمنين ثم جاءت السنة بعد ذلك بتحريم الربوا في التفاضل في الذهب بالذهب والفضة بالفضة وسائر الاشياء المكيلات والموزونات على ما ذكره عبادة بن الصامت رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فيما رويناه عنه فيما تقدم من كتابنا هذا في باب بيع الحنطة بالشعير فكان ذلك ربوا حرم بالسنة وتواترت به الآثار عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حتى قامت بها الحجة والدليل على ان ذلك الربوا المحرم في هذه الآثار هو غير الربوا الذي رواه ابن عباس عن اسامة رضي الله عنهم عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رجوع ابن عباس رضي الله عنهما الى ما حدثه به ابو سعيد رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مما قد ذكرناه في هذا الباب فلو كان ما حدثه به ابو سعيد رضي الله عنه من ذلك في المعنى الذي كان اسامة رضي الله عنه حدثه به اذا لما كان حديث ابي سعيد عنده باولى من حديث اسامة رضي الله عنه ولكنه لم يكن علم بتحريم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هذا الربوا حتى حدثه به ابو سعيد رضي الله عنه فعلم ان ما كان حدثه به اسامة رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كان في ربوا غير ذلك الربوا

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عمرو بن عون نے کہا خبر دی ہمکو قیس نے اور وہ ربیع کے صاحبزادہ ہیں انہوں نے روایت کی حبیب بن ابی ثابت سے انہوں نے ابو صالح سمان سے کہا عرض کیا میں نے ابو سعید سے کہا آپ منع کرتے ہیں بیع صرف سے

اور ابن عباسؓ حکم دیتے ہیں اسکا تو انہوں نے کہا بیشک ملاقات کی تھی میں نے ابن عباس سے اور اونسے عرض کیا تھا کہ کہا ہے یہ جو فتوٰی دیتے ہیں آپ بیع صرف کے بارہ میں کیا کوئی بات کلام الٰہی میں آپنے پائی ہے یا کچھ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہٖ وسلم سے آپنے سنا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ تم رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کی صحابیت میں مجھسے مقدم ہو اور قرآن شریف میں بھی وہی پڑہتا ہوں جو تم پڑہتے ہو لیکن اسامہ بن زید نے حدیث بیان کی ہے مجھسے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے سود مگر ادہار میں ابو جعفر نے کہا کہ ایک گروہ اسطرف گیا ہے کہ چاندی کو چاندی کے عوض اور سونے کو سونے کے عوض دو چند کو یک چند کے بدلہ فروخت کرنا جائز ہے بشرطیکہ ہاتھوں ہاتھ ہو اور استدلال کیا انہوں نے اسمیں اوس سے جسکو ہم اسامہ بن زید سے روایت کر چکے اور انہوں نے روایت کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا کہ چاندی کو چاندی کے بدلہ اور سونیکو سونیکے بدلہ فروخت کرنا جائز نہیں مگر برابر سرابر ہاتھ در ہاتھ اور اونکے لئے حجت بہ لحاظ ابن عباس کی اوس حدیث میں تاویل کرینگے جسکو انہوں نے اسامہ سے روایت کیا اور اوسکو ہم فصل اول میں ذکر کر چکے یہ ہے کہ اس سود سے مراد وہ سود ہے جسکا ذکر قرآن شریف میں ہے اور وہ دراصل ادہار کے اندر ہوتا تھا اوسکی صورت یہ تھی کہ آدمی کا اپنے ساتھی پر قرض ہوتا تھا تو اوسکو مقروض کہدیتا تھا کہ میعاد بڑہادے میرے فلان فلان مہینہ یا تاریخ تک بعوض اتنے درہموں کے جو میں تیرے قرض سے علاوہ زائد دونگا تو ہو جاتا تھا مقروض خریدار میعاد کا بعوض مال کے پس منع فرمادیا اونکو خدا تعالے نے اس سے آپنے اس ارشاد سے کہ اے ایمان والو ڈرو خدا تعالے سے اور چھوڑ دو بقیہ سود کو اگر تم ایماندار ہو پھر وارد ہوئی حدیث اسکے بعد اوس سود کے حرام کرنے میں جو سونے کو بعوض سونے اور چاندی کو بعوض چاندی کے فروخت کرنے میں (ایک جانب سے) زیادتی کی وجہ سے ہوتی ہے طرح اور اشیاء کیلی اور وزنی میں جیسا کہ ذکر کیا اوسکو عبادہ بن صامت رضہ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے اوس روایت میں جسکو ہم اسی کتاب کے بیان سابق گیہوں کو جو کے عوض فروخت کرنیکے باب میں ذکر کر چکے ہیں یہ سود وہ ہے جسکی حرمت حدیث سے ثابت ہے اور احادیث اسکے متعلق رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے بطریق تواتر وارد ہیں یہانتک کہ وہ حجت قائم کرنیکے لئے کافی ہیں اور دلیل اسکی کہ وہ سود جنکی حرمت ان حدیثوں میں سے اور ہی سود کے سوا ہے جسکو ابن عباسؓ نے اسامہ بن زیدؓ سے بروایت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم روایت کیا اور ابن عباسؓ نے اوس سے حدیث ابو سعید رضہ کی طرف رجوع کیا جسکو ہم اسی باب میں بیان کر چکے پس اگر حدیث ابو سعید رضی اللہ عنہ کے وہی معنی ہوتے جو اسامہؓ کی حدیث سے مراد تھے اور اوسکو ابن عباسؓ نے روایت کیا تو ابن عباس کے نزدیک حدیث ابو سعید حدیث اسامہ سے بہتر کیوں ہوتی لیکن اونکو رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے سود کو حرام فرمانیکی اطلاع نہ تھی یہانتک کہ جب ابو سعید نے اونسے حدیث بیان کی تو جانے کہ اسامہ رضی اللہ عنہ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے جس سود کے بارہ میں حدیث بیان کی تھی وہ اس سود کے سوا اور سود ہے

(قوله) فِيمَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي نَحْوِ مَا ذَكَرَهُ اَبُو سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مَا حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِي دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ مَوْلًى لَهُمْ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَبِي عَامِرٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

وسلم قال لا تبیعوا الدینار بالدینارین ولا الدرهم بالدرهمین **حدثنا** یونس قال اخبرنا ابن وهب
قال اخبرنی مالک ان حمید بن قیس حدثه عن مجاهد المکی ان صائغا سأل عبد الله بن عمر انی اصوغ
ثم ابیع الشیء من ذلک باکثر من وزنه واستفضل من ذلک قدر عملی فنهاه عبد الله بن عمر عن ذلک
فجعل الصائغ یرد علیه المسألة ویأباه علیه عبد الله بن عمر حتی انتهی الی دابته او الی باب المسجد فقال له
عبد الله الدینار بالدینار والدرهم بالدرهم لا فضل بینهما هذا عهد نبینا الینا وعهدنا الیکم
وحدثنا علی بن عبد الرحمن قال ثنا عفان قال ثنا همام قال ثنا قتادة عن ابی الخلیل عن مسلم
المکی عن ابی الاشعث الصنعانی انه شهد خطبة عبادة انه حدث عن النبی صلی الله علیه وسلم انه
قال الذهب بالذهب وزنا بوزن والفضة بالفضة وزنا بوزن والبر بالبر کیلا بکیل والشعیر بالشعیر
ولا بأس ببیع الشعیر بالتمر والتمر اکثرهما یدا بید والتمر بالتمر والملح بالملح من زاد او استزاد فقد اربی
حدثنا ابوبکرة قال ثنا حسین بن حفص الاصبهانی قال ثنا سفیان عن خالد الحذاء عن ابی
الاشعث عن عبادة بن الصامت قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول الذهب بالذهب
وزنا بوزن والفضة بالفضة وزنا بوزن والبر بالبر مثلا بمثل والشعیر بالشعیر مثلا بمثل والتمر بالتمر مثلا
بمثل والملح بالملح مثلا بمثل فمن زاد او ازداد فقد اربی **حدثنا** علی بن عبد الرحمن قال ثنا یحیی
بن معین قال ثنا الفضل بن حبیب السراج قال ثنا حیان ابو زهیر عن ابن بریدة عن ابیه ان نبی
الله صلی الله علیه وآله وسلم اشتهی تمرا فارسل بعض ازواجه ولا اراها الا ام سلمة بصاعین من تمر
فاتوا بصاع من عجوة فلما راه النبی صلی الله علیه وآله وسلم انکره فقال من این لکم هذا قالوا بعثنا
بصاعین فاعطینا بصاع فقال ردوه فلا حاجة لی فیه **ترجمہ** اور جو کچھ ابوسعید رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا اوسکے
موافق جو کچھ حدیثیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں منجملہ اونکے ایک وہ ہے جسکو ہم سے ابن ابی داؤد
نے بیان کیا کہا حدیث بیان کی ہم سے یعقوب بن حمید بن کاسب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد العزیز بن ابی حازم
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مالک بن انس نے انہوں نے روایت کی اپنے غلام سے انہوں نے مالک بن ابی عامر
سے انہوں نے عثمان بن عفان سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مت فروخت کرو ایک دینار دو دینار وں سے اور ایک
درہم دو درہموں سے حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو مالک نے کہ حمید بن
قیس نے خبر دی اونکو مجاہد مکی سے کہ ایک سنار نے دریافت کیا عبد اللہ بن عمر سے کہ میں زیور ڈھالتا ہوں پھر اوسکو
اوسکے وزن سے زیادہ کے عوض فروخت کرتا ہوں اور اپنے کام کی اُجرت کے بقدر زائد لیتا ہوں تو عبد اللہ بن عمر نے
اوسکو اس سے منع کیا پس سنار بار بار دریافت کرتا تھا اور عبد اللہ بن عمر ہر بار اوسکو اس سے منع کرتے تھے یہانتک کہ
پہونچے عبد اللہ اپنی سواری تک یا مسجد کے دروازہ تک اور فرمایا کہ فروخت کرو دینار ایک دینار کے عوض اور درہم کو
ایک درہم کے عوض اسطرح کہ دونوں میں کسی کی طرف سے زیادتی نہو یہی حکم ہمارے نبی کا تھا ہمکو اور یہی حکم ہمارا
تمکو ہے اور حدیث بیان کی ہم سے علی بن عبد الرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عفان نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے ہمام نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قتادہ نے انہوں نے روایت کی ابو خلیل سے انہوں نے مسلم

ملی سے انہوں نے ابواشعث صنعانی سے کہ وہ موجود تھے عبادہؓ کے خطبہ میں کہ انہوں نے حدیث بیان کی نبی
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا بیچو سونیکو سونیکے بدلہ وزن برابر اور بیچو چاندی کو چاندی کے بدلہ وزن
برابر اور بیچو گیہوں انکو گیہوؤں کے بدلہ پیمانہ برابر اور جو جو کے بدلہ اور نہیں ہے کوئی مضائقہ جو کو چھواروں کے بدلہ
فروخت کرنے میں اگرچہ چھوارے ان دونوں میں زیادہ ہوں ہاتھ در ہاتھ اور بیچو چھواروں کے بدلہ اور نمک کو
نمک کے بدلہ جو زیادہ دے یا زیادہ لے وہ سود خور ہے حدیث بیان کی ہم سے ابوبکرہ نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے ابی حفص اصبہانی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی خالد حذاء سے
انہوں نے ابوقلابہ سے انہوں نے ابواشعث سے انہوں نے عبادہ بن صامتؓ سے کہا سنا میں نے رسول
خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے کہ فروخت کیا جائے سونا بدلہ سونے کے وزن برابر اور چاندی بدلہ
چاندی کے وزن برابر اور گیہوں بدلہ گیہوں کے برابر سرا برابر اور جو بدلہ جو کے برابر سرا برابر اور چھوارے بدلہ چھواروں کے
برابر سرا برابر اور نمک بدلہ نمک کے برابر سرا برابر پس جو زیادہ دے یا زیادہ لے وہ سود خور ہے حدیث بیان کی ہم سے علی بن
عبدالرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن معین نے کہا حدیث بیان کی ہم سے فضل بن حبیب سراج نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے حیان ابوزہیر نے انہوں نے روایت کی ابن بریدہ سے انہوں نے اپنے باپ سے
کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواہش ہوئی کھجوروں کی پس بھیجیں آپ کی کسی بیوی نے دو صاع کھجوریں نہیں
گمان کرتا میں مگر یہ کہ وہ ام سلمہ تھیں پس لائے بعوض اونکے ایک صاع عمدہ کھجوریں لیکن جب دیکھا اونکو نبی
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو اوپرا جانا اونکو اور فرمایا یہ تمہارے پاس کہاں سے آئیں انہوں نے عرض کیا کہ ہم نے
دو صاع کھجوریں بھیجکر ایک صاع (کھری) منگائی ہیں آپنے فرمایا واپس کردو انکو کیونکہ انکی مجھے ضرورت نہیں

حدثنا ابوبکرۃ قال ثنا عمر بن یونس قال ثنا عاصم بن محمد قال حدثنی زید بن محمد قال حدثنی نافع
قال مشی عبد اللہ بن عمر الی رافع بن خدیج فی حدیث بلغہ عنہ فی شان الصرف فاتاہ فدخل علیہ
فسألہ عنہ فقال رافع سمعتہ اذنای وابصرتہ عینای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول لا تشفوا
الدینار علی الدینار ولا الدرھم علی الدرھم ولا تبیعوا غائبا منہا بناجز وان استنظرک حتی یدخل عتبۃ بابہ

حدثنا ابن مرزوق قال ثنا عارم قال ثنا حماد بن زید عن ایوب عن نافع قال انطلقت مع عبد اللہ
بن عمر الی ابی سعید فذکر مثلہ غیر قولہ وان استنظرک الی آخر الحدیث فانہ لم یذکرہ

حدثنا نصر بن نصر قال ثنا اسد بن موسی قال ثنا حماد بن سلمۃ عن عبید اللہ فذکر باسنادہ
مثلہ **حدثنا** علی بن شیبۃ قال ثنا یزید بن ھرون قال اخبرنا اسمعیل بن ابی خالد عن حکیم
ابن جابر عن عبادۃ بن الصامت قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول الذھب بالذھب مثلا
بمثل الکفۃ بالکفۃ والفضۃ بالفضۃ مثلا بمثل الکفۃ بالکفۃ والبر بالبر مثلا بمثل یدا بید والشعیر بالشعیر
مثلا بمثل یدا بید والتمر بالتمر مثلا بمثل یدا بید حتی ذکر الملح **حدثنا** یونس قال اخبرنا
ابن وھب قال اخبرنی یعقوب بن عبد الرحمن ان سھیل بن ابی صالح اخبرہ عن ابیہ عن
ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لا تبیعوا الذھب بالذھب ولا الورق

بالورِقِ اِلّا وَزنًا بِوَزنٍ مِثلًا بِمِثلٍ سَوَاءً بِسَوَاءٍ **حَدَّثَنَا** اِبراهِيمُ بنُ مَرزُوقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابنِ اَبِی دَاوٗدَ عَن نَافِعٍ عَنِ ابنِ عُمَرَ عَن اَبِی سَعِیدِ الخُدرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الدِّرهَمُ بِالدِّرهَمِ لَا زِیَادَةَ وَالدِّینَارُ بِالدِّینَارِ وَلَا تُشِفُّوا بَعضَهَا عَلٰی بَعضٍ وَلَا تَبِیعُوا غَائِبًا مِنهَا بِنَاجِزٍ **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عمر بن یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عاصم بن محمد نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے زید بن محمد نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے نافع نے کہا گئے عبد اللہ بن عمر رافع بن خدیج کے پاس ایک حدیث کی وجہ سے جو پہونچی تھی عبد اللہ کو رافع سے بیع صرف کی بابت پس آئے اور داخل ہوئے اون پر اور دریافت کی اون سے تو انہوں نے کہا کہ سنا اوسکو میرے دونوں کانوں نے اور دیکھا اوسکو میری دونوں آنکھوں نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے مت زیادتی کرو ایک دینار پر دوسرے دینار میں اور نہ درہم پر دوسرے درہم میں اور مت فروخت کرو اونمیں سے غائب کو بعوض نقد کے اگرچہ تجھ سے اسقدر مہلت لے کہ داخل ہو اپنے دروازہ کی چوکھٹ میں حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عارم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن زید نے انہوں نے روایت کی ایوب سے انہوں نے نافع سے کہا گیا میں عبد اللہ بن عمر کے ہمراہ ابو سعید کے پاس پھر ذکر کیا اوسی کی مثل سوا اس قول کے کہ اگرچہ مہلت طلب کرے تجھ سے آخر حدیث تک کہ یہ انہوں نے نہیں ذکر کیا حدیث بیان کی ہم سے بحر بن نصر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد بن موسی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہوں نے روایت کی عبید اللہ سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسی کی مثل حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو اسماعیل بن ابی خالد نے انہوں نے روایت کی حکیم بن جابر سے انہوں نے عبادہ بن صامت سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے کہ فروخت کرو سونیکو سونیکے عوض برابر سرابر ایک پلہ ترازو ایک پلہ کے عوض اور فروخت کرو چاندی کو چاندی کے عوض برابر ایک پلہ ترازو ایک پلہ کے عوض اور فروخت کرو گیہوں کو گیہوں کے عوض برابر سرابر ہاتھ در ہاتھ اور فروخت کرو جَو جَو کے عوض برابر برابر ہاتھ در ہاتھ اور چھوارے چھواروں کے عوض برابر سرابر ہاتھ در ہاتھ یہاں تک کہ ذکر کیا نمک کو بھی، حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھ کو یعقوب بن عبد الرحمن نے کہ سہیل بن ابی صالح نے خبر دی اون کو انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے روایت کی ابو سعید خدری سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مت بیچو سونے کو بدلے سونے کے اور نہ چاندی کو بدلے چاندی کے مگر وزن برابر حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے انہوں روایت کی ابن ابی داؤد سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے ابو سعید خدری سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچو ایک درہم بدلے ایک درہم کے نہ ہو زیادتی کسی طرف سے، بس ایک دینار بدلے ایک دینار کے اور مت زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور مت فروخت کرو غائب کو اونمیں سے بدلے نقد کے (**قوله**) **حدثنا** یُونُسُ قَالَ اَخبَرَنَا ابنُ وَهبٍ قَالَ اَخبَرَنِی رِجَالٌ مِن اَهلِ العِلمِ

مِنْهُم مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ اَنَّ نَافِعًا مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ حَدَّثَهُم عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰى خَيْبَرَ فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَاْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلَاثَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ اشْتَرِ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا **حَدَّثَنَا** اَبُو اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ الرَّازِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو النَّضْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ وَهُوَ عَلَيْنَا اَمِيرٌ مَنْ اَعْطٰى بِالدِّرْهَمِ مِائَةَ دِرْهَمٍ فَلْيَاْخُذْهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَمَنْ زَادَ فَهُوَ رِبًا وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ فَسَلْ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ عَنْ ذٰلِكَ فَسَاَلَهُ فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَقَالَ اِنَّمَا هُوَ رَاْيٌ مِنِّي **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنِ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ نَكِرَهُ فَقَالَ اَنّٰى لَكَ هٰذَا قَالَ اشْتَرَيْتُهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ قَالَ اَضْعَفْتَ اَرْبَيْتَ اَوْ اَرْبَيْتَ اَضْعَفْتَ **حَدَّثَنَا** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُشَيْشٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِصَاعِ تَمْرٍ رَيَّانٍ وَكَانَ تَمْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْلًا فَقَالَ اَنّٰى لَكُمْ هٰذَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِعْنَا صَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ بِصَاعٍ مِنْ هٰذَا فَقَالَ لَا تَفْعَلُوا وَلٰكِنْ بِيعُوا تَمْرَكُمْ وَاشْتَرُوا مِنْ هٰذَا **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دِينَارٌ بِدِينَارٍ وَدِرْهَمٌ بِدِرْهَمٍ وَصَاعُ تَمْرٍ بِصَاعِ تَمْرٍ وَصَاعُ بُرٍّ بِصَاعِ بُرٍّ وَصَاعُ شَعِيرٍ بِصَاعِ شَعِيرٍ لَا فَضْلَ بَيْنَ شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے یونسؒ نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو چند اہل علم لوگوں نے کہ منجملہ اونکے مالک بن انسؒ ہیں کہ نافع ابن عمر کے غلام نے حدیث بیان کی اونسے انہوں نے روایت کی ابو سعید خدریؓ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان ہم سے یونسؒ نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ مالک نے خبر دی اونکو عبد المجید بن سہیل کی روایت سے انہوں نے روایت کی سعید بن مسیبؒ سے انہوں نے ابو سعید خدریؓ سے انہوں نے ابو ہریرہؓ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے عامل بنایا ایک شخص کو خیبر پر پس لایا وہ آپ کے پاس کھری کھجوریں تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تمام کھجوریں مقام خیبر کی ایسی ہی ہوتی ہیں اوسنے کہا نہیں قسم خدا کی ای رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم ہم لوگ لیتے ہیں ایک صاع اس کا دو صاع کے بدلہ اور دو صاع تین صاع کے بدلہ پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و سلم نے ایسا نہ کرنا بیچ ڈالا کر (یعنی) گندگو درہم کے بدلہ پھر درہم سے خرید لیا کر کھری عمدہ

کھجوریں حدیث بیان کی ہم سے ابوامیہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے معلا بن منصور رازی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن لہیعہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو النصر نے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن حنین سے کہ ایک عراقی شخص نے عبداللہ بن عمرؓ سے کہا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جو ہم پر حاکم ہیں فرمایا جسکو ایکدرہم کے عوض سو درہم ڈسے جائیں تو چاہیے کہ لے لے اونکو پس کہا عبداللہ بن عمر نے سنا میں نے عمر بن خطابؓ کو فرماتے ہوئے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچو سونے کو سونیکی بدلہ وزن برابر اور جو زیادہ دے تو یہی سود ہے اور کہا ابن عمر نے کہ اگر تمکو شک ہو تو پوچھ لو یہ بات ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے پس دریافت کیا عراقی نے ابوسعیدؓ سے تو انہوں نے بتلایا کہ بیشک سنا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر ابن عباسؓ سے ابن عمر کا مقولہ بیان کیا گیا تو انہوں نے اپنے پروردگار سے پناہ مانگی اور کہا کہ بجز اسکے نہیں کہ یہ میری رائے تھی حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی نے انہوں نے روایت کی تیمی سے انہوں نے ابونضرہ سے انہوں نے ابوسعیدؓ سے کہ ایک شخص لایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھجوریں کہ اوپری (غیر معلوم ہوئیں آپکو تو آپنے دریافت کیا یہ تیرے پاس کہاں سے آئیں اوسنے کہا میں نے انکو دو صاع کھجوروں سے خریدا ہے آپنے فرمایا دو چند سود لیا تو نے یا فرمایا سود لیا تو نے دو چند حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن محمد بن خشیش نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسلم بن ابراہیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قتادہ نے انہوں نے روایت کی سعید بن مسیب سے انہوں نے ابوسعید خدری سے کہا لایا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک صاع کھجوروں کا جو ریانؔ کی تھیں اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کھجوریں بعل تھیں پس فرمایا کہاں سے آئیں تمہارے پاس یہ انہوں نے عرض کیا ای رسول خدا بیچدیں ہم نے دو صاع کھجوریں انکے ایک صاع کے بدلہ پس آپنے فرمایا ایسا نہ کیا کرو لیکن اپنی کھجوریں فروخت کرکے (قیمت) سے اسکے خرید لیا کرو حدیث بیان کی ہم سے یونسؓ نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو ابن ابی ذئب نے انہوں نے روایت کی حارث بن عبدالرحمن سے انہوں نے ابوسلمہ بن عبدالرحمن سے انہوں نے ابوسعید خدریؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فروخت کیا جائے ایک دنیار بدلہ ایک دنیار کے اور ایک درہم بدلہ ایک درہم کے اور ایک صاع کھجوروں کا بدلہ ایک صاع کھجوروں کے اور ایک صاع گیہوں کا بدلہ ایک صاع گیہوں کے اور ایک صاع جو کا بدلہ ایک صاع جو کے (اسطرح) کہ نہ زیادتی ہوان میں سے کسی کے اندر (قوله) **حدثنا** مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنِيْ عُقْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْغَافِرِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيُّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا صَاعُ تَمْرٍ بِصَاعَيْنِ وَلَا صَاعُ حِنْطَةٍ بِصَاعَيْنِ وَلَا دِرْهَمٌ بِدِرْهَمَيْنِ **حدثنا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ بِلَالٍؓ كَانَ عِنْدِيْ مِنْ تَمْرٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُ اَطْيَبَ مِنْهُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ فَاشْتَرَيْتُهٗ فَاَتَيْتُ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ لَكَ هٰذَا يَا بِلَالُ فَقُلْتُ اِشْتَرَيْتُهٗ صَاعًا بِصَاعَيْنِ فَقَالَ رُدَّهٗ وَرُدَّ عَلَيْنَا تَمْرَنَا **حدثنا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَامِرِ بْنِ

ل ریان وہ درخت جو تر و تازہ و سرسبز ہو چونکہ اسکے کناروں کو پانی دیا گیا ہو اور جس درخت کو بارش نے سیراب کیا ہو اوسکو بعل کہتے ہیں کذا فی اللغات ۱۲ مترجم عفی عنہ

منصور

يحيى وخالد بن ابي عمران عن حنش بن عبد الله السبائي عن فضالة بن عبيد قال كنا مع رسول الله
صلى الله عليه وآله وسلم يوم خيبر نبايع اليهود الاوقية الذهب بالدينارين والثلاثة فقال رسول
الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تبيعوا الذهب بالذهب الا وزنا بوزن **حدثنا** على بن
معبد قال ثنا المعلى بن منصور قال اخبرنا عبادة وعبد العزيز ابن المختار عن يحيى بن ابي اسحق عن عبد الرحمن
ابي بكرة يعني عن ابيه قال نهانا النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان نبيع الفضة بالفضة والذهب
بالذهب الا مثلا بمثل وامرنا ان نبيع الذهب في الفضة والفضة في الذهب كيف شئنا
حدثنا فهد قال ثنا ابن ابي مريم قال اخبرنا نافع بن يزيد قال اخبرنا ربيعة بن سليمن مولى
عبد الرحمن ابن حسان التجيبي انه سمع حنشا الصنعاني يحدث عن رويفع بن ثابت في غزوة اناس
قبل المغرب يقول ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال في غزوة خيبر بلغني انكم تتبايعون
المثقال بالنصف والثلثين وانه لا يصلح الا المثقال بالمثقال والوزن بالوزن **حدثنا** يونس
قال اخبرنا ابن وهب قال سمعت مالكا يقول حدثني موسى بن ابي تميم عن سعيد بن يسار عن
ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال الدينار بالدينار لا فضل بينهما والدرهم
بالدرهم لا فضل بينهما **حدثنا** ابراهيم بن مرزوق قال ثنا ابو عامر قال ثنا زهير بن محمد عن
موسى بن ابي تميم فذكر باسناده مثله **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبد اللہ بن میمون نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ولید نے انہوں نے روایت کی اوزاعی سے انہوں نے یحیی سے کہا حدیث بیان کی مجھ سے
عقبہ بن عبد الغافر نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابو سعید خدری نے کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
نہ فروخت کیا جائے ایک صاع کہجور کا بعوض دو صاعوں کے اور نہ ایک صاع گیہوں کا بعوض دو صاعوں
کے اور نہ ایک درہم بعوض دو درہموں کے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا خبر دی ہمکو عثمان بن عمر نے
کہا خبر دی ہمکو اسرائیل نے انہوں نے روایت کی ابو اسحاق سے انہوں نے مسروق سے انہوں نے بلال سے کہا میری
پاس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پس فرمایا آپنے کہ ای بلال یہ تمکو کہاں سے ہاتھ لگیں میں نے عرض
کیا کہ خرید کر لایا ہوں ایک صاع بعوض دو صاعوں کے تو آپنے فرمایا اسکو واپس کر آؤ اور ہماری کہجوریں ہیں
واپس لاکر دو حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو ابن لہیعہ نے انہوں
نے روایت کی عامر بن یحیی اور خالد بن ابی عمران سے انہوں نے روایت کی حنش بن عبد اللہ سبائی سے انہوں
فضالہ بن عبید سے کہا تھے ہم ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خیبر کے روز کہ فروخت کرتے تھے یہود کے
ہاتھ ایک اوقیہ سونا بعوض دو دیناروں کے اور تین کے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مت
بیچو سونا بدلہ سونے کے مگر وزن برابر حدیث بیان کی ہم سے علی بن سعید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے معلی بن
منصور نے کہا خبر دی ہمکو عبادہ اور عبد العزیز بن مختار نے انہوں نے روایت کی یحیی بن ابی اسحاق سے انہوں
نے عبد الرحمن بن ابی بکرہ سے یعنی اپنے باپ سے کہا منع فرمایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے
کہ فروخت کریں ہم چاندی کو بعوض چاندی کے اور سونے کو بدلہ سونے کے مگر برابر برابر اور حکم دیا ہمکو کہ فروخت

ع کہجوریں تھیں بہری میں نے لو ان سے بہتر کہجوریں ایک صاع بعوض دو صاعوں کے پس چنانچہ انکو خرید کر لایا میں حضور کی خدمت میں۔

کریں ہم سونے کو چاندی سے اور چاندی کو سونے سے جسطرح چاہیں حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ابن ابی مریم سے کہا خبر دی ہمکو نافع بن یزید نے کہا خبر دی ہمکو ربیعہ بن سلیمان عبد الرحمن
بن حسان تجیبی کے غلام نے کہ انہوں نے سنا حنش صغانی کو حدیث بیان کرتے ہوئے رویفع بن ثابت سے
غزوۂ اناس میں بجانب مغرب کہ وہ کہتے تھے کے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے غزوہ خیبر میں فرمایا
مجھکو خبر پہونچی ہے کہ تم خرید و فروخت کرتے ہو ایک مثقال کے بعوض نصف مثقال کے اور بعوض دو تہائیوں
کے اور بیشک صلاحیت نہیں ہے مگر ایک مثقال بعوض ایک مثقال کے اور ایک وزن بعوض ایک وزن
کے (جو اوسکے برابر ہو) حدیث بیان کی ہم سے یونسؒ نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب کہا سنا میں نے مالک
کو کہتے ہوئے کہ حدیث بیان کی مجھسے موسیٰ بن ابی تمیم نے انہوں نے روایت کی سعید بن یسار سے انہوں
نے ابو ہریرہؓ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا فروخت کیا جائے دینار بعوض دینار کے
(کہ) نہ زیادتی ہو (کسی طرف سے) اون دونوں میں اور درہم بعوض درہم کے نہ زیادتی ہو اون دونوں میں حدیث
بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عامر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر
بن محمد نے انہوں نے موسیٰ بن ابی تمیم سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل (قولہ) **قَالَ** ابوجعفر
فَثَبَتَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ الْمُتَوَاتِرَةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ
بِالذَّهَبِ مُتَفَاضِلًا وَكَذٰلِكَ سَائِرُ الْاَشْيَاءِ الْمَكِيْلَاتِ الَّتِيْ قَدْ ذُكِرَتْ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ الَّتِيْ رَوَيْنَاهَا فَالْعَمَلُ
بِهَا اَوْلٰى بِنَا مِنَ الْعَمَلِ بِحَدِيْثِ اُسَامَةَ الَّذِيْ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ تَاوِيْلُهُ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ
ثُمَّ هٰذَا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ بَعْدِهٖ قَدْ ذَهَبُوْا فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى مَا تَوَاتَرَتْ بِهِ
الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْضًا **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَهْبٌ قَالَ
ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَبَلَةَ ابْنِ سُحَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ خَطَبَ عُمَرُ فَقَالَ لَا يَشْتَرِيْ اَحَدُكُمْ دِيْنَارًا بِدِيْنَارَيْنِ
وَلَا دِرْهَمًا بِدِرْهَمَيْنِ وَلَا قَفِيْزًا بِقَفِيْزَيْنِ اِنِّيْ اَخْشٰى عَلَيْكُمُ الرَّمَاءَ وَاِنِّيْ لَا اُوْتٰى بِاَحَدٍ فَعَلَهُ اِلَّا اَوْجَعْتُهُ
عُقُوْبَةً فِيْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ
ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ لَا يَاْخُذَنَّ اَحَدُكُمْ دِرْهَمًا بِدِرْهَمَيْنِ فَاِنِّيْ اَخْشٰى عَلَيْكُمُ الرَّمَاءَ **حَدَّثَنَا** ابْنُ
مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عُمَرَ قَالَ خَطَبَ عُمَرُ فَقَالَ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ
بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ اِنِّيْ اَخَافُ عَلَيْكُمُ الرَّمَاءَ
ترجمہ ابو جعفر نے کہا پس ثابت ہوا ان حدیثوں سے جو ثابت ہوئی ہیں تواتراً رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ
وسلم سے منع ہونا بیع چاندی کا بعوض چاندی کے اور سونے کا بعوض سونے کے زیادتی کے ساتھ اور اسی طرح
باقی اشیا کیلی جنکا ذکر ان مرویہ حدیثوں میں ہو چکا لہذا ان حدیثوں کے ساتھ عمل کرنا ہمکو بہتر ہوا بہ نسبت اسامہؓ کی
اوس حدیث پر عمل کرنیکے جسکے اندر ہو سکتا ہے کہ اوسکے معنے وہ لئے جائیں جو ہم اس باب میں ذکر کر چکے پھر یہ اصحاب
رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں آپکے بعد کے جو گئے ہیں اس مسئلہ میں اوسطرف کہ تواتراً ثابت ہوئی ہیں
رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا خبر دی ہمکو وہب نے کہا حدیث

بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی جبلہ بن سحیم سے کہا سنا میں نے ابن عمر کو کہتے ہوئے کہ خطبہ پڑھا
حضرت عمر نے پس فرمایا کہ خریدے کوئی تم میں کا ایک دینار بعوض دو دیناروں کے اور نہ ایک درہم بعوض دو
درہموں کے اور نہ ایک قفیز بعوض دو قفیزوں کے بیشک مجھے خوف ہے تم سے سود کا اور بیشک میں نہ خبر دیا
جاؤنگا کسی کی کہ اوسنے ایسا کیا مگر سزا دونگا اوسکو اوسکے مال اور اوسکی جان میں حدیث بیان کی ہم سے ابن
مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب نے انہوں نے روایت کی شعبہ سے انہوں نے اشعث سے انہوں
نے اپنے باپ سے انہوں نے ابن عمرؓ سے کہا فرمایا حضرت عمر نے نہ لیوے کوئی تم میں کا ایک درہم بدلہ دو
درہموں کے کیونکہ مجھے تم سے سود کا خوف ہے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا خبر دی ہمکو وہب نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے کہا سنا میں نے نافع کو کہا حدیث بیان کی .... مجھ کو
ابن عمر نے کہا خطبہ پڑھا حضرت عمر نے اور فرمایا نہ بیچو سونا بدلہ سونے کے اور نہ چاندی بدلہ چاندی کے مگر برابر
سرابر اور نہ زیادہ کرواونمیں سے بعض کو بعض پر کیونکہ میں ڈرتا ہوں تم سے سود سے (قولہ) **حدثنا**
ابن مرزوق قال ثنا عارم قال ثنا حماد بن زيد عن ايوب عن نافع عن ابن عمر عن عمر مثله **قال**
ابو جعفر فهذا عمر بن الخطاب رضي الله عنه يخطب بهذا على منبر رسول الله صلى الله عليه وآله
وسلم بحضرة اصحابه رضوان الله عليهم لا ينكره عليه منهم منكر فدل ذلك على موافقتهم له عليه
ثم قد روي في ذلك ايضا عن ابي بكر وعلي وغيرهما من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله
وسلم ما يوافق ذلك ايضا **حدثنا** بحر بن نصر عن شعيب بن الليث عن موسى بن علي
حدثه عن ابيه عن ابي قيس مولى عمرو بن العاص قال كتب ابو بكر الصديق الى امراء الاجناد حين
قدم الشام اما بعد فانكم قد هبطتم ارض الربوا فلا تتبايعون الذهب بالذهب الا وزنا بوزن
ولا الورق بالورق الا وزنا بوزن ولا الطعام بالطعام الا كيلا بكيل قال ابو قيس قرات كتابه
حدثنا فهد قال ثنا الحسن ابن الربيع قال ثنا ابو اسحق الفزاري عن المغيرة بن مقسم
عن ابيه عن ابي صالح السمان قال كنت جالسا عند علي بن ابي طالب فاتاه رجل فقال يكون
عندي الدراهم فلا تنفق عني في حاجتي فاشتري بها دراهم تجوز عني واخفض فيها قال فقال
علي واشتر بدراهمك ذهبا ثم اشتر بذهبك ورقا ثم انفقها فيما شئت **حدثنا** حسين بن
نصر قال ثنا ابو نعيم قال ثنا سفيان عن حماد عن ابي صالح عن شريح عن عمر قال الدرهم بالدرهم فضل ما بينهما
ربوا قال ابو نعيم قال بعض اصحابنا عن سفيان الدرهم بالدرهم قال حسين قال لي احمد بن صالح امام سنة
حماد **حدثنا** ابراهيم بن مرزوق قال ثنا هارون ابن اسمعيل قال ثنا علي بن المبارك قال ثنا يحيى بن سعيد عن سالم
بن عبد الله بن عمر قال كان عمر وعبد الله بن عمر ينهيان عن بيع الدرهمين بالدرهم يدا بيد ويقولان الدرهم بالدرهم
والدينار بالدينار (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عارم نے کہا حدیث بیان
کی ہمسے حماد بن زید نے انہوں نے روایت کی ایوب سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے حضرت عمر سے
اوسکی مثل ابو جعفر نے کہا پس یہ عمر بن خطابؓ ہیں کہ یہ خطبہ ہیں سناتے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے منبر پر سامنے صحابہ

رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اور پہراون میں سے کوئی انکار کرنیوالا انکار نہیں کرتا لہذا اون سب کی حضرت عمر کے
ساتھ موافقت کی دلیل ہے پہراسبارہ میں بہی ابوبکر و علی وغیرہما اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے
اسکے موافق مروی ہے حدیث بیان کی ہم سے بحر بن نصر نے انہوں نے روایت کی شعیب بن لیث سے
انہوں نے موسٰی بن علی سے کہ حدیث بیان کی اونسے انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے ابوقیس عمرو بن
عاص کے غلام سے کہا لکہا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فوجوں کے افسران کو جبوقت آئے شام میں بہرحال
بعد حمد و صلوٰۃ بیشک تم اترے ہو زمین سود میں پس نہ خرید و فروخت کرو سونے کی سونے کے عوض مگر وزن
برابر برابر اور نہ چاندی کی چاندی کے عوض مگر وزن برابر برابر اور نہ گیہووں کی گیہووں کے عوض مگر پیمانہ برابر ابوقیس نے
کہا میں نے خود اونکی تحریر پڑہی ہے حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حسن بن ربیع
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو اسحاق فزاری نے انہوں نے روایت کی مغیرہ بن مقسم سے انہوں نے اپنے
باپ سے انہوں نے ابو صالح سمان سے کہا میں علی بن ابی طالب کے پاس بیٹھا تھا کہ آپ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے
لگا کہ ہوتے ہیں میرے پاس دراہم پس نہیں خرچ ہوسکتے وہ میرے پاس میری حاجت میں تو خرید لیتا ہوں میں اونکے
عوض ایسے دراہم جو میرے پاس چل جاتے ہیں کہا پس حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اپنے دراہم کے عوض سونا خرید لیا کر
پہر اوس سونے سے چاندی خرید کر اوسکو اپنے خرچ میں لایا کر جس میں چاہے حدیث بیان کی ہم سے حسین
بن نصر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابونعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت
کی حماد سے انہوں نے ابو صالح سے انہوں نے شریح سے انہوں نے حضرت عمرؓ سے کہا فروخت کیا
جائے ایک درہم بعوض ایک درہم کے اور اون میں (کسی طرف سے) جسقدر زیادتی ہو وہ سود ہے ابونعیم نے کہا کہ
ہمارے بعض اصحاب نے حضرت سفیان سے روایت کی کہ فروخت کیا جائے ایک درہم بعوض ایک درہم کے
حسین نے کہا کہ مجہ سے احمد نے بیان کیا کہ ابو صالح حماد کی مسجد کے پیش امام ہیں حدیث بیان کی ہم سے
ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہارون بن اسمعیل نے کہا حدیث بیان کی ہم سے علی بن مبارک
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن سعید نے انہوں نے روایت کی سالم بن عبد اللہ بن عمرؓ سے کہا تہے عمر اور
عبد اللہ بن عمر منع کرتے تہے فروخت کرنے دو درہموں کے سے بعوض ایکدرہم کے ہاتہ در ہاتہ اور کہتے تہے
کہ فروخت کیا جائے ایکدرہم بعوض ایکدرہم کے اور ایک دینار بعوض ایک دینار کے (قولہ) حدثنا
بحر بن نصر قال قرأ علی شعیب حدثنا موسی بن علی عن یزید بن ابی منصور عن ابی رافع قال مر بی عمر بن
الخطاب و معه ورق فقال اصنع لنا اوضاحا للصبی لنا قلت یا امیر المؤمنین عندی اوضاح معمولة فان
شئت اخذت الورق و اخذت الاوضاح فقال عمر مثلا بمثل فقلت نعم فوضع الورق فی کفة المیزان
والاوضاح فی کفة الاخری فلما استوی المیزان اخذ باحدی یدیه و اعطی بالاخری حدثنا
ابراهیم بن منقذ قال ثنا عبد اللہ بن یزید المقری عن عیاش بن عقبة قال حدثنی علی بن رباح هو اللخمی قال
کنا فی غزاة مع فضالة بن عبید فسألته عن بیع الذهب بالذهب فقال مثلا بمثل لیس بینهما فضل وما
روی عن ابن عباس رضی اللہ عنهما فی رجوعه عن الصرف ما قد حدثنا نصر بن مرزوق قال ثنا الخصیب قال

ثنا حماد عن داود بن ابی ہند عن ابی نضرۃ عن ابی الصہباء ان ابن عباس نزع عن الصرف فہذا ابن عباس رضی اللہ عنہما وہو الذی روی عن اسامۃ بن زید رضی اللہ عنہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ قال انما الربوا فی النسیئۃ وتاول ذلک علی اجازۃ الفضۃ بالفضۃ والذہب بالذہب مثلین بمثل واکثر من ذلک قد رجع عن قولہ ذلک فاما ان یکون رجوعہ لعلمہ ان ما کان اسامۃ رضی اللہ عنہ حدثہ انما ہو ربا القرآن وعلم ان ربا النسیئۃ بغیر ذلک او یکون ثبت عندہ ما خالف حدیث اسامۃ رضی اللہ عنہ مما لم یثبت منہ حدیث اسامۃ من کثرۃ من نقلہ لہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ حتی قامت علیہ بہ الحجۃ ولم یکن ذلک فی حدیث اسامۃ رضی اللہ عنہ لانہ خبر واحد فرجع الی ما جاءت بہ الجماعۃ الذین تقوم بنقلہم الحجۃ وترک ما جاء بہ الواحد الذی قد یجوز علیہ السہو والغلط والغفلۃ وہذا الذی بینا فی الصرف قول ابی حنیفۃ وابی یوسف ومحمد رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے بحر بن نصر نے کہا پڑھا مجھ پر شعیبؒ نے کہ حدیث بیان کی ہم سے موسیٰ بن علی نے انہوں نے روایت کی یزید بن ابی منصور سے انہوں نے ابو رافع سے کہا گذرے مجھ پر حضرت عمر بن خطابؓ حالانکہ آپکے پاس چاندی تھی پس فرمانے لگے کہ بنادے ہمارے واسطے کڑے ہماری بچی کے لئے میں نے عرض کیا اے امیر المومنین میرے پاس کڑے تیار شدہ ہیں اگر آپ چاہیں تو میں چاندی لیلوں اور آپ کڑے لے لیں پر حضرت عمرؓ نے کہا برابر سرابر میں نے عرض کیا ہاں پس رکھا آپنے چاندی کو کانٹے کے ایک پلہ میں اور کڑونکو دوسرے میں پھر جب کانٹا برابر ہوگیا تو لے لئے ایک ہاتھ سے اور دیدی دوسرے سے۔

حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن منقذ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید مقری نے انہوں نے روایت کی عیاش بن رزبن سے کہا حدیث بیان کی مجھسے علی بن رباح نے یہ لخمی ہیں کہا تھے ہم ایک جہاد میں فضالہ بن عبید کے ہمراہ پس دریافت کیا میں نے اونسے سونیکو سونیکے بدلہ - - - - فروخت کرنیکے بارہ میں تو انہوں نے کہا برابر سرابر نہ زیادتی ہو اونکے مابین بالکل اور حضرت ابن عباسؓ کے بیع صرف سے رجوع کرجانے کے بارہ میں جو حدیثیں منقول ہیں منجملہ اونکے (ایک) وہ ہے جسکو بیان کیا ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خصیبؒ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے انہوں نے روایت کی داؤد بن ابی ہند سے انہوں نے ابو نضرہ سے انہوں نے ابو صہبار سے کہ حضرت ابن عباسؓ رضی اللہ عنہ نے رجوع کیا بیع صرف سے پس یہ حضرت ابن عباسؓ ہیں اور یہی وہ شخص ہیں جنہوں نے روایت کی ہے اسامہ بن زیدؓ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا اسکے سوا نہیں کہ سود اُدہار میں ہے اور تفسیر کی اسکی اسطرح کہ چاندی بعوض چاندی کے اور سونا بعوض سونے کے برابر سرابر فروخت کرنا یا زیادتی کے ساتھ جائز ہے پھر رجوع کرگئے اپنے اس قول سے پس یا یہ کہ ہوگا رجوع کرنا اونکا بوجہ جان لینے اونکے کے کہ جو کچھ اسامہؓ نے اونسے حدیث بیان کی تھی وہ صرف وہ سود تھا جس کا ذکر قرآن کریم میں ہے اور یہ کہ اس میں اُدھار کے سود کا بیان ہے یا اسوجہ سے کہ اونکے نزدیک کوئی اور حدیث اسامہ کے مخالف ثابت ہوی ہوگی جس سے حدیث اسامہ کی اسوجہ سے نفی ہوتی ہوگی کہ اوسکے نقل کرنے والے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تعداد میں زیادہ ہونگے یہانتک کہ وہ قابل

احتجاج ہوگئی ہوگی اور یہ بات حدیث اسامہ میں نہ ہوگی کیونکہ وہ خبر واحد ہے بنا ءً علیہ رجوع کیا ابن عباسؓ نے اوس حدیث کیطرف جسکو بیان کیا ایک جماعت نے جنکا نقل کرنا قابل حجت ہے اور چھوڑ دیا اوسکو کہ لایا اوسکو ایک شخص جسپر سہو اور غلطی اور غفلت سب طرح کا احتمال ہوسکتا ہے اور یہ جو صرف کے بارہ میں ہم نے بیان کیا امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمد رحمہ اللہ علیہم کا قول ہے ❊

بَابُ الْقِلَادَةِ تُبَاعُ بِذَهَبٍ وَفِيْهَا خَرَزٌ وَذَهَبٌ

باب بیان میں ہار کے جو فروخت کیا جائے بعوض سونے کے اور اوس میں جواہرات اور سونا ہو

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اَصَبْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً فِيْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ فَاَرَدْتُ اَنْ اَبِيْعَهَا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ اِفْصِلْ بَعْضَهَا مِنْ بَعْضٍ ثُمَّ بِعْهَا كَيْفَ شِئْتَ **حَدَّثَنَا** رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ شُجَاعٍ سَعِيْدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِمْيَرِيُّ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً فِيْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ بِاثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فَفَصَّلْتُهَا فَاِذَا الذَّهَبُ اَكْثَرُ مِنْ اِثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ اَبِيْ عِمْرَانَ يُحَدِّثُ عَنْ حَنَشٍ عَنْ فَضَالَةَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ بِقِلَادَةٍ فِيْهَا خَرَزٌ مُعَلَّقَةٌ بِذَهَبٍ ابْتَاعَهَا رَجُلٌ بِسَبْعَةٍ اَوْ بِتِسْعَةٍ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَا حَتّٰى تُمَيِّزَ مَا بَيْنَهُمَا فَقَالَ اِنَّمَا اَرَدْتُ الْحِجَارَةَ فَقَالَ لَا حَتّٰى تُمَيِّزَ بَيْنَهُمَا فَرَدَّهٗ **قَالَ** اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْقِلَادَةَ اِذَا كَانَتْ كَمَا ذَكَرْنَا لَمْ يَجُزْ اَنْ تُبَاعَ بِالذَّهَبِ لِاَنَّ ذٰلِكَ الثَّمَنَ وَهُوَ ذَهَبٌ يُقْسَمُ عَلٰى قِيْمَةِ الْخَرَزِ وَعَلَى الذَّهَبِ فَيَكُوْنُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مَبِيْعًا بِمَا اَصَابَهٗ مِنَ الثَّمَنِ كَالْعَرَضَيْنِ يُبَاعَانِ بِذَهَبٍ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مَبِيْعٌ بِمَا اَصَابَ قِيْمَتَهٗ مِنْ ذٰلِكَ الذَّهَبِ (**قولہ**) **ترجمہ** **حدیث** بیان کی ہم سے ابراہیم بن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عمر بن عون واسطی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشیم نے انہوں نے روایت کی لیث بن سعد سے انہوں نے خالد بن ابی عمران سے انہوں نے حنش صنعانی سے انہوں نے فضالہ بن عبید سے کہا پایا مجھکو خیبر کے روز ایک ہار جس میں کچھ سونا اور موتی تھے پس میں نے اوسکو فروخت کرنیکا ارادہ کیا اسلئے حاضر ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اور ذکر کیا آپ سے اسکا تو آپ نے فرمایا کہ جدا کرا اسکے بعض اجزا بعض سے پھر فروخت کر اونکو جسطرح چاہے **حدیث** بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے لیث بن سعد نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابو شجاع سعید بن یزید حمیری نے انہوں نے روایت کی خالد بن ابی عمران سے انہوں نے فضالہ بن عبید رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحب سے کہا خریدا میں نے جنگ خیبر کے روز ایک ہار جس میں کچھ سونا اور موتی تھے بعوض بارہ دینار کے پس جدا کیا میں نے ہار کے

اجزا کو تو اچانک سونا اوس میں بارہ دینار سے زیادہ کا نکلا پس ذکر کیا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تو آپنے فرمایا نہ فروخت کیا جائے ہار جب تک جدا نہ کر لیا جائے حدیث بیان کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو بکر بن ابی شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن مبارک نے انہوں روایت کی سعید بن یزید سے کہا سنا میں نے خالد بن ابی عمران کو حدیث بیان کرتے ہوئے حنش سے انہوں نے روایت کی فضالہ سے کہا لایا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بروز خیبر ایک ہار جس میں کچھہ سونا اور سونے میں جڑے ہوئے موتی تھے کہ خریدا تھا اوسکو کسی شخص نے بعوض سات یا نو دینار کے پس آیا وہ شخص آپکے پاس اور ذکر کیا ہار کا آپسے آپنے فرمایا نہیں جب تک سونا اور موتی الگ الگ نہ کر لئے جائیں اوسنے کہا میں نے صرف جواہرات کی نیت کی تھی آپنے فرمایا نہیں جب تک اون دونوں کو الگ الگ نہ کر لے لہذا واپس کر دے اسکو ابو جعفر نے کہا کہ ایک گروہ اسی طرف گیا کہ ہار اگر ایسا ہو جیسا ہم نے ذکر کیا تو اوسکو سونے کے بدلہ فروخت کرنا جائز نہیں اسلئے کہ یہ سونا جو اوسکی قیمت قرار پائیگا جواہرات اور سونے کی قیمت پر تقسیم کیا جائیگا پس اونمیں سے ہر ایک اوسقدر قیمت کے عوض فروخت کیا ہوا ہوگا جو اوسکے مقابلہ میں سونا پڑیگا جسطرح دو اسباب جنکے بدلہ فروخت کئے جائیں تو اونمیں سے ہر ایک اوسقدر قیمت کے مقابلہ میں فروخت شدہ سمجھا جائیگا جسقدر اوسکی قیمت کا سونا ہوگا (قولہ) **قَالُوا** فَلَمَّا كَانَ مَا يُصِيبُ الذَّهَبَ الَّذِي فِي الْقِلَادَةِ إِنَّمَا يُصِيبُهُ بِالْخَرْصِ وَالظَّنِّ وَكَانَ الذَّهَبُ لَا يَجُوزُ أَنْ يُبَاعَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ لَمْ يَجُزِ الْبَيْعُ إِلَّا أَنْ يُعْلَمَ أَنَّ ثَمَنَ الذَّهَبِ الَّذِي فِي الْقِلَادَةِ مِثْلُ وَزْنِهِ مِنَ الذَّهَبِ الَّذِي اشْتُرِيَتْ بِهِ الْقِلَادَةُ وَلَا يُعْلَمُ بِقِسْمَةِ الثَّمَنِ إِنَّمَا يُعْلَمُ بِأَنْ يَكُونَ عَلَى حِدَةٍ بَعْدَ الْوُقُوفِ عَلَى وَزْنِهِ وَذٰلِكَ غَيْرُ مَوْقُوفٍ عَلَيْهِ إِلَّا بَعْدَ أَنْ يُفْصَلَ مِنَ الْقِلَادَةِ قَالُوا فَلَا يَجُوزُ بَيْعُ هٰذِهِ الْقِلَادَةِ بِالذَّهَبِ إِلَّا بَعْدَ أَنْ يُفْصَلَ ذَهَبُهَا مِنْهَا لِمَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَلِمَا احْتَجَجْنَا بِهِ مِنَ النَّظَرِ **وَخَالَفَهُمْ** فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا إِنْ كَانَتْ هٰذِهِ الْقِلَادَةُ لَا يُعْلَمُ مِقْدَارُ ذَهَبِهَا أَهُوَ مِثْلُ وَزْنِ جَمِيعِ الثَّمَنِ أَوْ أَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ أَوْ أَكْثَرُ إِلَّا بِأَنْ تُفْصَلَ الْقِلَادَةُ فَيُوزَنَ ذٰلِكَ الذَّهَبُ الَّذِي فِيهَا فَيُوقَفَ عَلَى زِنَتِهِ لَمْ يَجُزْ بَيْعُهَا بِذَهَبٍ إِلَّا بَعْدَ أَنْ يُفْصَلَ ذَهَبُهَا مِنْهَا فَيُعْلَمَ أَنَّهُ أَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ الثَّمَنِ وَإِنْ كَانَتِ الْقِلَادَةُ يُحِيطُ الْعِلْمُ بِوَزْنِ مَا فِيهَا مِنَ الذَّهَبِ وَيُعْلَمُ أَنَّهُ أَقَلُّ مِنَ الذَّهَبِ الَّذِي بِيعَتْ بِهِ أَوْ لَا يُحِيطُ الْعِلْمُ بِوَزْنِهِ إِلَّا أَنَّهُ يُعْلَمُ أَنَّهُ فِي الْحَقِيقَةِ أَقَلُّ مِنَ الثَّمَنِ الَّتِي بِيعَتْ بِهِ الْقِلَادَةُ وَهُوَ ذَهَبٌ فَالْبَيْعُ جَائِزٌ وَذٰلِكَ أَنَّهُ يَكُونُ ذَهَبُهَا بِمِثْلِ وَزْنِهِ مِنَ الذَّهَبِ الثَّمَنِ وَيَكُونُ مَا فِيهَا مِنَ الْخَرَزِ بِمَا بَقِيَ مِنَ الثَّمَنِ وَلَا يَحْتَاجُ فِي ذٰلِكَ إِلَى قِسْمَةِ الثَّمَنِ عَلَى الْقِيَمِ كَمَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ فِي الْعُرُوضِ الْمَبِيعَةِ بِالثَّمَنِ الْوَاحِدِ **وَالدَّلِيلُ** عَلَى ذٰلِكَ أَنَّا رَأَيْنَا الذَّهَبَ لَا يَجُوزُ أَنْ يُبَاعَ بِذَهَبٍ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَرَأَيْنَاهُمْ لَا يَخْتَلِفُونَ فِي دِينَارَيْنِ أَحَدُهُمَا فِي الْجَوْدَةِ أَفْضَلُ مِنَ الْآخَرِ بِيعَا صَفْقَةً وَاحِدَةً بِدِينَارَيْنِ مُسَاوِيَيْنِ فِي الْجَوْدَةِ أَوْ بِذَهَبٍ غَيْرِ مَضْرُوبٍ جَيِّدٍ أَنَّ الْبَيْعَ جَائِزٌ فَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ مَرْدُودًا إِلَى حُكْمِ الْقِيمَةِ كَمَا تُرَدُّ الْعُرُوضُ مِنْ غَيْرِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ إِذَا بِيعَتْ بِثَمَنٍ وَاحِدٍ إِذًا لَفَسَدَ الْبَيْعُ لِأَنَّ الدِّينَارَ الَّذِي يُصِيبُهُ أَقَلُّ مِنْ وَزْنِهِ إِذَا كَانَتْ قِيمَتُهُ أَقَلَّ مِنْ قِيمَةِ الدِّينَارِ الْآخَرِ **فَلَمَّا** أُجْمِعَ عَلَى صِحَّةِ

ذٰلِكَ الْبَيْعِ وَكَانَتِ السُّنَّةُ قَدْ ثَبَتَتْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ الذَّهَبَ تِبْرُهٗ وَعَيْنُهٗ سَوَاءٌ ثَبَتَ بِذٰلِكَ
اَنَّ حُكْمَ الذَّهَبِ فِي الْبَيْعِ اِذَا كَانَ بِذَهَبٍ عَلٰى غَيْرِ الْقِسْمَةِ عَلَى الْقِيَمِ وَاَنَّهٗ مَخْصُوْصٌ فِيْ ذٰلِكَ بِحُكْمٍ دُوْنَ حُكْمِ
سَائِرِ الْعُرُوْضِ الْمَبِيْعَةِ صَفْقَةً وَّاحِدَةً وَاَنَّمَا يُصِيْبُهٗ مِنَ الثَّمَنِ هُوَ وَزْنُهٗ لَا مَا يُصِيْبُ قِيْمَتَهٗ فَهٰذَا هُوَ مَا يُشْهَدُ
هٰذَا الْقَوْلُ مِنَ النَّظَرِ **وَقَدْ** اضْطَرَبَ عَلَيْنَا حَدِيْثُ فُضَالَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَا فَرَوَاهُ قَوْمٌ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِيْ اَوَّلِ
هٰذَا الْبَابِ وَرَوَاهُ اٰخَرُوْنَ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ **قوله ترجمہ** انہوں نے کہا پس جو کچھ قیمت ہار کے سونے کی
حصہ میں ہوگی وہ جانی نہیں جا سکے کہ اٹکل اور گمان سے ہوگی اور سونا سونیکے بدلہ صرف برابر ہی فروخت کیا جا سکتا ہے
اسلئے بیع درست نہ ہوگی مگر اوس صورت میں کہ یقینی طور پر معلوم ہو جائے کہ قیمت ہار کے سونے کی اوس سونے کے
وزن کی برابر ہے جس سے ہار خرید گیا ہے اور یہ بات قیمت کو تقسیم کرنے سے معلوم نہیں ہو سکتی صرف اسطرح معلوم ہو
سکتی ہے کہ ہار کے سونیکا وزن کر کے اوسکی قیمت علیحدہ ٹھیرائی جائے اور وزن نہیں معلوم ہو سکتا جب تک اوسکو
ہار سے جدا نہ کر لیا جائے انہوں نے کہا کہ اس معلوم ہار کی بیع بعوض سونے کے درست نہیں ہو سکتی مگر اوس صورت
میں کہ اوسکا سونا اوس سے جدا کر لیا جائے کیونکہ ہم ثابت کر چکے اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے اور بوجہ دلیل
نظری کے جو ہم نے بیان کی اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا کہ اگر وہ ہار نہ معلوم ہو سکے اوسکے سونے
کی مقدار کہ وہ تمام قیمت کے وزن برابر ہے یا اوس سے کم یا اوس سے زیادہ مگر باین طور کہ ہار کو جدا کیا جائے پھر اوسکے
سونیکو تولا جائے تب معلوم ہو اوسکا وزن تو اوسکی بیع سونے کے عوض جائز نہ ہوگی مگر بعد اسکے کہ اوسکا سونا علیحدہ
کر دیا جائے تاکہ معلوم ہو سکے کہ اوسکا سونا قیمت سے کم ہے اور اگر ہار ایسا ہو کہ علم اوسکے سونیکی مقدار کو محیط ہو سکے اور
معلوم ہو جائے کہ وہ قیمت کے سونے سے کم ہے یا اوسکے وزن کو تو علم محیط نہ ہو مگر یہ معلوم ہو کہ فی الواقع اوسکا
سونا قیمت کے سونے سے کم ہے تو دونوں صورتوں میں بیع درست ہے اور یہ اسوجہ سے کہ ہار کا سونا قیمت کے سونے
میں سے اوس قدر کے مقابل ہو جائیگا جو اوسکے وزن برابر ہے اور جو کچھ اوس میں سوتی جواہرات ہیں وہ باقی قیمت کے سونیکے
مقابل ہو جائینگے اور ضرورت نہ ہوگی اس صورت میں قیمت کے سونیکو ہر ایک کی قیمت پر تقسیم کرنیکی جسطرح ضرورت پڑتی ہے
تقسیم کی اون اسبابوں میں جو ایک قیمت کے ساتھ فروخت کئے جائیں اور دلیل اسپر یہ ہے کہ ہم نے دیکھا سونیکو
کہ اوسکو سونیکے عوض فروخت کرنا جائز نہیں مگر برابر سرابر اور دیکھا لوگوں کو کہ نہیں اختلاف کرتے اون دیناروں
میں کہ اونمیں سے ایک دوسرے سے زیادہ بہتر ہو (کہرے پن میں) اور فروخت کئے جائیں وہ دونوں ایک عقد سے
ایسے دو دیناروں کے عوض جو کہرے ہونے میں برابر ہوں یا بعوض سونیکے ڈہیلے کے جو سکہ دار نہ ہو اور کہرا
ہو تو بیع جائز ہے پس اگر اس صورت میں قیمت کرنیکا حکم ہوتا جسطرح اسباب میں جو سونے اور چاندی کے سوا ہیں یہی
حکم ہے جبکہ وہ ایک قیمت سے فروخت کئے جائیں تو بیع فاسد ہوتی جاتی تھی اسلئے کہ خراب کہوٹے دینار کے مقابلہ میں اوسکے
وزن سے کم آئیگا جبکہ اوسکی قیمت دوسرے دینار کی قیمت سے کم ہوگی لیکن جبکہ اس بیع کے صحیح ہونے پر اجماع ہے
اور رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے یہ حدیث ثابت ہے کہ سونیکی اینٹ اور اوسکا سکہ دونوں ایک حکم میں ہیں
تو اس سے معلوم ہوا کہ بیع کے اندر سونیکا حکم جبکہ وہ سونیکے عوض فروخت کیا جائے قیمتوں پر تقسیم کرنیکا نہیں
ہے اور یہ حکم اسی کے ساتھ مخصوص ہے باقی اسبابوں کے اندر جو ایک عقد سے فروخت کئے جائیں یہ حکم نہیں ہے

اور بیشک جو کچھ قیمت اوسکے مقابل ہوگی وہ لوسکے وزن کے لحاظ سے ہوگی نہ اوسکی قیمت کے لحاظ سے پس یہ دلیل نظری اس قول کی مؤید ہے اور بیشک فضالہ کی حدیث جسکو ہم ذکر کرچکے ہم پر مضطرب ہے کہ ایک گروہ اوسطرح روایت کرتا ہے جو ہم اس باب کے شروع میں بیان کرچکے اور دوسرے لوگ اسکے خلاف روایت کرتے ہیں۔

(قوله) حدثنا یونس قال ثنا ابن وهب قال حدثني ابو هانئ انه سمع علي بن رباح اللخمي يقول سمعت فضالة بن عبيد الانصاري يقول اُتي رسول الله صلى الله عليه وآله وهو بخيبر بقلادة فيها ذهب وخرز وهي من المغانم تباع فامر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بالذهب الذي في القلادة فنزع وحده ثم قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الذهب بالذهب وزنا بوزن حدثنا ربيع المؤذن قال ثنا اسد قال ثنا ابن لهيعة قال ثنا حميد بن هانئ عن فضالة عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مثله غير انه لم يقل بخيبر حدثنا بكر بن ادريس قال ثنا المقرئ قال ثنا حيوة عن ابي هانئ فذكر باسناده مثله ففي هذا الحديث غير ما في الحديث الاول في هذا ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم نزع الذهب تجعله على حدة ثم قال الذهب بالذهب وزنا بوزن ليعلم الناس كيف حكم الذهب بالذهب فقد يجوز ان يكون رسول الله صلى الله عليه وسلم فصل الذهب لان صلاح المسلمين كان في ذلك ففعل ما فيه صلاحهم لا لان بيع الذهب قبل ان ينزع مع غيره في صفقة واحدة غير جائز وهذا خلاف ما روي من روى ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لا تباع حتى تفصل وقد رواه آخرون على خلاف ذلك ايضا (قوله) ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابو ہانی نے کہ انہوں نے سنا علی بن رباح لخمی کو کہتے ہوئے - - - - - - - - - کہ سنا میں نے فضالہ بن عبید انصاری کو کہتے ہوئے کہ لایا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے پاس حالانکہ آپ مقام خیبر میں تھے ایک ہار جسمیں کچھ سونا اور جواہر تھے اور وہ ہار مال غنیمت سے تھا فروخت کیا جا رہا تھا پس حکم دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اوس سونے کا جو اوس ہار میں تھا پس وہ اوس میں سے چھٹایا گیا پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فروخت کیا جائے سونا بعوض سونے کے وزن برابر۔ حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن لہیعہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حمید بن ہانی نے انہوں نے روایت کی فضالہ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوسکی مثل سوا اسکے کہ انہوں نے نہیں کہا کہ آپ خیبر میں تھے حدیث بیان کی ہم سے بکر بن ادریس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مقری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حیوہ نے انہوں نے روایت کی ابو ہانی سے پھر ذکر کیا اوس اسناد سے اوسکی مثل پس اس حدیث میں پہلی حدیث کے خلاف ہے اس حدیث میں یہ ہے کہ حضور نے نکال لیا سونا اور کرلیا اوسکو علیحدہ پھر فرمایا فروخت کرو سونیکو سونیکے عوض وزن برابر تاکہ جان لیں لوگ کہ کیا حکم ہے سونے کا بعوض سونیکے (فروخت کرنے کی صورت میں) تو ہوسکتا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے جدا کیا ہو سونے کو اسوجہ سے کہ مسلمانوں کے لئے بہتری اسی میں تھی اسلئے وہ کام کیا جس میں مسلمانوں

کا تھا نہ اسوجہ سے کہ سونیکو جدا کرنے سے پہلے مجبر کے ساتھ ملا ہُوا ایک عقد میں فروخت کرنا ناجائز ہے اور یہ برخلاف
اوسکے ہے جسنے روایت کی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا نہ فروخت کیا جائے ہار جب تک اوسکے اجزا جدا نہ کر لئے
جائیں اور بیشک روایت کیا اسکو دوسروں نے اسکے بھی خلاف (قولہ) **حدثنا** ربیع المؤذن قال ثنا اسد
قَالَ ثنا ابنُ لَهِيعَةَ قَالَ ثنا خَالِدُ بْنُ ابِي عِمْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِي حَنَشُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الصَّنعانِي اَنَّهُ كَانَ فِي الْبَحْرِ مَعَ
فُضَالَةَ بن عُبَيْدِ الْاَنصَارِي قَالَ حَنَشٌ فَاشْتَرَيْتُ قَلَادَةً فِيهَا تِبْرٌ وَيَاقُوتٌ وَزَبَرْجَدٌ فَاتَيْتُ فُضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ
فَذَكَرْتُ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ لَا تَاخُذِ التِّبْرَ بِالتِّبْرِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَاِنِّي كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ فَاشْتَرَيْتُ قِلَادَةً بِسَبْعَةِ دَنَانِيرَ فِيهَا تِبْرٌ وَجَوْهَرٌ فَسَاَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْهَا
فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَاْخُذِ التِّبْرَ بِالذَّهَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ **ففي** هٰذَا الْحَدِيثِ
غَيْرُ مَا تَقَدَّمَهُ مِنَ الْاَحَادِيثِ وَذٰلِكَ اَنَّ مَا حَكٰى فُضَالَةُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
وَسَلَّمَ هُوَ التِّبْرُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فَسَادَ الْبَيْعِ فِي الْقَلَادَةِ الْمَبِيعَةِ بِذَهَبٍ اِذْ كَانَ فِيهَا ذَهَبٌ وَ
غَيْرُهُ فَهٰذَا خِلَافُ الْاَحَادِيثِ الْاُوَلِ **وقد** رَوَاهُ اٰخَرُونَ اَيْضًا عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ **حدثنا** يُونُسُ قَالَ
ثنا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ عَامِرَ بْنَ يَحْيَى الْمَعَافِرِيَّ اَخْبَرَهُمَا عَنْ
حَنَشٍ اَنَّهُ قَالَ كُنَّا مَعَ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ فِي غَزْوَةٍ فَصَارَتْ لِي وَلِاَصْحَابِي قِلَادَةٌ فِيهَا ذَهَبٌ وَوَرِقٌ وَجَوْهَرٌ فَاَرَدْتُ
اَنْ اَشْتَرِيَهَا فَسَاَلْتُ فُضَالَةَ فَقَالَ اِنْزِعْ ذَهَبَهَا فَاجْعَلْهُ فِي الْكِفَّةِ وَاجْعَلْ ذَهَبًا فِي الْكِفَّةِ الْاُخْرٰى ثُمَّ لَا تَاْخُذَنَّ
اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
فَلَا يَاْخُذَنَّ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ ۔۔۔۔ (قولہ) **ترجمہ** پس حدیث بیان کی ہم سے ربیع مؤذن نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن لہیعہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خالد بن ابی عمران نے کہا حدیث
بیان کی مجھسے حنش بن عبد اللہ صنعانی نے کہ وہ دریا کے اندر فضالہ بن عبید انصاری کے ہمراہ تھے حنش نے کہا پس
خرید لیا میں نے ایک ہار جس میں سونا اور یاقوت اور زمرد تھا پس آیا میں فضالہ بن عبید کے پاس اور ذکر کیا اونسے اسکو
تو انہوں نے کہا مت لے چاندی سونیکو چاندی سونے کے عوض مگر برابر سرابر کیونکہ میں رسول خدا صلے اللہ علیہ
و آلہ وسلم کے ہمراہ مقام خیبر میں تھا کہ خرید لیا میں نے ایک ہار بعوض سات دینار کے جس میں کچھ سونا اور موتی تھے
پس میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا مت خرید ڈھیلہ سونیکا سونیکے عوض
مگر برابر سرابر پس اس حدیث میں پہلی حدیثوں کے خلاف ہے اور یہ اسلئے کہ اس حدیث میں فضالہ نے کچھ رسول خدا
صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے نقل کیا وہ یہ ہے کہ ڈھیلہ بعوض سونے کے برابر سرابر (فروخت) ہونا چاہیے اور نہیں
ذکر کیا فاسد ہونا بیع کا ہار کے اندر جو سونے کے بدلہ فروخت کیا گیا اسلئے کہ اوس میں سونا (بھی) تھا اور اوسکا
غیر بھی لہذا یہ پہلی حدیثوں کے خلاف ہے اور بیشک روایت کیا ہے دوسروں نے اسکے بھی برخلاف حدیث بیان
کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو قرہ بن عبد الرحمن اور عمرو بن حارث نے کہ
عامر بن یحییٰ معافری نے خبر دی اونکو حنش سے کہ انہوں نے کہا تھے ہم فضالہ بن عبید کے ہمراہ ایک جہاد میں
پس ملا مجھے اور دوسرے ساتھیوں کو ایک ہار جسکے اندر سونا اور چاندی اور جواہرات تھے تو میں نے اوسکے خریدنے کا ارادہ

گیا پس دریافت کیا فضالہ سے تو انہوں نے کہا کہ اسکا سونا نکال اور رکھ اسکو کانٹے میں ایکطرف اور دوسری طرف سونا پھر ہرگز نہ لے مگر برابر سرابر کیونکہ میں نے سنا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کو فرماتے ہوئے کہ جو شخص ایمان رکھتا ہو اللہ تعالےٰ اور قیامت پر پس ہرگز نہ لے مگر برابر سرابر (قولہ) **فَهٰذَا** خِلَافُ لِمَا تَقَدَّمَهُ مِنَ الْاَحَادِيْثِ لِاَنَّ فِيْهِ اَمْرَ فَضَالَةَ بِتَفْصِيْلِ الذَّهَبِ وَبَيْعِهِ وَحْدَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ ذَكَرَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هُوَ نَهْيُهُ عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ **فَهٰذَا** مِمَّا لَا اخْتِلَافَ فِيْهِ وَالْاَمْرُ بِالتَّفْصِيْلِ مِنْ قَوْلِ فَضَالَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **فَقَدْ** يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ اَمَرَ بِذٰلِكَ عَلٰى اَنَّهُ لَا يَجُوْزُ عِنْدَهُ الْبَيْعُ فِيْهَا فِي الذَّهَبِ حَتّٰى تُفْصَلَ **وَقَدْ** يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ اَمَرَ بِذٰلِكَ لِاِحَاطَةِ عِلْمِهِ اَنَّ تِلْكَ قِلَادَةٌ لَا يُوْصَلُ اِلٰى عِلْمِ مَا فِيْهَا مِنَ الذَّهَبِ وَلَا اِلٰى مِقْدَارِهِ اِلَّا بَعْدَ اَنْ يَفْصِلَهُ مِنْهَا **فَقَدِ** اضْطَرَبَ هٰذَا الْحَدِيْثُ فَلَمْ يُوْقَفْ عَلٰى مَا اُرِيْدَ مِنْهُ فَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يَحْتَجَّ بِمَعْنًى مِنَ الْمَعَانِي الَّتِيْ رُوِيَ عَلَيْهَا اِلَّا احْتَجَّ مُخَالِفُهُ عَلَيْهِ بِالْمَعْنَى الْاٰخَرِ وَقَدْ قَدَّمْنَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ كَيْفَ وَجْهُ النَّظَرِ فِيْ ذٰلِكَ وَاَنَّهُ عَلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ الَّذِيْنَ جَعَلُوْا حُكْمَ الذَّهَبِ الْمَبِيْعِ مَعَ غَيْرِهِ بِالذَّهَبِ لَا عَلٰى قَسْمِ الثَّمَنِ عَلَى الْقِيَمِ وَلٰكِنْ عَلٰى اَنَّ الذَّهَبَ مَبِيْعٌ بِوَزْنِهِ مِنَ الذَّهَبِ الثَّمَنِ وَمَا بَقِيَ مَبِيْعٌ بِمَا بَقِيَ مِنَ الثَّمَنِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ السَّبَائِيِّ عَنْ اَبِيْ تَمِيْمٍ الْجَيْشَانِيِّ قَالَ اشْتَرٰى مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ قِلَادَةً فِيْهَا تِبْرٌ وَزَبَرْجَدٌ وَلُؤْلُؤٌ وَيَاقُوْتٌ بِسِتِّمِائَةِ دِيْنَارٍ فَقَامَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ حِيْنَ طَلَعَ مُعَاوِيَةُ الْمِنْبَرَ اَوْ حِيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ فَقَالَ اَلَا اِنَّ مُعَاوِيَةَ اشْتَرَى الرِّبَا وَاَكَلَهُ اَلَا اِنَّهُ فِي النَّارِ اِلٰى حَلْقِهِ (قولہ) **ترجمہ** پس یہ گذشتہ حدیثوں کے مخالف ہے کیونکہ اس میں حکم کیا فضالہ نے سونے کے جدا کرنے اور اوسکو علیحدہ فروخت کرنے کا اور نہیں ذکر کیا گیا یہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور جس کو ذکر کیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وہ منع فرمانا آپ کا ہے سونے کو سونے کے عوض فروخت کرنے سے مگر وزن برابر اور یہ وہ بات ہے جس میں کسی کا اختلاف نہیں اور جدا کرنیکا حکم فضالہ رضی اللہ عنہ کا کلام ہے پس ہو سکتا ہے کہ اسکا حکم انہوں نے اسوجہ سے کیا ہو کہ اونکے نزدیک ہار میں سونے کی بیع جب تک اوسکو علیحدہ نہ کیا جاسئے جائز نہ ہو اور ہو سکتا ہے کہ اسوجہ سے حکم دیا ہو کہ اونکا علم اس امر کو محیط ہو کہ یہ ہار ہے نہیں معلوم ہو سکتا کہ اسکے اندر سونا کسقدر ہے مگر بعد اسکے کہ اوسکو ہار سے علیحدہ کر لیا جائے پس بیشک اس حدیث میں اضطراب ہے کہ اس سے اصل مقصد پر اطلاع نہیں ہو سکتی لہذا کسیکو یہ جائز نہیں کہ استدلال کرے کسی خاص معنے سے منجملہ اون معانی کثیرہ کے جن پر یہ حدیث روایت کی گئی ہے کیونکہ استدلال کریگا اوسکا مخالف دوسرے معنے سے اور بیشک پہلے بیان کر چکے ہیں ہم اسباب میں کہ تقریر نظری اسمیں کیونکر ہے اور وہ یہ کہ اُس سے اون لوگوں کا مذہب ثابت ہوتا ہے جنہوں نے ٹھیرایا اوس سونے کا حکم جو دوسری چیز کیساتھ ملاکر بعوض سونے کے فروخت کیا جائے یہ کہ سونا فروخت کیا جائے اپنے وزن برابر قیمت کے سونے سے اور جو کچھ سونیکے علاوہ ہے وہ فروخت کیا جائے بقیہ قیمت کے عوض اور یہی قول امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو ابن لہیعہ نے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن ہبیرہ سبائی سے انہوں نے ابو تمیم جیشانی سے کہا خرید ا

معاویہ بن ابی سفیان نے ایک ہار جسکے اندر سونا اور زمرد اور موتی اور یاقوت تھے بعوض چھ سو دینار کے پس جسوقت معاویہ منبر پر چڑھے یا جسوقت ظہر کی نماز سے فارغ ہوئے تو عبادہ بن صامت کھڑے ہوئے اور فرمایا خبردار آگاہ ہوجاؤ کہ معاویہ نے خرید اسود کو اور کہا یا اوسکو آگاہ ہوجاؤ کہ وہ دوزخ میں اوسکے حلق تک ہوگا۔

اَيْ اِنِّيْ اَنَا الْاِمَامُ وَالْاِمَامُ لَيْسَ مِنْ شَاْنِهٖ اَنْ يَشْهَدَ وَاِنَّمَا مِنْ شَاْنِهٖ اَنْ يَحْكُمَ وَفِيْ قَوْلِهٖ اَشْهِدْ عَلٰى
هٰذَا غَيْرِيْ دَلِيْلٌ عَلٰى صِحَّةِ الْعَقْدِ **وَقَدْ** حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اٰدَمُ قَالَ ثَنَا وَرْقَاءُ
عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ عَلٰى مِنْبَرِنَا هٰذَا يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوُّوْا بَيْنَ
اَوْلَادِكُمْ فِي الْعَطِيَّةِ كَمَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يُسَوُّوْا بَيْنَكُمْ فِي الْبِرِّ (قولہ) **ترجمہ** اور دوسرون کے واسطے دلیل
اسکے اندر یہ ہے کہ حدیث نعمان جسکو ہم ذکر کر چکے بیشک روایت کی گئی ہے اونسے جسطرح انہون نے
ذکر کی اور اوس میں کوئی دلیل اسپر نہیں کہ نعمان اوسوقت نابالغ تھے ہو سکتا ہے کہ بالغ ہون اور قبضہ
اوسکا نہ کیا ہو اور بیشک پہلی حدیث ایک اور صورت سے بہی روایت کی گئی ہے جو اوس صورت کے

خلاف ہے چنانچہ حدیث بیان کی ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ناصح کے بیٹے حصیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہیب نے انہوں نے روایت کی داؤد بن ابی ہند سے انہوں نے عامر شعبی سے انہوں نے نعمان بن بشیر سے کہا لے گئے مجھکو میرے باپ نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کی خدمت میں اور دیا تھا انہوں نے مجھکو عطیہ تاکہ گواہ نادیں آپکو اسپر تو آپنے فرمایا کیا تمام بچونکو تونے ایک ایک غلام دیا ہے تو انہوں نے کہا نہیں تو آپنے فرمایا کیا تجھکو یہ پسند آتا ہے کہ سب بچے بھلائی میں برابر ہوں تو انہوں نے کہا ہاں تو آپنے فرمایا کہ پھر اسپر میرے سوا کسی اور کو گواہ کرلے پس اس حدیث میں رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کا دربارہ اوس غلام کے جو بشیر نے نعمان کو دیدیا تھا یہ حکم ہے کہ گواہ بنا اسپر میرے سوا کسی اور کو (نہ مجھکو) اور یہ دلیل ہے اس امر کی کہ ملک ثابت ہو چکی اسلیے کہ اگر ثابت نہ ہوئی ہوتی تو نہ صحیح ہوتا فرمان آپ کا پس یہ پہلی حدیث کے مخالف ہے کیونکہ آپ کا یہ فرمان اوس عقد کے فاسد ہونے پر دلالت نہیں کرتا جسکا عقد نعمان نے کیا تھا اسلئے کہ نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کبھی نہ بچے رہتے تھے گواہ بننے سے اوس امر پر کہ جائز ہوتا آپکو اوسپر گواہ بننا اور اسی طرح آپکے بعد کے لوگوں کے لئے کیونکہ گواہی بجز اسکے نہیں کہ ایک ایسی شی ہے کہ گواہ مشہود لہ (گواہی جسکے نفع کی ہو) کے واسطے اوسکا ضامن بنتا ہے پس اوسکو جائز ہے کہ اوسکا ضامن نہ بنے اور احتمال اسکے سوا کا بھی ہے کہ ہو فرمانا آپ کا گواہ بنا اسپر میرے سوا غیر کو اس معنے کر کہ میں حاکم ہوں جکی شان سے گواہ بننا نہیں ہے اور بجز اسکے نہیں کہ اوسکی شان سے حکم کرنا ہے اور آپکے یہ فرماتے ہیں کہ گواہ بنا اسپر میرے سوا دوسرے کو عقد کے صحیح ہونے پر دلیل ہے اور بیشک حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے آدم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ورقا نے انہوں نے روایت کی مغیرہ سے انہوں نے شعبی سے کہا سنا میں نے نعمان کو ہمارے منبر پر کہتے ہوئے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے برابری کرو اپنی اولاد کے درمیان عطیہ میں جسطرح کہ تمام اولاد کے درمیان بھلائی میں برابری ہونیکو تم پسند کرتے ہو قولہ **قال** ابو جعفر

فَكَانَ الْمَقْصُوْدُ اِلَيْهِ فِي هٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ الْاَمْرُ بِالتَّسْوِيَةِ بَيْنَهُمْ فِي الْعَطِيَّةِ لِيَسْتَوُوْا جَمِيْعًا فِي الْبِرِّ وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ مِّنْ ذِكْرِ فَسَادِ الْعَقْدِ الْمَعْقُوْدِ عَلَى التَّفْضِيْلِ **حدثنا** فهد قال ثنا ابوبكر بن ابي شيبة قَالَ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ اَعْطَانِيْ اَبِيْ عَطِيَّةً فَقَالَتْ اُمِّيْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ قَدْ اَعْطَيْتُ ابْنِيْ مِنْ عَمْرَةَ عَطِيَّةً وَاِنِّيْ اُشْهِدُكَ فَقَالَ كُلَّ وَلَدِكَ اَعْطَيْتَ مِثْلَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَيْنَ اَوْلَادِكُمْ **فليس** فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَهٗ بِرَدِّ الشَّيْءِ وَاِنَّمَا فِيْهِ الْاَمْرُ بِالتَّسْوِيَةِ **حدثنا** ابن ابي داود قال ثنا ابو عمر الحوضي قَالَ ثَنَا سُرَيْجٌ قَالَ ثَنَا دَاوُدُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ انْطَلَقَ اَبِيْ يَحْمِلُنِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِشْهَدْ اَنِّيْ قَدْ نَحَلْتُ النُّعْمَانَ مِنْ مَالِيْ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ اَمَا يَسُرُّكَ اَنْ يَكُوْنُوْا لَكَ فِي الْبِرِّ سَوَاءً قَالَ بَلٰى قَالَ فَلَا اِذًا

(قولہ) **ترجمہ** ابو جعفر نے کہا پس مقصود آپ کا اس حدیث میں حکم فرمانا برابری کا ہے اونکے مابین عطیہ میں تاکہ

وہ سب کے سب بھلائی میں برابر ہو جائیں اور اس حدیث میں اوس عقد کے فاسد ہونیکا کوئی ذکر نہیں جو بعض کی فضیلت کے ساتھ منعقد ہوا ہو حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوبکر بن ابی شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عباد بن عوام نے انہوں نے روایت کی حصین سے انہوں نے شعبی سے کہا سنا میں نے نعمان بن بشیر کو کہتے ہوئے کہ دیا مجھکو میرے باپ نے ایک عطیہ تو میری ماں عمرہ بنت رواحہ نے کہا کہ میں راضی نہ ہونگی جب تک تم رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسپر گواہ نہ بناؤ گے پس آئے وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیخدمت میں اور عرض کیا کہ میں نے اپنے بیٹے کو جو عمرہ سے پیدا ہے ایک عطیہ دیا ہے اور میں آپکو اوسپر گواہ بنانا چاہتا ہوں تو آپنے فرمایا کیا اپنے تمام بچونکو اسی کی مثل دیا ہے عرض کیا نہیں فرمایا آپنے پس ڈرو خدا تعالٰے سے اور انصاف کرو اپنی اولاد کے درمیان پس اس حدیث میں یہ کچھ نہیں کہ آپنے کسی چیز کے لوٹانے کا حکم دیا ہو اور بجز اسکے نہیں کہ آپنے برابری کرنیکا حکم ہے حدیث بیان کی ہم سے داؤد نے انہوں نے روایت کی شعبی سے انہوں نے نعمان بن بشیر سے کہا لے گئے مجھکو میرے باپ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیخدمت میں پس عرض کیا ای رسول خدا گواہ ہو جئے اس امر پر کہ میں نے دیدیا نعمان کو اپنے فلان فلان مال سے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونسے فرمایا کیا اپنی تمام اولاد کو دیا ہے انہوں نے کہا نہیں تو حضور نے فرمایا کیا تجھکو یہ پسند نہیں کہ تیری تمام اولاد بھلائی کے اندر برابر ہو انہوں نے کہا ہاں پسند ہی تو حضور نے فرمایا کہ تو میں گواہ نہیں بنتا (قوله) **فقد** اُختُلِفَ لفظُ حدیثِ داؤدَ ھٰذا فیما رُوِیَ عنہُ مُرجّیٰ ھٰھُنا و فیما رُوِیَ عنہُ وھیبٌ فیما قد تقدّمَ فی ھٰذا البابِ ھٰکذا رواہُ الشعبیُّ عن النعمانِ **وقد** رواہُ ابو الضحیٰ عن النعمانِ ایضاً **حدثنا** محمدُ بن خزیمۃَ قال ثنا مسددٌ قال ثنا یحییٰ عن فطرٍ ح وحدثنا فہدٌ قال ثنا ابو نعیمٍ قال ثنا فطرٌ قال ثنا ابو الضحیٰ قال سمعتُ النعمانَ بن بشیرٍ یقولُ ذھبَ بی ابی الی رسولِ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لیُشھِدَہٗ علیٰ شیءٍ اعطانیہِ فقال ألکَ ولدٌ غیرُہٗ قال نعم فقال بیدِہٖ الا سوّیتَ بینھم **فلم** یُخبِرْ فی ھٰذا الحدیثِ انہٗ امرہٗ بردِّہٖ وانما قال الا سوّیتَ بینھم علیٰ طریقِ المشورۃِ وانّ ذٰلکَ لو فعلہٗ کان افضلَ **وقد** رُوِیَ عن جابرِ بن عبدِ اللہِ رضی اللہ عنھما عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی قصۃِ النعمانِ ھٰذا خلافُ کلِّ ما رُوِّینا عن النعمانِ **حدثنا** فہدٌ قال ثنا النفیلیُّ قال ثنا زھیرٌ قال ثنا ابو الزبیرِ عن جابرٍ قال قالتِ امرأۃُ بشیرٍ لبشیرٍ انحَلْ ابنی غلامَکَ واشھِدْ لی رسولَ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیہ قال فاتی النبیَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال یا رسولَ اللہِ انّ بنتَ فلانٍ سألتنی ان انحلَ ابنھا غلامی وقالتْ اشھِدْ رسولَ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال الہٗ اخوۃٌ قال نعم قال أکلَّھم اعطیتَہٗ قال لا قال فانّ ھٰذا لا یصلحُ وانّی لا اشھدُ الا علیٰ حقٍّ **ففی ھٰذا** الحدیثِ انّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انما کان امرہٗ لبشیرٍ بالردِّ قبلَ انفاذِ بشیرٍ الصدقۃَ فاشارَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیہ بما ذکرنا وھٰذا اخلافُ جمیعِ ما رُوِیَ عن النعمانِ لانّ فی تلکَ الاحادیثِ انہٗ نحلہٗ قبلَ ان یجیءَ بہٖ الی النبیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وانہٗ قال للنبیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انی نحلتُ ابنی ھٰذا الذا فاخبرَ انہٗ قد کان فعلَ **وفی** حدیثِ جابرٍ

هٰذَا اِخْبَارُهٗ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِسُؤَالِ امْرَأَتِهٖ اِیَّاهُ فَكَانَ كَلَامُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِیَّاهُ بِمَا كَلَّمَهٗ بِهٖ عَلٰی طَرِیْقِ الْمَشُوْرَةِ وَعَلٰی مَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّفْعَلَ عَلَیْهِ الشَّیْءُ اِنْ اٰثَرَ اَنْ یَّفْعَلَهٗ **وَقَدْ** رَوٰی شُعَیْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ مُوَافِقًا لِهٰذَا الْمَعْنٰی (**قوله**) **ترجمہ** پس داؤدکی اس حدیث کے الفاظ جس کو اون سے مرجی نے اس جگہ اور وہیب نے اس باب میں پہلے روایت کیا مختلف ہیں۔ اسی طرح اس حدیث کو شعبی نے نعمان سے روایت کیا اور نیز اس کو ابوضحی نے نعمان سے روایت کیا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیٰی نے انہوں نے روایت کی فطر سے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابونعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے فطر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوضحی نے کہا سنا میں نے نعمان بن بشیر کو کہتے ہوئے کہ لیگئے مجھکو میرے باپ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیخدمت میں تاکہ گواہ بناوین آپکو اوس چیز پر جو دی تھی انہوں نے مجھکو تو فرمایا آپنے کیا تیرے پاس اسکے سوا کوئی اور بچہ ہے انہوں نے کہا ہاں تو آپنے فرمایا اشارہ کرکے ہاتھ سے کہ کیوں نہ برابری کی تو نے اونکے درمیان پس اس حدیث میں اس امر کی خبر نہیں دیگئی کہ آپنے حکم دیا ہو اونکو اوسکے لوٹانے کا اور اوسکے سوا نہیں کہ فرمایا آپنے کیوں نہ برابری کی تو نے اونکے درمیان بطریق مشورہ کے اور اس غرض سے کہ اگر کرتے وہ ایسا تو بہتر ہوتا اور بیشک روایت کیا گیا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے انہوں نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ان ہی نعمان کے قصہ میں برخلاف تمام اون روایتوں کے جو ہم نے اونسے روایت کیں حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے نفیلی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوزبیر نے انہوں نے روایت کی جابر سے کہا بشیر کی بیوی نے بشیر سے کہا کہ میری بیٹے کو اپنا غلام دیدو اور میرے لئے اسپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گواہ بنا کو کہا پس آئے وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور کہا اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فلاں کی بیٹی نے درخواست کی مجھ سے کہ دیدوں اوسکے بیٹے کو اپنا غلام اور کہا کہ گواہ کر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تو آپنے فرمایا کہ کیا اوسکے اور بھائی ہیں انہوں نے کہا ہاں آپنے فرمایا کیا اون تمام کو دیا ہے تو نے یہ غلام انہوں نے کہا نہیں تو آپنے فرمایا کہ یہ ٹھیک نہیں اور میں نہیں گواہ بنتا ہوں مگر امر حق پر تو اس حدیث کے اندر یہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم فرمانا بشیر کو لوٹا لینے کا بجز اسکے نہیں کہ تہا قبل ختم کرنے بشیر کے صدقہ کو اسلئے اشارہ کیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکا جو ہم نے ذکر کیا اور یہ تمام اون حدیثوں کے خلاف ہے جو نعمان سے روایت کی گئیں کیونکہ اون حدیثوں میں یہ ہے کہ بشیر نے دیدیا نعمان کو پہلے اس سے کہ لائے اونکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور انہوں نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ میں نے اپنے اس بیٹے کو اسقدر مال دیا ہے پس خبر دی بشیر نے کہ میں ایسا کرچکا ہوں اور جابر کی اس حدیث میں خبر دینا بشیر کا ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی بیوی کے درخواست کرنیکا پس تہا کلام کرنا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اونسے جو کچھ بھی کلام کیا بطریق مشورہ اور بتانا اوس بات کا جسکا کرنا مناسب ہے اگر عطیہ دنیا اختیار کیا جاسے اور بیشک روایت کیا شعیب بن ابی حمزہ نے اس حدیث کو زہری سے موافق

اس معنے کے (قوله) حدثنا فهد قال ثنا ابو اليمان قال اخبرنا شعيب عن الزهري
قال حدثني حميد بن عبد الرحمن ومحمد بن النعمان انهما سمعا النعمان بن بشير يقول نحلني
ابي غلاما ثم مشى بي حتى ادخلني على النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال يا رسول الله
اني نحلت ابني غلاما فان اذنت ان اجيزه له اجزته ثم ذكر الحديث **فدل** ما ذكرنا على
انه لم يكن النحل كملت فيه من حين نحله اياه الى ان امره النبي صلى الله عليه وسلم برده
وقد كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا قسم شيئا بين اهله سوى بينهم جميعا
فاعطى المملوك منهم كما يعطي الحر **حدثنا** بذلك يونس قال ثنا ابن وهب قال اخبرني ابن
ابي ذئب عن القاسم بن عباس عن عبد الله بن دينار عن عروة عن عائشة قالت اتي رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم بظبية خرز فقسمها بين الحرة والامة قالت عائشة وكذلك كان ابي يقسم
الحر والعبد **وكان** هذا انما كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم يفعله يعم بعطاياه
جميع اهله حرهم وعبدهم ليس على ان ذلك واجب ولكنه احسن من غيره فكذلك كانت
مشورته في الولد ان يسوى بينهم في العطية ليس على انه واجب ولا على ان غيره ان فعل لم يثبت
وهذا قول ابي حنيفة وابي يوسف ومحمد رحمة الله عليهم اجمعين **وقد** فضل بعض اصحاب
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رضي عنهم بعض اولادهم على بعض في العطايا **فحدثنا**
يونس قال اخبرنا ابن وهب ان مالكا حدثه عن ابن شهاب عن عروة بن الزبير عن عائشة زوج
النبي صلى الله عليه وآله وسلم انها قالت ان ابا بكر الصديق نحلها جاد عشرين وسقا من ماله
بالغابة فلما حضرته الوفاة قال والله يا بنية ما من احد من الناس احب الي غنى منك ولا اعز
على فقرا من بعدي منك واني كنت نحلتك جاد عشرين وسقا فلو كنت جددتيه و
احتزتيه كان لك وانما هو اليوم مال وارث وانما هما اخواك واختاك فاقتسموه على كتاب الله
تعالى فقالت عائشة والله يا ابت لو كان كذا وكذا لتركته انما هي اسماء فمن الاخرى قال ذو بطن
بنت خارجة اراها جارية **حدثنا** فهد قال ثنا عمر بن حفص بن غياث قال ثنا ابي عن الاعمش
عن شقيق قال ثنا مسروق قال كان ابو بكر الصديق قد اعطى عائشة نحلا فلما مرض قال لها اجعليه
في الميراث وذكروا القبض والهبة والصدقة **حدثنا** يونس قال ثنا سفيان عن عمرو قال اخبرني
صالح بن ابراهيم بن عبد الرحمن بن عوف ان عبد الرحمن فضل بني ام كلثوم بنحل قسمه بين ولده
فهذا ابو بكر رضي الله عنه قد اعطى عائشة رضي الله عنها دون سائر ولده ورأى ذلك جائزا ورأته
هي كذلك ولم ينكره عليهما احد من اصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم رضي عنهم

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو یمان نے کہا خبر دی ہمکو شعیب
نے انہوں نے روایت کی زہری سے کہا حدیث بیان کی مجھ سے حمید بن عبد الرحمن اور محمد بن نعمان نے
کہ ان دونوں نے سنا نعمان بن بشیر کو کہتے ہوئے کہ دیا مجھکو میرے باپ نے ایک غلام پھر لے گئے

مجھکو بیان کیا نعمان نے کہ انہوں نے کہا مجھکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور عرض کیا اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
بیشک میں نے دیا ہے اپنے بیٹے کو ایک غلام اگر آپ مجھکو اوسکے نافذ کرنے کی اجازت دیں تو میں اوسکو
نافذ رکھوں پھر ذکر کی حدیث لہٰذا ہمارے بیان سابق نے اسپر دلالت کی کہ ہنوز عطیہ اتمام کو نہیں پہونچا
تہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اوسکو لوٹا لینے کا حکم کر دیا اور بیشک تھے رسول خدا صلے اللہ
علیہ آلہ وسلم جب تقسیم کرتے کسی چیز کو اپنے گہر والوں میں تو اون تمام کے درمیان برابری کرتے اور اونمیں سے
غلام کو آزاد کی برابر دیتے حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا
خبر دی مجھکو ابن ابی ذئب نے انہوں نے روایت کی قاسم بن عباس سے انہوں نے عبد اللہ بن دینار سے
انہوں نے عروہ سے انہوں نے عائشہ رضی سے کہ انہوں نے کہا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھکو عطا
کیں بیس وسق کٹی ہوئی کہجوریں اپنے اوس مال سے جو مقام غابہ میں تہا پس جب آیا اونکی وفات کا وقت
تو فرمایا قسم خدا کی اے بیٹی نہیں ہے کوئی آدمی زیادہ پسند مجھکو تجھسے عرب لحاظ مالداری کے اور نہ کوئی زیادہ
سخت تکلیف دہ مجھکو تجھسے بہ لحاظ محتاجی کے میرے بعد اور بیشک میں نے دی ہیں تجھکو بیس وسق
کٹی ہوئی کہجوریں پس اگر تو اوسکو کاٹ چکی ہے اور قبضہ کر چکی ہے تو وہ تیری ہو چکیں اور بجز اسکے نہیں کہ وہ
آج وارثوں کا مال ہے اور وہ تیرے بہائی (عبد الرحمن اور محمد) اور دو بہینیں ہیں پس تقسیم کر بیجیو اوسکو جب
حکم قرآن شریف تو حضرت عائشہ رض نے کہا قسم خدا کی اے باپ اگر ہوتا مال اسقدر اور اسقدر (یعنے بہت زیادہ)
تو بہی چہوڑ دیتی میں اوسکو اسکے سوا نہیں کہ ایک بہین میری اسماء ہے اور دوسری کون تو آپنے فرمایا کہ
دوسری وہ بنت خارجہ (زوجہ ابوبکر رض) کے پیٹ میں ہے میرا گمان ہے کہ لڑکی ہے حدیث بیان
کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی عمر بن حفص بن غیاث نے کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے
انہوں نے روایت کی اعمش سے انہوں نے شقیق سے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسروق نے کہا تہے
ابوبکر صدیق رض کہ انہوں نے حضرت عائشہ رض کو ایک عطیہ دیا تہا پس جب وہ بیمار ہوئے تو اونسے فرمایا کہ اوسکو
مال میراث بنا دو اور ذکر کیا انہوں نے قبضہ اور ہبہ اور صدقہ کا حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی عمرو سے کہا خبر دی مجھکو صالح بن ابراہیم بن عبد الرحمن
بن عوف نے کہ عبد الرحمن فضیلت دیتے تھے ام کلثوم کے بیٹونکو (جبکہ) حصے تقسیم کر کے دیتے تہے اپنے بچوں
کو پس یہ ابوبکر صدیق رض ہیں کہ عطیہ دیا انہوں نے صرف حضرت عائشہ رض کو نہ باقی اولاد اپنی کو اور سمجہا اسکو
جائز اور درست اور حضرت عائشہ رض نے بہی اسکو جائز خیال کیا اور نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے کسی صحابی نے ونپر
انکار نہ کیا (قوله **وَهٰذَا** عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ فَضَّلَ بَعْضَ اَوْلَادِهِ اَيْضًا فِيْمَا
اَعْطَاهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ مُنْكِرٌ فَكَيْفَ يَجُوْزُ لِاَحَدٍ اَنْ يَجْعَلَ فِعْلَ هٰؤُلَاءِ عَلٰى خِلَافِ
قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا فِيْمَا ذَكَرْنَا مِنْ
ذٰلِكَ اِنَّمَا كَانَ عَلَى الْاِسْتِحْبَابِ كَاسْتِحْبَابِهِ التَّسْوِيَةَ بَيْنَ اَهْلِهٖ فِي الْعَطِيَّةِ وَتَرْكَ التَّفْضِيْلِ لِجَرِّهِمْ عَلٰى
مَمْلُوْكِهِمْ لَيْسَ عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ مَا لَا يَجُوْزُ غَيْرُهُ وَلٰكِنْ عَلَى اسْتِحْبَابِهِ لِذٰلِكَ وَغَيْرُهُ فِي الْحُكْمِ جَائِزٌ كَجَوَازِهٖ **وَقَدِ اخْتَلَفَ**

أصحابنا في عطية الولد التي يتبع فيها أمر النبي صلى الله عليه وسلم لبشير كيف هي فقال أبو يوسف رحمة الله عليه يسوي بين الأنثى فيها والذكر وقال محمد بن الحسن رحمة الله عليه بل يجعلها بينهم على قدر المواريث للذكر مثل حظ الأنثيين **قال** أبو جعفر في قول النبي صلى الله عليه وآله وسلم سووا بينهم في العطية كما تحبون أن يسووا لكم في البر دليل على أنه أراد التسوية بين الإناث والذكور لأنه لا يراد من البنت شيء من البر إلا الذي يراد من الابن مثله فلما كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم أراد من الأب لولده ما يريده من ولده له وكان ما يريد من الذكر كان ما أراد منه لهم من العطية للأنثى مثل ما أراد للذكر **وفي** حديث أبي الضحى فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ألك ولد غيره فقال نعم فقال ألا سويت بينهم ولم يقل ألك ولد غيره ذكرا وأنثى وذلك لا يكون إلا وحكم الأنثى فيه كحكم الذكر ولولا ذلك لما ذكر التسوية إلا بعد علمه أنهم ذكور كلهم فلما أمسك عن البحث عن ذلك ثبت استواء حكمهم في ذلك عنده فهذا أحسن عندنا مما قال محمد رحمة الله عليه **وقد** روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ما يدل على ذلك أيضا **حدثنا** أحمد بن داود قال ثنا يعقوب بن حميد بن كاسب قال ثنا عبد الله بن معاذ عن معمر عن الزهري عن أنس قال كان مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رجل فجاء ابن له فقبله وأجلسه على فخذه ثم جاءت بنت له فأجلسها إلى جنبه قال فهلا عدلت بينهما **أفلا ترى** أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قد أراد منه التعديل بين الابنة والابن وأن لا يفضل أحدهما على الآخر فذلك دليل على ما ذكرنا في العطية أيضا وقوله **ترجمہ** اور یہ عبدالرحمن بن عوف ہیں کہ یہ بھی اپنی بعض اولاد کو فضیلت دیتے ہیں بعض پر اون اشیا میں جو اونکو دیا کرتے ہیں اور اسپر کوئی اونکو انکار نہیں کرتا تو کسطرح جرئت ہوسکتی ہے کسیکو کہ ان حضرات کے فعل کو محمول کرے حکم رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف پر البتہ ہمارے نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول اسباب میں جو ہم ذکر کرچکے اسکے سوا نہیں کہ ہے محمول استحباب پر جسطرح آپ مستحب جانتے تھے برابری کو عطیہ میں اپنے گھروالون کے درمیان اور ترک کرنے تفضیل آزاد کو غلام پر نہیں ہے محمول اسپر کہ یہ وہ حکم ہے جسکا غیر ناجائز ہے لیکن وہ مستحب ضرور ہے اور مستحب کا خلاف جائز ہوتا ہے تا نہ مستحب جائز ہوئی اور بیشک اختلاف کیا ہے ہمارے صحابنے بچہ کے عطیہ کے بارہ میں جسکے اندر پیروی کی جاتے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوس حکم کی جو آپنے بشیر کو دیا کہ وہ کسطرح ہی چنانچہ ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عطیہ کے اندر مذکر اور مونث دونون میں برابری کی جائے اور محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ اوس عطیہ کو اونکے درمیان حسب وراثت رکھا جائے کہ مذکر کو دو مونثون کے حصہ کی برابر ابو جعفر نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول میں کہ برابری کرو اونکے درمیان عطیہ میں جسطرح پسند کرتے ہو تم یہ کہ برابری کرین وہ تمہاری ساتھ بڑا احسان میں دلیل ہے اسپر کہ آپنے ارادہ فرمایا برابری کا مونثوں اور مذکرون کے درمیان کیونکہ بیٹی سے اور کوئی بھلائی مقصود نہیں ماسوا اوسکے جو بیٹے سے مقصود ہے تو جبکہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے باپ سے بیٹے کے واسطے اوس امر کا قصد فرمایا ہے کہ وہ امر بیٹے باپ کے لئے مقصود ہے اور جو برو احسان کہ بیٹی سے مقصود ہے وہ وہی ہے جو بیٹے سے مقصود ہے تو معلوم ہوا کہ جسقدر عطیہ باپ کی طرفسے بیٹی کے لئے ہونا چاہیے وسیقدر آپکا مقصود یہ ہے کہ

بیٹے کیلئے بھی ہونا چاہیئے اور ابو ضحی کی حدیث میں ہے کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تیرے لئے اسکے سوا کوئی اور بچہ ہے؟ تو انہوں نے کہا ہے پس آپنے فرمایا کیوں نہ برابری کی تو نے اونکے درمیان اور نہ فرمایا کیا تیرے لئے کوئی لڑکا اور بچہ لڑکا یا لڑکی ہے اور اس صورت میں نہ ہوگا حکم لڑکی کا مگر مانند حکم لڑکے کے اور اگر نہ ہوتا ایسا تو نہ ذکر فرماتے برابری کرنے کا مگر بعد جان لینے آپکے اس کو کہ وہ سب لڑکے ہی ہیں لیکن جبکہ سکے آپ آپس بحث فرمانے سے تو ثابت ہوا برابر ہونا اونکے حکم کا عطیہ کے اندر آپکے نزدیک تو ہمارے نزدیک یہ ہی بہتر ہے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول سے اور بیشک رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی اسکی دلیل منقول ہے حدیث بیان کی ہم سے احمد بن داود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یعقوب بن حمید بن کاسب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن معاذ نے انہوں نے روایت کی معمر سے انہوں نے زہری سے انہوں نے انس سے کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ایک شخص تھا پس آیا اوسکا بیٹا پس بوسہ دیا اوسکو اور بٹھایا اوسکو اپنی ران پر پھر آئی اوسکی لڑکی تو اوسکو بٹھایا اوس نے اپنے پہلو میں تو آپنے فرمایا کیوں نہ برابری کی تو نے اون دونوں کے درمیان گیا پس نہیں دیکھا جاتا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قصد کیا برابری کا اوسکی طرف سے بیٹی اور بیٹے کے درمیان اور اسکا کہ نہ فضیلت دیجاتے ایک کو دوسرے پر تو جو کچھ ہم نے عطیہ کے اندر ذکر کیا اوسپر یہ بھی دلیل ہے ؛

بَابُ الْعُمْرٰی

باب عمریٰ کے بیان میں

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَیْرِیُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ کَثِیْرِ بْنِ زَیْدٍ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ عِنْدَ شُرُوْطِهِمْ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اِجَازَةِ الْعُمْرٰی وَجَعَلُوْهَا رَاجِعَةً اِلَی الْمُعْمِرِ بَعْدَ مَوْتِ الْمُعْمَرِ لَهٗ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا اِنَّمَا وَقَعَ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هٰذَا عَلَی الشُّرُوْطِ الَّتِیْ قَدْ اَبَاحَ الْکِتَابُ اشْتِرَاطَهَا وَجَاءَتْ بِهِ السُّنَّةُ وَاَجْمَعَ عَلَیْهِ الْمُسْلِمُوْنَ فَاَمَّا مَا نَهٰی عَنْهُ الْکِتَابُ اَوْ نَهَتْ عَنْهُ السُّنَّةُ فَهُوَ غَیْرُ دَاخِلٍ فِیْ ذٰلِكَ اَلَا یُرٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ حَدِیْثِ بَرِیْرَةَ کُلُّ شَرْطٍ لَیْسَ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ کَانَ مِائَةَ شَرْطٍ وَمَا فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ مَا کَانَ مَنْصُوْصًا فِیْهِ اَوْ مَا قَالَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا وَجَبَ قَبُوْلُهٗ لِکِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِذْ یَقُوْلُ فِیْهِ مَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا وَلَیْسَ کُلُّ شَرْطٍ یَشْتَرِطُهُ الْمُسْلِمُوْنَ یَدْخُلُ فِیْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُوْنَ عِنْدَ شُرُوْطِهِمْ لِاَنَّهٗ لَوْ کَانَ ذٰلِكَ کَذٰلِكَ لَجَازَ الشَّرْطَانِ فِی الْبَیْعِ اللَّذَانِ قَدْ نَهٰی عَنْهُمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَکَانَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مُعَارِضًا لِذٰلِكَ وَلِقَوْلِهٖ کُلُّ شَرْطٍ لَیْسَ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ کَانَ مِائَةَ شَرْطٍ فَلَمَّا لَمْ یُجْعَلْ ذٰلِكَ عَلٰی هٰذَا الْمَعْنٰی وَاِنَّمَا جُعِلَ عَلٰی خَاصٍّ مِنَ الشُّرُوْطِ فَکَذٰلِكَ وَقَفْنَا عَلَیْهَا وَعَرَفْنَاهَا فَاَعْلَمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ الْمُسْلِمُوْنَ عِنْدَ شُرُوْطِهِمْ

أَنَّهُمْ عِنْدَ تِلْكَ الشُّرُوطِ الَّتِي قَدْ اَجَازَ لَهُمْ اشْتِرَاطَهَا حَتَّى لَا يَجِبَ لِمَنْ هِيَ لَهُمْ عَلَيْهِ نَقْضُهَا (قوله) ترجمہ

حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن حمزہ زبیری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالعزیز بن ابی حازم نے انہوں نے روایت کی کثیر بن زید سے انہوں نے ولید بن رباح سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا مسلمان قائم رہیں اپنی شرطوں پر ابوجعفر نے کہا پس گیا ایک گروہ عمری کے جائز ہونیکی طرف اور کہا انہوں نے کہ وہ شی لوٹ جائیگی عمری کرنے والے کیطرف بعد مر جانے اوس شخص کے جسکے لئے عمری کیا گیا اور استدلال کیا انہوں نے اسکے اندر اس حدیث سے اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا بجز اسکے نہیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کا یہ قول اون شرطوں پر واقع ہے کہ قرآن کریم نے مباح کیا ہوا اونکے شرط ٹھیرانیکو اور آئی ہوں وہ حدیث میں اور جاری کیا ہوا اوس پر مسلمانوں نے لیکن وہ شرطیں کہ منع کرے اونسے کتاب یا منع کرے اونسے حدیث تو وہ اسمیں داخل نہیں کیا نہیں دیکھتے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے بریرہ کی حدیث میں فرمایا ہر وہ شرط جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں نہ ہوں پس وہ باطل ہے اگرچہ وہ سو شرطیں ہوں اور جو شرطیں کہ خدا تعالےٰ کی کتاب میں ہیں وہ یا وہ ہیں جو اوسمیں صراحةً ہوں یا اونکو رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا ہو اسلئے کہ واجب ہی قبول کرنا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے فرمان کا بوجہ فرمانے خدا تعالیٰ کے کہ جو کچھ لاویں تمہارے پاس رسول پس پکڑو تم اوسکو اور جس سے منع کریں تمکو پس باز رہو اوس سے اور ہر وہ شرط جسکی مسلمان شرط کریں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول میں داخل نہیں ہو سکتی کہ تمام مسلمان اپنی شرطوں پر ہیں کیونکہ اگر ایسا ہو تو جائز ہونی چاہئیں دو شرطیں ایک بیع میں جس سے منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اور معارض ہو جائیگی وہ حدیث اسکے اور آپکے اس فرمان کے کہ ہر وہ شرط جو نہ ہو خدا کی کتاب میں پس وہ باطل ہے اگرچہ ہوں سو شرطیں پس جبکہ نہ رہا یہ قول اس معنے کے مطابق بلکہ رکھا گیا مخصوص شرطوں پر حالانکہ ہم نہ اونپر واقف ہوئے اور ہم نے اونکو پہچانا تو بتلا دیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اپنے اس قول سے کہ تمام مسلمان اپنی شرطوں پر قائم رہیں کہ وہ قائم رہیں اون شرطوں پر جنکی شرط ٹھیرانے کی آپنے اونکو اجازت دی ہے تاکہ اون لوگوں کے واسطے جنکے لئے وہ شرطیں ہوں اونکا توڑنا جائز نہ ہو (قوله) وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ دَلَّ عَلَى ذٰلِكَ اَيْضًا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ قَالَ ثَنَا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُونَ عِنْدَ شُرُوطِهِمْ اِلَّا شَرْطًا اَحَلَّ حَرَامًا اَوْ حَرَّمَ حَلَالًا فَدَلَّ هٰذَا اَنَّ الشُّرُوطَ الَّتِي الْمُسْلِمُونَ عِنْدَهَا هِيَ بِخِلَافِ هٰذِهِ الشُّرُوطِ الْمُسْتَثْنَاةِ وَكَانَتِ الشُّرُوطُ فِي الْعُمْرٰى قَدْ وَقَّفَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلَى بُطْلَانِهَا فِي اٰثَارٍ قَدْ جَاءَتْ عَنْهُ مَجِيئًا مُتَوَاتِرًا فَمِنْهَا مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ اَمِيرًا كَانَ عَلَى الْمَدِينَةِ يُقَالُ لَهُ طَارِقٌ قَضٰى بِالْعُمْرٰى لِلْوَارِثِ عَنْ قَوْلِ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاؤُسٍ عَنْ حُجْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْعُمْرٰى لِلْوَارِثِ فَجَعَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْعُمْرٰى لِلْوَارِثِ فَقَطَعَ بِذٰلِكَ شَرْطَ الْعُمْرٰى فَقَالَ الْاَوَّلُونَ فَلَمْ يُبَيِّنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ ذٰلِكَ الْوَارِثَ وَارِثُ مَنْ هُوَ مِنْهُ فَقَدْ يَجُوزُ اَنْ يَكُونَ اَرَادَ وَارِثَ الْمُعْمِرِ قِيلَ

لہ هذا محال عندنا لانہ انما كان الذي كرهه على شيء قد جعل للمعمر حياته على ان يعود بعد الموت الى المعمِر فجعل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ذلك لوارث اى جعل لوارث المعمر ما قد كان اشترط فيه المعمِر لا يكون ميراثا **ولنا دليل** على ذلك ان محمد بن بحر بن مطر حدثنا قال ثنا ابو النضر هاشم بن القاسم قال اخبرنا محمد بن مسلم الطائفي عن ابراهيم بن ميسرة عن طاؤس عن زيد بن ثابت ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال من اعمر شيئا حياته فهو له ولوارثه **فدل** قول رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هذا على الوارث المحكوم بها له في الحديث الذي ذكرناه في الفصل الذي قبل هذا انه وارث المعمَر (قوله) **ترجمہ** اور بیشک روایت کیا گیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی وہ جو اسپر دلالت کرتاہے حدیث بیان کی ہم سے احمد بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن منذر حزامی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن نافع صائغ (سنہار) نے کہا حدیث بیان کی ہم سے کثیر بن عبد اللہ مزنی نے انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام مسلمان قائم رہیں اپنی شرطوں پر سوا ایک شرط کے جو حلال کرے حرام کو اور حرام کرے حلال کو پس اسنے دلالت کی اسپر کہ وہ شرطیں کہ تمام مسلمان قائم رہیں وہ برخلاف ان شرطوں کے ہیں جنکو مستثنی کیا ہے اور عمری کے اندر جو شرطیں ہوتی ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے بہت احادیث میں جو تواتر ا وارد ہیں اونکے باطل ہونے پر ہمکو مطلع فرمادیا ہے چنانچہ منجملہ اونکے ایک یہ کہ حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی عمرو سے انہوں نے سلیمان بن یسار سے کہ مدینہ پر ایک حاکم طارق نامی تھا اوس نے حکم دیا عمری کا وارث کے لئے بوجہ فرمانے حضرت جابر کے بروایت رسول کریم صلے اللہ علیہ آلہ وسلم خبر دی ہمکو یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی عمرو سے انہون نے طاؤس سے انہوں نے حجر سے انہون نے زید بن ثابت رض سے کہ نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے حکم دیا عمری کا وارث کے لئے تو ٹہیرایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اس حدیث میں عمری وارث کے لئے پس توڑدی اس نے شرط عمری کی اول گروہ نے اسکا یہ جواب دیا کہ بیان نہیں فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اس حدیث میں کہ وہ وارث اوس شخص کا وارث تھا جسکے لئے عمری دیا گیا تھا ہو سکتا ہے کہ ارادہ فرمایا ہو اپنے عمری دینے والے کے وارث کا تو اونکو یہ جواب دیا جائیگا کہ ہمارے نزدیک یہ ناممکن ہے کیونکہ گفتگو اوس چیز میں ہے جو کسی شخص کو اوسکی زندگی تک کیلئے دی گئی ہو اس شرط پر کہ موت کے بعد دینے والے کیطرف لوٹ آئے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اوسکو وارث کیلئے قرار دیا یعنے اوس شخص کے وارث کے لئے حکم دیا جسکو وہ چیز عمر بھر کے لئے دی گئی تھی اور دینے والے نے اوس میں یہ شرط کر لی تھی کہ میراث نہ بنے اور دلیل اسپر یہ ہی کہ محمد بن بحر بن مسطر نے حدیث بیان کی ہم سے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نضر ہاشم بن قاسم نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن مسلم طائفی نے انہوں نے روایت کی ابراہیم بن میسرہ سے انہوں نے طاؤس سے انہوں نے زید بن ثابت سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا جسکو عمر بھر کیلئے کوئی چیز دیجائے تو وہ اوسکی ہے اور اوسکے وارث کی بعد مرنیکے) پس رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے اس قول نے اوس وارث کو بتلادیا جسکے لئے عمری کا حکم دیا گیا اوس حدیث میں جسکو ہم نے اوس فصل میں ذکر کردیا جو اس سے پہلے ہے کہ وہ اوس شخص کا وارث ہے جسکو عمری دیا گیا ہے (قوله) **وقد** حدثنا ابراهيم بن مرزوق قال ثنا ابو عاصم عن ابن جريج عن عمرو

بن دینار عن طاؤس ان حجر بن قیس اخبرہ ان زید بن ثابت اخبرہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
قال العمریٰ میراث **حدثنا** ابن ابی داود قال اخبرنا محمد بن المنہال قال ثنا یزید بن زریع قال ثنا روح بن القاسم
عن عمرو بن دینار عن طاؤس المدنی عن حجر عن زید بن ثابت قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
سبیل العمریٰ سبیل المیراث **قال** ابو جعفر فہذا ایضا معناہ مثل ما قبلہ **وقد** حدثنا ابراہیم
بن مرزوق قال ثنا ابو الولید قال ثنا حماد بن سلمۃ عن عبد اللہ بن عقیل عن محمد بن علی عن معاویۃ عن
النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قال العمریٰ جائزۃ لاہلہا **فقال** اہل المقالۃ الاولیٰ اہلہا ہم الذین
اعمروہا **فکان** من الحجۃ علیہم فی ذلک ان فہدا حدثنا قال ثنا عبید بن یعیش قال ثنا یونس بن بکیر
قال اخبرنا محمد بن اسحٰق عن عبد اللہ بن محمد بن عقیل عن محمد بن الحنفیۃ قال قال لی معاویۃ سمعت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قال من اعمر عمریٰ فہی لہ یرثہا من عقبہ من یرثہ **فدل** ہذا الحدیث
علی ان اہلہا الذین جازت لہم ہم المعمرون لا المعمرون **وقد** حدثنا محمد بن عبد اللہ بن میمون البغدادی
قال ثنا الولید بن مسلم عن الاوزاعی یحیی بن ابی سلمۃ عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قال
العمریٰ لمن وہبت لہ (قولہ) **ترجمہ** اور بیشک حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے ابو عاصم نے انہوں نے روایت کی ابن جریج سے انہوں نے عمرو بن دینار سے انہوں نے طاؤس سے
کہ حجر بن قیس نے کہا خبر دی اونکو کہ زید بن ثابت نے خبر دی اونکو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا عمریٰ
میراث ہوتا ہے حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن منہال نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
یزید بن زریع نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح بن قاسم نے انہوں نے روایت کی عمرو بن دینار سے انہوں نے طاؤس
مدنی سے انہوں نے حجر سے انہوں نے زید بن ثابتؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے عمریٰ کا حکم
میراث مال کا سا ہے ابو جعفر نے کہا اسکے معنے یہی پہلے کیطرح ہیں اور بیشک حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو ولید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہوں نے روایت کی عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے
انہوں نے محمد بن علی سے انہوں نے معاویہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے فرمایا عمریٰ جائز ہے اوسکے اہل کے
لئے تو پہلے قول والوں نے کہا اوسکے اہل وہ لوگ ہیں جنہوں نے اوسکو دیا ہے پس اونپر اسبارہ میں یہ حجت ہی کہ فہد نے حدیث
بیان کی ہم سے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبید بن یعیش نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس بن بکیر نے کہا خبر دی ہمکو
محمد بن اسحاق نے انہوں نے روایت کی عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے انہوں نے محمد بن حنفیہ سے کہا فرمایا مجھ سے معاویہ نے
کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کو فرماتے ہوئے جسکو عمریٰ دیا جائے پس وہ اوسکا ہے کہ وارث ہو گا
اوسکے بعد اوسکا وہ جو وارث بنیگا اوس شخص کا پس اس دلیل نے یہ بات بتلا دی کہ عمریٰ کے اہل جنکے لئے وہ جائز ہے وہ
لوگ ہیں جنکو عمریٰ دیا گیا ہے نہ وہ جو دینے والے ہیں اور بیشک حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبد اللہ بن میمون بغدادی
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ولید بن مسلم نے انہوں نے روایت کی اوزاعی یحییٰ بن ابی سلمہ سے انہوں نے جابر سے کہ
نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا عمریٰ اوسکے لئے ہے جسکو وہ دیا گیا ہو (قولہ) **وحدثنا** محمد بن خزیمۃ قال
ثنا مسدد قال ثنا یحییٰ عن صعرام بن ابی عبد اللہ عن یحییٰ فذکر باسنادہ مثلہ **حدثنا** فہد قال ثنا الحمانی

قال ثنا ابو معاویة عن الحجاج عن ابی الزبیر عن طاؤس عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم مثله **حدثنا** فهد قال ثنا ابو نعیم قال ثنا سفیان عن ابی الزبیر عن جابر قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم امسکوا علیکم اموالکم لا تعمروها فمن اعمر احدا شیئا فهو له **حدثنا** فهد قال اخبرنا علی بن معبد قال اخبرنا اسمعیل بن ابی کثیر عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال لا عمرے فمن اعمر شیئا فهو له **فقال** اهل المقالة الاولی فنحن لا ننکر ان یکون العمرے لمن اعمرها وانما قلنا انها ترجع الی المعمر بعد موت المعمر **فکان** من حجتنا علیهم فی ذلك ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قد نهی فیما ذکرنا من الآثار عن العمرے فاستحال ان یکون نهی عنها وهی تجرے کما عقد ولکنه نهی عنها لانه لا تجری علی خلاف ذلك قال فمن اعمر شیئا فهو له فارسل ذلك ولم یقل فهو له ما دام حیا **فدل** ذلك علی انها له کسائر ماله فی حیاته وبعد مماته **فهذا** معنی ما روی عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم انه جعلها جائزة ای جائزة للمعمر فیها بعد ذلك ابدا **وهما** روی عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم انه جعلها جائزة **ما** حدثنا ابراهیم بن مرزوق قال اخبرنا عفان قال ثنا همام قال ثنا قتادة عن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم العمرے جائزة **والدلیل** علی ذلك ایضا ان ابن ابی داود واحمد بن داود قد حدثانا قالا ثنا ابو عمر الحوضی قال ثنا همام قال ثنا قتادة قال قال سلیمن بن هشام ما تقول فی العمرے فقلت له حدثنی النضر بن انس عن بشیر بن نهیك عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال العمرے جائزة قال الزهری انها لا تکون عمری حتی تجعل له ولعقبه فقال لعطاء بن ابی رباح ما تقول فقال حدثنی جابر بن عبد الله ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال العمری میراث (قوله) **ترجمہ** اور حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی نے انہوں نے روایت کی ہشام بن ابی عبد اللہ سے انہوں نے یحیی سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حمانی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو معاویہ نے انہوں نے روایت کی حجاج سے انہوں نے ابو زبیر سے انہوں نے طاؤس سے انہوں نے ابن عباس سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی ابو زبیر سے انہوں نے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روکو اپنے پاس اپنے مال بطور عمری نہ دو اونکو کیونکہ جو کسیکو عمری دیتا ہے تو وہ اوسیکا ہو جاتا ہے حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا خبر دی ہمکو علی بن معبد نے کہا خبر دی ہمکو اسمعیل بن ابی کثیر نے روایت کی محمد بن عمرو سے انہوں نے ابو سلمہ سے انہوں نے ابو ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عمری نہیں ہے اور جسکو عمری دیا جائے تو وہ اوسیکا ہے پس پہلے قول والوں نے کہا کہ ہم نہیں انکار کرتے اسکا کہ ہو عمری اوسکے لئے جسکو وہ دیا گیا ہے اور بجز اسکے نہیں کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ اوسکے مرجانیکے بعد عمری اوس شخص کیطرف لوٹ آتا ہے جسنے دیا تھا لیکن ہماری حجت اونپر اس مسئلہ میں یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا سابق الذکر احادیث میں عمری سے اسلئے محال ہے کہ آپ نے اوس سے منع فرمایا

ہو اور وہ حسب انعقاد جاری رہے البتہ منع فرمایا آپنے اوس سے اسوجہ سے کہ وہ جاری ہوتا ہے برخلاف اسکے کیونکہ فرمایا جسکو کوئی چیز بطور عمری دیجائی وہ اوسکی ہورہتی ہے اور مطلق رکھا اسکو اور نہ فرمایا کہ وہ اوسکی رہتی ہے جب تک زندہ رہے پس یہ دلیل ہے اس امر کی کہ عمرے اوسیکا ہے مانند اوسکے باقی مال کے اوسکی زندگی میں رہی اور اوسکے مرنیکے بعد (بھی) تو یہ مرادہے اون حدیثوں سے جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی گئیں کہ آپنے عمری کو ہمیشہ کے واسطے اوس شخص کیلئے قرار دیا جسکو وہ دیاگیا ہو اور منجملہ اونکے سے کہ روایت کیا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپنے عمری کو جائز قرار دیا وہ حدیث ہے کہ بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا خبر دی ہمکو عفان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہمام نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قتادہ نے انہوں نے روایت کی حسن سے انہوں نے سمرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ عمری جائز ہے اور نیز اسپر یہ دلیل ہے کہ ابن ابی داؤد اور احمد بن داؤد نے حدیث بیان کی ہم سے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوعمر حوضی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہمام نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قتادہ نے کہا کہا سلیمان بن ہشام نے کیا کہتے ہو تم عمری کے بارہ میں تو میں نے اوسسے کہا کہ حدیث بیان کی مجھ سے نضر بن انس نے انہوں نے روایت کی بشیر بن نہیک سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عمری جائز ہے زہری نے کہا کہ عمری نہ منعقد ہوگا تاوقتیکہ نہ ٹھیراوے. تو اوسکے لئے اور اسکے وارثوں کیلئے پھر کہا عطا بن ابی رباح سے کہ تم کیا کہتے ہو تو انہوں نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے جابر بن عبداللہ نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عمری میراثی مال ہوتا ہے (قولہ) **فهذا** عطاءٌ وقتادةُ جميعاً قد جعلاها جائزةً للمعمر موروثةً عنه ولم ينكر ذلك عليهما الزهري وانما قال لا يكون عمرى يكون هذا حكمها حتى تجعل للمعمر ولعقبه فتكون كماله وتكون موروثةً عنه كما يورث سائر امواله عنه وان كان من يرثها عنه فيهم خلاف عقبه على ما حدثه ابو سلمة وسنذكر ذلك في موضعه من هذا الباب ان شاء الله تعالى **وممّا** يدل ايضاً على صحة ما ذكرنا ان يونس قد حدثنا قال ثنا سفيان عن ابن جريج عن عطاء عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تعمروا ولا ترقبوا فمن اعمر شيئاً او ارقبه فهو للوارث اذا مات **حدثنا** روح بن الفرج قال ثنا عمرو بن خالد قال ثنا زهير بن معاوية قال ثنا ابو الزبير عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم امسكوا عليكم اموالكم لا تفسدوها فانه من اعمر عمرى فهي له حياً وميتاً ولعقبه **حدثنا** يزيد بن سنان قال ثنا وهب بن جرير قال ثنا هشام عن ابي الزبير عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من اعمر عمرى حياته فهي له في حياته ولورثته بعد موته **حدثنا** فهد قال ثنا ابوبكر بن ابي شيبة قال ثنا يحيى بن ابي زائدة عن ابيه عن حبيب بن ابي ثابت عن حميد عن جابر قال نحل رجل منا امه نخلاً له حياتها فلما ماتت فقال انا احق بنخلي فقضى النبي صلى الله عليه وآله وسلم انها ميراث قال ابن ابي شيبة حميد هذا رجل من كندة **قال** ابو جعفر فقد كشف لنا هذه الآثار مراد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في الآثار التي قبلها وانها على ما وصفنا من التاويل الذي ذكرنا (قولہ) **ترجمہ** پس یہ عطا اور قتادہ ہیں کہ دونوں نے اوسکو معمر لہ کے لئے اور اوسکا میراثی مال قرار دیا اور زہری نے اونمیں سے کسی کا انکار نہیں کیا اور بجز اسکے نہیں کہ کہا نہیں

منعقد ہوتا عمری جسکا یہ حکم ہے تاوقتیکہ معمر لہ اور اوسکے وارثون کیلئے نہ قرار دیا جائے تاکہ ہو جاوے مانند اوسکے مال کی اور ورثت جاری ہو اوسمیں اسطرح جسطرح اونکے اپنے مال میں وراثت جاری ہوگی اگرچہ وہ لوگ جو اوسکے وارث ہوتے ہیں لفظ عقد کی خلاف میں جیساکہ حدیث بیان کی اونسے ابوسلمہ نے اور عنقریب ذکر کرینگے ہم اسکو اپنے موقعہ میں اسی باب کے اندر اگر چاہا خدا تعالے نے اور منجملہ اونکے جو ہماری صحت بیانی پر دلالت کرتی ہیں ایک یہی ہے جسکو ہم ذکر کرچکے کہ یونس نے حدیث بیان ہم سے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی ابن جریج سے انہون نے عطا سے انہوں نے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مت عمرہ دو اور مت رقبیٰ دو کیونکہ جسکو کوئی چیز بطور عمری دیجائے یا بطور رقبیٰ دیجاسے تو وہ وارث کیلئے ہے جب وہ خود مرجائے حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عمرو بن خالد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر بن معاویہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوزبیر نے انہوں نے روایت کی جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے روکو اپنے پاس اپنے اموال اونکو خراب کرو کیونکہ جسکو عمری دیا جاسے تو وہ اوسی کیلئے ہے بحالت زندگی اور موت اور اوسکی اولاد کیلئے حدیث بیان کی ہم سے یزید بن سنان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب بن جریر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام نے انہون نے روایت کی ابوزبیر سے انہون نے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے جسکو عمری دیا جائے اوسکی زندگی میں تو وہ اسکے لئے ہے اوسکی زندگی میں اور اوسکے وارثوں کیلئے اوسکے مرجانیکے بعد حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوبکر بن ابی شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ بن ابی زائدہ نے انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے حبیب بن ابی ثابت سے انہون نے حمید سے انہون نے جابر سے کہ عطا کیا ایک شخص نے ہم میں سے عطیہ اپنی ماں کو اوسکی زندگی تک کیلئے پھر جب وہ مرگئی تو کہا کہ میں زیادہ مستحق ہون اپنے عطیہ کا پس حکم دیا نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے کہ وہ میراث ہے ابن ابی شیبہ نے کہا کہ یہ حمید قبیلہ کندہ کا ایک شخص ہے ابوجعفرؒ نے کہا پس بیشک ظاہر کردیا ہمارے لئے ان حدیثون نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کی مراد کو اون حدیثوں میں جو انسے پہلے گذریں اور یہ کہ وہ اوس معنے کے مطابق ہیں جو ہم بیان کرچکے (قولہ) وَقَدْ رُوِیَتْ فِی الْعُمْرٰے اَیْضًا اٰثَارٌ بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ فَمِنْهَا مَا قَدْ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَالِكٌ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا رَجُلٍ اُعْمِرَ عُمْرٰی لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ فَاِنَّهَا لِلَّذِیْ یُعْطَاهَا لَا تَرْجِعُ اِلَی الَّذِیْ اَعْطَاهَا لِاَنَّهٗ اَعْطٰی عَطَاءً وَقَعَتْ فِیْهِ الْمَوَارِیْثُ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ قَالَ ثَنَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح وَحَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَعْمَرَ رَجُلًا عُمْرٰی لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ فَقَدْ قَطَعَ قَوْلُهٗ حَقَّهٗ فِیْهَا وَهِیَ لِمَنْ اُعْمِرَهَا وَلِعَقِبِهٖ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اُعْمِرَ عُمْرٰی فَهِیَ لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ بَتَّةً لَا یَجُوْزُ لِلْمُعْطِیْ فِیْهَا شَرْطٌ وَلَا ثُنْیَا قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِیْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ مَنْ اُعْمِرَ عُمْرٰی لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ فَهِیَ لِلَّذِیْ اُعْمِرَهَا لَا تَرْجِعُ اِلَی الْمُعْطِیْ بِشَرْطٍ وَلَا ثُنْیَا لِاَنَّهٗ اَعْطٰی عَطَاءً وَقَعَتْ فِیْهِ الْمَوَارِیْثُ فَقَالَ الَّذِیْنَ اَجَازُوا الشَّرْطَ فِی الْعُمْرٰی بِهٰذَا الْقَوْلِ اِذَا وَقَعَتْ بِهٰذَا الْقَوْلِ اِذَا وَقَعَتِ الْعُمْرٰی عَلٰی هٰذَا لَمْ تَرْجِعْ اِلَی الْمُعْطِیْ اَبَدًا وَاِذَا لَمْ یَكُنْ فِیْهَا ذِكْرُ الْعَقِبِ

فهي راجعة الى المعطي بعد زوال المعمر قالوا وهذا اولى مما روى عطاء وابو الزبير عن جابر بن عبد الله لان اباسلمة زاد عليهما قوله ولعقبه وليس هو بدونهما والزيادة اولى **فكان** من حجتنا للاخرين في ذلك انه لو لم يكن روي عن النبي صلى الله عليه واله وسلم في العمرى حديث غير حديث ابي سلمة هذا لكان فيه اكثر الحجة للذين يقولون ان العمرى لا ترجع الى المعمر ابدا ولا يجوز شرطه (قوله) **ترجمہ** اور عمری کے اندر حدیث اس لفظ کے سوا اور الفاظ کے ساتھ بھی مروی ہیں پس منجملہ اونکے وہ ہے جو ہم سے یونس نے حدیث بیان کی کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجھکو مالک نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے انہوں نے ابوسلمہ سے انہوں نے جابر بن عبد اللہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو عمری دیا جاسے اوسکے لئے اور اوسکی اولاد کے لئے پس بیشک وہ اوسکے لئے ہے جسکو وہ دیا گیا ہو کیونکہ اوسکو ایسا عطیہ دیا گیا ہے جسمین ورثمین جاری ہوتی ہیں حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو ولید طیالسی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے لیث نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے لیث نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے انہوں نے ابوسلمہ سے انہوں نے جابر بن عبد اللہ سے کہ سنا ہیں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کو فرماتے ہوئے جو شخص دے کسی کو عمری خود اوسکو اور اوسکی اولاد کو پس آپکے اس فرمان نے منقطع کر دیا دینے والے کے حق کو عمری کے اندر بلکہ وہ اوسکے لئے ہے جسکو وہ دیا گیا ہے اور اوسکی اولاد کیلئے حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا خبر دی ہمکو ابن ابی ذئب نے انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے ابوسلمہ سے انہوں نے جابر بن عبد اللہ سے کہا حکم دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسکو عمری دیا جائے تو وہ اوسی کا ہے اور اوسکی اولاد کا دینے والیکو اوسمیں کوئی شرط یا استثنار کرنا جائز نہیں ابو جعفر نے کہا پس ان حدیثوں میں یہ ہے کہ جسکو عمری دیا جائے اور اوسکی اولاد کو تو وہ اوسکے لئے ہے جسنے اوسکو دیا کہ نہیں لوٹ سکتا دینے والے کیطرف نہ کسی شرط اور نہ کسی استثنار کے ساتھ کیونکہ اوس کو دیا گیا ایسا عطیہ جس میں میراثین جاری ہوتی ہیں پس جن لوگوں نے عمری میں شرط کو جائز کہا انہوں نے کہا یہی ہمارا قول ہے کہ جب عمری اس شرط پر منعقد ہو تو وہ کبھی دینے والے کیطرف لوٹ نہیں سکتا اور جبکہ لفظ عقب ذکر نہ کیا جائے تو وہ معمر لہ کے وفات پا جانیکے بعد دینے والے کیطرف لوٹ جاتا ہے انہوں نے کہا اور یہ اوس سے بہتر ہے جسکو عطا اور ابو زبیر نے جابر بن عبد اللہ سے روایت کیا کیونکہ ابوسلمہ نے اون دونوں پر یہ قول زیادہ کیا اور اوسکی اولاد کیلئے اور زیادتی بہتر ہوتی ہے پس ہماری دوسروں پر اس بارہ میں حجت ہوئی کہ اگر نہ مروی ہوتی نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے عمری کے اندر کوئی اور حدیث سوا ابوسلمہ کی اس حدیث کے تو البتہ ہوتی ورمیں زیادہ دلیل اون لوگوں کیلئے جو کہتے ہیں کہ عمری نہیں لوٹتا معمر عمری عطا کرنے والے کیطرف کبھی اور اوسکی شرط ٹھیرانی جائز نہیں (قوله) **وذالك** ان العمرى لا تخلو من احد وجهين اما ان تكون داخلة في قول النبي صلى الله عليه واله وسلم المسلمون عند شروطهم فينفذ للمعمر فيها الشرط على ما شرطه لا يبطل من ذالك شيء كما ينفذ الشروط من الموقف فيما يوقف او تكون خارجة من ملك المعمر داخلة في ملك المعمر فيصير بذلك في سائر ماله ويبطل ما شرط عليه فيها **فنظرنا** في ذلك فاذا العمرى اذا وقعت على انها للمعمر ولعقبه فمات وله عقب او زوجة او اوصى بوصايا او كان عليه دين ان تلك الاشياء تنفذ فيها كما تنفذ في ماله

ولا يمنعها الشرط الذي كان من المعمر في جعله اياها ولعقبه وزوجته ليست من عقبه ولا غرماؤه ولا اهل وصاياه وكذلك لو مات المعمر ولا عقب له لم يرجع شيء من ذلك الى المعمر فلما كان ما وصفنا كذلك كانت كذلك ابدا يجوز على ما جعلها عليه المعمر ويبطل شرطه الذي اشترط فيها ولا ينفذ منه قليل ولا كثير ويخرج من قول النبي صلى الله عليه وآله وسلم المسلمون عند شروطهم فيكون شروطها ليست من الشروط التي عناها النبي صلى الله عليه وآله وسلم بذلك وهذا القول الذي صححناه قول ابي حنيفة وابي يوسف ومحمد رحمة الله عليهم **وقد** روي ايضا عن ابن عمر رضي الله عنهما مثل ذلك **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا بشر بن عمر قال ثنا شعبة عن حبيب بن ابي ثابت قال سمعت ابن عمر وسأله رجل عن رجل وهب لرجل ناقة حياته فنتجت فقال هي له واولادها فسألته بعد ذلك فقال هي له حيا وميتا والله اعلم

ترجمہ اور یہ اسوجہ سے کہ عمری دو باتوں میں سے ایک سے خالی نہیں یا یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول میں داخل ہوگا کہ تمام مسلمان قائم رہیں اپنی شرطوں پر تو عمری دینے والے کی شرط کو جو اوس نے کی نافذ رکہا جائیگا اوس میں سے کچھ بہی باطل ہو جسطرح مال موقوفہ کے اندر شرطیں نافذ رکہی جاتی ہیں جو وقف کرنیوالا کرتا ہے۔ یا عمرے معطی کی ملک سے خارج ہوگا۔ اور جس کو دیا گیا ہے۔ اوسکی ملک میں داخل تو اس صورت میں عمریٰ اوس کے باقی مال میں داخل ہوجائیگا اور جو کچھ شرط اوس میں کی ہے۔ وہ باطل ہوگی۔ اس لئے ہم نے اس کے اندر غور کیا تو معلوم ہوا کہ عمرے جب اس شرط پر واقع ہو کہ معمر لہ اور اس کے پسماندگان کے لئے ہے پس وہ مرگیا۔ اور اس کے واسطے اولاد اور بیوی ہے یا وصیتیں کیں چند وصیتیں یا اوپر قرضہ ہے تو یہ تمام معاملات جاری ہوتے ہیں عمرے میں جسطرح اوس کے ذاتی مال میں جاری ہوتے اور نہیں منع کرتی اوسکو وہ شرط جو عمرے دینے والے نے کی تھی کہ وہ معمر لہ کے واسطے ہے اور اوس کے عقب کیواسطے اوس کی بیوی اوسکا عقب نہیں ہے۔ اور اوس کے قرضخواہ اور نہ وہ لوگ جن کے واسطے وصیت کی ہے اور اسی طرح ہونا چاہیے ہمیشہ کہ عمریٰ درست ہو۔ اور جو کچھ اوس کے اندر شرطیں معطی نے کی ہوں وہ باطل ہوں اور اونمیں سے کوئی شرط پوری نہ کی جائے اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول سے خارج رکہی جائیں کہ تمام مسلمان اپنی شرطوں پر قائم رہیں کیونکہ اوسکی شرطیں منجملہ اون شرطوں کے نہیں ہیں جنکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس قول سے مراد لیا اور یہی قول جسکو ہم نے ثابت کیا امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے اور حضرت ابن عمرؓ سے بہی اسی کی مثل مروی ہے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بشر بن عمر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی حبیب بن ابی ثابت سے کہا سنا میں نے ابن عمرؓ کو اور دریافت کیا اونسے ایک شخص نے اوس شخص کے بارہ میں جسنے ہبہ کی کسی کو اونٹنی اوسکی زندگی بہر کیلئے پہر وہ جنی تو آپنے فرمایا کہ اونٹنی اوسکی ہے اور اوسکی اولاد بہی پہر میں نے بعد میں دریافت کیا تو آپنے فرمایا کہ وہ اوسی کی ہے جسکو دی گئی ہے زمانہ زندگی اور موت دونوں میں اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے

بَابُ الصَّدَقَاتِ الْمَوْقُوفَاتِ

باب اون صدقوں کے بیان میں جو وقف کئے گئے ہوں

حدثنا يزيد بن سنان قال ثنا ابو عاصم وسعيد بن سفيان الجحدري قالا ثنا ابن عون قال اخبرني نافع عن ابن عمر ان عمر اصاب ارضا بخيبر فاتى النبي صلى الله عليه وآله وسلم يستأمره فقال اني اصبت ارضا لم اصب

مالا قط احسن منها فكيف تامرني قال ان شئت حبست اصلها لا تباع ولا توهب قال ابو عاصم واراه
قال لا تورث قال فتصدق بها في الفقراء والقربى والرقاب في سبيل الله وابن السبيل والضعيف لا جناح على
من وليها ان ياكل منها غير متمول قال فذكرت ذلك لمحمد فقال غير متاثل **حدثنا** احمد بن عبد الرحمن
بن وهب قال حدثني عمي قال حدثني ابراهيم بن سعد عن عبد العزيز بن المطلب عن يحيى بن سعيد عن نافع
مولى ابن عمر عن ابن عمر ان عمر استشار رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في ان يتصدق بماله بثمغ فقال
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم تصدق به تقسم ثمره وتحبس اصله لا تباع ولا توهب **قال** ابو جعفر
فذهب قوم الى ان الرجل اذا اوقف داره على ولده وولد ولده ثم من بعدهم في سبيل الله ان ذلك جائز وانها
قد خرجت بذلك من ملكه الى الله عز وجل ولا سبيل له بعد ذلك الى بيعها واحتجوا في ذلك بهذه الآثار **وممن**
قال بذلك ابو يوسف ومحمد بن الحسن رحمة الله عليهما وهو قول اهل المدينة واهل البصرة (قوله) **ترجمہ** حدیث
بیان کی ہم سے یزید بن سنان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم اور سعید بن سفیان جحدری نے دونو نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ابن عون نے کہا خبر دی مجھکو نافع نے انہوں نے روایت کی ابن عمر سے کہ عمر نے حاصل کی زمین مقام
خیبر میں پس حاضر ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیخدمت میں اجازت طلب کرتے تھے آپسے پس عرض کیا کہ ملی ہے مجھکو زمین
کہ نہیں ملا مجھکو کوئی مال کبھی جو اس سے بہتر ہو تو آپ مجھکو کیا حکم دیتے ہیں آپنے فرمایا اگر تم چاہو تو اوسکی اصل کو وقف کردو کہ نہ اوسکی
بیع کی جائے اور نہ ہبہ ابو عاصم نے کہا اور میرے خیال میں آپنے یہ بھی فرمایا کہ اور نہ اوس میں وراثت جاری ہو فرمایا پس صدقہ
کردو اوسکو فقیروں اور عزیز قریبوں اور غلاموں کی آزادی اور راہ خدا اور مسافروں اور ضعیف لوگوں (یا مہمان) پر کہ جو شخص
اوسکا متولی ہو اوسکو اوس میں سے کہانے میں کچھہ نقصان نہیں بشرطیکہ جمع نہ کرے کہا پس میں نے اسکو محمد سے ذکر
کیا تو انہوں نے غیر متمول کے یہی معنے بتلائے (کہ جمع نہ کرے) حدیث بیان کی ہم سے احمد بن عبد الرحمن بن وہب نے
کہا حدیث بیان کی مجھہ سے میرے چچا نے کہا حدیث بیان کی مجھہ سے ابراہیم بن سعد نے انہوں نے روایت کی عبد العزیز
بن مطلب سے انہوں نے یحیی بن سعید سے انہوں نے نافع ابن عمر کے غلام سے انہوں نے ابن عمر سے کہ حضرت عمر نے
مشورہ لیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بارہ میں کہ خیرات کریں اپنے مال کو جو مقام ثمغ (جو مدینہ کے نزدیک
ایک زمین ہے) میں ہے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ خیرات کردو اوسکو اسطرح کہ اوسکے پھل تقسیم کردئے
جائیں اور اوسکی اصل وقف رہے کہ نہ اوسکی بیع کی جائے نہ ہبہ ابو جعفر نے کہا پس ایک گروہ اسطرف گیا ہے کہ آدمی جب
اپنے گہر کو اپنی اولاد یا اولاد کی اولاد اسیطرح جہانتک سلسلہ چلے اون سب پر وقف کرے براہ خدا تو یہ درست ہی اور بیشک
وہ گہر اوسکی ملک سے نکلکر خدا تعالے کی ملک میں آجائیگا اور پہر اوسکو اوسکے فروخت کرنیکی کوئی صورت نہ ہوگی اور اسبارہ
میں انہوں نے ان ہی حدیثوں سے استدلال کیا اور جنہوں نے یہ قول کیا منجملہ اونکے امام ابو یوسف اور امام محمد بن حسن
رحمۃ اللہ علیہما ہیں اور یہی قول اہل مدینہ اور اہل بصرہ کا ہے (قولہ) **وخالفهم** في ذلك آخرون منهم ابو حنيفة
وزفر بن الهذيل رحمة الله عليهما فقالوا هذا كله ميراث لا يخرج من ملك الذي اوقفه بهذا السبب
وكان من الحجة لهم في ذلك ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما شاوره عمر رضي الله عنه في ذلك
قال له حبس اصلها وسبل الثمرة **فقد** يجوز ان يكون ما امره به من ذلك يخرجه به من ملكه ويجوز ان يكون

ذلك لا يخرجها من ملكه لكنها تكون جارية على ما اجراها عليه من ذلك ما تركها و تكون له فسخ ذلك متى شاء كرجل جعل لله عليه ان يتصدق بثمرة نخله ما عاش فيقال له انفذ ذلك ولا يجبر عليه ولا يوخذ به ان شاء وان ابى ولكن ان انفذ ذلك فحسن وان منعه لم يجبر عليه وكذلك ورثته من بعده ان انفذوا ذلك على ما كان ابوهم اجراه عليه فحسن وان منعوه كان ذلك لهم وليس في بقاء حبس عمر رضي الله عنه الى غايتنا هذه ما يدل على انه لم يكن لاحد من اهله نقضه وانما الذي يدل على انه ليس لهم نقضه لو كانوا اختصموا فيه بعد موته فمنعوا من ذلك ولو جاء ذلك لكان فيه العمر ما يدل على ان الاوقاف لا تباع ولكن انما جاء ما تركهم لو قف عمر رضي الله عنه يجري على ما كان عمر رضي الله عنه اجراه عليه في حياته ولم يبلغنا ان احدا منهم عرض فيه بشيء **وقد** روي عن عمر رضي الله عنه ما يدل على انه قد كان له نقضه **(قوله)** ترجمہ اور مخالفت کی اونکی اسمیں دوسروں نے کہ منجملہ اونکے امام ابو حنیفہ اور امام زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہما ہیں اور انہوں نے کہا کہ یہ تمام میراث ہے کیا اوس شخص کی ملک سے خارج نہیں ہوتا جسنے اوسکو اس سبب سے وقف کیا ہو اور اس بارہ میں اونکی دلیل یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبکہ مشورہ دیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تو اونسے فرمایا کہ وقف کرو اوسکی اصل کو اور مباح کرو پہلونکو پس ہو سکتا ہے کہ جب اسکا حکم آپنے اونکو دیا اس سے وہ زمین اونکی ملک سے باہر ہو جاوے اور ہو سکتا ہے کہ یہ اونکی ملک سے خارج نہ کرے لیکن وہ اس طریقہ پر جاری ہے جسپر اوسکو جاری کرو یا جب تک کہ چھوڑے رکھیں اوسکو اونکے لئے جائز ہو کہ جب چاہیں اوسکو فسخ کریں مانند اوس شخص کی کہ کرلیا ہو اوسنے اللہ واسطے لازم اپنے اوپر کہ خیرات کر دیا کرونگا اپنے باغ کے پہلونکو جب تک زندہ رہونگا تو اوس سے کہا جا سکتا ہے کہ اپنے اس قول کو جاری رکھ لیکن اوسکو اسپر مجبور نہیں کیا جا سکتا اور نہ اوسکو ماخوذ کیا جا سکتا ہے خواہ ایسا کرے یا انکار کرے لیکن اگر اوسکو جاری رکھیگا تو اوسکے لئے بہتر ہوگا اور اگر اوس سے باز رہیگا تو اسپر مجبور نہ کیا جائیگا اسی طرح اوسکے بعد اوسکے ورثا اگر اسکو جاری رکھینگے موافق اوسکے کہ جاری رکھا تھا اوسکو اونکے بڑے نے تو اچھا ہوگا اور اگر باز رہینگے اوس سے تو یہ اونکے لئے جائز ہوگا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وقف ہمارے اس زمانہ تک باقی رہنے میں اسپر دلیل نہیں ہو سکتی کہ اونکی اولاد میں سے کسیکو اوسکا توڑ دینا درست نہ تھا البتہ اگر وہ لوگ حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد اوس میں جھگڑا کرتے اور پھر وہ اس سے باز رکھے جاتے تو یہ بیشک اسکی دلیل ہوتا کہ اونکے لئے اسکا فسخ کرنا جائز نہ تھا اور اگر اونکا فسخ کرنا ثابت ہوا ہوتا تو اس میں دلیل ہوتی اس امر پر کہ اوقاف فروخت کئے جا سکتے ہیں لیکن بجز اسکے نہیں کہ ثابت ہوا ہمکو چھوڑے رکھنا اونکا حضرت عمرؓ کے وقف کو جاری رہا وہ جسطرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی میں اوسکو جاری رکھا اور ہمکو یہ خبر نہیں پہونچی کہ اون میں سے کوئی اوسکے اندر کسی طرح مانع ہوا ہو اور بیشک حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ایک ایسی بات مروی ہے جو اسکی دلیل ہے کہ اونکو اوسکے فسخ کر دینے کا حق تھا **(قوله)** **حدثنا** يونس قال اخبرنا ابن وهب ان مالكا اخبره عن زياد بن سعد عن ابن شهاب ان عمر بن الخطاب قال لولا اني ذكرت صدقتي لرسول الله صلى الله عليه وسلم او نحو هذا لرددتها **فلما** قال عمر رضي الله عنه هذا دل ذلك ان نفس الايقاف للارض لم يكن يمنعه من الرجوع فيها وانه انما منعه من الرجوع فيها ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم امره فيها بشيء وفارقه على الوفاء به فكره ان يرجع عن ذلك كما كره عبد الله بن عمرو ان يرجع بعد موت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن الصوم الذي كان فارقه عليه ان يفعله وقد كان له ان لا يصوم **ثم** هذا شريح وهو

قَاضِی عُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِیٍّ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ **فَقَدْ رُوِیَ** عَنْهُ فِیْ ذٰلِكَ اَیْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ سَاَلْتُ شُرَیْحًا عَنْ رَجُلٍ جَعَلَ دَارَهُ حَبْسًا عَلَی الْاٰخِرِ فَالْاٰخِرِ مِنْ وَلَدِهٖ فَقَالَ اِنَّمَا اَقْضِیْ وَلَسْتُ اُفْتِیْ قَالَ فَنَاشَدْتُهٗ فَقَالَ لَا حُبْسَ عَلٰی فَرَائِضِ اللّٰهِ وَهٰذَا لَا یَسَعُ الْقُضَاةَ جَهْلُهٗ وَلَا یَسَعُ الْاَئِمَّةَ تَقْلِیْدُ مَنْ یَجْهَلُ مِثْلَهٗ ثُمَّ لَا یُنْكِرُ ذٰلِكَ عَلَیْهِ مُنْكِرٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا مِنْ تَابِعِیْهِمْ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ **ثُمَّ قَدْ رُوِیَ** عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِكَ اَیْضًا **مَا** قَدْ حَدَّثَنَا الرَّبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَخِیْ عِیْسٰی عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَا اُنْزِلَتْ سُوْرَةُ النِّسَاءِ وَاُنْزِلَ فِیْهَا الْفَرَائِضُ نَهٰی عَنِ الْحُبْسِ **حَدَّثَنَا** رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ اَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَیْرٍ وَعَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِیْعَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْجَارُوْدِ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ حَدَّثَنِی ابْنُ لَهِیْعَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ (قولہ) **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ مالک نے خبر دی اونکو زیاد بن سعد سے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے کہ عمر بن خطاب نے فرمایا کہ اگر میں نے اپنے صدقہ کا ذکر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہ کیا ہوتا یا فرمایا مثل اسکے تو میں اوسکو لوٹا لیتا تو جبکہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اس نے دلالت کی اس امر پر کہ مخص کسی زمین کو وقف کر دینا اوسکے لوٹا لینے سے منع نہیں کرتا اور حضرت عمرؓ کو اوسکے لوٹا لینے سے باز رکہنے والی بات یہ تہی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکو اوسکے اندر ایک امر کا حکم دیا اور جدا ہوگئے اوسی حال میں کہ وہ اوسکو پورا کر رہے تہے اسلئے برا جانا اس کو کہ اوس وقف کو لوٹالیں جسطرح عبد اللہ بن عمرؓ نے اسکو برا جانا تہا کہ لوٹ جاویں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد اون روزوں سے کہ جدا ہوئے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اونسے اون روزوں پہر کہ عبد اللہ وہ کہا کرتے تہے حالانکہ اونکو جائز تہا کہ نہ رکہیں پہر یہ شریح ہیں جو حضرت عمر اور حضرت عثمان اور حضرت علی جیسے خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے قاضی تہے کہ اونسے بہی یہ حدیث مروی ہے جسکو بیان کیا ہم سے سلیمان بن شعیب نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے ابو یوسف سے انہوں نے عطا ابن سائب سے کہا دریافت کیا میں نے شریح سے اوس شخص کے بارہ میں جسنے اپنا گہر اپنی اولاد پر وقف کر دیا ہو تو انہوں نے جواب دیا کہ میں صرف قاضی ہوں فتوی دینا میرا کام نہیں ہے کہا پس قسم دی میں نے اونکو تو انہوں نے جواب دیا کہ اللہ تعالے کے فرائض نازل فرما دینے کے بعد وقف علی الاولاد نہیں رہا اور یہ ایسی بات ہی کہ قاضیوں کو اس سے ناواقف رہنے کی گنجایش نہیں اور جو شخص ایسی بات سے ناواقف ہو اوسکی اماموں کو پیروی کرنا درست نہیں پہر اسپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہؓ میں سے کسیکا انکار نہیں اور نہ تابعینوں میں سے رحمت کرے خدا تعالیٰ ان سب پر پہر اسبارہ میں حضرت ابن عباس سے بہی مروی ہے وہ روایت کرتے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن لہیعہ نے کہا حدیث بیان کی مجہ سے میرے بہائی عیسے نے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباسؓ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سورہ نساء اور اوسکے اندر فرائض نازل ہو جانیکے بعد منع فرماتے ہوئے وقف (علی الاولاد) سے حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرج نے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن عبد اللہ بن بکیر

اور عمرو بن خالد نے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن لہیعہ نے پھر ذکر کیا اوس اسناد سے اوسکی مثل
حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمٰن بن جارود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی مریم نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے
ابن لہیعہ نے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل (قولہ) **حدثنا** رَوْحٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَا قَالَ ثنا أَحْمَدُ بْنُ
صَالِحٍ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَبِهِ أَقُولُ قَالَ رَوْحٌ قَالَ لِي أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَقَدْ حَدَّثَنِيهِ الدِّمَشْقِيُّ يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يُوسُفَ
عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ **فَأَخْبَرَ** ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ الْأَحْبَاسَ مَنْهِيٌّ عَنْهَا غَيْرُ جَائِزَةٍ وَأَنَّهَا قَدْ كَانَتْ قَبْلَ نُزُولِ
الْفَرَائِضِ بِخِلَافِ مَا صَارَتْ عَلَيْهِ بَعْدَ نُزُولِ الْفَرَائِضِ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيقِ الْآثَارِ **وَأَمَّا** وَجْهُهُ مِنْ
طَرِيقِ النَّظَرِ فَإِنَّ أَبَا حَنِيفَةَ وَأَبَا يُوسُفَ وَزُفَرَ وَمُحَمَّدًا رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَجَمِيعَ الْمُخَالِفِينَ لَهُمْ وَالْمُوَافِقِينَ قَدِ اتَّفَقُوا
عَلٰى أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا وَقَفَ دَارَهُ فِي مَرَضِهِ عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ ثُمَّ تُوُفِّيَ فِي مَرَضِهِ ذٰلِكَ أَنَّ ذٰلِكَ جَائِزٌ مِنْ
ثُلُثِهِ وَأَنَّهَا غَيْرُ مَوْرُوثَةٍ عَنْهُ فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِكَ هَلْ يَدُلُّ عَلٰى أَحَدِ الْقَوْلَيْنِ فَكَانَ الرَّجُلُ إِذَا جَعَلَ شَيْئًا مِنْ دَنَانِيرَ أَوْ دَرَاهِمَ
صَدَقَةً فَلَمْ يُنْفِذْ ذٰلِكَ حَتّٰى مَاتَ أَنَّهُ مِيرَاثٌ وَسَوَاءٌ جَعَلَ ذٰلِكَ فِي مَرَضِهِ أَوْ فِي صِحَّتِهِ إِلَّا أَنْ يَجْعَلَ ذٰلِكَ وَصِيَّةً بَعْدَ
مَوْتِهِ فَيُنْفِذُ ذٰلِكَ بَعْدَ مَوْتِهِ مِنْ ثُلُثِ مَالِهِ كَمَا يُنْفِذُ الْوَصَايَا فَأَمَّا إِذَا جَعَلَهُ فِي مَرَضِهِ وَلَمْ يُنْفِذْهُ لِلْمَسَاكِينِ بِدَفْعِهِ
إِيَّاهُ إِلَيْهِمْ فَهُوَ كَمَا جَعَلَهُ فِي صِحَّتِهِ وَكَانَ جَمِيعُ مَا لَهُ يَفْعَلُهُ فِي صِحَّتِهِ فَيُنْفَذُ مِنْ جَمِيعِ مَالِهِ وَلَا يَكُونُ لَهُ عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ
مِلْكٌ مِثْلُ الْعَتَاقِ وَالْهِبَاتِ وَالصَّدَقَاتِ هُوَ الَّذِي يُنْفَذُ إِذَا فَعَلَهُ فِي مَرَضِهِ مِنْ ثُلُثِ مَالِهِ وَكَانَ الْوَاقِفُ إِذَا
وَقَفَ فِي مَرَضِهِ دَارَهُ أَوْ أَرْضَهُ وَجَعَلَ آخِرَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ جَائِزًا بِاتِّفَاقِهِمْ مِنْ ثُلُثِ مَالِهِ بَعْدَ وَفَاتِهِ
لَا سَبِيلَ لِوَارِثِهِ عَلَيْهِ وَلَيْسَ ذٰلِكَ بِدَاخِلٍ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا حَبْسَ عَلٰى فَرَائِضِ اللّٰهِ **فَكَانَ**
النَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ أَنْ يَكُونَ كَذٰلِكَ سَبِيلُهُ إِذَا وَقَفَ فِي الصِّحَّةِ فَيَكُونُ نَافِذًا مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ وَلَا يَكُونُ لَهُ عَلَيْهِ سَبِيلٌ
بَعْدَ ذٰلِكَ قِيَاسًا وَنَظَرًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فَإِلٰى هٰذَا أَذْهَبُ وَبِهِ أَقُولُ مِنْ طَرِيقِ النَّظَرِ لَا مِنْ طَرِيقِ الْآثَارِ كَالْآثَارِ
فِي ذٰلِكَ قَدْ تَقَدَّمَ وَصْفِي لَهَا وَبَيَانُ مَعَانِيهَا وَكَشْفُ وُجُوهِهَا (قولہ) **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے روح اور محمد بن
خزیمہ نے دونوں نے کہا حدثنا ہمسے بیان کی احمد بن صالح نے کہ یہ حدیث صحیح ہے اور اسکے مطابق میرا مذہب ہے روح نے کہا مجھسے
احمد نے صالح نے کہا کہ حدیث بیان کی مجھ سے دمشقی نے یہ حدیث یعنے عبد اللہ بن یوسف نے انہوں نے روایت کی
ابن لہیعہ سے پس خبر دی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ وقف علی الاولاد ناجائز ہے اور بیشک یہ فرائض نازل ہونے
سے پیشتر تھا لیکن فرائض نازل ہونیکے بعد حکم اسکے برخلاف (عدم جواز کا) ہوگیا تو یہ اسباب کی تقریر بلحاظ حدیثوں کے ہے
اور رہی تقریر بلحاظ غور و فکر سو وہ یہ ہے کہ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ اور امام زفرؒ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم اور اون کے تمام
مخالفین و موافقین کا اسپر اتفاق ہے کہ آدمی جب اپنے مکان کو اپنی بیماری میں فقرا و مساکین پر وقف کردے پھر وہ
اوسی مرض میں وفات پاجائے تو یہ وقف اوسکے تہائی مال سے جائز ہوتا ہے اور اسمیں وارثت جاری نہیں ہوتی پس
ہم نے سمجھ سے کام لیا کہ آیا یہ دونوں قولوں میں سے کسی قول کی دلیل ہے تو معلوم ہوا کہ آدمی جب اپنے دراہم یا دینار و نمیں
سے کسیقدر مال کو خیرات و صدقہ کردے اور نہ نافذ کیا گیا ہو وہ صدقہ حتی کہ مرگیا ہو تو وہ میراث ہوتا ہے خواہ یہ صدقہ
اوسنے اپنی بیماری میں کیا تھا یا بحالت تندرستی مگر اوس صورت میں کہ بعد مرنیکے اوسکی وصیت قرار دیا جائے تو وہ بعد
اوسکے تہائی مال سے نافذ ہوگا جسطرح باقی وصیتیں ہوتی ہیں لیکن جب کیا ہو اوسکو اپنی بیماری میں اور نافذ نہ کیا

ہو اسکو مسکینوں کے لئے اسطرح کہ اونکو وہ مال دیدیا جاتا تو اوسکا حکم ایسا ہے جیسا اوس صدقہ کا کہ بحالت تندرستی کرتا اور اگر بحالت تندرستی تمام مال کا صدقہ کرتا تو اوسکے تمام مال سے نافذ کیا جاتا اور اسکے بعد پھر اوسکو کوئی مالکانہ تصرف کا مجاز نہیں رہتا مثلاً آزادی اور ہبہ اور صدقہ وغیرہ اور جو بحالت بیماری کرے - - تو وہ بقدر ایک تہائی مال میں نافذ ہوتا ہے اور وقف کرنیوالا جب اپنے مرض الموت میں اپنا کوئی گھر یا کوئی زمین وقف کرے اور اوسکی انتہا فی سبیل اللہ ہو تو یہ بالاتفاق جائز ہے اوسکے تہائی مال سے اوسکی وفات کے بعد اوسکے وارث کا اوس میں کوئی حق نہیں اور یہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد میں داخل نہیں ہے کہ وقف نہیں ہے اللہ تعالے کے فرائض نازل فرما دینے کے بعد پس بمقتضائے نظر اس بنا پر ہے کہ یہی حکم ہو اس صورت میں کہ جب اوس نے بحالت تندرستی وقف کیا ہو کہ وہ تمام مال سے نافذ ہو اور پھر وقف کرنے والیکو اوس میں کوئی استحقاق نہ ہو یہ حکم بیان سابق پر قیاس کرکے ہونا چاہئے لہذا میں اسی طرف جاتا ہوں اور یہی میں قول کرتا ہوں مگر یہ لحاظ نظر اور فکر نہ بطریق احادیث کیونکہ حدیثیں اسبارہ میں گذر چکا بیان اونکا اور اونکے معانی اور اونکے چہری کمل ہے (قوله) **فان قال** قائل فتخرج الارض بالوقوف من ملك ربها بوقفه اياها لا الى ملك مالك **قيل** له وما تنكر من هذا وقد اتفقت انت وخصمك على الارض يجعلها صاحبها مسجدا للمسلمين ويخلي بينهم وبينها انها قد خرجت بذلك من ملكه لا الى ملك مالك ولكن الى الله عز وجل فالذي يلزم مخالفك فيما احتججت عليه بما وصفنا يلزمك في هذا مثله **فان قال** قائل فما معنى نهي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن الحبس الذي رويته عنه في حديث ابن عباس رضي الله عنهما **قيل** له قد قال الناس في ذلك قولين احدهما القول الذي ذكرناه عند روايتنا اياه والآخر ان ذلك اريد به ما كان اهل الجاهلية يفعلونه من البحيرة والسائبة والوصيلة والحام فكانوا يحبسون ما يجعلونه كذلك فلا يورثونه احدا فلما انزلت سورة الفرائض وبين الله عز وجل فيها المواريث وقسم الاموال عليها قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا حبس **ثم** تكلم الذين اجازوا الصدقات الموقوفات فيها بعد تثبيتهم اياها على ما ذكرنا فقال بعضهم هي جائزة تنفذ من المتصدق بها ولم تقبض **وممن** قال بذلك ابو يوسف رحمة الله عليه وقال بعضهم لا ينفذ بها حتى يخرجها من يده ويقبضها منه غيره **وممن** قال بهذا القول ابن ابي ليلى ومالك بن انس ومحمد بن الحسن رحمة الله عليهم فاحتجنا ان ننظر في ذلك لنستخرج من القولين قولا صحيحا فرأينا اشياء يفعلها العباد على ضروب **فمنها** العتاق ينفذ بالقول لان العبد انما يزول ملك مولاه عنه الى الله عز وجل **ومنها** الهبات والصدقات لا تنفذ بالقول حتى يكون معه القبض من الذي ملكها له فاردنا ان ننظر حكم الاوقاف بايها هي اشبه فنعطفه عليه **فرأينا** الرجل اذا وقف ارضه او داره فانما يملك الذي اوقفها عليه منافعها ولم يملك من رقبتها شيئا انما اخرجها من ملك نفسه الى الله عز وجل فثبت ان ذلك نظير ما اخرجه ملكه الى الله عز وجل فلما كان ذلك لا يحتاج فيه الى قبض مع القول كان كذلك الوقوف لا يحتاج فيها الى قبض مع القول **وحجة** اخرى ان القبض لو اوجبناه فانما كان القابض ما لم يملك بالوقف فقبضه اياه وغير قبضه اياه سواء فثبت بما ذكرنا ما ذهب اليه ابو يوسف رحمة الله عليه (قوله) **ترجمہ** اور اگر کوئی کہنے والا کہے کہ کیا تم زمین کو وقف کی وجہ سے اوسکے مالک کی ملک سے خارج بتلاتے ہو اور یہ کہتے ہو کہ کسی کی ملک میں نہیں جاتی

تواوسکو جواب دیا جائیگا کہ اور کیونکر انکار کرتے ہو تم اسکا حالانکہ تم خود اور تمہارے مخالف اسپر متفق ہیں کہ مالک زمین جب اوس کو مسلمانون کے لئے مسجد بنادے اور تمام مسلمانوں اور اوس زمین کے درمیان تخلیہ کردے تو وہ اوسکی ملک سے خارج ہو جاتی ہے اور کسی کی ملک میں نہیں جاتی البتہ حق تعالےٰ کی ملک میں آجاتی ہے پس وہ بات جس کو تو نے اپنے مخالف پر حجت قائم کرنیکے لئے بطور الزام پیش کیا اور اوسکو تم بیان کرچکے اسکے اندر تجھکو بھی وہ بات لازم آتی ہے پھر اگر کوئی کہنے والا کہے تو کیا مطلب ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اوس وقف سے منع کرنیکا جسکو تم نے اونسے حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما میں روایت کیا تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ درحقیقت لوگوں کے اس میں دو قول ہیں ایک وہی جسکو ہم وہیں ذکر کرچکے جہان ہم نے اوسکو روایت کیا اور دوسرا یہ کہ اس وقف سے مراد وہ اوقاف ہیں جو اہل جاہلیت کیا کرتے تھے مانند بحیرہ اور وصیلہ اور حام اور سائبہ کے کہ جنکو اسیطرح چھوڑ دیا کرتے تھے اور اونکو موقوفہ خیال کرتے تھے کہ اونکا کسیکو وارث نہیں بناتے تھے یہانتک فرائض کی سورہ نازل ہوئی اور حق تعالےٰ نے اوس میں میراثوں کو کھولدیا اور اموال کی تقسیم حسب مواریث بیان فرمادی تو رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمادیا کہ وقف نہیں ہے پھر جو لوگ اون صدقات کو جائز رکھتے ہیں جنکا وقف کیا گیا ہو وہ بعد اسکے کہ سب بالاتفاق اون صدقات کو حسب بیان سابق ثابت رکھتے ہیں اور لحاظ سے مختلف ہوئے پس بعض نے کہا کہ وہ جائز ہیں خواہ صدقہ کرنے والے نے اونکا قبضہ کرلیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو اور منجملہ اونکے جو اسکے قائل ہوئے امام ابو یوسف رحمتہ اللہ علیہ ہیں اور بعض نے کہا کہ نہ نافذ ہونگے وہ صدقات تاوقتیکہ اونکو اوسکے قبضہ سے نکالکر کوئی اور شخص ولکا قبضہ نہ کرلے اور منجملہ اونکے جو اسکے قائل ہوئے ابن ابی لیلی اور مالک بن انس اور محمد بن حسن رحمتہ اللہ علیہم ہیں لہٰذا ضرورت ہوئی ہمکو کہ اس میں غور کریں تاکہ دونوں قولوں میں سے صحیح قول نکال لیں تو ہم نے بندوں کے تصرفات چند اقسام پر دیکھے کہ منجملہ اونکے غلام کو آزاد کرنا ہے کہ یہ صرف کہتے ہی نافذ ہو جاتا ہے کیونکہ غلام پر سے اوسکے آقا کی ملکیت زائل ہو جاتی ہے اور وہ خدا تعالےٰ کی ملک میں آجاتا ہے اور منجملہ اونکے ایک ہبہ اور صدقہ ہے کہ یہ صرف قول سے نافذ نہیں ہوتے جبتک کہ اوسکے ساتھ اوس شخص کی جانب سے قبضہ نہ پایا جائے جسکو اصلی مالک نے اوسکا مالک بنایا ہو پس ہم نے ارادہ کیا کہ اوقاف کے حکم میں غور کریں کہ وہ کونسے تصرف سے زیادہ مشابہ ہے تاکہ اونکو اسکی طرف مائل کردیں تو ہم نے دیکھا کہ آدمی جب اپنی زمین یا اپنا گھر وقف کردے تو بجز اسکے نہیں کہ مالک ہو جائیگا وہ شخص جسپر اوس زمین یا گھر کے منافع کو وقف کیا ہو لیکن اوس موقوفہ مال کی ذات کے کسی حصہ کا بھی مالک نہ ہوگا کیونکہ اوسکو مالک نے اپنی ذاتی ملک سے نکالکر اللہ عزوجل کی ملکیت میں دیا ہے پس ثابت ہوا کہ یہ اوس تصرف کی نظیر ہے کہ جسکے اندر شئی کو اپنی ملک سے نکالکر اللہ عزوجل کی ملک میں داخل کیا گیا ہو پس جسطرح اوس تصرف میں قول کے ساتھ قبضہ کی ضرورت نہیں اسی طرح اوقاف کے اندر (بھی) قول کے ساتھ قبضہ کی ضرورت نہیں اور ایک دلیل اور ہے وہ یہ کہ اگر قبضہ کو ہم لازم قرار دیں تو بجز اسکے نہیں کہ قبضہ کریگا اوس چیز کا کہ جسکا بوجہ وقف مالک نہیں اسلئے اوسکا قبض کرنا اور نہ کرنا دونوں برابر ہیں لہٰذا ہمارے بیان مذکور سے امام ابو یوسف رحمتہ اللہ علیہ کا مذہب ثابت ہوا +

کتاب الرھن

کتاب رہن (یعنے گرو رکھنے کے) بیان میں

بَابُ - رُكُوبِ الرَّهْنِ وَاسْتِعْمَالِهِ وَشُرْبِ لَبَنِهِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ

أخبرنا زكريا ابن أبي زائدة عن الشعبي عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الظهر يركب بنفقته إذا كان مرهوناً ولبن الدر يشرب بنفقته إذا كان مرهوناً **قال** أبو جعفر فذهب قوم إلى أن للراهن أن يركب الرهن بحق نفقته عليه ويشرب لبنه أيضاً بحق نفقته عليه واحتجوا في ذلك بهذا الحديث (قول) **ترجمہ** باب گرو رکھی ہوئی (سواری یا جانور) پر سوار ہونے اور اوسکے استعمال کرنے اور اوسکے دودھ پینے کے احکام میں حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو زکریا ابن ابی زائدہ نے وہ روایت کرتے ہیں شعبی سے وہ ابو ہریرہؓ سے وہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا پشت پر سوار ہوا جائے اوسکے خرچ کے عوض جب وہ گرو رکھی ہوئی ہو اور دودھ تھن کا پیا جائے اوسکے خرچ کے عوض جب وہ گرو رکھا ہوا ہو ابو جعفر (طحاوی) نے کہا ایک گروہ اسطرف گیا ہے کہ گرو رکھنے والیکو گرو رکھی ہوئی چیز پر سوار ہونا درست ہی بوجہ اسکے کہ وہ اوسپر خرچ کرتا ہی اور اوسکا دودھ پینا بھی درست ہے اوسکے خرچ کرنے کے حق کے بدلہ اور اس بارہ میں اس حدیث (مذکور) کے ساتھہ دلیل پکڑتے ہیں

(ر) **وخالفهم** في ذلك آخرون فقالوا ليس للراهن أن يركب الرهن ولا يشرب لبنه وهو رهن معه وليس له أن ينتفع منه بشيء **وكان** من الحجة لهم على أهل المقالة الأولى أن هذا الحديث الذي احتجوا به حديث مجمل لم يبين فيه من الذي يركب ويشرب اللبن فمن أين جاز لهم أن يجعلوه الراهن دون أن يجعلوه المرتهن هذا لا يكون لأحد إلا بدليل يدل له على ذلك إما من كتاب أو سنة أو إجماع **وقد** صح ذلك فقد روى هذا الحديث هشيم وبين فيه ما لم يبين يزيد بن هرون **حدثنا** أحمد بن داود قال ثنا إسمعيل بن سالم الصائغ قال ثنا هشيم عن زكريا عن الشعبي عن أبي هريرة ذكر أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إذا كانت الدابة مرهونة فعلى المرتهن علفها ولبن الدر يشرب وعلى الذي يشرب نفقتها ويركب **فدل** هذا الحديث أن المعني بالركوب وشرب اللبن في الحديث الأول هو المرتهن لا الراهن فجعل ذلك له وجعلت النفقة عليه بدلاً مما يتعوض منه مما ذكرنا (ترجمہ) اور اس بارہ میں دوسرے لوگون نے مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ گرو رکھنے والیکو گرو رکھی ہوئی چیز پر سوار ہونا جائز نہیں اور نہ اوسکا دودھ پینا (بلکہ دودھ بھی) اوسکے ساتھ گرو ہوگا اور جائز نہیں اوسکے لئے کہ نفع حاصل کرے اوس سے کچھ اور ان لوگوں کے لئے پہلے قول والوں پر یہ حجت ہے کہ یہ حدیث (مذکور) جسکے ساتھ انہوں نے دلیل پکڑی حدیث مجمل ہے کہ اوسمیں یہ بیان نہیں کیا گیا کہ کون شخص ہے وہ جو سوار ہو اور دودھ پیوے تو کہاں سے جائز ہو سکتا ہے اونکے لئے یہ کہ ٹھیرادیں وہ شخص گرو رکھنے والا نہ یہ کہ ٹھیرادیں وہ شخص اوسکو جسکے پاس گرو رکھا جاتا ہے اور یہ جائز نہیں ہو سکتا کسیکو مگر کسی ایسی دلیل کے ساتھ جو اسپر دلالت کرے یا قرآن مجید یا حدیث یا اجماع امت اور باایں ہمہ پس بیشک روایت کیا ہے حدیث مذکور کو ہشیم رضی اللہ عنہ نے اور اوس مین وہ بات بیان کی ہے جسکو یزید بن ہارون نے بیان نہیں کیا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسمٰعیل بن سالم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشیم نے وہ روایت کرتے ہیں زکریا سے وہ شعبی سے وہ ابو ہریرہؓ سے ذکر کیا کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب چوپایہ گرو رکھا ہوا ہو تو گرو رکھنے والے پر اوسکی خوراک ہے اور دودھ تھن کا پیا جائے اور اوسپر جو پیوے خرچ اوسکا ہے اور نہی سوار ہو پس اس حدیث نے دلالت کی کہ مراد سوار ہونے (والے) اور دودھ پینے (والے) سے پہلی حدیث میں وہ شخص ہے جسکے پاس گرو رکھا گیا ہو نہ وہ جس نے گرو رکھا ہو لہذا یہ اوسیکا حق ہوگا اور خرچ اوسپر لازم

ہوگا بدلہ ہیں اوسکے جو خرچ کا عوض وہ حاصل کریگا جسکا ذکر ہم نے پہلے کیا **وَكَانَ** هٰذَا عِنْدَنَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ فِيْ وَقْتِ مَا كَانَ الرِّبٰوا مُبَاحًا وَلَمْ يُنْهَ حِيْنَئِذٍ عَنِ الْقَرْضِ الَّذِيْ يَجُرُّ مَنْفَعَةً وَّلَا عَنْ اَخْذِ الشَّيْءِ بِالشَّيْءِ وَاِنْ كَانَا غَيْرَ مُتَسَاوِيَيْنِ ثُمَّ حُرِّمَ الرِّبٰوا بَعْدَ ذٰلِكَ وَحُرِّمَ كُلُّ قَرْضٍ جَرَّ نَفْعًا وَاَجْمَعَ اَهْلُ الْعِلْمِ اَنَّ نَفَقَةَ الرَّهْنِ عَلَى الرَّاهِنِ لَا عَلَى الْمُرْتَهِنِ وَاَنَّهُ لَيْسَ لِلْمُرْتَهِنِ اِسْتِعْمَالُ الرَّهْنِ **فَمِمَّا** رُوِيَ فِيْ نَسْخِ الرِّبٰوا مَا حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتِ الْاٰيَاتُ الَّتِيْ فِيْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهُنَّ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ حَرَّمَ التِّجَارَةَ فِيْ بَيْعِ الْخَمْرِ **حَدَّثَنَا** اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهٗ **فَلَمَّا** حُرِّمَ الرِّبٰوا حُرِّمَتْ اَشْكَالُهٗ كُلُّهَا وَرُدَّتِ الْاَشْيَاءُ الْمَاْخُوْذَةُ اِلٰى اَبْدَالِهَا الْمُسَاوِيَةِ لَهَا وَحُرِّمَ بَيْعُ اللَّبَنِ فِي الضُّرُوْعِ فَدَخَلَ فِيْ ذٰلِكَ النَّهْيُ عَنِ النَّفَقَةِ الَّتِيْ يَمْلِكُ بِهَا الْمُنْفِقُ لَبَنًا فِي الضُّرُوْعِ وَتِلْكَ النَّفَقَةُ فَغَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلٰى مِقْدَارِهَا وَاللَّبَنُ كَذٰلِكَ اَيْضًا فَارْتَفَعَ بِنَسْخِ الرِّبٰوا اَنْ تَجِبَ النَّفَقَةُ عَلَى الْمُرْتَهِنِ بِالْمَنَافِعِ الَّتِيْ يَجِبُ لَهٗ عِوَضًا مِّنْهَا وَبِاللَّبَنِ الَّذِيْ يَحْتَلِبُهٗ فَيَشْرَبُهٗ (ترجمہ)

اور تہا یہ حکم ہمارے نزدیک اور اللہ زیادہ جانتا ہے اوسوقت کہ جب سود مباح تہا اور نہیں منع کیا گیا تھا اوسوقت تک اوس قرض سے جو پہنچے نفع کو اور نہ کسی چیز کو کسی چیز کے بدلہ لینے سے اگرچہ دونوں برابر نہ ہوں پہر اسکے بعد سود حرام کردیا گیا اور حرام کردیا گیا ہر وہ قرض جو پہنچے نفع کو اور اہل علم کا اسپر اتفاق ہے کہ خرچ گرو کی شی کا گرو رکہنے والے پر ہے نہ اوسپر جسکے پاس گرو رکہی گئی ہے اور اسپر کہ جو اپنے پاس گرو رکہنے والا ہے اوسکو گرو کی ہوئی چیز کا استعمال جائز نہیں پس بعض اون احادیث میں سے جو سود کے منسوخ ہوتے میں روایت کی گئیں وہ ہے جسکو بیان کیا ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالرحمن بن زیاد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے وہ روایت کرتے ہیں منصور سے اور اعمش سے وہ دونوں مسروق سے وہ حضرت عائشہ رض سے کہا جب نازل ہوئیں وہ آیتیں جو اخیر سورہ بقرہ میں ہیں تو کہڑے ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم پہر اونکو لوگوں پر پڑہا پہر شراب فروخت کرنیکی تجارت کو حرام فرمادیا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی نے وہ روایت کرتے ہیں شعبہ سے کہا حدیث بیان کی مجہہ سے منصور نے وہ روایت کرتے ہیں مسلم سے وہ مسروق سے وہ عائشہ رض سے اوسکی مثل پس جبکہ سود حرام ہوگیا تو اوسکے تمام اشکال (بہی) حرام ہوگئے اور تمام اشیا جو لی جاتی ہیں لوٹادی گئیں اپنے اون بدلوں کی جانب جو اونکے ساتہہ برابر ہوں اور حرام کردی گئی بیع دودہ کی تہنوں کے اندر پس داخل ہوگئی اسمیں ممانعت اوس خرچ کی کہ مالک ہو جائے خرچ کرنے والا بوجہ اوسکے تہنوں کے اندر کے دودہ کا اور یہ خرچ پس اپنی کسی مقدار پر موقوف نہیں اور دودہ بہی اسیطرح ہے پس سود کے منسوخ ہوجانے سے یہ بات دور ہوگئی کہ اپنے پاس گرو رکہنے پر اون منافع کی وجہ سے خرچ واجب ہو جو خرچ کرنیکے عوض اوسکا حق ہیں اور اوس دودہ کی وجہ سے جو وہ دوہکر پی لے **وَيُقَالُ** لِمَنْ صَرَفَ ذٰلِكَ اِلَى الرَّاهِنِ فَجَعَلَ لَهُ اسْتِعْمَالَ الرَّهْنِ اَيَجُوْزُ لِلرَّاهِنِ اَنْ يَّرْهَنَ رَجُلًا دَابَّةً هُوَ رَاكِبُهَا فَلَا يَجِدُ بُدًّا مِّنْ اَنْ يَّقُوْلَ لَا فَيُقَالُ لَهٗ فَاِذَا كَانَ الرَّهْنُ لَا يَجُوْزُ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مُخَلًّى بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْمُرْتَهِنِ فَيَقْبِضُهٗ وَيَصِيْرُ فِيْ يَدِهٖ دُوْنَ يَدِ الرَّاهِنِ كَمَا وَصَفَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الرَّهْنَ بِقَوْلِهٖ فَرِهَانٌ

مَقْبُوضَةً فَيَقُولُ نَعَمْ فَيُقَالُ لَهٗ فَلَمَّا لَمْ يَجُزْ اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الرَّهْنَ عَلٰى مَا الرَّاهِنُ رَاكِبُهٗ لَمْ يَجُزْ ثُبُوْتُهٗ فِيْ يَدِهٖ بَعْدَ
ذٰلِكَ رَهْنًا بِحَقِّهٖ اِلَّا لِذٰلِكَ اَيْضًا لِاَنَّ دَوَامَ الْقَبْضِ لَا بُدَّ مِنْهُ فِي الرَّهْنِ اِذْ كَانَ الرَّهْنُ اِنَّمَا هُوَ احْتِبَاسُ الْمُرْتَهِنِ
لِلشَّيْءِ الْمَرْهُوْنِ بِالدَّيْنِ وَفِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا مَا يَمْنَعُ الْمُرْتَهِنَ مِنِ اسْتِخْدَامِ الْاَمَةِ الرَّهْنِ لِاَنَّهَا تَرْجِعُ بِذٰلِكَ اِلٰى
حَالٍ لَا يَجُوْزُ عَلَيْهَا اِسْتِقْبَالُ الرَّهْنِ **وَحُجَّةٌ** اُخْرٰى اَنَّهُمْ قَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ الْاَمَةَ الرَّهْنَ لَيْسَ لِلرَّاهِنِ اَنْ
يَّطَأَهَا وَلِلْمُرْتَهِنِ مَنْعُهٗ مِنْ ذٰلِكَ فَكَمَا كَانَ الْمُرْتَهِنُ يَمْنَعُ الرَّاهِنَ بِحَقِّ الرَّهْنِ مِنْ وَطْيِهَا كَانَ لَهٗ اَيْضًا اَنْ يَّمْنَعَهٗ
بِحَقِّ الرَّهْنِ مِنِ اسْتِخْدَامِهَا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

(ترجمہ) اور کہا جائے اوس سے جو پھیرتا ہے اس (حدیث یا حکم) کو دوسرے کے پاس گرو رکھنے والے کیطرف اور جائز کرتا ہے اوسکے لئے استعمال گرو رکھی ہوئی شی کا (یہ کہ) آیا درست ہی گرو رکھنے والے کیلئے یہ کہ گرو رکھے کسی آدمی کے پاس کوئی چوپایہ جبکہ وہ سوار ہو پس نہ پائیگا وہ چارہ اس سے کہ کہے نہیں لہذا اوس سے کہا جائیگا کہ جب گرو رکھنا جائز نہیں مگر اوس وقت کہ گرو رکھی ہوئی چیز اور جسکے پاس گرو رکھی گئی اون دونوں کے درمیان تنہائی کردی گئی ہو تو پس وہی شخص اوسپر قابض ہوجائیگا اور وہ چیز اوسکے ہاتھ میں آئیگی نہ گرو رکھنے والے کے ہاتھ میں جیسا کہ خداتعالےٰ نے بیان فرمایا اپنے اس قول سے کہ فَرِهَانٌ مَّقْبُوْضَةٌ پس وہ جواب میں کہیگا ہاں تب اوس سے (پھر) کہا جائیگا کہ جب یہ درست نہیں کہ گرو اوس چیز کا ابتداءً صحیح ہو جسپر گرو رکھنے والا سوار ہے تو اسکے بعد گرو ہنکر اوس شخص کے ہاتھ اوس چیز کا باقی رہنا بوجہ اوسکے حق کے کیونکر درست ہوسکتا ہے اسیوجہ (مذکور) سے کیونکہ گرو میں قبضہ کا ہمیشہ رہنا ضروری ہے اسلئے کہ گویا گرو رکھنا اپنے پاس گرو رکھنے والے کا گرو رکھی ہوئی چیز کو اپنے قرضہ کے بدلہ بند کرلینا ہے اور اسکے اندر بھی وہ بات پائی جاتی ہے جو اپنے پاس گرو رکھنے والے کو گرو کی لونڈی سے خدمت لینے کو منع کرتی ہے اسلئے کہ وہ لونڈی اسوجہ سے ایسے حال کیطرف لوٹ جائیگی کہ اوسکی بناپر گرو ابتداءً نادرست ہی ہو اور ایک اور دلیل ہے وہ یہ کہ علماء کا اتفاق ہی کہ گرو رکھی ہوئی لونڈی سے گرو رکھنے والیکو ہم بستری ناجائز ہے اور جسکے پاس گرو رکھی ہے اوسکو حق ہے کہ گرو رکھنے والیکو اس (ہم بستری) سے روکے پس جسطرح اپنے پاس گرو رکھنے والا حق گرو کی وجہ سے اوسکے ساتھ ہم بستر ہونے سے منع کرسکتا ہے اسیطرح اوسکو یہ بھی جائز ہونا چاہئے کہ گرو رکھنے والے کو حق گرو کی وجہ سے اوس سے خدمت لینے کو منع کرے اور یہی قول امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے

وَقَدْ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا
اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَا يُنْتَفَعُ مِنَ الرَّهْنِ بِشَيْءٍ **فَهٰذَا**
الشَّعْبِيُّ يَقُوْلُ هٰذَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا ذَكَرْنَا فَيَجُوْزُ عَلَيْهِ
اَنْ يَّكُوْنَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُحَدِّثُهٗ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ ثُمَّ يَقُوْلُ هُوَ بِخِلَافِهٖ وَلَمْ
يَثْبُتِ النَّسْخُ عِنْدَهٗ فَلَئِنْ كَانَ ذٰلِكَ فَلَقَدْ صَارَ مُتَّهَمًا فِيْ رَاْيِهٖ وَاِذَا كَانَ مُتَّهَمًا فِيْ رَاْيِهٖ كَانَ مُتَّهَمًا فِيْ رِوَايَتِهٖ وَاِذَا ثَبَتَ
لَهُ الْعَدَالَةُ فِيْ رِوَايَتِهٖ ثَبَتَ لَهُ الْعَدَالَةُ فِيْ تَرْكِ خِلَافِهَا وَاِنْ وَجَبَ سُقُوْطُ اَحَدِ الْاَمْرَيْنِ وَجَبَ سُقُوْطُ
الْاٰخَرِ وَالْحُجَّةُ عَلَيْنَا بِحَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا اَبْطَلُ مِمَّنْ رَوٰى حَدِيْثًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ هُوَ عَلٰى تَاْوِيْلِهٖ فَكَانَ يَجِيْءُ عَلٰى اَصْلِهٖ وَبَيْرَ سُنَّةٍ فِيْ قَوْلِهٖ اَنْ يَّقُوْلَ لَمَّا قَالَ الشَّعْبِيُّ مَا ذَكَرْنَا
مِمَّا يُخَالِفُ مَا رُوِيَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ ذٰلِكَ دَلِيْلًا

علے نسخہ (ترجمہ) اور ہم سے حدیث بیان کی فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حسن بن صالح نے وہ روایت کرتے ہیں اسمٰعیل بن ابی خالد سے وہ شعبی سے کہا نہ نفع لیا جائے گرو کی چیز سے کچھ پس یہ شعبی ہیں جو اسطرح فرماتے ہیں اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کہ نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے انہوں نے وہ روایت کی جو ہم بیان کر چکے تو اس بنا پر جائز ہے کہ ابو ہریرہ رض شعبی سے یہ حدیث بیان کرتے ہوں پھر وہ اس حدیث کے خلاف اپنا مذہب رکھتے ہوں حالانکہ منسوخیت اونکے نزدیک ثابت نہ ہوئی ہو تو اگر ایسا ہو تو وہ اپنی رائے میں متہم ہوئے اور جب اپنی رائے میں متہم ہوئے تو اپنی روایت میں بھی متہم ہوئے اور جب کہ روایت میں اونکی عدالت ثابت ہی تو اس روایت کے خلاف کو ترک کرتے ہیں (یہی) عدالت ثابت ہونی چاہیئے اور اگر ان دونوں امروں میں سے ایک کا ساقط ہونا واجب ہے تو دوسرے کا ساقط ہونا بھی ضروری ہے اور جو شخص حضرت ابو ہریرہؓ کی اس حدیث سے ہم پر احتجاج کرتا ہے وہ یہ (بھی) کہتا ہے کہ جو شخص کسی حدیث کو نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت کرے پس وہ اسکی تاویل (معنے و مطلب) زیادہ جانتا ہے پس آئے وہ اپنی اصل (قاعدہ) پر اور لازم ہے اوسکو کہے کہ جبکہ شعبی کا وہ قول ہے جو انہوں نے ذکر کیا بر خلاف اوس کے جو انہوں نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی تو یہ اوسکے منسوخ ہو جانیکی دلیل ہوئی

بَابُ الرَّهْنِ يَهْلِكُ فِي يَدِ الْمُرْتَهِنِ كَيْفَ حُكْمُهُ

باب گرو چیز کے بیان میں جو مرتہن کے ہاتھ میں ہلاک ہو جائے تو اسکا کیا حکم ہے۔

حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّهُ سَمِعَ مَالِكًا وَيُونُسَ وَابْنَ اَبِي ذِئْبٍ يُحَدِّثُوْنَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُغْلَقُ الرَّهْنُ قَالَ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ كَانَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ الرَّهْنُ لِصَاحِبِهٖ غُنْمُهٗ وَعَلَيْهِ غُرْمُهٗ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَسُلَيْمٰنَ بْنِ مُوْسٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُغْلَقُ الرَّهْنُ **قَالَ** اَبُوْ جَعْفَرٍ فَقَالَ قَائِلٌ فَلَمَّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُغْلَقُ الرَّهْنُ لِصَاحِبِهٖ غُنْمُهٗ وَعَلَيْهِ غُرْمُهٗ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الرَّهْنَ لَا يَضِيْعُ بِالدَّيْنِ وَاَنَّ لِصَاحِبِهٖ غُنْمَهٗ وَهُوَ سَلَامَتُهٗ وَعَلَيْهِ غُرْمُهٗ وَهُوَ غُرْمُ الدَّيْنِ بَعْدَ ضَيَاعِ الرَّهْنِ **وَهٰذَا** تَاْوِيْلٌ قَدْ اَنْكَرَهٗ اَهْلُ الْعِلْمِ جَمِيْعًا بِاللُّغَةِ وَزَعَمُوْا اَنْ لَا وَجْهَ لَهٗ عِنْدَهُمْ **وَالَّذِيْ** حَمَلَنَا عَلٰى اَنْ نَّاْتِيَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَاِنْ كَانَ مُنْقَطِعًا اِحْتِجَاجُ الَّذِيْ يَقُوْلُ بِالْمُسْنَدِ بِهٖ عَلَيْنَا وَدَعْوَاهُ اَنَّا خَالَفْنَاهُ وَقَدْ كَانَ يَلْزَمُهٗ عَلٰى اَصْلِهٖ لَوْ اَنْصَفَ خَصْمَهٗ اَنْ لَّا يَحْتَجَّ بِمِثْلِ هٰذَا اِذَا كَانَ مُنْقَطِعًا وَهُوَ لَا يَقُوْمُ الْحُجَّةُ عِنْدَهٗ بِالْمُنْقَطِعِ (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ انہوں نے سنا مالک اور یونس اور ابن ابی ذئب کو کہ وہ حدیث بیان کرتے تھے ابن شہاب سے وہ ابن مسیب سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا نہ بندی جائے گرو رکھی ہوئی شی کہا یونس بن یزید نے کہا ابن شہاب نے اور تھے ابن مسیب فرماتے کہ گرو کی ہوئی چیز اوسکے مالک کے لئے اوسکا نفع ہے اور اوسی پر اوسکا تاوان ہے حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یوسف بن عدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن ادریس نے وہ روایت کرتے ہیں ابن جریج سے وہ عطاء اور سلیمان بن موسیٰ سے فرمایا رسول خدا صلے اللہ

علیہ وآلہ وسلم نے نہ بند کیا جائے گرو کی چیز کو ابو جعفر کہتے ہیں پس ایک کہنے والے نے کہا کہ جبکہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے نہ بند کیا جائے گرو کی چیز کو اوسکے مالک کے لئے اوسکا نفع ہے اور اوسی پر اوسکا تاوان تو اس سے
یہ ثابت ہوا کہ گرو کی چیز قرض کے بدلہ ضائع نہ ہوگی اور بیشک اوسکے مالک کے لئے اوسکا نفع ہے اور وہ اوسکا صحیح سالم
رہنا ہے اور اوسی پر اوسکا تاوان ہے اور وہ قرضہ کا تاوان ہے بعد ضائع ہوجانے گرو کی شی کے اور یہ ایک معنے ہیں
جسکا تمام اہل لغت انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اونکے نزدیک اس معنے کی کوئی صورت نہیں اور وہ شی جس نے ہمکو
اسپر آمادہ کیا کہ اس حدیث کو لاویں اگرچہ منقطع ہے حجت پکڑنا اوس شخص کا ہے جو اسکا قول کرتا ہے اور ہم پر اسکو پیش کرنا
اور اوسکا یہ دعوی ہی کہ ہم نے اوسکی مخالفت کی ہے حالانکہ اوسکو اپنے اصول کے مطابق لازم تہا اگر اپنے مقابل سے
انصاف کرتا کہ اس حدیث سے استدلال لاتا جبکہ وہ منقطع ہے اور مقابل کے نزدیک حدیث منقطع کے ساتھ حجت
قائم نہیں ہوسکتی (قوله) **فَاِنْ قَالَ** اِنَّمَا قَبِلْتُهُ وَاِنْ كَانَ مُنْقَطِعًا لِاَنَّهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَمُنْقَطِعُ سَعِيْدٍ
يَقُوْمُ مَقَامَ الْمُتَّصِلِ **قِيْلَ لَهُ** وَمَنْ جَعَلَ لَكَ اَنْ تَخُصَّ سَعِيْدًا بِهٰذَا وَتَمْنَعَ مِنْهُ مِثْلَهُ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ
مِثْلَ اَبِيْ سَلَمَةَ وَالْقَاسِمِ وَسَالِمٍ وَعُرْوَةَ وَسُلَيْمٰنَ بْنِ يَسَارٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَاَمْثَالِهِمْ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ
وَالشَّعْبِيِّ وَاِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ وَاَمْثَالِهِمَا رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَالْحَسَنِ وَابْنِ سِيْرِيْنَ وَاَمْثَالِهِمَا
رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ وَكَذٰلِكَ مَنْ كَانَ فِيْ عَصْرِ مَنْ ذَكَرْنَا مِنْ سَائِرِ فُقَهَاءِ الْاَمْصَارِ رَحْمَةُ
اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَمَنْ كَانَ فَوْقَهُمْ مِنَ الطَّبَقَةِ الْاُوْلٰى مِنَ التَّابِعِيْنَ مِثْلَ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ وَعَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ
وَعُبَيْدَةَ وَشُرَيْحٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ لَئِنْ كَانَ هٰذَا لَكَ مُطْلَقًا فِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ فَاِنَّهُ مُطْلَقٌ لِغَيْرِكَ
فِيْمَنْ ذَكَرْنَا وَاِنْ كَانَ غَيْرُكَ مَمْنُوْعًا مِنْ ذٰلِكَ فَاِنَّكَ مَمْنُوْعٌ مِنْ مِثْلِهِ لِاَنَّ هٰذَا تَحَكُّمٌ وَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ
يَحْكُمَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ بِالتَّحَكُّمِ **وَقَدْ** قَالَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ تَاوِيْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
غَيْرَ مَا ذَكَرْتَ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِيْمَا اَعْلَمُ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فَقَدْ دَخَلَ فِيْمَا كَانَ اَجَازَهُ لِيْ
قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ قَالَ ثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِيْ رَجُلٍ - دَفَعَ اِلٰى رَجُلٍ رَهْنًا وَاَخَذَ مِنْهُ
دَرَاهِمَ وَقَالَ اِنْ جِئْتُكَ بِحَقِّكَ اِلٰى كَذَا وَكَذَا وَاِلَّا فَالرَّهْنُ لَكَ بِحَقِّكَ فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ لَا يَغْلَقُ الرَّهْنُ
قَالَ اَبُوْ عُبَيْدٍ فَجَعَلَهُ جَوَابًا لِمَسْاَلَتِهٖ **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْ طَاوُسٍ نَحْوٌ مِنْ هٰذَا بَلَغَنِيْ ذٰلِكَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ
عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ قَالَ اَبُوْ عُبَيْدٍ وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُفْيَانَ
بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهُمَا كَانَا يُفَسِّرَانِهٖ عَلٰى هٰذَا التَّفْسِيْرِ يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ
مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ بِذٰلِكَ اَيْضًا (ترجمہ) پس اگر وہ کہے کہ میں نے اسحدیث کو قبول کرلیا ہے اگرچہ یہ منقطع
ہے کیونکہ یہ سعید بن مسیب سے مروی ہے اور سعیدؒ کی منقطع حدیث قائم مقام متصل کے ہے تو اوسکو جواب
دیا جاویگا کہ کس نے کردیا تمکو ایسا کہ مخصوص کرتے ہو تم یہ بات سعیدؒ کے ساتھ اور اہل مدینہ سے تم اس جیسی
حدیث کا انکار کرتے ہو مثلاً ابو سلمہ اور قاسم اور سالم اور عروہ اور سلیمان بن یسار رحمۃ اللہ علیہم اور انکی مانند اور
اہل مدینہ سے اور شعبی اور ابراہیم نخعی اور انکی مانند رحمۃ اللہ علیہم اہل کوفہ سے اور مثلاً حسن اور ابن سیرین اور انکی مانند
رحمۃ اللہ علیہم اہل بصرہ سے اور اسیطرح جو ہون مذکورین کے اہل زمان شہرون کے فقیہون سے (اسیطرح) وہ جو

اونسے اوپر گے ہیں تابعین کے پہلے طبقہ میں مثلاً علقمہ اور اسود اور عمرو بن شرجیل اور عبیدہ اور شریح رحمۃ اللہ علیہم اجمعین
اگر تمہارے لئے یہ (منقطع کو متصل کے قائم مقام کرنا) سعید بن مسیّب کی ہر حدیث میں مطلقاً درست ہے تو تمہارے
سوا دوسرں کیلئے یہ حکم اُن حضرات میں مطلقاً درست ہے جو ہم نے ذکر کئے اور اگر تمہارے سوا کو اسکی اجازت نہیں
تو تم کو بھی اس جیسی بات کی اجازت نہ ہوگی کیونکہ یہ ہٹ دھرمی ہے اور کسیکو حق نہیں کہ اللہ کے دین میں ہٹ دھرمی
کا حکم دے اور اہل علم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول مذکور کے ایک اور معنے بیان کئے ہیں سوا اوسکے
جو تم نے کئے حدیث بیان کی ہم سے علی بن عبد العزیز نے جیسا کہ میں جانتا ہوں پس اگر یہ نہ ہو (کہ انہوں نے حدیث
بیان کی ہو) تو یہ حدیث اون احادیث میں داخل ہے جنکی اجازت انہوں نے مجھ کو دی ہے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عبید نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے جریر نے وہ روایت کرتے ہیں مغیرہ سے وہ ابراہیم سے اوس شخص کے بارہ میں جس نے دوسرے شخص کے پاس کوئی
چیز گرو رکھی، وراوس سے کچھ دراہم لے لئے اور یہ کہہ دیا کہ اگر میں تیرا حق فلاں مدت تک لادوں تو فبہا ورنہ گرو کی چیز
تیری ہے تیرے قرضہ کے بدلہ تو ابراہیم نے فرمایا کہ گرو کی ہوئی چیز ضبط نہیں کی جاسکتی ابو عبید نے کہا پس ٹھیرایا اس
قول کو جواب اوسکے سوال کا اور طاؤس سے اسکی مثل روایت کیا گیا ہے پہونچا ہے مجھکو یہ ابن علیہ سے اونکو عمرو سے
اونکو طاؤس سے کہا ابو عبید نے اور خبر دی ہے مجھکو عبد الرحمن بن مہدی نے وہ روایت کرتے ہیں مالک بن انس سے
اور سفیان بن سعید سے کہ وہ دونوں اس حدیث کے یہی معنے بیان کرتے تھے حدیث بیان کی ہم سے یونس بن عبد الاعلیٰ
نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے وہ روایت کرتے ہیں مالک بن انسؓ سے اسیطرح نیز (قولہ) **حدثنا** فہد قال
ثنا ابو الیمان قال اخبرنا سفیان عن الزھری قال قال سعید بن المسیب قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لا تغلق الرھن **فبذلک** یمنع صاحب الرھن ان یبتاعہ من الذی رھنہ عندہ حتی یباع من غیرہ
فذھب الزھری ایضا فی ذلک الغلق الی انہ فی البیع لا فی الضیاع فھؤلاء المتقدمون یقولون بما ذکرنا **وقد**
روی عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی ھذا ایضا **ما قد** حدثنا محمد بن خزیمۃ قال ثنا عبید اللہ بن محمد
التیمی قال اخبرنا عبد اللہ بن المبارک قال ثنا مصعب بن ثابت عن عطاء بن ابی رباح ان رجلا ارتھن فرسا
فمات الفرس فی ید المرتھن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذھب حقک **فدل** ھذا من
قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بطلان الدین بضیاع الرھن **فان قال** ھذا منقطع قیل لہ والذی
تاولتہ ایضا منقطع فان کان المنقطع حجۃ لک علینا فالمنقطع ایضا حجۃ لنا علیک **وقد** روی عن رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من جھۃ اخری ما یوافق ذلک ایضا **حدثنا** ابو العوام محمد بن عبد اللہ بن
عبد الجبار المرادی قال ثنا خالد بن نزار الایلی قال حدثنی عبد الرحمن بن ابی الزناد عن ابیہ قال کان من
ادرکت من فقھائنا الذین ینتھی الی قولھم منھم سعید بن المسیب وعروۃ بن الزبیر والقاسم بن محمد وابوبکر بن
عبد الرحمن وخارجۃ بن زید وعبید اللہ بن عبد اللہ فی مشیخۃ من نظرائھم اھل فقہ وصلاح وفضل
فذکر جمیع ما جمع من اقاویلھم فی کتابہ علی ھذہ الصفۃ انھم قالوا الرھن بما فیہ اذا ھلک وعمیت قیمتہ
ویرفع ذلک منھم الثقۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ابو یمان نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے وہ روایت کرتے ہیں زہری سے کہا کہا سعید بن مسیب نے

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ بند کی جائی گرو کی چیز پس اسی سے منع کیا جاتا ہے گرو والا اس سے کہ روکے اوسکو اوس شخص سے جس نے اوسکے پاس اوس چیز کو گرو رکھا ہے حتی کہ وہ دوسرے کسی شخص کے ہاتھ (پہلے) فروخت کر دی جائے پس زہری بھی اسطرف گئے کہ یہ بند رکھنا بیع کے بارہ میں ہے نہ ہلاک ہو جانیکے بارہ مین پس یہ متقدمین حضرات ہیں جو یہ کہتے ہیں جنکا ذکر ہم کر چکے اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی اسکے بارہ میں مروی ہے کہ حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبید اللہ بن محمد تیمی نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مصعب بن ثابت نے وہ روایت کرتے ہیں عطاء بن ابی رباح سے کہ ایک شخص نے ایک گھوڑا گرو رکھا پھر گھوڑا اوسکے پاس مر گیا جسنے اپنے پاس اوسکو گرو رکھا تھا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تیرا قرضہ جاتا رہا لہذا اس قول رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گرو کی چیز کے ضائع ہو جانے کی وجہ سے قرضہ کے باطل ہونے پر دلالت کی پس اگر وہ کہے کہ یہ منقطع ہے تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ اور وہ معنے جو تم نے بیان کئے وہ بھی منقطع ہے لہذا اگر منقطع تیری لئے ہم پر حجت ہی تو منقطع ہمارے لئے بھی تجہ پر حجت ہوگی اور بیشک رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی دوسرے طریق سے وہ معنے منقول ہیں جو ہمارے بیان کردہ معنے کے موافق ہیں حدیث بیان کی ہم سے ابو عوام محمد بن عبد اللہ بن عبد الجبار مرادی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خالد بن نزار ایلی نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے عبد الرحمن بن ابو الزناد نے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہا جن فقہاء کو میں نے پایا کہ اونکے قول پر انتہا کی جاتی ہے اور منجملہ اونکے سعید بن مسیب ہیں اور عروہ بن زبیر اور قاسم بن محمد اور ابو بکر بن عبد الرحمن اور خارجہ بن زید اور عبید اللہ بن عبد اللہ بہ نسبت اپنے ساتھیوں کے اہل فقہ اور اہل صلاح والفضل ہیں پھر ذکر کیا تمام اون اقوال کو جو انہون نے اپنی کتاب میں اس صفت کے ساتھ بیان کئے کہ اون سبھون نے کہا گرو کی چیز مقابلہ میں اوس چیز کے ہے جسکے اندر وہ گرو رکھی گئی ہے جبکہ وہ ہلاک ہو جائے اور اوسکی قیمت مجہول ہو اور اس قول کو اونہیں کے قابل اعتماد لوگ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اٹھاتے ہیں (قولہ) **فهؤلاء** أَئِمَّةُ الْمَدِينَةِ وَفُقَهَاؤُهَا يَقُولُونَ إِنَّ الرَّهْنَ يَهْلِكُ بِمَا فِيهِ وَيَرْفَعُهُ الثِّقَةُ مِنْهُمْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَأَيُّهُمْ مَا حَكَاهُ فَهُوَ حُجَّةٌ لِأَنَّهُ فَقِيهٌ إِمَامٌ ثُمَّ قَوْلُهُمْ جَمِيعًا بِذٰلِكَ وَإِجْمَاعُهُمْ عَلَيْهِ فَقَدْ ثَبَتَ بِهِ صِحَّةُ ذٰلِكَ أَيْضًا عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَهُوَ الْمَأْخُوذُ عَنْهُ قَوْلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا يُغْلَقُ الرَّهْنُ **وَقَدْ** زَعَمَ هٰذَا الْمُخَالِفُ لَنَا أَنَّ مَنْ رَوَى حَدِيثًا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ أَعْلَمُ بِتَأْوِيلِهِ حَتّٰى قَالَ فِي حَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا الَّذِي رَوَاهُ سَيْفٌ لَنَا عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ قَالَ عَمْرٌو فِي الْأَمْوَالِ **فَجَعَلَ** هُوَ قَوْلَ عَمْرٍو فِي هٰذَا حُجَّةً وَدَلِيلًا لَهُ أَنَّ ذٰلِكَ الْحُكْمَ فِي الْأَمْوَالِ دُونَ سَائِرِ الْأَشْيَاءِ فَلَئِنْ كَانَ قَوْلُ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ هٰذَا تَأْوِيلُهُ يَجِبُ بِهِ حُجَّةٌ فَإِنَّ قَوْلَ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ الَّذِي ذَكَرْنَا وَتَأْوِيلَهُ فِيمَا رَوَى أَحْرٰى أَنْ يَكُونَ حُجَّةً وَهٰذَا الْمُخَالِفُ لَنَا قَدْ زَعَمَ أَنَّهُ يَقُولُ بِالْاِتِّبَاعِ فَعَنْ أَخَذَ قَوْلَهُ هٰذَا أَوْ مَنْ إِمَامُهُ فِيهِ **وَقَدْ** رَوَيْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ خِلَافَهُ وَعَنْ تَابِعِي أَصْحَابِهِ خِلَافَهُ أَيْضًا **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْ أَئِمَّةِ أَصْحَابِهِ خِلَافُ ذٰلِكَ أَيْضًا **حَدَّثَنَا** إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ أَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ قَالَ فِي الرَّجُلِ يَرْتَهِنُ الرَّهْنَ فَيَضِيعُ

قَالَ اِنْ كَانَ بِاَقَلَّ رُدُّوْا عَلَيْهِ وَاِنْ كَانَ بِاَفْضَلَ فَهُوَ اَمِيْنٌ فِي الْفَضْلِ **حَدَّثَنَا** نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى التَّغْلِبِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ اِذَا ارْتَهَنَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ رَهْنًا فَقَالَ لَهُ الْمُعْطِيْ لَا اَقْبَلُهُ اِلَّا بِاَكْثَرَ مِمَّا اَعْطَيْتُكَ فَضَاعَ رَدَّ عَلَيْهِ الْفَضْلَ وَاِنْ رَهَنَهُ وَهُوَ اَكْثَرُ مِمَّا اَعْطٰى بِطِيْبِ نَفْسٍ مِنَ الرَّاهِنِ فَضَاعَ فَهُوَ بِمَا فِيْهِ **حَدَّثَنَا** نَصْرٌ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو اَنَّ عَلِيًّا قَالَ اِذَا كَانَ فِي الرَّهْنِ فَضْلٌ فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَهُوَ بِمَا فِيْهِ وَاِنْ لَمْ تُصِبْهُ جَائِحَةٌ وَاُتُّهِمَ فَاِنَّهُ يَرُدُّ الْفَضْلَ (ترجمہ) پس یہ حضرات مدینہ کے امام اور فقہا ہیں جو فرماتے ہیں کہ گرو کی چیز ہلاک ہوتی ہے مقابلہ میں اوسکے جسکے اندر وہ گرو رکہی گئی ہے اور اونمیں سکے قابل اعتماد لوگ اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہونچاتے ہیں پس اونمیں کا جو کچھ نقل کرے وہ حجت ہوگا اسلئے کہ وہ فقیہ ہے امام ہے پہر اون سبہون کا اسیطرح کہنا اور اون سب کا اسپر اتفاق۔ (کہ یہ تو اور بہی کافی حجت ہوگا) کیونکہ اسکا صحیح ہونا سعید بن مسیبؒ سے بہی ثابت ہے اور وہ قول وہی ہے جس سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان لیا گیا ہے کہ گرو کی چیز بند نہ کی جائے اور ہمارے اس مخالفنے یہ گمان کیا ہے کہ جو کسی حدیث کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرے تو پس وہ اوسکے معنے زیادہ جانتا ہے حتی کہ اوس نے ابن عباسؓ کی اوس حدیث میں کہا ہے جسکو ہم سے سیف نے روایت کیا وہ روایت کرتے ہیں قیس بن سعد سے اور وہ عمرو بن دینار سے وہ ابن عباسؓ سے کہ بیشک رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فیصلہ فرمایا قسم کے اوپر مع گواہ کے عمروؓ نے کہا (یعنے) اموال میں پس اوس نے عمرو کے قول کو اس بارہ میں اپنے لئے حجت اور دلیل قرار دیا کہ یہ حکم اموال میں ہے نہ باقی اشیاء میں پس اگر عمرو بن دینار کا یہ قول اوسکے معنے اور تفسیر میں تو اسکا حجت ہونا ضروری ہے کیونکہ سعید بن مسیبؒ کا وہ قول جو ہم نے ذکر کیا اور اونکی وہ تفسیر جو انہون نے روایت کی حجت ہونیکے ساتھ زیادہ لائق ہے اور ہمارے اس مخالفنے گمان کیا ہے کہ میں پیروی کرتا ہون تو پس کس سے لیا ہے اوسنے اپنا یہ قول اور اسکے اندر اوسکا امام (جسکی اوسنے تقلید پیروی کی) کون ہے اور بیشک ہم روایت کرچکے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسکے خلاف اور حضورؐ کے صحابہ کے تابعین سے اوسکا خلاف مروی ہوچکا ہے اور حضورؐ کے صحابہ میں سے جلیل القدر حضرات سے بہی اسکا خلاف مروی ہے **حدیث** بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے روایت کرتے ہیں ابو عوام سے وہ مطر سے وہ عطاء سے وہ عبید بن عمیر سے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے اوس شخص کے بارہ میں فرمایا جو کسی چیز کو گرو رکہے پہر وہ ضائع ہوجائے فرمایا اگر گرو کی ہوئی چیز کم قیمت کے بدلہ میں رکہی گئی تہی تو اوس شخص کو (بقدر زیادتی) واپس دو اور اگر زائد کے عوض رکہی گئی تہی تو وہ زائد میں امانتدار ہے **حدیث** بیان کی ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خصیب بن ناصح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ہارون نے وہ روایت کرتے ہیں اسرائیل سے وہ عبد الاعلی تغلبی سے وہ محمد بن حنفیہ سے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ جب کوئی مرد کسی کے پاس کوئی چیز گرو رکہے پس اوس سے (قرض وغیرہ) دینے والا کہے کہ نہیں قبول کرتا ہون اسکو مگر بمقابلہ زیادہ کے اوس سے جو میں تجہے دیتا ہون پہر وہ ہلاک ہوجائے تو زیادتی واپس دینی ہوگی اور اگر گرو رکہی کوئی شی حالانکہ وہ زائد ہے اوس سے جو (قرضہ) اوسکو دیا گیا ہے (اور یہ زیادہ دینا) گرو رکہنے والے کی خوشی سے تہا پس وہ ضائع ہوجائے تو وہ بمقابلہ تمام اوس (قرضہ) کے ہوگا جسکے اندر وہ چیز گرو رکہی گئی ہوگی **حدیث** بیان کی ہم

سے نصر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خصیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے وہ روایت کرتے ہیں قتادہ سے وہ خلاس سے خلاس عمرو کا بیٹا ہے کہ علی نے فرمایا کہ جب گرو کی چیز زائد ہو پھر اوسکو کوئی آفت پہونچ جائے تو وہ بمقابلہ اوسکے ہے جس میں گرو رکھی گئی ہے (اگرچہ وہ کم ہی ہے) اور اگر اوسکو کوئی آفت نہیں پہونچی بلکہ تہمت لگایا گیا تو وہ زیادتی کو واپس دے (قوله)

یُخْبِرَ بِشَهَادَتِهِ قَبْلَ اَنْ یُسْأَلَهَا قَالَ مَالِكٌ الَّذِیْ یُخْبِرُ بِشَهَادَتِهِ وَلَا یَعْلَمُ بِهَا الَّذِیْ هِیَ لَهُ اَوْ یَأْتِیْ بِهَا الْاِمَامَ فَیَشْهَدُ بِمَا عِنْدَهُ وَجَعَلَهُ خَیْرَ الشُّهَدَاءِ فَاَوْلٰی بِنَا اَنْ یُحْمَلَ الْاٰثَارُ الْاُوَلُ عَلٰی مَا وَصَفْنَا مِنْ تَاوِیْلِ كُلِّ اَثَرٍ مِنْهَا حَتّٰی لَا تَتَضَادَّ وَلَا تَخْتَلِفَ وَلَا یَدْفَعَ بَعْضُهَا بَعْضًا فَیَكُوْنُ الْاٰثَارُ الْاُوْلٰی بِنَا اَنْ یُحْمَلَ الْاٰثَارُ الْاُوَلُ عَلَی الْمَعَانِی الَّتِیْ ذَكَرْنَا وَیَكُوْنُ هٰذِهِ الْاٰثَارُ الْاُخَرُ عَلٰی تَفْضِیْلِ الْمُبْتَدِیْ بِالشَّهَادَةِ مَنْ هِیَ لَهُ اَوِ الْمُخْبِرِ بِهَا الْاِمَامَ **وَقَدْ** فَعَلَ ذٰلِكَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَتَوُا الْاِمَامَ فَشَهِدُوْا ابْتِدَاءً مِنْهُمْ اَبُوْ بَكْرَةَ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ حِیْنَ شَهِدُوْا عَلَی الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ فَرَأَوْا ذٰلِكَ لِاَنْفُسِهِمْ لَازِمًا وَلَمْ یُعَنِّفْهُمْ عُمَرُ عَلَی ابْتِدَائِهِمْ اِیَّاهُ بِذٰلِكَ بَلْ سَمِعَ شَهَادَاتِهِمْ وَلَوْ كَانُوْا فِیْ ذٰلِكَ مَذْمُوْمِیْنَ لَذَمَّهُمْ وَقَالَ مَنْ سَأَلَكُمْ عَنْ هٰذَا اَلَا قَعَدْتُمْ حَتّٰی تُسْأَلُوْا فَلَمَّا سَمِعَ مِنْهُمْ وَلَمْ یُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَیْهِمْ عُمَرُ وَلَا اَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بِحَضْرَتِهِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰی اَنَّ فَرْضَهُمْ كَذٰلِكَ وَاَنَّ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ ابْتِدَاءً لَا عَنْ مَسْأَلَةٍ مَحْمُوْدٌ (ترجمہ) اور اس (مسئلہ) میں اوس حدیث سے بہی انہوں نے استدلال کیا ہے جو بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی منصور اور سلیمان سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے عبیدہ سلمانی سے انہوں نے عبد اللہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہتر تم میں کا میرا زمانہ ہے پہر وہ جو اونکے متصل ہیں پہر وہ جو اونکے متصل ہیں پہر ایسے لوگ آئینگے کہ سبقت کریگی اونکی گواہی اونکی قسموں سے اور اونکی قسمیں اونکی گواہو سے **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن سکیت نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو معاویہ نے انہوں نے روایت اعمش سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے عبیدہ سے انہوں نے عبد اللہ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہوں نے روایت کی جویری سے انہوں نے ابو نضرہ سے انہوں نے عبد اللہ بن مولہ سے کہا میں بریدہ اسلمی کے ساتھ جاتا تھا اور وہ یہ کہہ رہے تھے کہ ابجد الاحق کر مجہکو اوس زمانہ سے کہ میں اوس سے ہوں تین بار اور میں حضور کے ساتھ تھا پس میں نے کہا اور میں (یا رسول خدا) تو دعا دی آپنے میرے لئے پہر فرمایا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے بہتر اس امت کا وہ زمانہ ہے کہ میں اون میں مبعوث ہوا ہوں پہر وہ جو اونکے متصل ہیں پہر وہ جو اوسکے متصل ہیں پہر وہ جو اونکے متصل ہیں پہر ایک گروہ آویگا کہ اونکی گواہیاں اونکی قسموں سے پیشتر ہونگی اور اونکی قسمیں اونکی گواہیوں سے **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو بکر بن ابی شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حسین بن علی جعفی نے انہوں نے زائدہ سے انہوں نے عاصم سے انہوں نے خیثمہ سے انہوں نعمان بن بشیر سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے فرمایا بہتر لوگوں کے ہمارے زمانہ کے لوگ ہیں پہر وہ جو اونکے متصل ہیں پہر وہ جو اونکے متصل ہیں پہر ایک گروہ آویگا کہ اونکی گواہیاں اونکی قسموں سے سبقت کرینگی اور اونکی قسمیں اونکی گواہیوں سے **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو غسان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو بکر بن عیاش نے انہوں نے عاصم سے پہر ذکر کیا اوسکے اسناد سے اوسکی مثل اور زیادہ کیا پہر وہ جو اونکے متصل ہیں تیسری بار پہر آویگا ایک گروہ پہر جو لوگ ان احادیث سے پہلے قول والوں کے لئے استدلال کرتے ہیں اونپر ہماری حجت یہ ہے کہ اس شہادت سے حقوق پر شہادت مراد نہیں لی اور اسکے سوا نہیں کہ مراد اوس سے شہادت ہے قسموں کے اندر اور بیشک مروی ہے وہ روایت جو اسپر دلالت کرتی ہے ابراہیم نخعی سے **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا

حدیث بیان کی ہمسے عبداللہ بن رجاء نے کہا خبردی ہمکو شیبان نے انہوں نے منصور سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے عبیدہ سے انہوں نے عبداللہ سے کہا عرض کیا ہم نے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کونسے لوگ بہتر ہیں آپنے فرمایا میری زمانہ کے پھر وہ جو اونکے متصل ہیں پھر وہ جو اونکے متصل ہیں پھر آسگا ایک گروہ کہ سبقت کریگی شہادت ایک اونکی کی اوسکی شہادت سے کہا ابراہیم نے تھے اصحاب ہمارے منع کرتے تھے ہمکو اس حال میں کہ ہم لڑکے تھے اس سے کہ قسم کہاویں شہادت اور عہد کی پس یہ قول ابراہیم دلالت کرتا ہے اسپر کہ وہ شہادت کہ مذمت فرماتی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکے صاحب کی وہ آدمی کا یہ کہنا ہے کہ اشہد باللہ (شہادت یعنے قسم کہاتا ہوں خدا کی) نہیں ہوا ایسا پس مکروہ ہے یہ جسطرح قسم مکروہ ہوتی ہے (حلف کے لفظ سے) کیونکہ آدمی کے لئے اوسکا زیادہ استعمال مکروہ ہے اگرچہ سچا ہی ہو پس منع فرمایا اوس شہادت سے جو یعنے قسم ہوتی ہے جسطرح منع فرمایا حلف سے مگر یہ کہ اوسکو قسم کہلائی جائے پس اسوقت میں وہ معذور ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپنے ارادہ فرمایا ہو شہادت مذکورہ سے قسم کہانا اوس بات پر جو نہ ہو بوجہ فرمانے آپکے کہ پھر رواج پاجائیگا جہوٹ لہذا ہوگی وہ گواہی جہوٹی گواہی اور بیشک روایت کیا گیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوس گواہ کی فضیلت میں جو ابتدا کرے ساتھ گواہی کے وہ جو بیان کیا ہمسے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہمسے ابن وہب نے کہ مالک نے حدیث بیان کی اونسے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن ابی بکر سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے عبداللہ بن عمرو بن عثمان سے انہوں نے ابو عمرہ انصاری سے انہوں نے زید بن خالد جہنی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا نہ خبر دون تمکو ساتھ بہترین گواہوں کے وہ شخص ہے کہ لاوے اپنی شہادت قبل اسکے کہ طلب کی جائے اوس سے یا خبر دی اپنے گواہ ہونیکی قبل اسکے کہ دریافت کیا جائے اوس سے مالک نے کہا وہ شخص جو خبر دے اپنے گواہ ہونیکی اور نہ جانتا ہو اسکا گواہ ہونا وہ شخص کہ گواہی اوسکے لئے مفید ہے بالا وے اوسکو امام کے پاس پس گواہی دے وہ گواہی حاکم کے پاس اور قرار دیا آپنے اوسکو بہترین گواہوں کا لہذا ہمارے لئے مناسب ہے کہ محمول کی جائیں پہلی حدیثیں اون معانی پر جو ہم بیان کر چکے تاکہ نہ ضد ہو جائیں اور نہ مختلف ہو جائیں اور نہ دفع کریں بعض اونکی بعض کو پس ہو جائینگی پہلی حدیثیں (محمول) اون معانی پر جو ہم ذکر کر چکے اور ہونگی یہ حدیثیں دوسری (محمول) اوس شخص کی فضیلت پر جو ابتداءً گواہی دینے والا ہے یا خبر دینے والا ہے اوسکو کہ گواہی اوسکے لئے مفید ہے یا خبر دینے والا ہے حاکم کو اور بیشک کیا ہے ایسا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ نے کہ آئے وہ حاکم کے پاس اور گواہی دی ابتداءً منجملہ اونکے ابو بکرہ ہیں اور وہ جو اونکی صحبت میں تھے وقت گواہی دینے کے مغیرہ بن شعبہ پر پس کہا انہوں نے اس گواہی کو اپنے اوپر لازم اور نہیں ناگواری ظاہر کی حضرت عمر نے اونکے شہادت دینے میں ابتدا کرنے پر بلکہ سنا آپنے اونکی گواہیونکو اور اگر وہ گواہ اس گواہی میں مذموم ہوتے تو البتہ مذمت کرتے حضرت عمر اونکی اور فرماتے کہ کس نے طلب کی تمسے یہ گواہی کیوں نہ بیٹھے رہے تم یہانتک کہ طلب کی جاتی تمسے پس جبکہ سنا آپنے اونسے اور انکار نہ کیا اونپر اسکا حضرت عمر نے اور نہ کسی اور نے اون صحابہ میں سے جو وہاں موجود تھے تو اسنے دلالت کی اسپر کہ یہ اونکا فرض تھا اور بیشک وہ شخص جو ایسا کرے ابتداءً بلا سوال (اور بغیر طلب کے) تو وہ قابل ستایش ہے (قولہ) **فیما** رُوِیَ فِی ذٰلِکَ مَاحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ وَسَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَا حَدَّثَنَا السَّرِیُّ بْنُ یَحْیٰی قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْکَرِیْمِ بْنُ رَشِیْدٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّہْدِیِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَشَہِدَ عَلَی الْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُعْبَۃَ فَتَغَیَّرَ لَوْنُ عُمَرَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَشَہِدَ فَتَغَیَّرَ لَوْنُ عُمَرَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَشَہِدَ فَتَغَیَّرَ لَوْنُ عُمَرَ حَتّٰی عَرَفْنَا ذٰلِکَ فِیْہِ وَاَنْکَرَ لِذٰلِکَ وَجَاءَ اٰخَرُ یُحَرِّکُ بِیَدَیْہِ فَقَالَ مَا عِنْدَکَ یَا سَلْخَ الْعِقَابِ صَاحَ اَبُوْ عُثْمَانَ صَیْحَۃً تُشْبِہُ بِہَا صَیْحَۃَ عُمَرَ حَتّٰی کَرِبْتُ

اَنْ يَغْشٰى عَلَيَّ قَالَ رَأَيْتُ اَمْرًا قَبِيحًا قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يُشْمِتِ الشَّيْطَانَ بِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ فَاَمَرَ بِاُولٰئِكَ النَّفَرِ فَجُلِدُوْا
حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ شَهِدَ عَلَى الْمُغِيْرَةِ اَرْبَعَةٌ فَنَكَلَ زِيَادُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ فَجَلَدَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الثَّلٰثَةَ وَاسْتَتَابَهُمْ فَتَابَ اِثْنَانِ وَاَبٰى اَبُوْ بَكْرَةَ اَنْ يَتُوْبَ فَكَانَ يَقْبَلُ شَهَادَتَهُمَا حِيْنَ تَابَا وَكَانَ اَبُوْ بَكْرَةَ لَا يَقْبَلُ شَهَادَتَهُ لِاَنَّهُ اَبٰى اَنْ يَتُوْبَ وَكَانَ مِثْلَ النُّصُوْمِ مِنَ الْعِبَادَةِ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الطُّفَيْلِ قَالَ اَقْبَلَ رَهْطٌ مَعَهُمْ اِمْرَاَةٌ حَتّٰى نَزَلُوْا فَتَفَرَّقُوْا فِيْ حَوَائِجِهِمْ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ مَعَ امْرَاَةٍ فَرَجَعُوْا وَهُوَ بَيْنَ رِجْلَيْهَا فَشَهِدَ ثَلٰثَةٌ مِنْهُمْ اَنَّهُمْ رَاَوْهُ يَهِبُّ كَمَا يَهِبُّ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَقَالَ الرَّابِعُ اَعْمٰى سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ لَمْ اَرَهُ يَهِبُّ فِيْهَا رَاَيْتُ سُخْتِيَهُ يَعْنِيْ خُصْيَتَيْهِ يَضْرِبَانِ اِسْتَهَا وَرِجْلَيْهَا مِثْلَ اُذُنَيْ حِمَارٍ وَعَلٰى مَكَّةَ يَوْمَئِذٍ نَافِعُ بْنُ عَبْدِ الْحَارِثِ الْخُزَاعِيُّ وَكَتَبَ اِلٰى عُمَرَ فَكَتَبَ عُمَرُ اِنْ شَهِدَ رَابِعٌ بِمِثْلِ مَا شَهِدَ الثَّلٰثَةُ فَقَدِّمْهُمَا فَاجْلِدْهُمَا وَاِنْ كَانَا مُحْصَنَيْنِ فَارْجُمْهُمَا وَاِنْ لَمْ يَشْهَدْ اِلَّا بِمَا كَتَبْتَ بِهِ اِلَيَّ فَاجْلِدِ الثَّلٰثَةَ وَخَلِّ سَبِيْلَ الرَّجُلِ قَالَ فَجَلَدَ الثَّلٰثَةَ وَخَلّٰى سَبِيْلَ الرَّجُلِ وَالْمَرْاَةِ **فَهٰؤُلَاءِ** اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَهِدَ بَعْضُهُمْ اِبْتِدَاءً وَقَبِلَهَا بَعْضُهُمْ وَحَضَرَ ذٰلِكَ اَكْثَرُهُمْ فَلَمْ يُنْكِرْ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اِتِّفَاقِهِمْ جَمِيْعًا عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى وَثَبَتَ اَنَّ مَعَانِيَ الْاٰثَارِ الْاُوَلِ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنْ مَعَانِيْهَا الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا فِيْ مَوَاضِعِهَا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ (ترجمہ) پس منجملہ اونکے جو اسبارہ میں روایت کی گئیں وہ ہے کہ حدیث بیان کی ہم سے علی بن عبدالرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عفان بن مسلم نے اور سعید بن ابی مریم نے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سری بن یحیی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالکریم بن رشید نے انہوں نے روایت کی ابوعثمان نہدی سے کہ آیا ایک شخص عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس پس گواہی دی اوس نے مغیرہ بن شعبہ پر پس متغیر ہوگیا رنگ حضرت عمر کا پھر آیا دوسرا اور گواہی دی پس بدل گیا رنگ حضرت عمر کا پھر آیا اور اور گواہی دی اوسنے تو بدل گیا پھر رنگ حضرت عمر کا یہانتک کہ پہچان لیا ہم نے اسکو اونکے چہرہ میں اور حضرت عمر کو یہ ناگوار ہوا اور آیا ایک اور جو اپنے ہاتھوں سے حرکت[له] کرتا تھا پس فرمایا عمر نے کیا ہے تیرے پاس (گواہی سے) اے دور کرنے والے عذاب (حد زنا) کے اور چیخے ابوعثمان چیخنا مثل چیخنے حضرت عمر کی (وقت اس مقدمہ کے) (اور کہا ابوعثمان نے کہ حضرت عمر نے اوسوقت ایسی چیخ ماری کہ قریب ہوگیا میں بیہوش ہونیکے (پس) کہا (چوتھے آدمی نے) کہ میں نے دیکھا فعل قبیح فرمایا (عمر نے) سب تعریف اوس خدا کیلئے ہے جسنے نہیں ہنسایا شیطان کو امت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ پھر حکم کیا گیا اوس گروہ کے کوڑے مارے جانیکا (پس کوڑے لگائے گئے) **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی مریم نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن مسلم طائفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن میسرہ نے انہوں نے روایت کی سعید بن مسیب سے کہا گواہی دی مغیرہ بن شعبہ پر چار شخصوں نے پس نکار کیا زیاد بن ابی سفیان نے پھر دا عمر بن خطاب نے تین کو حد ماری اور توبہ کرائی اونسے تو توبہ کی اونمیں سے دو نے اور انکار کیا ابو بکرہ نے توبہ کرنے سے اسلئے اون دونوں کی گواہی قبول کرتے تھے حضرت عمرؓ چونکہ انہوں نے توبہ کرلی اور ابو بکرہؓ کی گواہی قبول نہیں کرتے تھے کیونکہ انہوں نے انکار کیا توبہ سے اور ہے یہ مانند باز رہنے کی عبادت سے **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ولید بن عبداللہ بن جمیع نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابوطفیل نے کہا چلا ایک گروہ جن کے ساتھ ایک عورت (تہی) تہی یہانتک کہ مقیم ہوئے کسی جگہ پھر متفرق ہوئے اپنی حاجتوں میں

[له] یعنی اشارہ کرتا تھا ہاتھ سے انکار کیطرف واللہ اعلم ۱۲ مترجم عفی عنہ

اور پیچھے رہگیا ایک مرد اوس عورت کے ساتھ پہر لوٹے وہ اسحال مین کہ وہ مرد اوس عورت کے پاؤون کے درمیان تہا پس گواہی دی اون میں سے تین شخصون نے یہ کہ انہوں نے دیکہا اوس مرد کو کہ گہسارہا تہا جسطرح گہنتی ہے سلائی سرمہدانی میں اور چوتھے نے کہا کہ صحیح خیال کرتا ہوں میں اپنے سماع اور اپنی بینائی کو نہ دیکہا میں نے مرد کو داخل کرتے ہوئے عورت (کی پیشابگاہ میں) دیکہا میں نے مرد کے دونون خصیون کو کہ لگتے تہے عورت کے سرین اور اوسکی ٹانگو نپر مانند دولوں کانون گدھے کی اور مکہ پر اون دنون نافع بن عبد الحارث خزاعی (حاکم مقرر) تہے اور لکھا انہون نے حضرت عمر کو (یہ واقعہ) پس حضرت عمرؓ نے جواب میں لکہا کہ اگر چوتہا آدمی ویسی گواہی دے جیسی باقی تینون نے دی تو لاؤ تم ان دونون (مرد اور عورت کو) کوڑے لگاؤن میں اونکے اور اگر ہون وہ شادی شدہ تو سنگسار کرون میں اونکو اور اگر گواہی نہ دے چوتہا مگر وہ جو تم مجھے لکھ چکے تو کوڑے لگاؤ تینوں کے اور چہوڑ دو اسنہ مرد کا کہا پس کوڑے لگائے تینون کے اور چہوڑ دیا اسنہ مرد اور عورت دونون کا پس یہ لوگ صحابی ہین رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہ ان میں سے بعض نے ابتداءً (بلا طلب) گواہی دی اور اون میں کے بعض نے وہ گواہی قبول کی حالانکہ موجود تھے اس واقعہ میں اکثر صحابی پس نہ انکار کیا انہون نے ہنداد لالت کی اس نے اون سبہون کے اتفاق پر اس معنے کے اندر اور ثابت ہوا کہ پہلی حدیثون کے معنے اون معانی پر محمول ہیں جو اونکے مواقع میں ہم بیان کر چکے اور یہی قول ابو حنیفہ اور ابو یوسف اور محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے :-

بَابُ الْحَاكِمِ يَحْكُمُ بِالشَّيْءِ فَيَكُونُ فِي الْحَقِيقَةِ بِخِلَافِهِ فِي الظَّاهِرِ

باب اس بیان میں کہ حاکم حکم کرے کسی بات کا اور ہو وہ حقیقت میں خلاف ظاہر کے

حدثنا ابن ابی داود قال ثنا ابو الیمان قال انا شعیب بن ابی حمزة عن الزهری قال اخبرنی عروة بن الزبیر ان زینب ابنة ابی سلمة وامها ام سلمة اخبرته ان امها ام سلمة قالت سمع النبی صلی الله علیه وآله وسلم جلبة خصام عند بابه فخرج الیهم فقال انما انا بشر وانه یاتینی الخصم ولعل بعضکم ان یکون ابلغ من بعض فاقضی له بذلک واحسب انه صادق فمن قضیت له بحق مسلم فانما هی قطعة من النار فلیاخذها او لیدعها **حدثنا** ابن ابی داود قال ثنا عبد العزیز الاویسی قال ثنا ابراهیم بن سعد عن صالح عن ابن شهاب فذکر باسناده مثله **حدثنا** یونس قال انا ابن وهب ان مالکا حدثه عن هشام بن عروة عن ابیه عن زینب عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم انکم تختصمون الی وانما انا بشر ولعل بعضکم ان یکون الحن بحجته فاقضی له علی نحو ما اسمع منه فمن قضیت له من حق اخیه شیئا فانما اقطع له قطعة من النار فلا یاخذه **حدثنا** علی بن معبد قال ثنا عبد الوهاب بن عطاء قال اخبرنا محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هریرة عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم مثله **حدثنا** ربیع المؤذن قال ثنا اسد قال ثنا وکیع عن اسامة بن زید سمعه من عبد الله بن رافع مولی ام سلمة عن ام سلمة قالت جاء رجلان من الانصار یختصمان الی النبی صلی الله علیه وآله وسلم فی مواریث بینهما قد درست لیست بینهما بینة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما ...... بشر وانه یاتی الخصم ولعل بعضکم ان یکون ابلغ من بعض فاقضی له بذلک واحسب انه صادق فمن قضیت له بحق مسلم فانما هی قطعة من النار فلیاخذها او لیدعها فبکی الرجلان وقال

كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا حَقِّي لِأَخِي فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَا اِذَا فَعَلْتُمَا هٰذَا فَاذْهَبَا فَاقْتَسِمَا وَتَوَخَّيَا الْحَقَّ ثُمَّ اسْتَهِمَا ثُمَّ لِيُحَلِّلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا صَاحِبَهٗ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَنَا أُسَامَةُ ابْنُ زَيْدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعِ الصَّائِغُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ **قَالَ** اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ كُلَّ قَضَاءٍ قَضٰى بِهٖ حَاكِمٌ مِنْ تَمْلِيْكِ مَالٍ اَوْ اِزَالَةِ مِلْكٍ عَنْ مَالٍ اَوْ مِنْ اِثْبَاتِ نِكَاحٍ اَوْ مِنْ حِلِّهٖ بِطَلَاقٍ اَوْ بِمَا اَشْبَهَهٗ اَنَّ ذٰلِكَ كُلَّهٗ عَلٰى حُكْمِ الْبَاطِنِ وَاَنَّ ذٰلِكَ فِي الْبَاطِنِ كَهُوَ فِي الظَّاهِرِ وَجَبَ ذٰلِكَ عَلٰى مَا حَكَمَ بِهِ الْحَاكِمُ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْبَاطِنِ عَلٰى خِلَافِ مَا شَهِدَ بِهِ الشَّاهِدُ وَعَلٰى خِلَافِ مَا حَكَمَ بِهٖ بِشَهَادَتِهِمَا عَلَى الْحُكْمِ الظَّاهِرِ لَمْ يَكُنْ قَضَاءُ الْقَاضِيْ مُوْجِبًا شَيْئًا مِنْ تَمْلِيْكٍ وَلَا تَحْرِيْمٍ وَلَا تَحْلِيْلٍ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ (ترجمہ) **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو یمان نے کہا خبر دی ہمکو شعیب نے جو بیٹے ابو حمزہ کے ہیں انہوں نے روایت کی زہری سے کہا خبر دی مجھکو عروہ بن زبیر نے کہ زینب بیٹی ابو سلمہ کی نے اور اسکی ماں ام سلمہ نے خبر دی اوسکو کہ اوسکی ماں ام سلمہ نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ و سلم نے سنا جھگڑے کی آواز کو اپنے دروازہ کے پاس پس آپ ادہر نکلے اور فرمایا کہ اسکے سوا نہین کہ میں ایک آدمی ہوں اور بیشک آتے ہیں (میرے پاس) جھگڑا کرنے والے اور شاید تم میں کے بعض بعض سے زیادہ بلیغ ہون اور میں اونکے موافق فیصلہ کردوں یہ گمان کرکے کہ وہ سچے ہیں پس جسکے لئے کسی مسلمان کے حق کا میں فیصلہ کردوں تو اسکے سوا نہیں کہ وہ ایک ٹکڑا ہے آگ کا تو چاہے لیلے اوسکو یا چھوڑ دے **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد العزیز اُویسی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن سعد نے انہوں نے روایت کی صالح سے انہوں نے ابن شہاب سے پس ذکر کیا اوس اسناد کے ساتھ اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ مالک نے حدیث بیان کی اوس سے بروایت ہشام بن عروہ انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے زینب سے انہوں نے ام سلمہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے بیشک تم جھگڑے لاتے ہو میرے پاس اور اسکے سوا نہیں کہ میں ایک آدمی ہوں اور شاید تم میں کا کوئی خوب بیان کرنے والا ہو اپنی دلیل کا اسلئے میں اوسکے موافق فیصلہ کردوں جسطرح اوس سے سنوں تو پس جسکے لئے میں اوسکے بہائی کے حق کا فیصلہ کردوں تو اسکے سوا نہیں کہ کاٹو نگا اوسکے لئے ایک ٹکڑا آگ کا تو چاہے کہ نہ لے وہ اوسکو **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الوہاب بن عطا نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن عمرو نے انہوں نے روایت کی ابو سلمہ سے انہوں نے ابو ہریرہ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وکیع نے انہوں نے روایت کی اسامہ بن زید سے کہ سنا اوسکو عبد اللہ بن رافع سے جو غلام ہیں ام سلمہ کے وہ روایت کرتے ہیں ام سلمہ سے کہا آئے دو مرد قبیلہ انصار کے جھگڑا کرتے ہوئے نبی صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے پاس اون میراثوں کے اندر جو مٹ چکی تہین حالانکہ نہ تھے اونکے درمیان گواہ پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکے سوا نہیں کہ میں ایک آدمی ہون اور بیشک آتے ہیں (میرے پاس) جھگڑا کرنے والے اور شاید تم میں کے بعض دوسروں سے بلیغ زیادہ ہون اسلئے میں اونکے مطابق فیصلہ دیدوں اونکو سچا گمان کرکے تو پس جسکے لئے کسی مسلم کے حق کا حکم کردوں تو سوا اسکے نہیں کہ وہ ایک ٹکڑا ہے آگ کا خواہ اوسکو لے یا چھوڑ دے پس

دو شخص روڑپرے اور اون میں سے ہر ایک بولا کہ میرا حق میرے بہائی کے واسطے ہے پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم ایسا کرتے ہو تو جاؤ تقسیم کر لو اور خوب غور کرو حق کے اندر پہر قرعہ ڈالو پہر حلال کردے تم میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کے لئے شاید کچھ اوسکا حق ساتھی کے پاس رہگیا ہو۔ **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عثمان بن عمر نے کہا خبر دی ہمکو اسامہ بن زید نے پہر ذکر کیا اوس اسناد کے ساتھ اوسیکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن نافع سنار نے کہا حدیث بیان کی مجھسے اسامہ نے پہر ذکر کیا اوس اسناد کے ساتھ اوسیکی مثل **ابو جعفر** کا قول ہے کہ پس گیا ایک گروہ اسطرف کہ ہر حکم کہ فیصلہ دیا ہو اوسکا کسی حاکم نے مالک بنانے کسی مال کے سے یا دور کرنے ملک کو کسی مال سے یا ثابت کرنے نکاح سے یا دور کرنے نکاح کے سے بوجہ طلاق یا اوسکے مشابہ کے کہ یہ تمام (احکام) محمول ہوتے ہیں احکام باطن پر کہ یہ احکام باطن میں (بہی) موافق ظاہر کے ہیں اور واجب ہو جاتے ہیں یہ احکام موافق حکم حاکم کی اور اگر باطن میں گواہوں کی گواہی دی ہوئی کے اور اوسکے خلاف ہوتے جسکا حکم گواہوں کی ظاہری گواہی پر دیا گیا ہے تو نہ ہوتا حکم قاضی کا واجب کرنیوالا کسی شے کو تملیک اور تحریم اور تحلیل سے اور اسکے اندر اس حدیث (مذکور) کے ساتھ استدلال کرتے ہیں (قولہ) **وممن** قال بذلك ابو يوسف و خالفهم في ذلك آخرون فقالوا ما كان من ذلك من تمليكات مال فهو على حكم الباطن كما قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من قضيت له بشيء من حق اخيه فلا يأخذه فانما اقطع له قطعة من النار **وما كان** من ذلك من قضاء بطلاق او نكاح بشهود ظاهرهم العدالة وباطنهم الجرحة فحكم الحاكم بشهادتهم على ظاهرهم الذي تعبد الله ان يحكم بشهادة مثلهم معه فذلك يحرم في الباطن كحرمته في الظاهر **والدليل** على هذا ما قد روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في المتلاعنين **حدثنا** يونس قال انا سفيان عن عمرو بن دينار عن سعيد بن جبير عن عبد الله بن عمر قال فرق رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بين اخوي بني العجلان وقال لهما حسابكما على الله الله يعلم ان احدكما كاذب لا سبيل لك عليها قال يا رسول الله صداقي الذي اصدقتها قال لا مال لك عليها ان كنت اصدقت عليها فهو بما استحللت من فرجها وان كنت كاذبا عليها فهو ابعد لك منه **حدثنا** يونس قال ثنا سفيان عن الزهري سمع سهل بن سعد يقول شهدت النبي صلى الله عليه وآله وسلم فرق بين المتلاعنين فقال يا رسول الله كذبت عليها ان امسكتها **حدثنا** يونس قال ثنا ابن وهب قال ثنا هلال عن ابن شهاب ان سهل بن سعد الساعدي اخبره ان عويمرا العجلاني جاء الى عاصم بن عدي الانصاري فقال له ارأيت يا عاصم لو ان رجلا وجد مع امرأته رجلا ايقتله فتقتلونه ام كيف يفعل سل لي عن ذلك يا عاصم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما رجع عاصم الى اهله جاءه عويمر فقال يا عاصم ماذا قال لك رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال عاصم يا عويمر لم تأتني بخير قد كره رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المسئلة التي سألته عنها فقال عويمر لا انتهي حتى اسأله عنها فاقبل عويمر حتى اتى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وسط الناس فقال يا رسول الله ارأيت رجلا وجد مع امرأته رجلا ايقتله فتقتلونه ام كيف يفعل فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قد انزل الله فيك وفي صاحبتك اذهب فأت بها قال سهل فتلاعنا وانا مع الناس عند رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما فرغا

قَالَ عُوَيْمِرٌ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلٰثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَكَانَتْ سُنَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ (ترجمہ) اور منجملہ اونکے جو اسکے قائل ہیں امام ابویوسف ہیں اور اسمعیل وبشر ن نے مخالفت کی اور کہا کہ حاکم کے حکم سے اگر کسیکو کسی مال کا مالک بنایا گیا ہو تو وہ باطنی حکم پر محمول ہے جیسا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسکے لئے میں فیصلہ کردوں کسی شی کا اوسکے بہائی کے حق سے تو نہ لے وہ اوسکو کیونکہ بجز اسکے نہیں کہ میں قطع کرتا ہوں اوسکے واسطے ٹکڑا آگ کا اور اگر حاکم کے حکم سے طلاق یا نکاح ایسے گواہوں کے ذریعہ ثابت ہوا ہو جو ظاہر میں عادل اور باطن (حقیقت) میں مجروح ہیں تو وہ حاکم کا حکم جو اونکی گواہی کی وجہ سے صادر ہوا اونکے ظاہر کی بنا پر ہے وہ ظاہر کہ عبادت قرار دیا خدا تعالےٰ نے یہ کہ حکم کیا جائے ان جلیوں کی گواہی کی وجہ سے پہر یہ حکم باطن میں (بہی ایسا ہی) عزت کیا جائیگا جسطرح اوسکی ظاہر میں وقعت ہے اور دلیل اسپر وہ ہے جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لعان کرنیوالوں کے بارہ میں مروی ہے کہ حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے انہوں نے روایت کی عمرو بن دینار سے انہوں نے سعید بن جبیر سے انہوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تفریق کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درمیان دونوں بہائیوں بنی عجلان کے اور دونوں سے کہا کہ حساب تم دونوں کا اللہ تعالےٰ پر ہے اللہ تعالےٰ خوب جانتا ہے کہ تم میں کا ایک جہوٹا ہے نہیں ہے کوئی صورت تیرے لئے (ای مرد) اوس عورت پر (جو تیری بیوی ہے یعنے وہ تیرے نکاح سے علیحدہ ہوئی) عرض کیا اوس نے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا وہ مہر جو میں عورت کو دیچکا ہوں فرمایا آپنے نہیں ہے کوئی مال تیرا اوسپر اگر تو اوس عورت سے سچ کہا ہے تو وہ بدلہ ہے اوس منفعت کا جو تو نے اوسکی پیشابگاہ سے اپنے واسطے حلال کیا اور اگر تو اس (کہنے میں) جہوٹا ہے تو یہ تیرے لئے اوس سے بہی زیادہ بعید ہے حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے سنا سہل بن سعد کو کہتے ہوئے کہ میں نے دیکہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ تفریق کی آپ نے درمیان لعان کرنے والوں کے پس کہا اوس نے اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جہوٹا ہونگا میں اوس (عورت) پر اگر میں اوسکو روک لوں (نکاح میں) حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہلال نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے کہ سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے خبر دی اونکو کہ عویمر قبیلہ عجلان کے آئے عاصم بن عدی انصاری کے پاس اور اونسے کہنے لگے کہ آپ سمجہتے ہیں ای عاصم کہ اگر کوئی شخص پاوے اپنی عورت کے پاس کسی مرد کو تو کیا اوس مرد کو قتل کر دے اور کیا تم اوسکو[1] قتل کرتے ہو یا کیسے کیا جائے دریافت کرو میرے لئے ای عاصم یہ بات رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس جب عاصم اپنے گہر کی طرف واپس ہوئے تو آئے اونکے پاس عویمر اور کہا کیا جواب دیا تمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ای عاصم تو عاصم بولے ای عویمر نہیں لایا تو میرے پاس اچہی بات پس بُرا جانا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مسئلہ کو جو تمہیں اونسے دریافت کرنا ہے تو عویمر نے کہا کہ نہیں باز آونگا میں یہانتک کہ دریافت کر لوں میں وہ مسئلہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس متوجہ ہوئے عویمر یہانتک کہ آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں درمیان لوگوں کے اور عرض کیا ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خبر دیجیے کہ اگر کوئی شخص پاوے اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو کیا قتل کر دے اوس مرد کو (اور پہر کیا) تم قتل کروگے اوسکو (جسنے قتل کیا) یا کیا ہو تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بیشک نازل فرمایا خدا تعالےٰ نے تیرے اور تیری بیوی کے بارہ میں پس تو اور اوسکو لیکر آ سہل کہتے ہیں پس دونوں (خاوند بیوی) نے لعان

[1] یعنی قاتل کو قصاص میں ماریں گے ۱۲ مترجم عفی عنہ ۱۲

کی حالانکہ میں لوگوں کے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے پاس تھا جب دونوں فارغ ہوئے تو عویمر نے کہا کہ جھوٹ بولا میں تب اے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم اگر میں اوسکو روک لوں (نکاح میں) پس طلاق دی عورت کو تین طلاقیں پیشتر اس سے کہ حکم دیں رسول اقدس صلے اللہ علیہ آلہ وسلم (اس طلاق دینے کا) ابن شہاب نے کہا کہ پس یہ تفریق ہوگئی لعان کرنیوالوں کی عمر بھر کے واسطے (کہ اب کبھی جمع نہیں ہوسکتے نکاح میں) (قولہ) **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِیُّ قَالَ ثَنَا الْمَاجِشُوْنَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَاصِمٍ قَالَ جَاءَنِیْ عُوَیْمِرٌ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ فَقَدْ عَلِمْنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ عَلِمَ الْكَاذِبَ مِنْهُمَا بِعَیْنِهٖ لَمْ یُفَرِّقْ بَیْنَهُمَا وَلَمْ یُلَاعِنْ لَوْ عَلِمَ اَنَّ الْمَرْاَةَ صَادِقَةٌ لَحَدَّ الزَّوْجَ لَهَا بِقَذْفِهٖ اِیَّاهَا وَلَوْ عَلِمَ اَنَّ الزَّوْجَ صَادِقٌ لَحَدَّ الْمَرْاَةَ بِالزِّنَاءِ الَّذِیْ كَانَ مِنْهَا فَلَمَّا خَفِیَ الصَّادِقُ مِنْهُمَا عَلَى الْحَاكِمِ وَجَبَ حُكْمٌ اٰخَرُ فَحَرَّمَ الْفَرْجَ عَلَى الزَّوْجِ فِی الْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ وَلَمْ یَرُدَّ ذٰلِكَ اِلٰى حُكْمِ الْبَاطِنِ فَلَمَّا شَهِدَ اِلَى الْمُتَلَاعِنَیْنِ ثَبَتَ اَنَّ كَذٰلِكَ الْفُرَقُ كُلُّهَا وَالْقَضَاءُ بِمَا لَیْسَ فِیْهِ تَمْلِیْكُ اَمْوَالٍ اَنَّهٗ عَلٰى حُكْمِ الظَّاهِرِ لَا عَلٰى حُكْمِ الْبَاطِنِ اِنَّ حُكْمَ الْقَاضِیْ یُحْدِثُ فِیْ ذٰلِكَ التَّحْرِیْمَ وَالتَّحْلِیْلَ فِی الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ جَمِیْعًا وَاَنَّهٗ خِلَافُ الْاَمْوَالِ الَّتِیْ تُقْضٰى بِهَا عَلٰى حُكْمِ الظَّاهِرِ وَهِیَ فِی الْبَاطِنِ عَلٰى خِلَافِ ذٰلِكَ فَیَكُوْنُ الْاٰثَارُ الْاُوْلٰى هِیَ فِی الْقَضَاءِ بِالْاَمْوَالِ وَالْاٰثَارُ الْاُخْرٰى فِی الْقَضَاءِ بِغَیْرِ الْاَمْوَالِ مِنْ اِثْبَاتِ الْعُقُوْدِ وَحَلِّهَا حَتّٰى تَتَّفِقَ مَعَانِیْ وُجُوْهِ الْاٰثَارِ وَالْاَحْكَامِ وَلَا تَتَضَادَّ **وَقَدْ** حَكَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الْمُتَبَایِعَیْنِ اِذَا اخْتَلَفَا فِی الثَّمَنِ وَالسِّلْعَةُ قَائِمَةٌ اَنَّهُمَا یَتَحَالَفَانِ وَیَتَرَادَّانِ فَتَعُوْدُ الْجَارِیَةُ اِلَى الْبَائِعِ وَیَحِلُّ لَهٗ فَرْجُهَا وَیَحْرُمُ عَلَى الْمُشْتَرِیْ وَلَوْ عَلِمَ الْكَاذِبَ مِنْهُمَا بِعَیْنِهٖ اِذًا لَقَضٰى بِمَا یَقُوْلُ الصَّادِقُ وَلَمْ یَقْضِ بِفَسْخِ بَیْعٍ وَلَا بِوُجُوْبِ حُرْمَةِ فَرْجِ الْجَارِیَةِ الْمَبِیْعَةِ عَلَى الْمُشْتَرِیْ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى مَا وَصَفْنَا كَانَ كَذٰلِكَ كُلُّ قَضَاءٍ بِتَحْرِیْمٍ اَوْ تَحْلِیْلٍ اَوْ عَقْدِ نِكَاحٍ اَوْ حَلِّهٖ عَلٰى مَا حَكَمَ الْقَاضِیْ فِیْهِ فِی الظَّاهِرِ لَا عَلٰى حُكْمِهٖ فِی الْبَاطِنِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہبی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ماجشون نے انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے سہل بن سعد سے انہوں نے عاصم سے کہا آئے میرے پاس عویمر پس ذکر کیا اوسکی مثل پس بیشک جان لیا ہم نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم اگر اون میں سے کسی معین کو جھوٹا جانتے تو اون دونوں کے درمیان تفریق نہ فرماتے (بلکہ) لعان نہ کرتے اگر عورت کو سچا جانتے کیونکہ خاوند کو عورت کی وجہ سے حد ماری جاتی اسلئے کہ خاوند نے اوسکو تہمت لگائی (زنا کی) اور اگر جانتے آپ کہ خاوند سچا ہے تو حد مارتے عورت کو بوجہ اوس زنا کے جو عورت سے صدور میں آیا مگر چونکہ پوشیدہ رہا حاکم پر کہ کون سچا ہے دونوں میں سے تو واجب ہوا حکم دوسرا (اور وہ لعان ہے) پس حرام فرمادیا آپ نے پیشاب گاہ عورت کو خاوند پر باطن اور ظاہر دونوں میں اور نہیں لوٹایا اس حکم کو محض باطن کی جانب اور جبکہ ثابت ہوا یہ امر لعان کرنیوالوں میں تو ظاہر ہوگئی یہ بات کہ اسیطرح تمام فرقتین اور فیصلے ساتھ اون امور کے جن میں مالوں کا مالک بنانا نہیں ہے محمول ہیں ظاہری حکم پر نہ باطنی حکم پر اور بیشک قاضی کا حکم پیدا کردیگا اون میں حرمت (بعض جگہ) اور حلت (دوسری بعض جگہ) ظاہر اور باطن دونوں میں اور بیشک یہ حکم برخلاف ہے اون اموال کے جنکا فیصلہ (صرف) ظاہر کے اعتبار سے ہوتا ہے اور وہ باطن میں اوسکے خلاف ہوتے ہیں لہذا ہوئیں پہلی حدیثیں اموال کے فیصلوں میں اور پچھلی حدیثیں غیر اموال کے فیصلوں میں (مثلاً) عقود کا اثبات یا اونکا قطع تاکہ متحد ہوجائیں معانی حادیث

کے اور باہم ضد نہ رہیں اور بیشک حکم دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے خرید و فروخت کرنیوالوں میں جبکہ وہ دونوں باہم مختلف ہوں اور حال یہ ہے کہ بیع قائم ہو تو وہ دونوں قسم کہاویں اور (اپنی اپنی چیز) لوٹالیں لہذا لوٹ جائیگی لونڈی فروخت کرنیوالے کی طرف اور حلال ہوگی اوسکے لئے پیشابگاہ اوسکی اور حرام ہوگی خریدار پر اور اگر اون دونوں میں سے جھوٹے کا پتہ بالتعیین لگ جاتا تو اوسوقت سچے کے کہنے کی مطابق فیصلہ ہوتا اور نہ فیصلہ کیا جاتا بیع کے ٹوٹنے کا اور نہ اس کا کہ فروخت شدہ لونڈی کی پیشابگاہ خریدار پر حرام ہے پس جبکہ ہوا یہ موافق ہمارے بیان کی تو ہوگا اسیطرح ہر فیصلہ حرمت اور حلت یا عقد نکاح یا فسخ نکاح کا موافق حکم قاضی کی اوسمین ظاہر کے اعتبار سے نہ موافق حکم باطنی کی (جو واقع میں ہے) اور یہی قول امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہما کا ہے:—

باب الحر یجب علیہ دین ولا یکون لہ مال کیف حکمہ

باب بیان میں آزاد شخص کے کہ اوسپر قرض واجب ہوا اور اوسکے پاس مال نہ ہو تو اوسکا کیا حکم ہے

حدثنا ابن ابی داؤد قال ثنا یحیی بن صالح الوحاظی قال ثنا مسلم بن خالد الزنجی عن زید بن اسلم عن عبد الرحمن ابن البیلمانی قال کنت بمصر فقال لی رجل الا ادلک علی رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذهب بی الی رجل فقلت ممن انت یرحمک اللہ فقال انا سرق فقلت رحمک اللہ ما ینبغی لک ان تتسمی بہذا الاسم وانت رجل من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سمانی سرق فلن ادع ذلک ابدا قلت ولم سماک سرق قال لقیت رجلا من اہل البادیۃ ببعیرین لہ یبیعہما فابتعتہما منہ وقلت لہ انطلق معی حتی اعطیک فدخلت بیتی ثم خرجت من خلف لی وقضیت بثمن البعیرین حاجتی وتغیبت حتی ظننت ان الاعرابی قد خرج فخرجت والاعرابی مقیم فاخذنی فقدمنی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فاخبرتہ الخبر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما حملک علی ما صنعت قلت قضیت بثمنہا حاجتی یا رسول اللہ قال فاقضہ قال قلت لیس عندی قال انت سرق اذہب بہ یا اعرابی فبعہ حتی تستوفی حقک قال فجعل الناس یسومونہ فی ویلتفت الیہم فیقول ماذا تریدون فیقولون نرید ان نبتاعہ منک قال فواللہ ان منکم احد احوج الیہ منی اذہب فقد اعتقتک **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا عبد الصمد بن عبد الوارث قال ثنا عبد الرحمن ابن عبد اللہ بن دینار قال حدثنی زید بن اسلم قال لقیت رجلا بالاسکندریۃ یقال لہ سرق فقلت ما ہذا الاسم فقال سمانیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدمت المدینۃ فاخبرتہم انہ یقدم لی مال فبایعونی فاستہلکت اموالہم فاتوا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انت سرق فباعنی باربعۃ ابعرۃ فقال لہ غرماؤہ ما یصنع بہ قال اعتقہ قالوا اما نحن بازہد فی الاجر منک فاعتقونی **قال** ابو جعفر ففی ہذا الحدیث بیع الحر فی الدین وقد کان ذلک فی اول الاسلام یباع من علیہ دین فیما علیہ من الدین اذا لم یکن لہ مال یقضیہ عن نفسہ حتی نسخ اللہ عز وجل ذلک فقال وان کان ذو عسرۃ فنظرۃ الی میسرۃ وقضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بذلک فی الذی ابتاع الثمار فاصیب بہا فکثر دینہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تصدقوا فتصدق علیہ فلم یبلغ ذلک وفاء دینہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خذوا ما وجدتم ولیس لکم الا ذلک فقد

ذَکَرْنَا ذٰلِکَ بِاِسْنَادِہٖ فِیْمَا تَقَدَّمَ مِنْ کِتَابِنَا ھٰذَا فِیْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِہٖ لَیْسَ لَکُمْ اِلَّا ذٰلِکَ دَلِیْلٌ عَلٰی اَنْ لَا حَقَّ لَہُمْ فِیْ بَیْعِہٖ وَلَوْلَا ذٰلِکَ لَبَاعَہٗ لَہُمْ کَمَا بَاعَ سُرَّقَ فِیْ دَیْنِہٖ لِغُرَمَائِہٖ وَھٰذَا قَوْلُ اَھْلِ الْعِلْمِ جَمِیْعًا رَحِمَہُمُ اللّٰہُ (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن صالح وحاظی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسلم بن خالد زنگی نے انہوں نے روایت کی زید بن اسلم سے انہوں نے عبد الرحمن بن بیلمانی سے کہا تہا میں مصر میں تو مجہہ سے ایک شخص نے کہا کہ کیا میں تجہے نبی صلے اللہ علیہ سلم کے صحابہ میں سے ایک شخص کو نہ بتاؤں تو وہ مجہے ایک صاحب کے پاس لے گیا میں نے کہا آپ کس قبیلہ سے ہیں رحم فرماوے خدا تعالےٰ آپ پر تو انہوں نے کہا میرا نام سُرَّق ہے میں نے کہا آپ پر خدا تعالےٰ رحم فرماٰئے آپکو ایسا نام رکہنا جائز نہیں حالانکہ آپ ایک شخص ہیں منجملہ صحابہ رسول کریم صلے اللہ علیہ سلم کے تو انہوں نے فرمایا کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نام رکہا تہا میرا سُرَّق پس ہرگز نہ چہوڑونگا میں اسکو کبہی میں نے کہا اور کیوں نام رکہا تہا آپکا سُرَّق کہا ملاقات کی میں نے ایک گاؤں کے آدمی سے کہ اوسکے پاس اوسکے دو اونٹ تہے جنکو وہ فروخت کرتا تہا پس میں نے وہ دونوں اونٹ اوس سے خرید لئے اور میں نے اوس سے کہا کہ چل میرے ہمراہ تاکہ دوں میں تجہکو قیمت انکی پس داخل ہوا میں اپنے گہر میں پہر نکلا میں اونٹوں وغیرہ کے بندہنے کی جگہ سے اور پوری کی میں نے دونوں اونٹونکی قیمت سے اپنی حاجت اور غائب ہوگیا میں یہانتک کہ گمان کیا میں نے کہ گاؤں والا چلا گیا پس نکلا میں اور گنوار موجود تہا پس اوسنے مجہے پکڑ لیا اور لے گیا مجہکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چنانچہ میں نے آپکو سب قصہ سنایا آپنے ارشاد فرمایا کسنے آمادہ کیا تجہکو اوس فعل پر جو تو نے کیا میں نے عرض کیا پوری کی میں نے اونکی قیمت سے اپنی حاجت اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپنے فرمایا) ادا کردے اسکو (قیمت) کہا میں نے عرض کیا میرے پاس تو نہیں ہے آپنے فرمایا تو سُرَّق (بڑا چور) ہے اے گنوار اسکو لیجا اور فروخت کر اسکو یہانتک کہ پورا وصول کرلے تو اپنا حق کہا پس شروع ہوئے لوگ اوس سے میرا بہاؤ کرنے اور وہ اون کیطرف دیکہتا تہا اور کہتا تہا کیا چاہتے ہو تم پس وہ جواب دیتے تہے ہمارا ارادہ اسکے خریدنیکا ہے تم سے کہا پس قسم خدا کی تم میں سے ایک شخص ہے کہ اوسکی بہ نسبت میرے حاجت زیادہ ہے جاؤ اسلئے کہ میں نے تمکو آزاد کردیا حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرزاق کے بیٹے عبد الصمد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن دینار نے کہا حدیث بیان کی مجہسے زید بن اسلم نے کہا ملا میں ایک شخص سے بمقام اسکندریہ میں جسکو سرق کہا جاتا تہا پس میں نے کہا یہ کیا نام ہے تو اوسنے جواب دیا کہ نام رکہا ہے میرا یہ رسول اقدس صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آیا میں مدینہ میں پس خبر دی میں نے اہل مدینہ کو کہ میرا مال آنیوالا ہے تو خرید و فروخت کا معاملہ کرو میرے ساتہ پس میں نے اونکے اموال ہلاک کردئے تو وہ لوگ لائے مجہکو رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کے پاس تو آپنے فرمایا کہ تو سُرَّق ہے پس فروخت کردیا مجہکو بمقابلہ چار اونٹوں کے پس اوسکے قرضخواہوں نے آپسے عرض کیا کہ اسکا کیا کیا جائے اپنے فرمایا اسکو آزاد کردے انہوں نے کہا نہیں ہیں ہم زیادہ پرہیزگار آخرت میں تجہسے پس انہوں نے مجہے آزاد کردیا ابو جعفر کہتے ہیں کہ پس اس حدیث میں فروخت کرنا آزاد کا ہے قرضہ کے اندر اور تہا یہ ابتدا اسلام میں کہ خریدا جاتا تہا مقروض بعوض مقدار قرضہ کے جبکہ اوسکے پاس اپنی قرضہ کے ادا کرنیکو مال نہ ہوتا تہا یہانتک کہ منسوخ فرمادیا خدا تعالےٰ نے اسکو اور فرمادیا کہ اور اگر مقروض تنگدست

ہو تو مہلت دینا ضروری ہے) مالدار ہونے تک اور حکم دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی آیت کے موافق اوس شخص کے اندر جسنے خریدا پھلوں کو پھر نقصان ہوا اون میں اور زائد ہوگیا قرض اوسکا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ صدقہ کرو (اس پر) پس اوسپر صدقہ کیا گیا پھر نہ پہنچا صدقہ بمقدار ادا قرض کو پس فرمایا آپنے کہ لیلو جو کچھ پاؤ اور نہیں ہے تمہارے لئے مگر یہی اور بیشک ذکر کرچکے ہیں ہم اس حدیث کو مع اوسکے اسناد کے اپنی اسی کتاب کے پہلے بیان میں تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرضخواہوں سے یہ فرمانے میں کہ نہیں ہے تمہارے لئے مگر یہی دلیل ہے اسپر کہ حق نہیں ہے اونکو اوسکے فروخت کرنیکا اور اگر یہ (نسخ) نہ ہوتا تو البتہ فروخت کردیتے آپ اوسکو جیساکہ فروخت کردیا سرق کو اوسکے قرضہ میں قرضخواہوں کے لئے اور یہی قول تمام اہل علم کا ہے :-

بَابُ الْوَالِدِ هَلْ يَمْلِكُ مَالَ وَلَدِهٖ اَمْ لَا

باب اس بیان میں کہ باپ اپنے بچہ کے مال کا مالک ہوتا ہے یا نہیں

حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْجِيزِيُّ وَابْنُ اَبِي دَاوٗدَ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ يُوسُفُ قَالَ ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ اِسْحٰقَ بْنِ اَبِي اِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ لِي مَالًا وَعِيَالًا وَاِنَّ لِاَبِي مَالًا وَعِيَالًا وَاِنَّهُ يُرِيدُ اَنْ يَاْخُذَ مَالِي اِلٰى مَالِهٖ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِي دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ لِي مَالًا وَلِي وَالِدٌ اَبُو يُرِيدُ اَنْ يَجْتَاحَ مَالِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ اِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ اَطْيَبِ كَسْبِكُمْ فَكُلُوا مِنْ كَسْبِ اَوْلَادِكُمْ **قَالَ** اَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ مَا كَسَبَهُ الْاِبْنُ مِنْ مَالٍ فَهُوَ لِاَبِيهِ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ **وَخَالَفَهُمْ** فِي ذٰلِكَ اٰخَرُونَ فَقَالُوا مَا كَسَبَ الْاِبْنُ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ لَهُ خَاصَّةً دُونَ اَبِيهِ **وَقَالُوا** قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هٰذَا لَيْسَ عَلَى التَّمْلِيكِ مِنْهُ لِلْاَبِ كَسْبَ الْاِبْنِ وَاِنَّمَا هُوَ عَلٰى اَنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِلْاِبْنِ اَنْ يُخَالِفَ الْاَبَ فِي شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ وَاَنْ يَجْعَلَ اَمْرَهُ فِيهِ نَافِذًا كَاَمْرِهٖ فِيمَا يَمْلِكُ اَلَا تَرَاهُ يَقُولُ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ فَلَمْ يَكُنِ الْاِبْنُ مَمْلُوكًا لِاَبِيهِ بِاِضَافَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ فَكَذٰلِكَ لَا يَكُونُ مَالِكًا لِمَالِهٖ بِاِضَافَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ **وَقَدْ** حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ ثَنَا اَبُو مُعٰوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا نَفَعَنِي مَالٌ قَطُّ مَا نَفَعَنِي مَالُ اَبِي بَكْرٍ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اِنَّمَا اَنَا وَمَالِي لَكَ يَا رَسُولَ اللهِ فَلَمْ يُرِدْ اَبُو بَكْرٍ بِذٰلِكَ اَنَّ مَالَهُ مِلْكٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دُونَهُ وَلٰكِنَّهُ اَرَادَ اَنَّ اَمْرَهُ يَنْفُذُ فِيهِ وَفِي نَفْسِهٖ فَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ فَهُوَ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى اَيْضًا وَاللهُ اَعْلَمُ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَرَّمَ اَمْوَالَ الْمُسْلِمِينَ كَمَا حَرَّمَ دِمَاءَهُمْ وَلَمْ يَسْتَثْنِ فِي ذٰلِكَ وَالِدًا وَلَا غَيْرَهُ (ترجمہ) **حدیث** بیان کی ہم سے ربیع جیزی اور ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن یوسف نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عیسی بن یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یوسف بن اسحاق

نے انہوں نے روایت کی ابن منکدر سے انہوں نے جابر بن عبداللہ سے کہ ایک آدمی آیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا کہ میرے پاس مال ہے اور اولاد (بھی) اور میرے باپ کے پاس (بھی) مال اور اولاد ہے اور بیشک وہ ارادہ رکھتا ہے کہ میرا مال اپنے مال کے ساتھ ملاوے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو اور تیرا مال باپ کا ہے **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن عمر حوضی نے نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالوارث نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حسین معلم نے انہوں نے روایت کی عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا عرض کیا ایک شخص نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میرے پاس مال ہے اور میرا باپ چاہتا ہے کہ ہلاک کرے میرا مال تو حضور نے فرمایا کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے بیشک تمہاری اولاد تمہاری بہتر کمائی ہے لہذا کھاؤ اپنی اولاد کی کمائی سے **ابوجعفر** نے کہا پس گیا ایک گروہ اسطرف کہ جو کچھ بیٹا مال حاصل کرے وہ اوسکے باپ کا ہے اور اسکے اندر ان احادیث سے استدلال کیا ہے **اور** دوسروں نے اس مسئلہ میں اونکی مخالفت کی اور کہا کہ جو کچھ بیٹا کماوے وہ اوسی کا ہے بالخصوص نہ اسکے باپ کا اور انہوں نے کہا کہ فرمانا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ (کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے) نہیں ہے بطور بنا دینے آپ کے باپ کو بیٹے کی کمائی کا مالک اور اسکے سوا نہیں کہ یہ قول اس بنا پر ہے کہ بیٹے کو جائز نہیں کہ باپ کی اسکے (مال کے) اندر مخالفت کرے نہ اس بنا پر کہ کرے باپ اپنا حکم اوسکی کمائی میں نافذ و جاری جسطرح اپنی مملوک شی میں کرتا ہے کیا نہیں دیکھتے تم رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے پس (ظاہر ہے) کہ بیٹا اپنے باپ کا مملوک نہیں ہو سکتا بوجہ نسبت کر دینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے (بیٹے کی) باپ کی جانب پس اسیطرح نہیں ہو سکتا وہ مالک اوسکے مال کا (بھی) بوجہ نسبت کر دینے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوسکی طرف اور بیشک **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن سعید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابومعاویہ نے انہوں نے روایت کی اعمش سے انہوں نے ابوصالح سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں نفع دیا مجھکو کبھی کسی مال نے جسقدر کہ نفع دیا مجھکو مال ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تو عرض کیا ابوبکرؓ نے کہ میں اور میرا مال آپ ہی کا ہے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پس نہیں ارادہ کیا اس سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ کہ میرا مال ملک ہے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہ میری لیکن مقصود یہ تہا کہ حضور کا حکم مجھہ میں اور میرے مال میں نافذ و جاری ہے تو اسیطرح فرمانا آپ کا کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے محمول ہے اسی معنے پر اور اللہ زیادہ جانتا ہے اور بیشک روایت کیا گیا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بارہ میں کہ حرام ٹہیرایا آپ نے مسلمانوں کے مالونکو جیسا کہ حرام ٹہیرایا آپنے اونکے خونوں کو اور نہیں مستثنا کیا اسکے اندر والد (باپ) کو اور نہ کسی اور کو (قولہ) **فمما** رُوِیَ عَنْہُ فِیْ ذٰلِکَ مَا حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرَۃَ قَالَ ثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ **ح** وَحَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَھْبٌ وَ یَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحٰقَ الْحَضْرَمِیُّ قَالُوْا ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ مُرَّۃَ بْنِ شُرَحْبِیْلَ قَالَ حَدَّثَنِیْ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَاَحْسِبُہٗ قَالَ فِیْ غُرْفَتِیْ ھٰذِہٖ قَالَ قَامَ فِیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ ھَلْ تَدْرُوْنَ اَیُّ یَوْمٍ ھٰذَا قَالُوْا نَعَمْ یَوْمُ النَّحْرِ قَالَ صَدَقْتُمْ یَوْمُ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ قَالَ ھَلْ تَدْرُوْنَ اَیُّ شَھْرٍ ھٰذَا قَالُوْا نَعَمْ ذُوالْحِجَّۃِ قَالَ صَدَقْتُمْ شَھْرُ اللّٰہِ الْاَصَمُّ ھَلْ تَدْرُوْنَ اَیُّ بَلَدٍ ھٰذَا قَالُوْا نَعَمْ الْمَشْعَرُ الْحَرَامُ

قَالَ صَدَقْتُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ وَاَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ الْبَكْرَاوِيُّ هُوَ ابْنُ خَلِيْفَةَ قَالَ ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ يَوْمَ النَّحْرِ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ اِنَّ اَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ وَدِمَاءَكُمْ حَرَامٌ بَيْنَكُمْ فِيْ مِثْلِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ مِثْلِ بَلَدِكُمْ هٰذَا اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ قَالَ ثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا صَالِحٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَوْ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاُرَاهُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَيَّامِ حُرْمَةً هٰذَا الْيَوْمُ وَاِنَّ اَعْظَمَ الشُّهُوْرِ حُرْمَةً هٰذَا الشَّهْرُ وَاِنَّ اَعْظَمَ الْبِلَادِ حُرْمَةً هٰذَا الْبَلَدُ وَاِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْيَوْمِ وَهٰذَا الشَّهْرِ وَهٰذَا الْبَلَدِ هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ **حَدَّثَنَا** رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ اَلَا اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ اِلٰى اَنْ تَلْقَوْا رَبَّكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا **حَدَّثَنَا** يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا دُحَيْمٌ الْيَتِيْمُ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ الْجُرَشِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ كُلْثُوْمِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا غَادِيَةَ الْجُهَنِيَّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ (ترجمہ) پس اس بارہ میں جو احادیث مرویہ ہیں منجملہ اونکے ایک وہ ہے جو بیان کی ہم سے ابوبکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوداؤد نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب اور یعقوب بن اسحاق بن حضرمی نے سب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی عمرو بن مرہ سے انہوں نے مرہ بن شرحبیل سے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ایک شخص نے صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے اور میں گمان کرتا ہوں انکو کہ کہا انہوں نے میری اس جنگ میں کہا کھڑے ہوئے آپ ہم میں (اور) فرمایا کہ کیا جانتے ہو کونسا دن ہے آج انہوں نے عرض کیا ہاں عید الضحی ہے فرمایا سچ کہا تم نے حج اکبر کا دن ہے کہا کیا جانتے ہو کونسا مہینہ ہے یہ عرض کیا ہاں ذی الحج ہے فرمایا سچ کہا تم نے مہینہ اللہ کا ہے جو پھر آپ نے کیا جانتے ہو کونسا شہر ہے یہ عرض کیا ہاں المشعر الحرام (یعنی مکہ معظمہ) ہے فرمایا سچ کہا تم نے پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیشک تمہارے خون اور تمہارے اموال اور گمان کرتا ہوں کہ فرمایا اور تمہاری آبروئیں اور عزتیں تم پر حرام ہیں مانند حرام ہونے تمہارے اس دن کے تمہارے اس مہینہ میں تمہارے اس شہر میں حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوالاشہب بکراوی نے یہ خلیفہ کے بیٹے ہیں کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن عون نے وہ روایت کرتے ہیں محمد بن سیرین سے وہ عبد الرحمن بن ابی بکرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنے خطبہ میں عید الضحی کے دن حج وداع میں کہ تمہارے اموال اور تمہاری آبروئیں اور تمہارے خون حرام ہیں تمہارے آپس میں مانند تمہارے اس دن کی تمہارے اس جیسے شہر کے اندر خبردار چاہیے کہ پہونچا دے (یہ حکم) حاضر غائب کو حدیث بیان کی ہم سے فہد نے

کہا حدیث بیان کی ہم سے عمرو بن حفص نے کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اعمش نے
کہا سنا میں نے ابو صالح کو حدیث بیان کرتے ہوئے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے یا ابو ہریرہؓ سے اور میرا
خیال ہے کہ وہ ابو سعید خدری تھے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج وداع میں کہ تمام دنوں میں
بڑا دن یہ عزت والا دن ہے اور بیشک اور تمام مہینوں میں بڑا مہینہ یہ عزت والا مہینہ ہے اور بیشک تمام شہروں
میں بڑا شہر یہ عزت والا بزرگ شہر ہے تمہارے خون حرام ہیں تم پر مانند حرام ہونے اس دن کے اور اس ماہ کے اور
اس شہر کے کیا میں تبلیغ کرچکا لوگوں نے کہا ہاں فرمایا اے خدا تو گواہ رہ حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حاتم بن اسمعیل نے کہا حدیث بیان کی ہم سے جعفر بن محمد
نے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے وہ جابر رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ سنایا
اوسکو حج وداع میں پس فرمایا خبردار بیشک خون تمہارے اور اموال تمہارے حرام ہیں تم پر یہانتک کہ ملاقات کرو تم
اپنے پروردگار سے مانند حرام ہونے تمہارے اس دن کے تمہارے اس ماہ میں تمہارے اس شہر میں حدیث بیان
کی ہم سے زید بن سنان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے دحیم بن یتیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ولید بن مسلم نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ہشام بن غار جرشی نے کہا خبر دی مجھکو نافع نے ابن عمرؓ سے کہا خطبہ سنایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے پھر ذکر کیا اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے محمد بن علی بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عفان بن مسلم نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے ربیعہ بن کلثوم بن جبیر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے کہا سنا میں نے ابو غادیہ
جہنی سے کہا خطبہ پڑھا ہم پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر ذکر کیا اوسکی مانند (قولہ) **حدثنا**
عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَارِفِ ابْنِ شَبِيبِ بْنِ عُرْوَةَ أَبُو عُرْوَةَ عَنْ شَبِيبِ بْنِ عُرْوَةَ
عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ
قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةَ الْأَمْوَالِ كَحُرْمَةِ الْأَبْدَانِ فَكَمَا لَا يَحِلُّ
أَبْدَانُ الْأَبْنَاءِ لِلْآبَاءِ إِلَّا بِالْحُقُوقِ الْوَاجِبَةِ فَكَذٰلِكَ لَا يَحِلُّ لَهُمْ أَمْوَالُهُمْ إِلَّا بِالْحُقُوقِ الْوَاجِبَةِ **فَإِنْ قَالَ**
قَائِلٌ نُرِيدُ أَنْ يُوجَدَ مَا ذَكَرْتَ فِي الْأَبِ مَنْصُوصًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ **قُلْتُ** حَدَّثَنَا يُونُسُ
قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ عَنْ عِيسَى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ
عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ أُمِرْتُ بِيَوْمِ الْأَضْحَى عِيدٍ
جَعَلَهُ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ فَقَالَ الرَّجُلُ أَفَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ أَجِدْ إِلَّا مَنِيحَةَ ابْنِي أَفَأُضَحِّي بِهَا قَالَ لَا وَلٰكِنْ تَأْخُذُ
مِنْ شَعْرِكَ وَأَظْفَارِكَ وَتَقُصُّ شَارِبَكَ وَتَحْلِقُ عَانَتَكَ فَذٰلِكَ تَمَامُ أُضْحِيَّتِكَ عِنْدَ اللّٰهِ (ترجمہ) **حدیث**
بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس بن محمد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حسین بن عارف
بن شبیب بن عروہ ابو عروہ نے انہوں نے روایت کی شبیب بن عروہ سے انہوں نے سلیم بن عمرو بن احوص سے
کہا خطبہ پڑھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج وداع میں پھر ذکر کیا اوسکی مثل ابو جعفر نے کہا
پس ٹھیرایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اموال کی حرمت کو مانند حرمت ابدان کے پس جسطرح بیٹوں
کے بدن حلال نہیں باپوں کے واسطے مگر بعوض حقوق واجبہ کے پس اگر کوئی کہنے والا کہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں

پھر حکم دیا اوسپر پانی ڈالنے کا تب پیا آپنے بھی اور آپ کے صحابہؓ نے بھی حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج بن منہال نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خالد خذاء خزاعی نے انہوں نے روایت کی معدل سے انہوں نے ابن عمرؓ سے کہ حضرت عمرؓ کے لئے ایک توشہ دان میں نبیذ بنایا گیا جس کے اندر پندرہ یا سولہ (رطل وغیرہ) وزن آتا تھا پس آئے آپ اُسکے پاس اور چکھا اوسکو پس پایا اوسکو شیریں تو آپنے فرمایا شاید تم نے اسکے کمی کی ہے حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو صالح نے کہا حدیث بیان کی مجھسے لیث نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عقیل نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے کہ انہوں نے کہا خبر دی مجھ کو معاذ بن عبد الرحمٰن بن عثمان لیثی نے کہ اون کے باپ عبد الرحمٰن بن عثمان نے کہا کہ ہمراہ رہا میں حضرت عمر بن خطابؓ کے مکہ تک پس ہدیہ دیا آپکو قبیلہ ثقیف کے ایک وفد نے نبیذ کے دو سطیحون کا اور سطیحہ اداوہ سے بڑا اور توشہ دان سے چھوٹا ہوتا ہے عبد الرحمٰن نے کہا پس پیا حضرت عمر نے اون میں سے ایک کو اور دوسرے کو نہ پیا یہانتک کہ جو کچھ اوس میں تھا تیز ہو گیا پس حضرت عمر گئے اور اوس کو تیز پایا تو فرمایا اسکی تیزی کو پانی سے دور کرو حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ ثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ فَلَمَّا ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا عَنْ عُمَرَ اِبَاحَةُ قَلِيْلِ النَّبِيْذِ الشَّدِيْدِ وَقَدْ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ كَانَ مَا فَعَلَهٗ فِيْ هٰذَا دَلِيْلًا اَنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهٖ ذٰلِكَ عِنْدَهٗ مِنَ النَّبِيْذِ الشَّدِيْدِ هُوَ السُّكْرُ مِنْهُ لَا غَيْرُ فَاَمَّا اَنْ يَكُوْنَ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْلًا اَوْ رَاٰهُ رَاْيًا فَاِنَّ مَا يَكُوْنُ مِنْهُ فِيْ ذٰلِكَ يَكُوْنُ رَاْيًا فَرَاْيُهٗ فِيْ ذٰلِكَ عِنْدَنَا حُجَّةٌ وَلَا سِيَّمَا اِذْ كَانَ فِعْلُهُ الْمَذْكُوْرُ فِي الْآثَارِ الَّتِيْ رَوَيْنَاهَا عَنْهُ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْهُ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى مُتَابَعَتِهِمْ اِيَّاهُ عَلَيْهِ وَهٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ هُوَ اَحَدُ النَّفَرِ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَخِي الْقَعْقَاعِ بْنِ شَوْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَرَابٍ فَاَدْنَاهُ اِلٰى فِيْهِ فَقَطَّبَ فَرَدَّهٗ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحَرَامٌ هُوَ فَرَدَّ الشَّرَابَ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهٗ عَلَيْهِ ذَكَرَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ اِذَا اغْتَلَمَتْ هٰذِهِ الْاَسْقِيَةُ عَلَيْكُمْ فَاكْسِرُوْا مُتُوْنَهَا بِالْمَاءِ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ قَالَ ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا قُرَّةُ الْعِجْلِيُّ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَخِي الْقَعْقَاعِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهٗ (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو یمان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعیب نے انہوں نے روایت کی زہری سے پھر ذکر کیا اوس اسناد اوسی کی مثل پس جب ثابت ہوا ہمارے بیان سابق الذکر سے بروایت حضرت عمرؓ مباح تیز نبیذ کی تھوڑی سی مقدار کا اور بیشک سنا ہے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے تو ہوئی یہ بڑی دلیل اس امر کی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس ارشاد سے جس نبیذ کو حرام فرمایا وہ اس قدر ہے جو نشہ لاوے نہ اوسکے سوا تو یا تو سنا ہوگا حضرت عمرؓ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی ارشاد اک

یا جو کچھ اوس نے اونسے اس بارہ میں قصاد ہوا یہ اون کی رائے ہو گی لیکن رائے بھی اونکی ہمارے نزدیک حجت
ہے بالخصوص اوس وقت کہ جبکہ اون کا وہ فصل جو حدیثوں میں مذکور ہے جنہیں ہم ذکر کر چکے رسول خدا صلی
اللہ علیہ وسلم کے متعدد صحابہؓ کے سامنے ہوا ہو اور کسی انکار کرنیوالے نے اونپر انکار نہ کیا ہو پس دلیل
ہے کہ باقی صحابہ نے بھی اس بارہ میں آپ کی پیروی کی ہے اور ادہر عبد اللہ بن عمرؓ ہیں جو اوس
جماعت میں سے ایک ہیں جن سے روایت کی گئیں اور اونہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے
روایت کی کہ ہر نشہ لانے والا حرام ہے اور اون سے بروایت نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہ مروی ہے کہ حدیث
بیان کی ہم سے ابو امیہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد السلام نے انہوں
نے روایت کی لیث سے انہوں نے عبد الملک قعقاع کے بھتیجے شور کے بیٹے سے انہوں نے ابن عمرؓ سے
کہا موجود تھا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کہ آپ کے پاس پینے کی چیز لائی گئی پس قریب کیا
اوس کو اپنے منہ کے اور ہلایا ملایا یا ہٹا دیا اوس کو سامنے سے اوسکو تو واپس دے دیا تو ایک شخص عرض کرنے
لگا اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیا یہ حرام ہے تو آپ نے اوس کو پھر لے لیا اور پانی منگا کر اوس میں ڈالا دو مرتبہ کو
ذکر کیا یا تین کو پھر فرمایا جب تیز ہو جایا کریں مشکیزے تو توڑ دیا کرو ان کی سختی اور تیزی پانی سے **حدیث** بیان
کی ہم سے وہب بن عثمان بغدادی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو ہمام نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے یحییٰ
بن زکریا بن ابی زائدہ نے انہوں نے روایت کی اسماعیل بن ابی خالد سے کہا حدیث بیان کی ہم سے قرہ
عجلی نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے عبد الملک قعقاع کے بھتیجے نے انہوں نے روایت کی ابن عمر سے اوسی
کی مثل **حدثنا** محمد بن عمرو بن یونس قال ثنا اسباط بن محمد عن الشیبانی عن عبد الملک بن نافع
قال سألت ابن عمر فقلت ان اھلنا ینبذون نبیذا فی سقاء لو اھکنته لاخذنی فقال ابن عمر انما
البغی علی من اراد البغی شھدت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عند ھذا الرکن واتاہ رجل بقدح من نبیذ
ثم ذکر مثل حدیث ابی امیۃ غیر انہ قال فاکسروھا بالماء **ففی** ھذا اباحۃ قلیل النبیذ الشدید
واولی الاشیاء بنا اذ کان قد روی عنہ ھذا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فروی عنہ عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم کل مسکر حرام ان نجعل کل واحد من القولین علی معنی غیر المعنی الذی علیہ القول الاخر فیکون
قولہ کل مسکر حرام علی المقدار الذی یسکر منہ من النبیذ ویکون ما فی الحدیث الاخر علی اباحۃ قلیل
النبیذ الشدید **وقد** روی ابی مسعود الانصاری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو حدیث ابن
عمر ھذا **اخبرنا** فھد قال ثنا محمد بن سعید قال ثنا یحیی بن الیمان عن سفیان عن منصور عن
خالد بن سعد عن ابی مسعود قال عطش النبی صلی اللہ علیہ وسلم حول الکعبۃ فاستسقی فاتی بنبیذ من
نبیذ السقایۃ فشمہ فقطب فصب علیہ من ماء زمزم ثم شرب فقال رجل احرام ھو فقال لا **و**
قد روی فی ذلک عن ابی موسی الاشعری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما حدثنا علی بن
معبد قال ثنا یونس قال ثنا شریک عن ابی اسحق عن ابی بردۃ بن ابی موسی عن ابیہ قال بعثنی رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا ومعاذا الی الیمن فقلنا یا رسول اللہ ان بھا شرابین یصنعان من البر و

وَالشَّیْءِ اَحَدُھُمَا یُقَالُ لَہُ الْمِزْرُ وَالْاٰخَرُ یُقَالُ لَہُ الْبِتْعُ فَمَا نَشْرَبُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِشْرَبَا
وَلَا تَسْکَرَا (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عمرو بن یونس نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے اسباط بن محمد نے
انہوں نے روایت کی شیبانی سے انہوں نے عبد الملک بن نافع سے کہا دریافت کیا میں نے ابن عمرؓ سے پس
عرض کیا کہ ہمارے گھر والے نبیذ تیار کرتے ہیں مشکیزوں میں کہ اگر میں اوسکو پی لوں تو مجھ میں اثر کرنے لگے
پس ابن عمرؓ نے فرمایا اسکے سوا نہیں کہ گناہ اوسپر ہے جو گناہ کا ارادہ کرے میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی خدمت میں اس امر عظیم کے وقت کہ لایا آپ کے پاس ایک شخص پیالہ نبیذ کا پھر ذکر کیا حدیث ابی امیہ کی
مثل ماسوا اسکے کہ انہوں نے کہا پس توڑ دو اوسکو پانی سے تو اسکے اندر تیز نبیذ کی تہوڑی مقدار کی بابت
ہی اور جبکہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ مروی ہے بروایت ابن عمر اور ابن عمر ہی رسول خدا صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے یہ روایت کرتے ہیں کہ ہر نشہ لانیوالی چیز حرام ہے تو ہمکو سب باتوں سے بہتر یہ ہے کہ ہم حضور
کے دونو فرمانونکو علیحدہ علیحدہ معنے پر محمول کریں اسطرح کہ آپ کا یہ فرمان کہ ہر نشہ آور حرام ہے نبیذ کی اوس مقدار
مقدار پر محمول ہو جو نشہ لاوے اور دوسری حدیث کے اندر مراد تیز نبیذ کی تہوڑی سی مقدار کا مباح ہونا
ہو اور بیشک ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم
سے ابن عمر کی اس حدیث کی مانند خبر دی ہمکو فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن سعید نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے یحیٰی بن یمان نے انہوں نے روایت کی سفیان سے انہوں نے منصور سے انہوں نے خالد بن
سعد سے انہوں نے ابو مسعود سے کہا پیاس لگی رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گرد کعبہ کے پس آپ نے پانی
طلب فرمایا تو آپکے پاس مشکیزہ کا نبیذ حاضر کیا گیا پس پہلے سونگھا آپنے اوسکو پھر ہٹا دیا اوسکو سامنے سے پھر
اوسپر زمزم کا پانی ڈالا پھر پی لیا اوسکو تو ایک شخص بولا کیا یہ حرام ہے تو آپنے فرمایا نہیں اور اسبارہ میں ابو موسی اشعری
سے (بھی) مروی ہے اونہوں نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے وہ حدیث جو بیان کی ہم سے علی بن
معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شریک نے انہوں نے روایت کی
ابو اسحاق سے انہوں ابو بردہ بن ابی موسی سے انہوں نے اپنے باپ سے کہا بہیجا مجھکو اور معاذ کو رسول
خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن کی جانب پس عرض کیا ہم نے اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسجگہ
دو پینے کی چیزیں ہیں جو تیار کی جاتی ہیں گیہوں اور جو سے ایک کا نام مزر دوسری کا بتع ہے تو ہم کیا پئیں آپنے
فرمایا پیو اور نشہ میں مست ہو (قولہ) وحدثنا ابو بکرۃ قال ثنا عبد اللّٰہ بن رجاء قال انا شریک عن ابی
اسحٰق عن ابی بردۃ عن ابیہ انہ قال بعثنی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم انا ومعاذ الی الیمن فقلت
انا بعثتنا الی ارض کثیر شراب اھلھا فقال اشربا ولا تشربا مسکرا حدثنا ربیع المؤذن قال ثنا
اسد قال ثنا الفضیل بن عمرو رزق عن ابی اسحٰق فذکر باسنادہ مثلہ فلما قال رسول اللّٰہ صلی
اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم لابی موسی ومعاذ حین سألاہ عن البتع اشربا ولا تسکرا ولا تشربا مسکرا کان
ذلک دلیلا ان حکم المقدار الذی یسکر من ذلک الشراب خلاف حکم ما لا یسکر منہ فدل
ذلک علی ان ما ذکرہ ابو موسی عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم مما ذکرنا عنہ فی الفصل

الاوّل من قولہ کل مسکر حرام انما ھو علی المقدار الذی یسکر لا علی العین التی کثیرھا یسکر **وقد** روینا حدیث ابی سلمۃ عن عائشۃ فی جواب النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم الذی سألہ عن البتع بقولہ کل شراب اسکر فھو حرام فان جعلنا ذلک علی قلیل الشراب الذی یسکر کثیرہ ضاد جواب النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم لمعاذ وابی موسی الاشعری وان جعلناہ علی تحریم السکر خاصۃ لا علی تحریم الشراب وافق حدیث ابی موسی واولی الاشیاء بنا حمل الآثار علی الوجہ الذی لا تتضاد اذا حملت علیہ **وقد** روی عن عبد اللّٰہ بن مسعود فی ذلک ایضا ما **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا محمد بن کثیر قال انا سفیان عن ابیہ عن لبید عن شماس قال قال عبد اللّٰہ ان القوم لیجلسون علی الشراب وھو یحل لھم فما یزالون حتی یحرم علیھم **حدثنا** محمد بن خزیمۃ قال ثنا حجاج قال ثنا حماد قال انا حماد عن ابراھیم عن علقمۃ بن قیس انہ اکل مع عبد اللّٰہ بن مسعود خبزا ولحما قال فاتینا بنبیذ شدید نبذتہ سیرین فی جرۃ خضراء فشربوا منہ **حدثنا** ابن ابی داؤد قال ثنا نعیم بن حماد قال انا حجاج عن حماد عن ابراھیم عن علقمۃ قال سألت ابن مسعود عن قول رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم فی المسکر قال الشربۃ الاولی لا الاخیرۃ لا الاخیرۃ **فھذا** عبد اللّٰہ بن مسعود قد روی عنہ فی اباحۃ قلیل النبیذ الشدید من فعلہ وقولہ ما ذکرنا ومن تفسیر قول رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کل مسکر حرام علی ما وصفنا **وقد** روی عن عبد اللّٰہ بن عباس عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم ما یدل علی ھذا ایضا

ترجمہ اور حدیث بیان کی ہم سے ابوبکرہؓ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن رجا نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے انہوں نے روایت کی ابو اسحاق سے انہوں نے ابو بردہ سے انہوں نے اپنے باپ سے کہ انہوں نے کہا بھیجا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور معاذ کو یمن کیطرف تو عرض کیا میں نے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپنے بھیجا ہمکو ایسی زمین کیطرف کہ وہاں کے باشندوں میں شراب بہت ہے تو آپنے فرمایا کہ پیو اور نشہ آور نہ پیو حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے فضیل بن مرزوق نے انہوں نے روایت کی ابو اسحاق سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل پس جبکہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو موسی اور معاذ سے جبوقت دریافت کیا اون دونوں نے بتع کے بارہ میں پیو تم دونو اور مست نہ ہو اور نہ نشہ آور چیز کو پیو تو یہ اسکی دلیل ہوی کہ حکم اوس مقدار کا جو اوس شراب سے نشہ لاوے غیر نشہ لانے والی کے برخلاف ہے پس اس سے اسپر دلالت کی کہ ابو موسی نے جو کچھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ذکر کیا جسکو ہم فصل اول میں ذکر کر چکے کہ فرمایا آپنے ہر نشہ آور حرام ہے اسکے سوا نہیں کہ وہ اس مقدار پر محمول ہے جو نشہ لاوے نہ حرمت ذاتی پر جسکی زیادہ مقدار نشہ لاوے اور ہم روایت کر چکے حدیث ابو سلمہ کو عائشہؓ سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوس شخص کو جواب دینے میں جسنے آپسے تبع کے بارہ میں دریافت کیا کہ ہر پینے کی چیز جو نشہ لاوے پس وہ حرام ہے پس اگر محمول کریں ہم اسکو اوس تھوڑی سی مقدار پر جسکی زیادہ مقدار نشہ لاتی ہو تو مخالف ہو جائیگا یہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوس جواب کو جو انہوں نے حضرت معاذ اور ابو موسی اشعریؓ کو دیا اور اگر ہم بالخصوص نشہ آور مقدار کی حرمت پر

محمول کریں نہ مطلق پینے کی حُرمت پر تو موافق ہو جائیگا حدیث ابو موسیٰ کے اور ہمکو تمام باتوں سے بہتر یہ ہے کہ محمول کریں ہم حدیثوں کو ایسے معنے پر کہ اوسپر محمول کرنیکی صورت میں حدیثین متضاد نہ ہو جائیں اور بیشک عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی اسبارہ میں وہ حدیث مروی ہے جسکو بیان کیا ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن کثیر نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے انہوں نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں لبید سے انہوں نے شماس سے کہا فرمایا عبداللہ نے کہ ایک گروہ شراب پینی شروع کرتا ہے اور وہ (اوسوقت تک) اوسکے لئے حلال ہوتی ہے پھر اسی پر قائم رہتا ہے کہ پھر وہ حرام ہو جاتی ہے اوسکے لئے ایک گروہ میٹھا ہوا شیرہ انگوری کرتا رہتا ہے اور وہ حلال ہوتی ہے (اوسوقت) اوسکے لئے پس اسی پر قائم رہتا ہے کہ پھر وہ حرام ہو جاتی ہے اوسکے لئے) **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے کہا خبر دی ہمکو حماد نے انہوں نے روایت کی ابراہیم سے انہوں نے علقمہ بن قیس سے کہ انہوں نے کہا تھی عبداللہ بن مسعود کے ساتھ روٹی اور گوشت کہا پھر لایا گیا ہمارے پاس تیز نبیذ جسکو سیرین نے بنایا تھا سبز گھڑا میں پس پیا سب نے اوسکو **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے نعیم وغیرہ نے کہا خبر دی ہمکو حجاج نے انہوں نے روایت کی حماد سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے علقمہ سے کہا دریافت کیا میں نے ابن مسعود سے کہ رسول خدا صلے اللہ کا نشہ آور کے اندر کیا قول ہے جواب دیا کہ علال ہے پہلا گھونٹ نہ اخیر کا پس یہ عبداللہ بن مسعود ہیں کہ اونسے تیز نبیذ کے مباح ہونے میں اونکا وہ قول اور فعل مروی ہے جو ہم ذکر کر چکے اور وہ جو تفسیر کی انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اس قول کی کہ برتن اور حرام ہے جیسا کہ ہم بیان کر چکے اور بیشک عبداللہ بن عباس سے مروی ہے انہوں نے روایت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے وہ حدیث کہ وہ بھی اسکی دلیل ہے **حدثنا** ابو بکرۃ قال ثنا ابو احمد الزبیری قال ثنا سفیان عن علی بن بذیمۃ عن قیس بن حبتر قال سألت ابن عباس عن الجر الاخضر والجر الاحمر فقال ان اول من سأل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن ذلک وفد عبد القیس فقال لا تشربوا فی الدباء ولا فی المزفت ولا فی النقیر واشربوا فی الاسقیۃ فقالوا یا رسول اللہ فان اشتد فی الاسقیۃ قال صبوا علیہ من الماء وقال لھم فی الثالثۃ او الرابعۃ فاھریقوہ **حدثنا** محمد بن خزیمۃ قال ثنا عبد اللہ بن رجاء قال ثنا اسرائیل عن علی بن بذیمۃ عن قیس بن حبتر عن ابن عباس انہ سئل عن الجر فذکر مثل ذلک **ففی** ھذا الحدیث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اباح لھم ان یشربوا من نبیذ الاسقیۃ وان اشتد **فان** قال قائل فان فی آخرہ انہ امرھم بعد ذلک باراقتہ علی شیخہ ۔ انقد مرہ الا بحتہ **قیل** لہ کیف یکون ذلک کذلک **وقد** روی عن ابن عباس من کلامہ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حرمت الخمر بعینھا والسکر من کل شراب **وقد** ذکرنا ذلک باسنادہ فیما تقدم من ھذا الکتاب وھو الذی روی عنہ ما ذکرت فدل ذلک ان التحریم فی الاشربۃ کان علی الخمر بعینھا قلیلھا وکثیرھا والسکر من غیرھا وکیف یجوز علی بن عباس مع علمہ فضلہ ان یکون قد سمع من النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ما یوجب تحریم النبیذ الشدید ثم یقول حرمت الخمر

لعینہا والسکر من کل شراب فیعلم الناس ان قلیل الشراب من غیر الخمر وان کان کثیرہ یسکر حلال لہذا غیر جائز علیہ عندنا ولکن معنی ما اراد باہراق النبیذ فی حدیث قیس انہ لم یامنہم علیہ ان یسرعوا فی شربہ فیسکروا والسکر المحرم علیہم فامرہم باہراقہ لذلک (**ترجمہ**) حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی علی بن بذیمہ سے انہوں نے قیس بن حبتر سے کہا دریافت کیا میں نے ابن عباس رضہ سے سبز گھڑے اور سرخ گھڑے کے بارہ میں تو انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے جس نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اسکے متعلق دریافت کیا وہ عبد القیس کا وفد تھا پس آپنے فرمایا کہ مت پیو کدو کا کھوکرا کئے ہوئے کے اندر اپنے اوسکی تونبی ہیں) اور نہ رال ملے ہوئے گھڑے کے اندر اور نہ کھودی ہوئی لکڑی کے اندر اور پیو مشکیزوں میں پس عرض کیا انہوں نے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اگر مشکیزوں میں تیز ہو جاوے تو آپنے فرمایا ڈالو اوسپر پانی اور فرمایا اون سے تیسری یا چوتھی بار میں کہ گرا دو اوسکو حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن رجاء نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسرائیل نے انہوں نے روایت کی علی بن بذیمہ سے انہوں نے قیس بن حبتر سے انہوں نے ابن عباس رضہ سے کہ اونسے دریافت کیا گیا گھڑے کے بارہ میں پھر ذکر کیا ایکی مثل تو اس حدیث میں یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مباح کیا اونکے لئے مشکیزوں کے نبیذ کو اگرچہ تیز ہو جاوے پس اگر کوئی کہنے والا کہے کہ بعد میں آپکا اون لوگوں کو اوسکے گرا دینے کا حکم فرمایا پہلی اباحت کے منسوخ ہونیکی دلیل ہے تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ کیونکر ہو سکتا ہے ایسا حالانکہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کا یہ مروی ہے کہ حرام کی گئی شراب اپنی ذات کی وجہ سے اور ہر پینے کی چیز جو نشہ آور ہو اور ہم اسکو اسناد کے ساتھ پیشتر اسی کتاب میں روایت کر چکے ہیں اور یہی وہ شخص ہیں کہ انسے وہ مروی ہے جو تم نے ذکر کیا تو انسے اسپر دلالت کی کہ پینے کی چیزوں میں شراب کی حرمت بذاتہا ہی اوسکے تھوڑی مقدار اور بہت کی اور اوسکے اور اشیاء کی جب وہ نشہ لاوین اور کسطرح جائز ہو سکتا ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ پر باجود اونکے عالم و فاضل ہونیکے کہ روایت کریں وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے وہ جو واجب کرے تیز نبیذ کی حرمت کو پھر وہ کہیں کہ حرام ہے شراب بذاتہا اور ہر پینے کی چیز سے جو نشہ لاوے تاکہ جانیں لوگ کہ شراب کے سوا پینے کی چیز یہ مقدار قلیل اگرچہ اوسکی زیادہ مقدار نشہ آور ہوتی ہو حلال ہے ہمارے نزدیک یہ خیال اوسپر جائز نہیں ہو سکتا لیکن مراد اوس سے جو ارادہ کیا انہوں نے حدیث قیس میں یہ ہے کہ حضور بیخوف نہ ہوئے اونسے اس امر میں کہ جلدی کریں اوسکے پینے میں پھر بیہوش ہو جاوین اور بیہوش بنانے والی چیز حرام ہے اوسپر پس حکم دیا اونکو گرا دینے نبیذ کا اسوجہ سے

وقد روی فی مثل ہذا ایضا ما حدثنا محمد بن خزیمۃ قال ثنا عثمان بن الہیثم بن الجہم المؤذن قال ثنا عوف بن ابی جمیلۃ قال ثنی ابو القموص زید بن علی عن احد الوفد الذین وفدوا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فی وفد عبد القیس او یکون قیس بن النعمان فانی قد نسیت اسمہ انہم سألوہ عن الاشربۃ فقال لا تشربوا فی الدباء ولا فی النقیر واشربوا فی السقاء الحلال الموکا علیہا فان اشتد منہ فاکسروہ

بِالْمَاءِ فَاِنْ اَعْیَاکُمْ فَاَهْرِیْقُوْهُ **فَاِنْ** قَالَ قَائِلٌ قَدْ رُوِیَتْ فِیْ هٰذَا الْبَابِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِؓ مَا ذَکَرْتَ فِیْ حَدِیْثِ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ وَّغَیْرِهٖ وَقَدْ رُوِیَ عَنْهُ خِلَافُ ذٰلِکَ **قِیْلَ لَهٗ** مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْیَمَانِ قَالَ اَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ ثَنِی السَّائِبُ بْنُ یَزِیْدَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَرَجَ فَصَلّٰی عَلٰی جَنَازَةٍ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَی الْقَوْمِ فَقَالَ لَهُمْ اِنِّیْ وَجَدْتُ اٰنِفًا مِنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رِیْحَ الشَّرَابِ فَسَاَلْتُهٗ عَنْهُ فَزَعَمَ اَنَّهُ طِلَاءٌ وَاِنِّیْ سَائِلٌ عَنْهُ فَاِنْ کَانَ یُسْکِرُ جَلَدْتُهٗ قَالَ ثُمَّ شَهِدْتُ عُمَرَ بَعْدَ ذٰلِکَ جَلَدَ عُبَیْدَ اللّٰهِ ثَمَانِیْنَ فِیْ رِیْحِ الشَّرَابِ الَّذِیْ وُجِدَ مِنْهُ **حَدَّثَنَا** یُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِکًا اَخْبَرَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِؓ خَرَجَ عَلَیْهِمْ فَقَالَ اِنِّیْ وَجَدْتُ مَعَ فُلَانٍ رِیْحَ شَرَابٍ فَزَعَمَ اَنَّهٗ شَرَابُ الطِّلَاءِ وَاَنَا سَائِلٌ عَمَّا شَرِبَ فَاِنْ کَانَ یُسْکِرُ جَلَدْتُهٗ فَجَلَدَهٗ عُمَرُ الْحَدَّ تَامًّا **قولہ** ترجمہ اور اسی جیسی وہ روایت ہے جسکو بیان کیا ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عثمان بن ہیثم بن جہم مؤذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عوف بن ابی جمیلہ نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابو قموص زید بن علی نے انہوں نے روایت کی اوس گروہ کے ایک شخص سے جو حاضر ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت مین وفد عبد القیس میں یا وہ قیس بن نعمان تھے بن اونکا نام بہولگیا کہ انہوں نے دریافت کیا آپ سے پینے کی چیزونکو تو آپنے فرمایا کہ نہ پیو کدو کی تونبی میں اور نہ کہودی ہوئی لکڑی مین اور پیو حلال مشکیزوں مین جنپر ڈاٹ لگی ہو پس اگر وہ تیز ہو جاوے تو اوسکی تیزی پانی سے توڑ دو پس اگر تہکا دے تمکو (پانی ڈالنے سے) تو پہینکدو اوسکو اور اگر کوئی کہنے والا کہے کہ اسباب میں حضرت عمر بن خطابؓ سے حدیث مروی ہے جسکو تم نے حدیث عمرو بن میمون وغیرہ میں ذکر کیا حالانکہ اون ہی سے اسکا خلاف (بہی) مروی ہے پس ذکر کی وہ حدیث جو بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو یمان نے کہا خبر دی ہمکو شعیب نے انہوں نے روایت کی زہری سے کہا حدیث بیان کی مجھ سے سائب بن یزید نے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نکلے پس ایک جنازہ پر نماز پڑہی پہر ایک گروہ پر متوجہ ہوئے اور اونسے فرمایا کہ مین نے اسوقت عبد اللہ بن عمر سے شراب کی بو پائی پس جب مین نے اوس سے دریافت کیا تو اوسنے کہا کہ وہ طلاء تہا اور اب میں اوس کے بارہ میں دریافت کرتا ہون کہ کیا طلاء نشہ لاتا ہے اگر لاتا ہے تو میں اوسکے کوڑے لگاؤنگا کہا پہر میں اسکے بعد حضرت عمر کے پاس موجود تہا کہ آپنے عبد اللہ کے اسی کوڑے مارے اوس شراب کی بو کی وجہ سے جو اوسکے منہ سے پائی گئی تہی — حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ مالک نے خبر دی اونکو انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے انہون نے سائب بن یزید سے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نکلے لوگوں پر اور فرمایا کہ مین نے فلان کے پاس شراب کی بو پائی ہے پس وہ کہتا ہے کہ وہ طلا کی شراب تہی میں اوس شراب کے بارہ مین دریافت کرتا ہون کہ اگر وہ نشہ لاتی ہو تو میں اوسکے کوڑے لگاؤن پس حضرت عمر نے اوسکے کامل حد ماری —

قَالَ فَهٰذَا عُمَرُ قَدْ حَدَّ فِی الشَّرَابِ الَّذِیْ یُسْکِرُ فَهٰذَا یُخَالِفُ مَا رَوَیْتُمْ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ وَّغَیْرِهٖ عَنْهُ **قِیْلَ** لَهٗ مَا هٰذَا بِمُخَالِفٍ لِذٰلِکَ لِاَنَّ عُمَرَ قَالَ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ وَاَنَا سَائِلٌ عَمَّا شَرِبَ فَاِنْ کَانَ یُسْکِرُ جَلَدْتُهٗ یَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ اَرَادَ بِذٰلِکَ الْمِقْدَارَ الَّذِیْ شَرِبَ اَیْ فَاِنْ کَانَ ذٰلِکَ الْمِقْدَارُ یُسْکِرُ فَقَدْ عَلِمْتُ

انَّہٗ قَد سَکِرَ وَوَجَبَ عَلَیْہِ الْحَدُّ وَھٰذَا اَوْلیٰ مَا حُمِلَ عَلَیْہِ تَاْوِیْلُ ھٰذَا الْحَدِیْثِ حَتّٰی لَا یُضَادَّ مَا سِوَاہُ مِنَ الْاَحَادِیْثِ الَّتِیْ قَدْ رُوِیَتْ عَنْہُ **وَقَدْ** رُوِیَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَیْضًا فِیْ ھٰذَا مَا حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ سُمَیٍّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمْ عَلٰی اَخِیْہِ الْمُسْلِمِ فَاَطْعَمَہٗ طَعَامًا فَلْیَاْکُلْ مِنْ طَعَامِہٖ وَلَا یَسْاَلْ عَنْہُ فَاِنْ اَسْقَاہُ شَرَابًا فَلْیَشْرَبْ مِنْہُ وَلَا یَسْاَلْ عَنْہُ فَاِنْ خَشِیَ مِنْہُ فَلْیَکْسِرْہُ بِشَیْءٍ **فَفِیْ** ھٰذَا الْحَدِیْثِ اِبَاحَۃُ شُرْبِ النَّبِیْذِ **فَاِنْ** قَالَ قَائِلٌ اِنَّمَا اَبَاحَہٗ بَعْدَ کَسْرِہٖ بِالْمَاءِ وَذِھَابِ شِدَّتِہٖ **قِیْلَ** لَہٗ ھٰذَا الْکَلَامُ فَاسِدٌ لِاَنَّہٗ لَوْ کَانَ فِیْ حَالِ شِدَّتِہٖ حَرَامًا لَکَانَ لَا یَحِلُّ وَاِنْ ذَھَبَتْ شِدَّتُہٗ بِصَبِّ الْمَاءِ عَلَیْہِ **اَلَا تَرٰی** اَنَّ خَمْرًا لَوْ صُبَّ فِیْھَا مَاءٌ حَتّٰی غَلَبَ الْمَاءُ عَلَیْھَا اَنَّ ذٰلِکَ حَرَامٌ فَلَمَّا کَانَ قَدْ اُبِیْحَ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ الشَّرَابُ الشَّدِیْدُ اِذَا کُسِرَ بِالْمَاءِ ثَبَتَ بِذٰلِکَ اَنَّہٗ قَبْلَ اَنْ یُکْسَرَ بِالْمَاءِ غَیْرُ حَرَامٍ فَثَبَتَ بِمَا رُوِّیْنَا فِیْ ھٰذَا الْبَابِ اِبَاحَۃُ مَا لَا یُسْکِرُ مِنَ النَّبِیْذِ الشَّدِیْدِ وَھُوَ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَاَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی ۔

(قولہ) **ترجمہ** کہا پس یہ حضرت عمرؓ ہیں کہ حد ماری انہوں نے اوس شراب میں جو نشہ لاتی تہی لہذا یہ اوسکے مخالف ہے جو تم نے عمرو بن میمون وغیرہ سے بروایت عمرؓ روایت کیا تو اوسکو جوابدیا جائیگا کہ یہ اوسکے مخالف نہین ہے اسلئے کہ اسحدیث مین حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں اوس شراب کے بارہ میں دریافت کرتا ہون جو اوسنے پی پس اگر وہ نشہ لاتی ہوگی تو میں اوسکے کوڑے لگاؤنگا تو ہوسکتا ہے کہ آپنے وہ مقدار مراد لی ہو جو اوسنے پی تہی یعنے اگر وہ مقدار نشہ لاتی ہوگی تو میں جان لونگا کہ وہ بیہوش ہوا اور اوسپر حد واجب ہوگئی اور اسحدیث کا یہ محمل زیادہ بہتر ہے تاکہ یہ اور باقی اون حدیثون کے مخالف نہ ہوجائے جو اونسے روایت کی گئیں اور بیشک حضرت ابوہریرہؓ سے بہی اسکے اندر وہ حدیث مروی ہے جو ہم سے ربیع موذن نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد بن موسیٰ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسلم بن خالد نے کہا حدیث بیان کی مجہ سے زید بن اسلم نے انہوں نے روایت کی سُمی سے انہوں نے ابوصالح سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب داخل ہو کوی تم مین کا اپنے مسلمان بہائی پر پس کہلاوی اوسکو کہانا تو چاہئے کہ کہالے اوسکا کہانا اور اوسکی پوچہہ کچہہ نہ کرے پس اگر پلاوے کوئی پینے کی چیز تو چاہئے کہ پیوے اوسکو اور نہ دریافت کرے اوسکو اور اگر خوف کرے اوس سے (بیہوشی کا) تو چاہئے کہ توڑ دے اوسکی تیزی کسی چیز سے تو اسحدیث میں سخت تیز نبیذ پینے کی اباحت ہے اور اگر کوئی کہنے والا کہے کہ بجز اسکے نہین کہ مُباح کیا ہے اوسکو بعد اوسکی تیزی پانی سے توڑ دینے اور اوسکے دور ہوجانیکے تو اوسکو جوابدیا جایگا کہ یہ کلام فاسد ہی کیونکہ اگر وہ بوقت تیزی کے حرام ہوتا تو بیشک وہ حلال نہ ہوتا اگرچہ جاتی رہے اوسکی تیزی اوسپر پانی ڈالدینے سے کیا تم نہیں دیکہتے کہ شراب میں اگر پانی ڈالا جاے یہانتک کہ غالب آجائے پانی اوسپر تو (بہی) وہ حرام رہتی ہے **پس** جبکہ اسحدیث میں ثابت ہوا مُباح ہونا پینے کی چیز کا جبکہ اوسکی تیزی پانی سے جاتی رہے تو ثابت ہوا کہ وہ تیزی کے دور ہونے سے پہلے (بہی) حرام نہ تہا پس جسقدر روایات ہم نے اسباب میں بیان کین اونسے ثابت ہوا کہ نبیذ تیز اور اُسقدر پیا اوسوقت مُباح ہی کہ نشہ نہ لاوے اور یہ ہی قول امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے

بَابُ الْانْتِبَاذِ فِي الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ

باب کدو کی تونبی اور سبز لاکھی گھڑے اور کھودی ہوئی لکڑی اور رال کے گھڑے میں نبیذ بنانے کا بیان

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ قَالَ ثَنَا أَيُّوبُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ فَقَالَ حَرَّمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ صَدَقَ قُلْتُ أَيُّ جَرٍّ قَالَ كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الْمَدَرِ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ قَالَ ثَنِي قَيْسُ بْنُ حَبْتَرٍ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْجَرِّ الْأَبْيَضِ وَالْأَحْمَرِ فَقَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ فَقَالُوا إِنَّا نُصِيبُ مِنَ الثُّفْلِ فَقَالَ لَا تَشْرَبُوا فِي الدُّبَّاءِ وَلَا فِي الْمُزَفَّتِ وَلَا فِي النَّقِيرِ وَلَا فِي الْجَرِّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَحْيَى الزَّهْرَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي جَمْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ فِي حَدِيثِ شُعْبَةَ وَرُبَّمَا قَالَ النَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ فِي حَدِيثِهِمَا جَمِيعًا وَفِي حَدِيثِ شُعْبَةَ فَاحْفَظُوهُنَّ عَنِّي وَأَخْبِرُوا بِهِنَّ مَنْ وَرَاءَكُمْ (قوله) ترجمہ۔

حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قواریری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیےٰ بن سعید نے انہوں نے روایت کی سفیان ثوری سے انہوں نے سلیمان سے انہوں نے ابراہیم تیمی سے انہوں نے حارث بن سوید سے انہوں نے علیؓ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے سے حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسلم بن ابراہیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام دستوائی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ایوب نے انہوں نے روایت کی سعید بن جبیر سے کہا دریافت کیا گیا ابن عمر سے گھڑے کے نبیذ کے بارہ میں تو انہوں نے جواب دیا کہ حرام فرمایا اوسکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر آیا میں ابن عباسؓ کے پاس پس ذکر کیا میں نے اسکا اونسے تو انہوں نے کہا سچ کہا ابن عمر نے میں نے کہا کونسا گھڑا تو انہوں نے کہا ہر چیز مٹی کی حدیث بیان کی ہم سے نصر بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خصیب بن ناصح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہیب نے انہوں نے روایت کی ایوب سے انہوں نے روایت کی ایک شخص سے انہوں نے سعید بن جبیر سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہوں نے روایت کی علی بن بذیمہ سے کہا

حدیث بیان کی مجھ سے قیس بن جبتر نے کہا دریافت کیا مین نے ابن عباسؓ سے سپید اور سرخ گھڑے کے بارہ مین تو انہون نے فرمایا کہ پہلا جس نے دریافت کیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وہ وفد عبد القیس ہے کہ انہون نے کہا ہمارے پاس کھجورون کے درخت ہیں تو آپ نے فرمایا نہ پیو کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے اور کھودی ہوی لکڑی او روغنی گھڑے میں حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح بن عبادہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے روایت کی یحییٰ نہرانی سے کہا سنا مین نے ابن عباسؓ کو فرماتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کدو کی تونبی اور سبز لاکہی گھڑے اور کھودی ہوئی لکڑی اور رال ملے گھڑے سے حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ اور حماد بن سلمہ نے انہون نے روایت کی ابو حمزہ سے کہا سنا مین نے ابن عباسؓ کو کہتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفد عبد اللہ القیس کو کدو کی تونبی اور سبز لاکہی گھڑے اور کھودی ہوئی لکڑی سے حدیث شعبہ مین اور کبھی کہا کھودی ہوئی لکڑی اور رال ملی گھڑیا سے اون دونو کی حدیث مین اور حدیث شعبہ مین ہے کہ یاد کرلو انکو مجھ سے اور خبر دو انکی اپنے ماسوا کو حدثنا ربیع المؤذن قال ثنا اسد قال ثنا حماد بن زید وابو ھلال عن ابی حمزۃ عن ابن عباس قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفد عبد القیس عن الحنتم والنقیر والمزفت، وفی حدیث حماد والدباء حدثنا ابن مرزوق قال ثنا وھب قال ثنا ابی عن یعلی بن حکیم عن سعید ابن جبیر قال سمعت ابن عمر یقول حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبیذ الجر قال فاتیت ابن عباس فقلت الا تسمع ما یقول ابن عمر قال وما یقول قلت یقول حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبیذ الجر قال صدق ابن عمر حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبیذ الجر حدثنا یزید بن سنان قال ثنا ابو عامر العقدی قال ثنا شعبۃ عن سلمۃ بن کھیل قال سمعت ابا الحکم قال سالت ابن عباس عن النبیذ فقال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نبیذ الجر والدباء والمزفت قال وسالت ابن الزبیر فقال مثل ذلک قال وسالت ابن عمر فقال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن نبیذ الجر والدباء والمزفت قال واخبرنی اخی عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثل ذلک حدثنا ابن مرزوق قال ثنا ابو عامر العقدی قال ثنا زھیر بن محمد عن عبد اللہ بن محمد بن عقیل عن عطاء بن یسار عن میمونۃ وعن القاسم بن محمد عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال لا تنبذوا فی الدباء والمزفت والنقیر والجر ا ہ حدثنا ابن مرزوق قال ثنا عبد الصمد عن شعبۃ عن حماد عن ابراھیم عن الاسود قال سالت عائشۃ عما حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من الاوعیۃ التی ینبذ فیھا فقالت المزفت حدثنا ابن مرزوق قال ثنا روح بن عبادۃ عن حماد عن ابراھیم عن الاسود قال سالت عائشۃ عن الاوعیۃ التی حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقالت القرع والمزفت وھی جرار خضر کان یجاء بھا من مصر مزفتۃ حدثنا ابو بکرۃ قال ثنا ابو داود قال ثنا شعبۃ عن منصور قال سمعت ابراھیم یحدث عن الاسود قال سالت عائشۃ عما حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من الاوعیۃ التی ینبذ فیھا فقالت المزفت حدثنا ابن مرزوق

قَالَ ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ مَنْصُوْرًا فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ قَالَ قُلْتُ فَالْجَرُّ قَالَتْ مَا أَنَا أُحَدِّثُكَ عَلٰى مَا لَمْ أَسْمَعْ **حَدَّثَنَا** رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثنا أَسَدٌ قَالَ ثنا شَيْبَانُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنْ يُنْبَذَ فِي الْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ (قولہ) **ترجمہ حدیث** بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسدؒ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن زید اور ابو ہلال نے انہوں نے روایت کی ابو حمزہ سے انہوں نے ابن عباسؓ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفد عبد القیس کو سبز لاکھی گھڑے اور کھودی ہوی لکڑی اور رال ملے گھڑے سے اور حدیث حماد میں ہے اور کدو کی تونبی سے **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے انہوں نے روایت کی یحییٰ بن حکیم سے انہوں نے سعید بن جبیر سے کہا سنا میں نے ابن عمر کو فرماتے ہوئے کہ حرام کیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے کی نبیذ کو کہا پھر آیا میں ابن عباس کے پاس اور عرض کیا کیا نہیں سنتے آپ جو ابن عمرؓ کہتے ہیں کہا وہ کیا کہتے ہیں میں نے کہا کہتے ہیں حرام فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے کے نبیذ کو ابن عباس نے فرمایا سچ کہا ابن عمرؓ نے حرام فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے کے نبیذ کو **حدیث** بیان کی ہم سے یزید بن سنان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی سلمہ بن کہیل سے کہا سنا میں نے ابو حکم کو کہتے ہوئے کہ دریافت کیا میں نے ابن عباسؓ سے نبیذ کے بارہ میں تو انہوں نے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے اور کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے کی نبیذ سے کہا اور دریافت کیا میں نے ابن زبیر سے تو جواب دیا انہوں نے اسکی مثل کہا اور دریافت کیا میں نے ابن عمر سے تو انہوں نے فرمایا کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے روغنی اور کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے کے نبیذ سے کہا اور خبر دی مجکو میرے بھائی نے بروایت ابو سعید خدریؓ انہوں نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر بن محمد نے انہوں نے روایت کی عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے انہوں نے عطا بن یسار سے انہوں نے میمونہؓ اور قاسم بن محمدؒ سے انہوں نے عائشہؓ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا کہ نبیذ نہ بناؤ کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے اور کھودی ہوی لکڑی اور روغنی گھڑیوں میں **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الصمد نے انہوں نے روایت کی شعبہ سے انہوں نے حماد سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے اسود سے کہا دریافت کیا ابنؓ عائشہؓ سے کہ حرام فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اون برتنوں کو جن میں نبیذ بنایا جاتا تھا تو انہوں نے کہا رال ملا گھڑا **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح بن عبادہ نے انہوں نے روایت کی حماد سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے اسود سے کہا دریافت کیا میں نے عائشہؓ سے اون برتنوں کے بارہ میں کہ حرام فرماتے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تو انہوں نے کہا قرع اور مزفت اور وہ سبز گھڑے ہیں جو مصر سے لائے جاتے تھے رال ملے ہوئے **حدیث** بیان کی ہم سے ابو بکرہ

نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی منصور سے کہا سنا میں نے ابراہیم کو حدیث بیان کرتے ہوئے اسود سے کہا دریافت کیا میں نے عائشہؓ سے اون برتنوں کے بارہ میں جنکو حرام فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے جنمیں نبیذ بنایا جاتا تھا تو انہوں نے کہا وہ رال ملا گھڑا ہے:۔

حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الصمد نے انہوں نے روایت کی شعبہ سے کہا سنا میں نے منصور سے پس ذکر کیا اوس اسناد سے اوسکی مثل کہا میں نے عرض کیا اور روغنی گھڑے تو انہوں نے فرمایا جو کچھہ میں نے سنا اوس سے زیادہ تجہ سے نہیں کہتی حدیث بیان کی ہم سے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شیبان ابو معاویہ نے انہوں نے روایت کی اشعث بن ابی شعثا سے کہا حدیث بیان کی مجہ سے عبد اللہ بن معقل محاربی نے کہا سنا میں نے عائشہ کو کہتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے اس سے کہ نبیذ بنایا جائے سبز لاکہی گھڑے اور کدو کی تونبی اور رال لگے گھڑے میں ۔

حدثنا ابن ابی داود قال ثنا ابو عمر والحوضی قال حدثنا همام قال ثنی قتادة قال ثنی اربعة رجال عن ابی سعید الخدری وحدثتنی خمس نسوة عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم نهی عن نبیذ الجر **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا روح قال ثنا شعبة قال ثنا عبید الله بن عمر و عمران بن عبد الله قال سمعت عبد الله بن شماس یقول سألت عائشة فقالت نهی رسول الله صلی الله علیه واله وسلم عن الحنتمة وهی الجرة وعن الدباء والمزفت والنقیر **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا ابو داود قال ثنا سلیمن بن معاذ قال ثنا الاشعث قال سمعت حبة العرنی یقول سمعت عائشة تقول نهی رسول الله صلی الله علیه واله وسلم عن الدباء والحنتم والنقیر والزفت **حدثنا** علی بن شیبة قال ثنا یحیی بن یحیی قال ثنا حماد بن زید عن ثابت قال قلت لابن عمر انهی رسول الله صلی الله علیه واله وسلم عن نبیذ الجر فقال قد زعموا ذلك **حدثنا** ابن ابی داود قال ثنا هدبة عن خالد قال انا سلیمن بن مغیرة عن ثابت قال قلت لابن عمر انهی رسول الله صلی الله علیه واله وسلم عن نبیذ الجر فقال زعموا ذلك **حدثنا** یونس قال انا ابن وهب ان مالکا حدثه عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه واله وسلم خطب فی بعض مغازیه فانصرف قبل ان ابلغه فسألت ماذا قال قالوا نهی ان ینتبذ فی الدباء والمزفت **حدثنا** ابو بکرة قال ثنا ابو الولید قال ثنا شعبة عن سلیمن التیمی عن طاوس عن ابن عمر قال نهی رسول الله صلی الله علیه واله وسلم عن نبیذ الجر **حدثنا** ابن خزیمة قال ثنا حجاج قال ثنا حماد عن عبید الله عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه واله وسلم نهی عن القرع والمزفت **حدثنا** علی بن شیبة قال ثنا یحیی بن یحیی قال ثنا ابو خیثمة عن ابی الزبیر عن جابر وابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه واله وسلم نهی عن النقیر والدباء والمزفت **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا وهب قال ثنا شعبة ح وحدثنا ابن مرزوق ایضا قال ثنا بشر بن عمر قال ثنا شعبة عن عقبة وهو ابن حریث عن ابن عمر قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الجر والدباء والمزفت وامر ان ینتبذ فی الاسقیة **(قولہ) ترجمہ حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عمر و حوضی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہمام نے کہا حدیث بیان کی مجہہ سے قتادہ نے کہا حدیث بیان کی

مجھ سے چار شخصوں نے انہوں نے روایت کی ابوسعید خدری سے اور حدیث بیان کی مجھ سے پانچ عورتوں نے انہوں نے روایت کی عائشہ رضؓ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا گھڑے کے نبیذ سے۔

حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبیداللہ بن عمر یا عمران بن عبداللہ نے کہا سنا میں نے عبداللہ بن شماس کو کہتے ہوئے کہ دریافت کیا میں نے عائشہ رضؓ سے تو انہوں نے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حنتمہ سے اور وہ لاکھ لگی گھڑیا ہوتی ہے اور کدو کی تونبی اور رال ملی گھڑیا اور کھودی ہوی لکڑی سے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوداؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن معاذ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اشعث نے کہا سنا میں نے جبہ عرنی کو کہتے ہوئے کہ سنا میں نے عائشہ رضؓ کو فرماتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کدو کی تونبی اور سبز لاکھی گھڑے اور کھودی ہوتی لکڑی اور رال ملے گھڑے سے حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی ابن یحیی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن زید نے انہوں نے روایت کی ثابت سے کہا میں نے ابن عمر رضؓ سے کہا کیا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے کے نبیذ سے تو انہوں نے کہا کہتے تو ایسے ہی ہیں حدیث کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہدبہ نے انہوں نے روایت کی خالد سے کہا خبر دی ہمکو سلیمان بن مغیرہ نے انہوں نے روایت کی ثابت سے کہا کہا میں نے ابن عمر سے کیا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے کے نبیذ سے تو انہوں نے فرمایا کہتے ہیں اسیطرح حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہ مالک نے حدیث بیان کی اونسے انہوں نے روایت کی نافع سے انہوں نے ابن عمر رضؓ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ پڑھا کسی غزوہ میں پس آپ نے ختم کر دیا بیشتر وہاں پہونچنے سے پہلے پس میں نے دریافت کیا کہ کیا فرمایا حضور نے تو انہوں نے کہا منع فرما اس سے کہ نبیذ رکھا جاتے کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے میں حدیث بیان کی ہم سے ابوبکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوولید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی سلیمان تیمی سے انہوں نے طاؤس سے انہوں نے ابن عمر سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھڑے کے نبیذ سے حدیث بیان کی ہم سے ابن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے انہوں نے روایت کی عبیداللہ سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے سے حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن یحیی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوخیثمہ نے انہوں نے روایت کی ابوزبیر سے انہوں نے جابر اور ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کھودی ہوئی لکڑی اور کدو کی تونبی اور رال ملے گھڑے سے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے بھی کہا حدیث بیان کی ہم سے بشر بن عمر نے کہا حدیث بیان کی

ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی عقبہ سے اور وہ ابن حریث ہیں انہوں نے روایت کی ابن عمر سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روغنی گھڑے اور کدو کی تونبی اور رال لگے گھڑے سے اور حکم دیا کہ نبیذ بنائے جائیں مشکیزوں میں (قولہ) **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا وهب قال ثنا شعبة عن محارب بن دثار عن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن الدباء والحنتم والمزفت قال لا ادرى ذكر النقير ام لا **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا روح بن عبادة قال ثنا شعبة قال ثنى عمرو بن مرة عن زاذان قال قلت لابن عمر اخبرني عما نهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عنه من الاوعية وفسره لنا بلغتنا قال نهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن الحنتم وهي التي تسمونها الجرة ونهى عن الدباء وهي التي تسمونها القرعة ونهى عن المزفت وهي المقيرة ونهى عن النقير وهي النخلة تنسح نسحا وتنقر نقرا وامر ان تنتبذ في الاسقية **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا روح عن حماد عن ابي الزبير عن جابر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن الدباء والمزفت والنقير **حدثنا** علي بن معبد قال ثنا الحجاج بن محمد عن ابن جريج قال قال ابو الزبير سمعت جابر بن عبد الله يقول نهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن الجر المزفت والدباء والنقير **حدثنا** علي قال ثنا الحجاج عن ابن جريج قال اخبرني ابو قزعة ان ابا نضرة وحسنا اخبراه ان ابا سعيد الخدري اخبرهما ان وفد عبد القيس لما اتوا النبي صلى الله عليه وسلم قالوا يا نبي الله جعلنا الله فداك ما يصلح لنا من الاشربة قال لا تشربوا في النقير قالوا يا نبي الله جعلنا الله فداك لا ندري ما النقير قال نعم الجذع ينقر وسطه ولا في الدباء ولا في الحنتم **حدثنا** ابن ابي داود قال ثنا عياش الرقام قال ثنا عبد الاعلى قال ثنا ابن اسحق عن الزهري عن انس بن مالك قال سمعت النبي صلى الله عليه وآله وسلم ينهى عما يصنع في الظروف المزفتة وفي الدباء وقال كل مسكر حرام **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا روح قال ثنا شعبة قال سمعت التيمي يحدث عن ابي نضرة عن ابي سعيد ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم نهى عن نبيذ الجر **حدثنا** محمد بن خزيمة قال ثنا ابو زيد النحوي عن سليمن التيمي فذكر باسناده مثله **حدثنا** يونس قال ثنا يحيى بن عبد الله بن بكير قال حدثني الليث عن ابن شهاب عن انس بن مالك انه اخبره ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم نهى عن الدباء والمزفت ان ينتبذ فيهما (ترجمہ) **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی محارب بن دثار سے انہوں نے ابن عمرؓ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کدو کی تونبی اور سبز لاکھی گھڑے اور رال ملے گھڑے سے کہا مجھے معلوم نہین کہ کھودی ہوی لکڑی کا بھی ذکر فرمایا یا نہیں :-

حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح بن عبادہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے عمرو بن مرہ نے انہوں نے روایت کی زاذان سے کہا عرض کیا مین نے ابن عمر سے خبر دیجے مجھکو اون برتنوں سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور ہماری زبان مین اونکے معانی بیان کر دیجئے انہوں نے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حنتم سے

اور وہ سبز لاکہی والا گہڑا ہوتا ہے اور منع فرمایا دبا سے اور وہ کدو کی تونبی ہوتی ہے اور منع فرمایا مزفت سے اور وہ
رال ملا گہڑا ہوتا ہے اور منع فرمایا نقیر سے اور وہ لکڑی ہوتی ہے جسکو کہودا جاتا ہے اور حکم دیا یہ کہ نبیذ بنایا جائے
مشکیزون مین **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح نے انہون نے
روایت کی حماد سے انہون نے ابو زبیر سے انہون نے جابر سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے کدو کی تونبی اور رال ملے گہڑے اور کہودی ہوئی لکڑی سے **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن
معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج بن محمد نے انہون نے روایت کی ابن جریج سے کہا کہا ابو زبیر نے سنا
مین نے جابر بن عبد اللہ کو کہتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رال ملے گہڑے اور کدو
کی تونبی اور کہودی ہوئی لکڑی سے **حدیث** بیان کی ہم سے علی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے
انہون نے روایت کی ابن جریج سے کہا خبر دی مجکو ابو قزعہ نے کہ ابو نضرہ اور حسن نے خبر دی اوسکو کہ ابو سعید
خدری نے خبر دی اون دونوں کو کہ وفد عبد القیس جب حاضر ہوا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیخدمت مین تو عرض
کیا ای خدا کے نبی اللہ تعالے ہمکو آپکا فدیہ بنائے کونسی پینے کی چیزین ہمارے لئے حلال ہیں آپنے فرمایا مت
پیو کہودی ہوئی لکڑی مین عرض کیا اے خدا کے نبی کرے اللہ تعالے ہمکو آپ پر قربان ہم نہین جانتے
کہ نقیر کیا شی ہے فرمایا کہجور کی موٹی لکڑی جسکے درمیان کو کہود دیا گیا ہو اور مت پیو کدو کی تونبی اور نہ
سبز لاکہی گہڑے مین **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عیاش رقام نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الاعلی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن اسحاق نے انہون نے روایت کی زہری
سے انہون نے انس بن مالک سے کہا سنا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منع فرماتے ہوئے اوس
چیز سے جو رال ملے برتنون مین کی جائے یا کدو کی تونبی مین اور فرمایا کہ ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے؛۔
حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
شعبہ نے کہا سنا مین نے تیمی کو حدیث بیان کرتے ہوئے ابو نضرہ سے انہون نے روایت کی ابو سعیدؓ سے
کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا گہڑے کے نبیذ سے **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو زید نحوی نے انہون نے روایت کی سلیمان تیمی سے پہر ذکر کیا اس اسناد سے
اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن عبد اللہ بکیر نے کہا حدیث
بیان کی مجہ سے لیث نے انہون نے روایت کی ابن شہاب سے انہون نے انس بن مالک سے کہ انہون نے خبر دی
اونکو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کدو کی تونبی اور رال ملے گہڑے مین نبیذ ڈالنے سے
حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ أَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمٰنُ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ
عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفٰى يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ الْأَخْضَرِ قَالَ
قُلْتُ فَالْأَبْيَضُ قَالَ لَا أَدْرِيْ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ وَسَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَا ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ
سُلَيْمٰنَ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفٰى عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** ابْنُ
مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا رَوْحٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِيْ شِمْرٍ الضُّبَعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن الدباء والنقیر والمزفت والحناتم **حدثنا** محمد بن خزیمۃ قال ثنا حجاج
قال ثنا حماد عن ابی التیاح عن حفص اللیثی عن عمران بن حصین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم نھی عن الحنتم **حدثنا** حسین بن نصر قال سمعت یزید بن ھرون قال انا ھشام بن
حسان عن محمد عن ابی ھریرۃ قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفد عبد القیس عن الدباء والحنتم
والنقیر والمزفت والمزادۃ المجبوبۃ وقال انتبذ فی سقائک واشربہ حلوا طیبا فقال لہ رجل ائذن لی فی مثل
ھذہ واشار بیدیہ وفرج بینھما فقال اذا تجعلھا مثل ھذہ واشار بیدیہ اکثر من ذلک
حدثنا علی بن معبد قال ثنا شریح بن النعمان الجوھری قال ثنا سفیان عن الزھری اخبرہ
ابو سلمۃ انہ سمع ابا ھریرۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا تنبذوا فی الدباء ولا فی المزفت
ثم یقول ابو ھریرۃ اجتنبوا الحناتم والنقیر **حدثنا** ابن ابی داود قال ثنا عمرو بن ابی سلمۃ قال سمعت
الاوزاعی یقول حدثنی یحیی بن ابی کثیر قال ثنی ابو سلمۃ قال حدثنی ابو ھریرۃ قال نھی رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم عن نبیذ الجرار المزفتۃ والدباء المزفتۃ والظروف **ترجمہ** **حدیث** بیان کی
ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے علی بن جعد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے کہا خبر دی مجکو سلیمان
شیبانی نے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن ابی اوفی کو کہتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے سبز گھڑے کے نبیذ سے کہا میں نے عرض کیا اور سپید تو انہوں نے کہا مجھے نہیں معلوم **حدیث** بیان کی
ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب اور سعید بن عامر نے دونو نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
شعبہ نے انہوں نے روایت کی سلیمان شیبانی سے انہوں نے ابن ابی اوفی سے انہوں نے رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی ابو جمرہ ضبعی سے کہا سنا میں نے عائذ بن عمرو کو
کہتے ہوئے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کدو کی تونبی اور کھودی ہوئی لکڑی اور رال ملے
گھڑے اور سبز لاکھی گھڑونسے **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے انہوں نے روایت کی ابو تیاح سے انہوں نے حفص لیثی سے انہوں نے
عمران بن حصین سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا سبز لاکھی گھڑے سے **حدیث** بیان کی ہم
سے حسین بن نصر نے کہا سنا میں نے یزید بن ہارون کو کہتے ہوئے کہ خبر دی ہمکو ہشام بن حسان نے انہوں
نے روایت کی محمد سے انہوں نے ابو ہریرہ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفد
عبد القیس کو کدو کی تونبی اور سبز لاکھی گھڑے اور کھودی ہوی لکڑی اور رال ملے گھڑے اور توشہ دان کٹے
ہوئے سے اور فرمایا کہ نبیذ ڈال اپنے مشکیزے میں اور پی اوسکو شیریں مزے دار پس آپ سے
ایک اور شخص نے عرض کیا اجازت دیتے ہیں آپ اس کی اور اشارہ کیا اپنے دونو ہاتھوں سے اور کشادگی
کی اون دونو کے مابین تو آپنے فرمایا کہ جب تو اوسکو اتنا کر لے اور اشارہ کیا اپنے دونو ہاتھوں سے زائد
اوس شخص **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شریح بن نعمان جوہری

اے لوگو نہ پہنو ریشم اور نہ پہناؤ وہ اپنی عورتون کو اور نہ اپنے بیٹونکو کیونکہ جس نے پہنا اوسکو دنیا میں نہ پہنیگا
اوسکو آخرت مین اور ذکر کی انہوں نے اسبارہ مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی وہ حدیث جو بیان
کی ہم سے بحر بن نصر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا خبر دی مجکو عمرو بن حارث نے کہ ابو عسانہ
معافری نے حدیث بیان کی اونسے کہ انہوں نے سنا عقبہ بن عامر جہنی کو خبر دیتے ہوئے کہ رسول خدا صلے
اللہ علیہ وسلم منع فرمایا کرتے تھے اپنے گھر والونکو زیور اور ریشم سے اور فرمایا کرتے تھے کہ اگر تم جنت
کے زیور اور ریشم کو پسند کرتی ہو تو نہ پہنو انکو دنیا میں پس اونکو جواب دیا جائیگا کہ رہا قول نبی صلے اللہ
علیہ وسلم کہ جسنے پہنا اوسکو دنیا مین نہ پہنیگا اوسکو آخرت میں پس بیشک یہ مروی ہے لیکن ہو سکتا ہے
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے صرف مرد مراد لئے ہوں اور ہو سکتا ہے کہ مرد اور عورت دونو مراد لئے ہون
اور ہم نے جو حضرت علی اور عبد اللہ بن عمر اور زید بن ارقم اور ابو موسیٰ رضی اللہ عنہم کی حدیث ذکر کی جس مین
وہ خبر دیتے ہین کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے صرف مرد مراد لئے نہ عورتین پس وہ بہتر ہے اور اس حدیث کو
اسی معنے پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہے تاکہ پہلی حدیثون کے مخالف نہ ہو جاوے اور اگر وہ حدیثین جو انہوں نے
اسبارہ مین ابن عمر اور ابن زبیر سے ذکر کین حجت ہو سکتی ہیں تو ہم نے جو حدیث حضرت علیؓ سے انکے
خلاف ذکر کی ہے وہ بدرجہ اولی حجت ہو سکتی ہے اور اسبارہ مین ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے انہوں نے
روایت کی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے برخلاف اسکے (قولہ) **حَدَّثَنَا** یَزِیْدُ بْنُ سِنَانٍ
وَابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَا ثَنَا وَھْبُ بْنُ جَرِیْرٍ قَالَ ثَنَا اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاٰی
عُمَرُ عُطَارِدَ التَّمِیْمِیَّ یُقِیْمُ فِی السُّوْقِ حُلَّۃً سِیَرَاءَ فَقَالَ عُمَرُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَوِ اشْتَرَیْتَھَا لِوُفُوْدِ الْعَرَبِ اِذَا

قَدِمُوا عليكَ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنما يلبس الحرير في الدنيا من لا خلاق له في الآخرة فلما كان بعد ذلك أُتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بحلل سيراء فبعث إلى عمر بحلة وإلى أسامة بحلة وأعطى عليا حلة فأمره أن يشققها خمرا بين نسائه قال فراح أسامة بحلته تنظر إليها رسول الله صلى الله عليه وسلم نظرا عرف أنه كره ما صنع فقال إني لم أبعث بها إليك لتلبسها إنما بعثت بها إليك لتشققها خمرا بين نسائك **حدثنا** روح بن الفرج قال ثنا حامد بن يحيى قال ثنا سفيان قال ثنا أيوب بن موسى عن نافع عن ابن عمر قال أبصر رسول الله صلى الله عليه وسلم حلة سيراء على عطارد فكرهها له ونهاه عنها ثم إنه كسا عمر مثلها فقال يا رسول الله قلت في حلة عطارد ما قلت وتكسوني هذه فقال لم أكسكها لتلبسها إنما أعطيتكها لتلبسها النساء **فأخبر** ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم في هذا الحديث أن قوله إنما يلبس الحرير في الدنيا من لا خلاق له إنما قصد به الرجال دون النساء **وقد** روي هذا عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** الصمد بن داود قال ثنا يعقوب بن حميد قال ثنا وكيع عن مسعر عن أبي عون عن أبي صالح الحنفي عن علي أن أكيدر دومة أهدى للنبي صلى الله عليه وسلم ثوب حرير فأعطاه إياه وقال أشققه خمرا بين النساء **وروي** عن علي بن أبي طالب في ذلك ما حدثنا أبو بكرة وابن مرزوق قالا ثنا أبو داود الطيالسي قال ثنا شعبة عن أبي عون الثقفي قال سمعت أبا صالح الحنفي يقول سمعت عليا يقول أهدي لرسول الله صلى الله عليه وسلم حلة سيراء من حرير فبعث بها إلي فلبستها فرأيت الكراهة في وجهه فأطرتها خمرا بين نسائي **حدثنا** سليمان بن شعيب قال ثنا عبد الرحمن بن زياد قال ثنا شعبة قال أخبرني أبو عون محمد بن عبيد الله فذكر بإسناده مثله **(ترجمہ)** حدیث بیان کی ہم سے یزید بن سنان اور ابن مرزوق نے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب بن حریر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے کہا سنا میں نے نافع کو حدیث بیان کرتے ہوئے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا دیکھا حضرت عمر نے عطارد تمیمی کو کہ قیمت لگا رہا تھا بازار میں ایک ریشمی جوڑے کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے رسول خدا کاش آپ خرید لیتے اسکو عرب کے وفود کے لئے جب وہ آیا کریں آپ کی خدمت میں پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ریشم دنیا میں وہی پہنتا ہے جسکے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں پھر اسکے کچھ دنوں بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چند جوڑے ریشمی آئے تو آپ نے ایک جوڑا حضرت عمر کے پاس بھیجا اور ایک حضرت اسامہ کے پاس اور ایک جوڑا حضرت علی کو عطا فرمایا پس حکم دیا حضرت علی کو کہ اسے پھاڑ کر اپنی عورتوں کی اوڑھنیاں بنا دیں کہا اور حاضر ہوئے حضرت اسامہ معہ اپنے جوڑے کے پس دیکھا اونکیطرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا دیکھنا کہ سمجھ گئے حضور کہ میرے اس جوڑے کو ناگوار جانا تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نے نہیں بھیجا یہ تمہارے پاس تاکہ تم اسکو پہنو

حلہ

بلکہ صرف اسلئے بیجا ہے کہ اسکو پہاڑ کر اپنی عورتون کی اوڑہنیان بنادو حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حامد بن یحیےٰ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ایوب بن موسے نے انہون نے روایت کی نافع سے انہون نے ابن عمرؓ سے کہا دیکہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ریشمی جوڑا عطارد پر پس آپنے اوسکے واسطے اوسکو مکروہ جانا اور اوسکو اس سے منع فرمایا پہر آپنے حضرت عمر کو ویسی جیسا پہنادیا پس عرض کیا انہون نے اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم عطارد کے جوڑے کے بارہ مین آپنے کیا کچھ فرمایا تہا اور اب آپ وہی مجھکو پہنا رہے ہین تو آپنے فرمایا مین نے تمکو پہننے کے واسطے نہین دیا تہا بلکہ اسلئے دیا تہا کہ تم یہ عورتونکو پہنادو تو ابن عمرؓ نے بروایت نبی صلے اللہ علیہ وسلم خبر دی کہ آپ کے اس قول سے کہ دنیا مین ریشم وہی پہنتا ہے جنکو آخرت مین کوئی حصہ نہ ہو صرف مرد مراد ہین نہ عورتین اور یہ ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے :۔

حدیث بیان کی ہم سے احمد بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یعقوب بن حمید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وکیع نے انہون نے روایت کی مسعر سے انہون نے ابو عون سے انہون نے ابو صالح حنفی سے انہون نے حضرت علیؓ سے کہ اکیدر دومہ نے ہدیہ بیجا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین ایک ریشمی کپڑا تو وہ حضور نے حضرت علی کو دیدیا اور فرمایا کہ اسکو پہاڑ کر عورتون کی اوڑہنیان کر دینا :۔

اور حضرت علی بن ابی طالبؓ سے اس مین مروی ہے جو بیان کی ہم سے ابو بکرہ اور ابن مرزوق نے دونونے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے روایت کی ابو عون ثقفی سے کہا سنا مین نے ابو صالح حنفی کو فرماتے ہوئے کہ سنا مین نے حضرت علیؓ کو فرماتے ہوئے کہ ہدیہ کیا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک ریشمی جوڑا تو وہ آپنے میرے پاس بہیجدیا پس مین نے اوسکو پہن لیا پہر دیکہا مین نے ناگواری کو حضور کے چہرہ مین اسلئے مین نے اوسکو اوڑہنیان بناکر عورتون مین تقسیم کر دیا حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن بن زیاد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے کہا خبر دی مجھکو ابو عون محمد بن عبد اللہ نے پہر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل (قولہ) حَدَّثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَیْسَرَةَ عَنْ زَیْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَلِیٍّ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ ثَنَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ اَنَّ اِبْرَاهِیْمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَیْنٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ كَسَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً سِیَرَاءَ فَخَرَجْتُ فِیْهَا فَقَالَ لِیْ یَا عَلِیُّ اِنِّیْ لَمْ اَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا فَرَجَعْتُ اِلٰى فَاطِمَةَ فَاَعْطَیْتُهَا طَرَفَهَا كَاَنَّهَا تَطْوِیْ مَعِیْ فَتَشَقَّقُهَا فَقَالَتْ تَرِبَتْ یَدَاكَ یَا ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ مَاذَا جِئْتَ بِهٖ قُلْتُ نَهَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَلْبَسَهَا فَالْبَسِیْهَا وَاكْسِیْ نِسَاءَكِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ حُمَیْدٍ قَالَ ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ اَبِیْ فَاخِتَةَ عَنْ جَعْدَةَ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ اَهْدٰى اَمِیْرُ اٰذَرْبِیْجَانَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً مُسَیَّرَةً بِحَرِیْرٍ اِمَّا سَدَاهَا وَاِمَّا لُحْمَتُهَا فَبَعَثَ بِهَا اِلَیَّ فَاَتَیْتُهٗ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ

اللہِ اَلبسُہَا قَالَ لَا اَکرَہُ لَکَ مَا اَکرَہُ لِنَفسِی وَلٰکِن اِجعَلہَا خمرا بَینَ الفَوَاطِمِ قَالَ فَقطعتُ مِنہَا اَربَعَ خُمُرٍ خِمَارًا لِفَاطِمَةَ بِنتِ اَسَدِ بنِ ہَاشِمٍ اُمِّ عَلِیِّ بنِ اَبِی طَالِبٍ وَخِمَارًا لِفَاطِمَةَ بِنتِ رَسُولِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَخِمَارًا لِفَاطِمَةَ بِنتِ حَمزَةَ بنِ عَبدِ المُطَّلِبِ وَخِمَارًا لِفَاطِمَةَ اُخرٰی قَد نَسِیتُہَا **حَدَّثَنَا** یَزِیدُ بنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا القَعنَبِیُّ قَالَ ثَنَا عَبدُ العَزِیزِ بنُ مُسلِمٍ عَن یَزِیدَ بنِ اَبِی زِیَادٍ عَن اَبِی فَاخِتَةَ عَن جَعدَةَ بنِ ہُبَیرَةَ عَن عَلِیٍّ اَنَّ رَسُولَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اُہدِیَت لَہٗ حُلَّةٌ لُحمَتُہَا اَو سَدَاہَا اِبرِیسَمٌ فَقُلتُ یَا رَسُولَ اللہِ اَلبسُہَا قَالَ لَا اَکرَہُ لَکَ لَا مَا اَکرَہُہَا لِنَفسِی وَلٰکِن اَقطَعہَا خُمُرًا لِلفُلَانَةِ وَفُلَانَةَ وَفُلَانَةَ وَذَکَرَ فِیہِنَّ فَاطِمَةَ قَالَ فَشَقَقتُہَا اَربَعَ خُمُرٍ **حَدَّثَنَا** اَبُو بَکرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو دَاؤدَ قَالَ ثَنَا شُعبَةُ عَن اَبِی بِشرٍ قَالَ سَمِعتُ مُجَاہِدًا یُحَدِّثُ عَن اِبنِ اَبِی لَیلٰی قَالَ سَمِعتُ عَلِیًّا یَقُولُ اَتٰی رَسُولُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ بِحُلَّةِ حَرِیرٍ فَبَعَثَ بِہَا اِلَیَّ فَلَبِستُہَا فَرَاَیتُ الکَرَاہَةَ فِی وَجہِہٖ فَاَطَرتُہَا خُمُرًا بَینَ النِّسَاءِ **وَقَد** رُوِیَ فِی ذٰلِکَ عَن اَنَسِ بنِ مَالِکٍ مَا حَدَّثَنَا ابنُ اَبِی دَاؤدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الیَمَانِ قَالَ ثَنَا شُعَیبُ بنُ اَبِی حَمزَةَ عَنِ الزُّہرِیِّ عَن اَنَسٍ اَنَّہٗ رَاٰی عَلٰی اُمِّ کُلثُومٍ بِنتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ بُردَ حَرِیرٍ سِیَرَاءَ **(ترجمہ)** حدیث بیان کی ہم سے سلیمان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمٰن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے روایت کی عبد الملک بن میسرہ سے انہوں نے زید بن وہب سے انہوں نے حضرت علی رضؓ سے پھر ذکر کیا اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن یوسف نے کہا حدیث بیان کی ہم سے لیث نے انہوں نے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے کہ ابراہیم بن حسین نے حدیث بیان کی اونسے کہ اونکے باپ نے حدیث بیان کی اونسے کہ انہوں نے سنا علی بن ابی طالب کو فرماتے ہوئے کہ پہنایا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ایک ریشمی جوڑا پس میں اوس میں گیا تو مجھے فرمایا اے علی میں نے تمکو پہننے کے واسطے نہیں دیا تہا پھر میں حضرت فاطمہ کیطرف گیا اور اوسکا ایک پلو اونکو دیدیا گویا وہ میرے ساتھ (اوسکو) لپیٹتی نہیں پھر میں نے اونکو پہاڑ کر دیدیا تو حضرت فاطمہ نے کہا خاک آلودہ ہوں دونوں ہاتھ تمہارے ای ابن ابی طالب یہ تم نے کیا کیا میں نے کہا منع فرمایا مجکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکے پہننے سے پس پہنو تم اوسکو اور پہناؤ اپنی عورتوں کو **حدیث** بیان کی ہم سے احمد بن داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یعقوب بن حمید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عمران بن عیینہ نے انہوں نے روایت کی یزید بن ابی زیاد سے انہوں نے ابو فاختہ سے انہوں نے جعدہ سے انہوں نے حضرت علی رضؓ سے کہا ہدیہ بہیجا آذربائجان کے حاکم نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف ایک ریشمی جوڑا یا اوسکا تانا ریشم کا تہا یا بانا پس آپ نے اوسکو میرے پاس بہیجدیا پھر میں حاضر ہوا آپکی خدمت میں اور عرض کیا اے رسول خدا میں اسکو پہنوں فرمایا نہیں برا جانتا ہوں تمہارے واسطے جو برا جانتا ہوں اپنے واسطے لیکن اوسکی اوڑہنیاں بناکر فاطموں کے درمیان تقسیم کردو کہا پس میں نے اوس میں سے چار اوڑہنیاں قطع کیں ایک اوڑہنی فاطمہ بنت اسد بن ہاشم علی بن ابی طالب رضؓ کی ماں کے لئے اور

ایک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی فاطمہ کے لئے اور ایک حمزہ بن عبد المطلب کی بیٹی فاطمہ کے لئے اور ایک کسی اور فاطمہ کے لئے جسکو مین بھولتا ہون حدیث بیان کی ہم سے یزید بن سنان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مقبلی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد العزیز بن مسلم نے انہون نے روایت کی یزید بن ابی زیاد سے انہون نے ابو فاختہ سے انہون نے جعدہ بن ہبیرہ سے انہون نے حضرت علی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک جوڑے کا ہدیہ کیا گیا جسکا بانا یا تانا ریشم تہا پس مین نے عرض کہا اے رسول خدا صلے اللہ علیہ مین اسکو پہین لون فرمایا نہین مکروہ سمجہتا ہون تمہارے لئے مگر وہ کہ مکروہ سمجہتا ہون اپنے لئے لیکن اسکو تراش کر فلان عورت فلان عورت اور فلان عورت کی اوڑہنیان بنا دو اور اون ہی مین حضرت فاطمہؓ کو بہی ذکر کیا کہا پس مین نے اوسمین چار اوڑہنیان کین حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے روایت کی ابو بشر سے کہا سنا مین نے مجاہد کو حدیث بیان کرتے ہوئے ابن ابی لیلیٰ سے کہا سنا مین نے حضرت علی کو فرماتے ہوئے کہ لایا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیخدمت مین ایک ریشمی جوڑا پس آپنے وہ میرے پاس بہیجدیا مین نے اوسکو پہن لیا پہر مین نے آپکے چہرہ مین ناگواری کے آثار پائے تو مین نے اوسکی اوڑہنیان بناکر عورتون تقسیم کردین اور اس بارہ مین حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہی جسکو ہم سے ابن ابی داؤد نے بیان کیا کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو یمان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعیب بن ابی حمزہ نے انہون نے روایت کی زہری سے انہون نے حضرت انسؓ سے کہ انہون نے حضرت ام کلثوم دختر نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر ایک ریشمی چادر دیکہی (قولہ) **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ وَمَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْخَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ وَحَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ ثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهٗ قَالَ قَالَ وَالسِّيَرَاءُ الْمُضَلَّعُ بِالْقَزِّ **حَدَّثَنَا** صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاَيْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدًا سِيَرَاءَ مِنْ حَرِيْرٍ **فَقَدْ** ثَبَتَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ مِمَّا قَدَّمْنَا فِيْ ذٰلِكَ مِنَ النَّظَرِ اِبَاحَةُ لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِلنِّسَاءِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ **وَقَدْ** حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ قَالَ ثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ نَزَعَ الْحَرِيْرَ عَنِ الْغُلَامِ وَتَرَكَهٗ عَلَى الْجَوَارِيْ قَالَ مِسْعَرٌ وَسَاَلْتُ عَنْهُ عَمْرَو بْنَ دِيْنَارٍ فَلَمْ يَعْرِفْهُ (ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے محمد بن حمید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن یوسف نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ بن حمزہ نے انہون نے روایت کی زبیدی سے انہون نے زہری سے انہون نے حضرت انس سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے ابو امیہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن جعفر رقی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عیسےٰ بن یوسف نے

انہون نے روایت کی اوزاعی او زعمر سے انہون نے زہری سے انہون نے حضرت انس سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے خطاب بن عثمان نے اور حیوہ بن شریح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بقیہ نے انہون نے زبیدی سے انہون نے زہری سے انہون نے انس رض سے اوسکی مثل کہا اور بیان کیا کہ ہیرا وہ چادر جسکے گوشوں پر ریشم ہو **حدیث** بیان کی ہم سے صالح بن عبد الرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سعید بن منصور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن مبارک نے انہون نے روایت کی معمر سے انہون زہری سے انہون نے انس بن مالک سے کہا دیکھی میں نے زینب دختر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر ایک ریشمی چادر پس ان تمام مذکورات سے ثابت ہوا جبکہ اون مین حسب سابق نظر و غور کیا جائے ریشم کا عورتون کے واسطے مباح ہونا اور یہی قول امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے **اور تحقیک** حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو احمد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسعر نے انہون نے روایت کی عبد الملک بن میسرہ سے انہون نے عمرو بن دینار سے کہ جابر بن عبد اللہ رض نے اتار لیا ریشم لڑکے سے اور باقی رکھا لڑکیون پر مسعر نے کہا کہ مین نے اس حدیث کو عمرو بن دینار سے دریافت کیا تو انہون نے اسکا پتہ نہ دیا ✦

بَابُ الثَّوْبِ يَكُونُ فِيهِ عَلَمُ الْحَرِيرِ اَوْ يَكُونُ فِيهِ شَيْءٌ مِنَ الْحَرِيرِ

باب اوس کپڑے کے بیان مین جس مین ریشم کے نقوش ہون یا اوس مین کچھ ریشم ہو

قَالَ اَبُو جَعْفَرٍ قَدْ رَوَيْنَا فِي غَيْرِ هٰذَا الْبَابِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّهْيَ عَنِ الْحَرِيرِ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلَى اَنَّ ذٰلِكَ النَّهْيَ قَدْ وَقَعَ عَلَى قَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ فَكَرِهُوا بِذٰلِكَ لُبْسَ الثَّوْبِ الْمُعْلَمِ بِعَلَمِ الْحَرِيرِ وَالثَّوْبِ الَّذِي لُحْمَتُهُ غَيْرُ حَرِيرٍ **وَخَالَفَهُمْ** فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا قَدْ وَقَعَ النَّهْيُ مِنْ ذٰلِكَ عَلَى مَا جَاوَزَ الْاَعْلَامَ وَعَلَى مَا كَانَ سُدَاهُ غَيْرَ حَرِيرٍ لَا عَلَى ذٰلِكَ **وَاحْتَجُّوا** فِي ذٰلِكَ بِمَا قَدْ رَوَيْنَا فِي بَابِ لُبْسِ الْحَرِيرِ عَنْ عُمَرَ فِي اسْتِثْنَائِهِ مِمَّا حَرَّمَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَرِيرِ الْاَعْلَامَ **وَبِمَا** حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ قَالَتْ كَانَتْ لَنَا قَطِيفَةٌ عَلَمُهَا حَرِيرٌ فَكُنَّا نَلْبَسُهَا **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِي عُمَرَ مَوْلَى اَسْمَاءَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ اشْتَرَى جُبَّةً فِيهَا خَيْطٌ اَحْمَرُ فَرَدَّهَا فَاَتَيْتُ اَسْمَاءَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهَا فَقَالَتْ بُؤْسًا لِابْنِ عُمَرَ يَا جَارِيَةُ نَاوِلِينِي جُبَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْرَجَتِ الْيَنَا جُبَّةً مَكْفُوفَةَ الْجَيْبِ وَالْكُمَّيْنِ وَالْفَرْجَيْنِ بِالدِّيبَاجِ **حَدَّثَنَا** الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ ح وَحَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ ثَنَا شَرِيكٌ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا نَهَى رَسُوْلُ

لنا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الثوب المصمت من الحریر واما السدی والعلم فلا (ترجمہ) ابو جعفر نے
کہا ہم نے اس باب میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ریشم سے منع فرمانا روایت کیا اسلئے ایک گروہ
اسطرف گیا کہ وہ ممانعت تہوڑے اور بہت سب پر واقع ہے اسلئے انہوں نے کہا وہ کپڑا جس میں
ریشم کے نقش ونگار ہوں اور وہ کپڑا جسکا بانا غیر ریشم ہو وہ تو مکروہ ہیں اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں
نے اور کہا کہ اوسقدر ریشم منع ہے جو نقش ونگار سے تجاوز کر جاوے اور جسکا تانا غیر ریشم ہو نہ اسکے سوا اور
ستدلال کیا انہوں نے اس میں اوس حدیث سے جو ہم حضرت عمر سے روایت کر چکے بوجہ استثنا کر دینے
اونکے کے حرام ریشم سے نقش ونگار کو اور اوس سے کہ حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرج نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے یوسف بن عدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قاسم بن مالک مزنی نے انہوں
داؤد بن ابی ہند سے انہوں نے حمید بن عبد الرحمن سے انہوں نے سعد بن ہشام سے کہا حدیث بیان
کی مجہ سے عائشہ رض نے کہ ہمارے پاس ایک چادر رہتی جسپر ریشم کا کشیدہ تہا پس ہم اوسکو پہنا کرتے تھے۔
حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ بن حسان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عیسے
بن یونس نے انہوں نے روایت کی مغیرہ بن زیاد سے انہوں نے ابو عمر اسماء کے غلام سے کہا دیکھا میں نے
ابن عمر کو کہ خریدا انہوں نے ایک جبہ جس میں سرخ ڈورے تہی پہر لوٹا دیا اوسکو آیا میں اسماء کے پاس اور اونسے اسکا
ذکر کیا تو انہوں نے کہا افسوس ابن عمر کے لئے اے لڑکی دے مجھے جبہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا پس
نکالا انہوں نے ہمارے سامنے ایک جبہ جسکے گریبان اور دونوں آستینوں اور آگے پیچہے کی دونوں کشادگیوں
میں باریک ریشم تہا حدیث بیان کی ہم سے حسین بن عبد اللہ بن منصور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہیثم بن جمیل
نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن سعید نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے شریک نے انہوں نے روایت کی خصیف سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس سے
کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صرف اوس کپڑے سے منع فرمایا ہے جو سب ریشم کا ہو اور رہا تانا اور
نقش ونگار پس ممنوع نہیں ہے (قولہ) **حدثنا** فهد قال ثنا ابو غسان قال ثنا زهير بن معاوية
عن خصيف فذكر باسناده مثله **ففي** هذه الآثار اباحة لبس الثوب من غير الحرير اذا كان فيه من
الحرير مثل العلم او كانت لحمته غير حرير اذا كان سداه حريرا **ومما** دل على صحة ما قالوا من ذلك
ما قد روي عن اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم في لبسهم الخز **حدثنا** فهد قال ثنا
ابو نعيم قال ثنا اسمعيل ابن ابراهيم بن المهاجر قال سمعت ابي يذكر عن الشعبي قال رايت على الحسين
بن علي جبة خز **حدثنا** علي بن شيبة قال ثنا ابو نعيم قال ثنا يونس بن ابي اسحق عن العيزار بن
حريث قال رايت على الحسين بن علي مطرف خز **حدثنا** علي بن عبد الرحمن قال ثنا عبد الله
بن صالح قال ثنا بكر بن مضر عن عمرو بن الحارث عن بكير بن عبد الله ان بشر بن سعيد حدثه انه
رأى على سعد بن ابي وقاص جبة شامية قياصها قز قال بشر ورأيت على زيد بن ثابت خماًيص
معلمة **حدثنا** علي قال ثنا يحيى بن معين قال ثنا وهب بن جرير قال ثنا عبد الله بن عمر عن وهب

بْنِ کَیْسَانَ قَالَ رَأَیْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَاَبَا ھُرَیْرَۃَ وَجَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ وَاَنَسَ بْنَ مَالِکٍ یَلْبَسُوْنَ الْخَزَّ **حَدَّثَنَا** یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَالِکٌ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّھَا کَسَتْ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ الزُّبَیْرِ مِطْرَفَ خَزٍّ کَانَتْ عَائِشَۃُ تَلْبَسُہٗ **حَدَّثَنَا** سُلَیْمٰنُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ مَوْلٰی بَنِیْ ھَاشِمٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰی مَرْوَانَ بْنِ الْحَکَمِ بِمَطَارِفِ خَزٍّ فَکَسَاھَا نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَعَلَیْہِ مِنْھَا مِطْرَفٌ اَغْبَرُ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی طَرَائِقِ الْاِبْرَیْسَمِ فِیْہِ

(ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو غسان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر بن معاویہ نے انہون نے روایت کی خصیف سے پہر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل پس ان حدیثون مین غیر ریشم کے کپڑے کی اباحت ہی بشرطیکہ اوسمین ریشم بقدر نقش و نگار ہو یا اوسکا بانا غیر ریشم ہو اور اونکے قول کی دلیل صحت وہ حدیث ہے جو روایت کی گئی ہے صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ خز کو پہنا کرتے تھے **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسمٰعیل بن ابراہیم بن مہاجر نے کہا سنا مین نے اپنے باپ ذکر کرتے تھے شعبی سے کہا دیکہا مین نے حضرت حسین بن علی پر ایک خز کا جبہ **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس بن ابی اسحاق سے انہون نے روایت کی عیزار بن حریث سے کہا دیکہا مین نے حسین بن علی پر ایک چادرہ تہا خز کا **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن عبد الرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن صالح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بکر بن مضر نے انہون نے روایت کی عمرو بن حارث سے انہون نے بکیر بن عبد اللہ سے کہ بشر بن سعید نے حدیث بیان کی اونسے کہ اونہون نے دیکہا سعد بن ابی وقاص پر ایک جبہ شامی جسکا قوام ریشم کا تہا کہا بشر نے دیکہین مین نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ پر کابدار چادرین **حدیث** بیان کی ہم سے علی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیٰی بن معین نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب بن جریر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن عمر نے انہون نے روایت کی وہب بن کیسان سے کہا دیکہا مین نے سعد بن ابی وقاص اور ابو ہریرہ اور جابر بن عبد اللہ اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم کو کہ یہ سب خز پہنتے تھے **حدیث** بیان کی ہم سے یونسؒ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا خبر دی مجکو مالک نے انہون نے روایت کی ہشام بن عروہ سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے عائشہ سے کہ انہون نے عبد اللہ بن زبیر کو ایک چادرہ خز کا پہنایا جسکو وہ خود پہنا کرتی تہین **حدیث** بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیٰی بن حسان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہون نے روایت کی عمار بن ابی عمار بنی ہاشم کے غلام سے کہا مین مروان بن حکم کے پاس خز کی چادرین لایا پس انہون نے وہ صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو دیدین اور گویا مین ابو ہریرہؓ کو دیکہہ رہا ہون کہ اونپر اون چادرون مین سے ایک چادر پڑی ہے جو رنگ خاک ہے گویا مین اوس مین ریشم کے خطوط دیکہہ رہا ہون ◆

حدثنا ابن ابي داود قال ثنا صالح بن حاتم بن وردان قال ثنا يزيد بن زريع قال حدثني عبد الله بن عون قال رايت على انس بن مالك جبة خز ومطرف خز وعمامة خز **حدثنا** ابن خزيمة قال ثنا حجاج قال ثنا مهدي بن ميمون عن شعيب بن الحبحاب قال رايت على انس بن مالك جبة خز ومطرف خز او قال وبرنس خز **حدثنا** علي بن شيبة قال ثنا يزيد بن هرون قال ثنا شعبة عن محمد بن زياد انه رأى على ابي هريرة مطرف خز **فهؤلاء** اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قد كانوا يلبسون الخز وقيامه حرير **وكان** من الحجة للآخرين على اهل هذه المقالة ان الخز يومئذ لم يكن فيه حرير فيقال لهم وما دليلكم على ما ذكرتم وقد ذكرنا في بعض هذه الآثار ان جبة سعد كان قيامها قزا وقد روينا عنه في كتابنا هذا في غير هذا الباب انه دخل على ابن عامر وعليه جبة شطرها خز وشطرها حرير فكلمه ابن عامر في ذلك فقال انما يلي جلدي منه الخز **فدل** ذلك ان خزهم كان كخز الناس من بعدهم فيه حرير وفيه خز ففي ثبوت ذلك ثبوت ما ذهب اليه من اباح لبس الثوب من غير الحرير المعلم بالحرير ولبس الثوب الذي قيامه حرير وظاهره غير حرير وهذا قول ابي حنيفة وابي يوسف ومحمد رحمهم الله تعالى

ترجمه حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے صالح بن حاتم بن وردان نے کہا حدیث کی ہم سے یزید بن زریع نے کہا حدیث بیان کی مجہہ سے عبد اللہ بن عون نے کہا دیکھا مین نے حضرت انس بن مالک پر ایک جبہ خز کا اور ایک خز کی چادر اور ایک خز کا عمامہ (حدیث بیان کی ہم سے ابن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مہدی بن میمون سے انہون نے روایت کی شعیب بن حجاب سے کہا دیکہا مین نے انس بن مالک پر ایک جبہ خز کا اور ایک چادر خز کی یا فرمایا کہ باران کوٹ خز (حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ہارون نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے روایت کی محمد بن زیاد سے کہ انہون نے دیکہا ابوہریرۃ پر ایک چادر خز کی تو یہ لوگ اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہیں کہ وہ سب خز پہنا کرتے تھے جسکے اندر ریشم ہوتا تہا اور دوسرون کے لیئے اس قول والونپر یہ دلیل ہے کہ ان ایام مین خز کے اندر ریشم نہین ہوتا تہا تو اونسے کہا جائیگا کہ تمہاری اسپر کیا دلیل ہے حالانکہ ہم ان حدیثون مین ذکر کر چکے ہیں کہ جبہ سعدؓ کا اندرون ریشم تہا اور ہم اون ہی سے اس کتاب کے دوسرے باب مین روایت کر چکے ہین کہ وہ آئے ابن عامر کے پاس اور اوپر ایک جبہ تہا جسکا نصف ریشم اور نصف خز تہا تو ابن عامر نے انہون سے اس بارہ میں گفتگو کی تو انہون نے جوابدیا کہ میرے بدن سے اسکا خز متصل ہے پس معلوم ہوا کہ اونکا خز ایسا ہی تہا جسطرح اونکے بعد کے لوگون کا کہ اوس میں ریشم اور صوف دونون ہوتے تھے اور اسکے ثابت ہونے سے ثابت ہوا مذہب اوس شخص کا جس نے غیر ریشمی کپڑے کو جس مین ریشم کا کام ہو اور اوس کپڑے کو جسکا ظاہر غیر ریشم ہو اور اوسکا اندرون ریشم ہو جائز کہا اور یہی قول امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے ✣

باب الرجل يتحرك سنه هل يشدها بالذهب أم لا

باب اوس شخص کے بیان میں جسکا دانت ہلتا ہو کیا وہ اوسکی بندش سونے سے کرسکتا ہے یا نہیں

قال أبو جعفر قد اختلف الناس في الرجل تتحرك سنه فيريد أن يشدها بالذهب فقال أبو حنيفة ليس له ذلك وأن يشدها بالفضة كذلك **حدثنا** محمد بن العباس قال ثنا علي بن معبد عن محمد بن الحسن عن أبي يوسف عن أبي حنيفة وقال أصحاب الإملاء منهم بشر بن الوليد عن أبي يوسف عن أبي حنيفة أنه لا بأس أن يشدها بالذهب قال محمد بن الحسن لا بأس أن يشدها بالذهب كذلك **وكان** من الحجة لأبي حنيفة في قوله الذي رواه محمد عن أبي يوسف عنه أنه قد نهى عن الذهب والحرير فنهى عن استعمالهما وكان ما نهي عنه من الحرير قد دخل فيه لباسه وعصب الجراح به فكذلك ما نهي عنه من استعمال الذهب يدخل فيه شد السن به **وكان** من الحجة لمحمد فيما ذهب إليه من ذلك على أبي حنيفة في روايته عن أبي يوسف عنه أن ما ذكره من تعصيب الجراح بالحرير إن كان ما فعل لأنه علاج للجراح فلا بأس به لأن ذلك دواء كما أباح رسول الله صلى الله عليه وسلم للزبير بن العوام وعبد الرحمن بن عوف لبس الحرير من الحكة التي كانت بهما كذلك عصائب الحرير إن كانت علاجا للجرح لتقلل مدته كما أن الثوب الحرير علاج للحكة فلا بأس بها وإن لم يكن علاجا للجرح فكانت هي وسائر العصائب في ذلك سواء فهي مكروهة كذلك ما ذكرنا من الذهب إن كان يراد منه أنه لا ينتن كما تنتن الفضة فلا بأس به **وقد** أباح رسول الله صلى الله عليه وسلم لعرفجة بن أسعد أن يتخذ أنفا من ذهب **حدثنا** محمد بن خزيمة قال ثنا الحجاج بن المنهال قال ثنا أبو الأشهب ح وحدثنا أبو بشر الرقي قال ثنا غسان بن عبيد الموصلي قال ثنا أبو الأشهب ح وحدثنا ابن أبي داود قال ثنا أحمد بن يونس قال ثنا أبو الأشهب عن عبد الرحمن بن طرفة عن جده عرفجة بن أسعد أنه أصيب أنفه يوم الكلاب في الجاهلية فاتخذ أنفا من ورق فأنتن عليه فشكا ذلك إلى النبي صلى الله عليه وسلم فأمره أن يتخذ أنفا من ذهب ففعل **حدثنا** سليمان بن شعيب قال ثنا عبد الرحمن بن زياد والخصيب بن ناصح وأسد بن موسى قالوا ثنا أبو الأشهب عن عبد الرحمن بن طرفة عن عرفجة مثله **فقد** أباح رسول الله صلى الله عليه وسلم لعرفجة بن أسعد أن يتخذ أنفا من ذهب إذا كان تنتن الفضة فلما كان ذلك في الأنف كان كذلك السن لا بأس أن يشدها بالذهب إذا كان لا ينتن فيكون النتن الذي من الفضة مبيحا لاستعمال الذهب كما كان النتن الذي يكون منها في الأنف مبيحا لاستعمال الذهب مكانها فهذه حجة

(ترجمہ) ابو جعفر نے کہا کہ لوگ اوس شخص کے بارہ میں مختلف ہیں جسکا دانت ہلتا ہو پس وہ اوسکو سونے سے باندھنا چاہے تو امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ اوسکے لیے یہ جائز نہیں اور چاندی سے باندھنے کا بھی یہی حکم ہے حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عباس نے کہا حدیث بیان

کی ہم سے علی بن معبد نے اونہون سنے روایت کی محمد بن حسن سے اونہون نے ابو یوسفؒ سے اونہون نے امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے اور اصحاب املا نے کہا جن مین سے بشر بن ولید مین اونہون سنے روایت کی ابو یوسف سے اونہون نے ابو حنیفہؒ سے کہ سونے سے باندھ لینے مین کوئی مضایقہ نہین اور امام محمد بن حسن نے کہا کہ سونے سے باندھنے مین کوئی حرج نہین اور امام ابو حنیفہؒ کے اوس قول کی دلیل جسکو امام محمد نے ابو یوسف سے اور ابو یوسف نے امام صاحب سے روایت کیا یہ ہے کہ ممانعت کی گئی ہے سونے اور ریشم سے لہذا اونکا استعمال منع ہوگا اور جس ریشم سے منع کیا گیا ہے اوسمین آدمی کا لباس ہی داخل ہے اور زخم کی پٹی سی پس اسیطرح جس سونیکے استعمال سے ممانعت کی گئی ہے اوس مین دانتون کا اوس سے باندھنا بھی داخل ہے اور امام محمد کی اپنی مذہب کے لئے امام ابو حنیفہؒ پر یہ حجت ہے کہ زخم پر پٹی باندھنا جسکا ذکر کیا گیا اگر اسوجہ سے ہو کہ ریشم زخم کا علاج ہے تو اوس مین کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ اس صورت مین وہ دوا ہے جسطرح رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زبیر بن عوام اور عبد الرحمن بن عوف کے لئے ریشم پہننے کی اجازت دی تہی بوجہ اوس خارشت کے جو اونکو ہو گئی تہی لہذا وہ اور باقی تمام پٹیان اسیطرح حکم رکہتی ہین کہ اگر وہ زخم کا علاج ہون تاکہ جلد آرام ہو جائے جسطرح ریشمی کپڑا خارشت کا علاج ہے تو اوس مین کوئی مضایقہ نہین اور اگر زخم کا علاج نہ ہو تو وہ اور باقی پٹیین مکروہ ہونے مین برابر ہین علی ہذا القیاس سونا جسکا ذکر ہم نے کیا اگر اوس سے مقصود یہ ہو کہ وہ سٹریگا نہین جسطرح چاندی سٹر جاتی ہے تو اس مین کوئی حرج نہین اور بیشک اجازت دی تہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عرفجہ اسعد کو سونیکی ناک بنا لینے کی **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج بن منہال نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو الاشہب نے (تحویل) اور **حدیث** بیان کی ہم سے ابو بشر رقی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے غسان بن عبید موصلی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو الاشہب نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو الاشہب نے اونہون سنے روایت کی عبد الرحمن بن طرفہ سے اونہون نے اپنے دادا عرفجہ بن سعد سے کہ زمانہ جاہلیت کی جنگ کلاب مین اونکی ناک جاتی رہی تہی تو اونہون سنے چاندی کی ناک گہڑ والی پس وہ بدبو دینے لگی تو اونہون نے اسکی شکایت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے آپنے حکم دیا سونیکی ناک گہڑوا لینے کا پس اونہون نے ایسا ہی کیا **حدیث** بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن بن زیاد اور خصیب بن ناصح اور اسد بن موسیٰ نے سب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو الاشہب نے اونہون نے روایت کی عبد الرحمن بن طرفہ سے اونہون نے عرفجہ سے اوسیکی مثل **تو** رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عرفجہ بن اسعد کو سونے کی ناک گہڑ وانیکی اجازت دی جبکہ چاندی بو دینے لگی تو جبکہ ناک کے بارہ میں یہ حکم ہے تو دانت ہی ایسا ہی ہوگا کہ اوسکو سونے سے نہین باندہا جاویگا اگرچہ چاندی بو نہ دیگی اور نہ سڑ جاوے گی پس چاندی کا سڑنا سونیکے استعمال کو مباح کرتا ہے جسطرح ناک کے اندر چاندی کا سڑنا
۱۵ اوسکی بجائے سونیکے استعمال کو مباح کرتا ہے یہ ایک دلیل ہوئی (قولہ) **وفی ذلک** حجۃ اخریٰ

اَنَّا رَاَیْنَا اِسْتِعْمَالَ الْفِضَّۃِ مَکْرُوْھًا کَمَا اِسْتِعْمَالُ الذَّھَبِ مَکْرُوْھًا فَلَمَّا کَانَا مُسْتَوِیَیْنِ فِی الْکَرَاھَۃِ وَقَدْ عَمَّھُمَا

النهى جميعا وكان شد السن بالفضة خارجا من الاستعمال المكروه كان كذلك شدها بالذهب ايضا خارجا من الاستعمال المكروه **فان** قال قائل فقد رأينا خاتم الفضة أبيح للرجال ومنعوا من خاتم الذهب فقد أبيح لهم من الفضة ما لم يبح لهم من الذهب **قيل** له قد كان النظر ما حكينا وهو اباحة خاتم الذهب للرجال كخاتم الفضة ولكنا منعنا من ذلك وجاء النهى عن خاتم الذهب نصا فقلنا به وتركنا له النظر ولولا ذلك لجعلناه فى الاباحة كخاتم الفضة فكذلك شد السن لما أبيح بالفضة ثبت ان شدها بالذهب كذلك حتى ياتى بالتفرقة بين ذلك سنة يجب بها ترك النظر كما جاء فى خاتم الذهب سنة نهت عنه فثبتت بها الحجة ووجب لها ترك النظر ثبت بما ذكرنا ما قال محمد **فان** قال قائل وما الذى روى فى النهى من خاتم الذهب **قيل** له قد رويت عنه صلى الله عليه وسلم فى ذلك آثار متواترة جاءت مجيئا صحيحا وسنذكرها فى باب النهى عن خاتم الذهب ان شاء الله تعالى

(ترجمہ) اور اسکے اندر ایک اور دلیل ہے وہ یہ کہ ہم نے دیکھا کہ چاندی کا استعمال مکروہ ہے جسطرح سونیکا استعمال مکروہ ہے پس جب دونو کراہت مین برابر ہوئے اور نہی دونو کو شامل ہے اور دانت کو چاندی سے باندہنا استعمال مکروہ سے خارج ہے تو اسیطرح اوسکو سونے سے باندہنا بہی استعمال مکروہ سے خارج ہوگا اور اگر کوئی کہے کہ ہمنے چاندی کی انگوٹہی کو دیکہا کہ وہ مردون کے لئے مباح ہے اور سونیکی انگوٹہی سے اونکو منع کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ مردون کے لئے اوسقدر چاندی مباح ہوئی کہ سونا اوسقدر مباح ہوا پس اوسکو جواب دیا جائیگا کہ نظر غور وہی ہے جو ہم نقل کر چکے کہ مردون کے لے سونیکی انگوٹہی مباح ہے مانند چاندی کی انگوٹہی کے لیکن چونکہ سونیکی انگوٹہی سے ممانعت کی تصریح ہی اسلئے ہمنے اوس تصریح کو معمول بہ بنایا اور اوسکے مقابل نظر و فکر کو چہوڑ دیا اور اگر یہ تصریح نہ ہوتی تو ہم سونیکی انگوٹہی کا حکم چاندی کی انگوٹہی کا سا کہتے پس علی ہذالقیاس دانت کی بندش جبکہ چاندی سے مباح ہے تو ثابت ہوا کہ سونے سے باندہنا بہی درست ہی تاوقتیکہ کوئی حدیث اون دونو مین فرق کرنیکی نہ آجائے جسکی وجہ سے نظر و غور کو ترک کرنا ہم پر لازم ہو جسطرح سونیکی انگوٹہی کے بارہ مین حدیث آگئی جس نے اوس سے ممانعت کردی اسلئے وہ کامل دلیل ہی اور اوسکی وجہ سے ترک کرنا نظر کا واجب ہوا پس ہمارے اسبیان سے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قول ثابت ہوا۔ اور **اگر کوئی** کہنے والا کہے کہ کیا روایت ہے سونیکی انگوٹہی سے ممانعت کی تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ آپ سے اس بارہ مین احادیث متواترہ صحیحہ آئی ہین اور عنقریب ذکر کرینگے ہم اونکو سونیکی انگوٹہی سے ممانعت کے باب مین اگر چاہا خدا تعالے نے (قولہ) **وقد** روى عن جماعة من المتقدمين اباحة شد الاسنان بالذهب فمن ذلك **ما حدثنا** فهد قال ثنا ابو غسان وموسى بن داود قالا ثنا طعمة بن عمرو قال رأيت صفرة الذهب بين ثناياه وقال بين ثنيتي موسى بن طلحة **حدثنا** ابن ابى داود قال ثنا سعيد بن سليمن قال ثنا حماد بن سلمة عن حميد الطويل قال رأيت الحسن شد اسنانه بالذهب **حدثنا** سليمن بن شعيب قال ثنا اسد قال ثنا ابو الاشهب عن حماد قال رأيت المغيرة بن عبد الله امير الكوفة ضبب اسنانه بالذهب فذكرت ذلك لابراهيم

قامت

يشد

فقال لا بأس به **حدثنا** سليمن بن شعيب قال ثنا عبد الرحمن قال ثنا شعبة قال رأيت
أبا التياح وأبا حمزة وأبا نوفل بن أبي عقرب قد ضببوا أسنانهم بالذهب **حدثنا** سليمن قال
ثنا الخصيب قال رأيت عبيد الله بن الحسن قاضي البصرة قد شد أسنانه بالذهب **فقد** وافق ما (عبد الله بن الحسن)
روينا عنهم من هذا ما ذهب إليه محمد بن الحسن فبه نأخذ (**ترجمہ**) اور متقدمین کی ایک جماعت سے دانتوں کو
سونے سے باندھنے کی اباحت مروی ہے **من** جملہ اونکے وہ جو حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ابوغسان اور موسیٰ بن داؤد نے دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے طعمہ بن عمرو نے کہا دیکھی
میں نے زردی سونے کی موسیٰ بن طلحہ کے دانتوں میں **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے سعید بن سلیمان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے انہوں نے حمید
طویل سے کہا دیکھا میں نے حسن کو کہ باندھے ہوئے تھے دانت اپنے سونے سے **حدیث** بیان کی ہم
سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابواشہب نے
انہوں نے روایت کی حماد سے کہا دیکھا میں نے مغیرہ بن عبد اللہ کو جو کوفہ کے حاکم تھے کہ باندھا تھا انہوں
نے اپنے دانتوں کو سونے سے پس میں نے یہ بات ابراہیم سے ذکر کی تو انہوں نے کہا اس میں کوئی
مضایقہ نہیں حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے کہا دیکھا میں نے ابو التیاح اور ابو حمزہ اور ابو نوفل بن ابی عقرب کو کہ باندھ رکھا
تھا ان سبھوں نے اپنے دانتوں کو سونے سے **حدیث** بیان کی ہم سے سلیمان نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے خصیب نے کہا دیکھا میں نے عبید اللہ بن حسن کو جو بصرہ کے قاضی تھے کہ باندھے ہوئے تھے دانت
اپنے سونے سے پس یہ تمام روایات امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب موافق ہوئیں +

باب التختم بالذهب

باب سونیکی انگوٹھی پہننے میں ہے

حدثنا علي بن معبد قال ثنا إسحق بن منصور قال ثنا أبو رجاء عن محمد بن مالك قال رأيت
على البراء خاتما من ذهب فقيل له قال قسم رسول الله صلى الله عليه وسلم غنيمة فالبسنيه وقال (نعال)
البس ما كساك الله ورسوله **قال** أبو جعفر فذهب قوم إلى إباحة لبس خواتيم الذهب للرجال
واحتجوا في ذلك بهذا الحديث وقالوا قد روي عن جماعة من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم
أنهم كانوا يلبسون خواتيم الذهب **فذكروا** في ذلك ما حدثنا ابن أبي داود قال ثنا القواريري (ابو)
قال ثنا ابن عيينة عن إسمعيل بن محمد عن مصعب بن سعد قال رأيت في يد طلحة بن عبيد الله خاتما
من ذهب ورأيت في يد صهيب خاتما من ذهب ورأيت في يد سعد خاتما من ذهب **حدثنا**
علي بن معبد قال ثنا النضر بن عبد الجبار قال ثنا ابن لهيعة عن محمد بن زيد عن عيسى بن طلحة
أنه أخبره أن طلحة بن عبيد الله قتل وفي يده خاتم من ذهب **حدثنا** ابن أبي داود قال ثنا

عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ عبید اللہ
قُتِلَ وَفِي يَدِهٖ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا مَالِكُ
بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ ثَنَا اَبُو السَّفَرِ **ح** وَحَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ ثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِي اِسْحٰقَ قَالَ
ثَنَا اَبُو السَّفَرِ قَالَ رَاَيْتُ عَلَى الْبَرَاءِ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ **فَذَهَبُوْا** اِلٰى تَقْلِيْدِ هٰذِهِ الْاٰثَارِ مَعَ مَا تَعَلَّقُوْا
بِهٖ فِي ذٰلِكَ مِنْ حَدِيْثِ الْبَرَاءِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ فِي اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ وَلَهُمْ فِي ذٰلِكَ مِنَ النَّظَرِ اَنَّهٗ قَدْ
نَهٰى عَنِ اسْتِعْمَالِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ نَهْيًا وَاحِدًا وَمَنَعَ مِنَ الْاَكْلِ فِي اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ كَمَا مَنَعَ مِنَ الْاَكْلِ
فِي اٰنِيَةِ الذَّهَبِ فَلَمَّا كَانَ قَدْ سَوّٰى فِي ذٰلِكَ بَيْنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَجَعَلَ حُكْمَهُمَا وَاحِدًا ثُمَّ ثَبَتَ
اَنَّ خَاتَمَ الْفِضَّةِ لَيْسَ مِمَّا نُهِيَ عَنْهُ كَانَ كَذٰلِكَ خَاتَمُ الذَّهَبِ **وَخَالَفَهُمْ** فِي ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ
فَكَرِهُوْا خَوَاتِيْمَ الذَّهَبِ لِلرِّجَالِ **(ترجمہ)** حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو رجا نے انہوں نے روایت کی محمد بن مالک
سے کہا دیکھی میں نے براء پر انگوٹھی سونے کی پس اونسے کہا گیا تو انہوں نے کہا تقسیم فرمایا نبی صلے اللہ علیہ
وسلم نے غنیمت تو مجھے یہ انگوٹھی پہنادی اور فرمایا کہ پہن وہ چیز جسکو خدا تعالے نے اور اوسکا رسول پہناوے
ابوجعفر نے کہا پس ایک گروہ اسطرف گیا کہ مردونکو سونیکی انگوٹھی پہننا مباح ہے اور استدلال کیا انہوں
نے اس میں اس حدیث سے اور کہا کہ صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک جماعت سے مروی ہے کہ سونیکی
انگوٹھیاں پہنا کرتے تھے **چنانچہ** منجملہ اونکے ایک وہ حدیث ذکر کی جسکو بیان کیا ہم سے ابن ابی داؤد نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے قواریری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن عیینہ نے انہوں نے روایت کی
اسمٰعیل بن محمد سے انہوں نے مصعب بن سعد سے کہا دیکھی میں نے طلحہ بن عبید اللہ کے ہاتھ میں سونیکی
انگوٹھی اور دیکھی میں نے صہیب کے ہاتھ میں سونیکی انگوٹھی اور دیکھی میں نے سعد کے ہاتھ میں سونیکی انگوٹھی
حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے نضر بن عبد الجبار نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے ابن لہیعہ نے انہوں نے روایت کی محمد بن زید سے انہوں نے عیسیٰ بن طلحہ سے کہ
انہوں نے خبر دی اونکو کہ طلحہ بن عبید اللہ قتل کئے گئے اور اونکے ہاتھ میں سونیکی انگوٹھی تھی :-
حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داود نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عمرو بن خالد نے انہوں نے روایت
کی جعفر بن ربیعہ سے انہوں نے ابن شہاب سے انہوں نے یحییٰ بن سعید بن عاص سے کہ سعید بن عاص
سے کہ سعید بن عاص قتل کئے گئے اور اونکے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی تھی **حدیث** بیان کی ہم سے
علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسمٰعیل بن عمر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مالک بن مغول
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو سفر نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے حضرت علی نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے خلاد بن یحییٰ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یونس بن ابی اسحاق نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے ابو سفر نے کہا دیکھا میں نے حضرت براء پر سونیکی انگوٹھی کو پس گئے وہ ان احادیث کی پیروی کی
جانب مع حضرت براء کی اوس حدیث کے جو ہم شروع باب میں بیان کرچکے **اور** اون کے لئے دلیل

نظری اسکے اندر یہ ہے کہ سونے اور چاندی دونو کے استعمال سے ممانعت کی گئی ہے اور چاندی کے برتن مین
کہانے سے منع کیا گیا ہے جسطرح سونے کے برتن مین کہانیکی ممانعت ہے توجب ان امور مین سونے اور چاندی
برابر کیے گئے ہین اور دونو کا ایک حکم ہے پہر ثابت ہی یہ کہ چاندی کی انگوٹھی منع نہین ہے تو سونے کی انگوٹھی بہی
ایسی ہی ہونی چاہئے اور مخالفت کی اون کی اس مین دوسرون نے اور کہا کہ مردوں کے لئے سونے کی انگوٹھی
مکروہ ہے (قولہ) **وَاحْتَجُّوا** فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ
قَيْسٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ **حَدَّثَنَا** ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ
قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ مِثْلَهُ **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
حُنَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَامِرٍ قَالَ
ثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ مِثْلَهُ **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ ح وَحَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ
اللَّيْثِ قَالَا ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ أَنَّ إِبْرَاهِيمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ
سَمِعَ عَلِيًّا يَقُولُ نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ **حَدَّثَنَا** رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ
ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ مُرَيْمٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ ابْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ
عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَخَتَّمْ بِالذَّهَبِ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا
النُّفَيْلِيُّ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْأَزْدِيِّ عَنْ أَبِي الْكَنُودِ قَالَ أَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ
بْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَلْقَةِ الذَّهَبِ (**ترجمہ**) اور استدلال کیا انہون
نے اسبارہ مین اوس حدیث سے کہ بیان کی ہم سے یونس نے کہا خبر دی مجکو عبداللہ بن نافع نے انہون نے
روایت کی داؤد بن قیس سے انہون نے ابراہیم بن عبداللہ بن حنین سے انہون نے اپنے باپ سے انہون
نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے کہا منع فرمایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سونے کی انگوٹھی پہننے سے
حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ نے انہون
نے محمد بن عجلان سے کہا حدیث بیان کی مجہ سے ابراہیم بن عبداللہ بن حنین نے انہون نے اپنے باپ سے انہون
نے ابن عباس سے انہون نے علی سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی **حدیث** بیان کی ہم سے
یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہ مالک نے حدیث بیان کی اونسے بروایت نافع انہون نے
ابراہیم بن عبداللہ بن حنین سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے انہون
نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
ابو عامر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے داؤد بن قیس نے انہون نے ابراہیم بن عبداللہ بن حنین سے انہون نے

ص: التختم بالذہب

ابو الاحوص

اپنے باپ سے انہوں نے حضرت علیؓ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن یوسف نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ربیع مؤذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعیب بن لیث نے دونو نے کہا حدیث بیان کی ہم سے لیث نے انہوں نے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے کہ ابراہیم بن عبداللہ بن حنین نے حدیث بیان کی اونسے کہ اونکے باپ نے حدیث بیان کی اونسے کہ انہوں نے سنا حضرت علی کو فرماتے ہوتے کہ منع فرمایا مجکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی سے **حدیث** بیان کی ہم سے ربیع مؤذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوالاحوص نے انہوں نے روایت کی ابواسحاق سے انہوں ہبیرہ بن مریم سے انہوں نے حضرت علیؓ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی سے **حدیث** بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسرائیل نے انہوں نے ابواسحاق سے انہوں نے حارث سے انہوں نے حضرت علی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی نہ پہنی جاتے **حدیث** بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے نفیلی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہیر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ابی زیاد نے انہوں ابوسعید ازدی سے انہوں نے ابوکنود سے کہا آیا ابن عبداللہ بن مسعود کے پاس پس کہا کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کے حلقہ سے **حدثنا** ابن مرزوق قال ثنا وھب قال ثنا شعبة عن یزید فذکر باسنادہ مثلہ **حدثنا** ابن ابی داود قال ثنا ابن ابی مریم قال اخبرنا ابو غسان قال ثنا ابن عجلان عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رجلا جلس الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیہ خاتم من ذھب فاعرض عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلبس خاتم حدید فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھذہ لبسة اھل النار فرجع فلبس خاتم ورق فسکت عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** عبد الغنی بن رفاعة قال ثنا عبد الرحمن بن زیاد قال ثنا شعبة **ح** وحدثنا ابن مرزوق قال ثنا ابو داود قال ثنا شعبة عن اشعث بن ابی الشعثاء عن معاویة بن سوید بن مقرن عن البراء بن عازب قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن خاتم الذھب **فھٰذا** البراء قد روینا عنہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ھذا خلاف ما روینا عنہ فی اول ھذا الباب **حدثنا** علی بن معبد قال ثنا روح بن عبادة قال ثنا شعبة قال ثنا ابو التیاح قال سمعت رجلا من بنی لیث یقول اشھد علی عمران بن حصین انہ حدث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ نھی عن خاتم الذھب **حدثنا** محمد بن خزیمة قال ثنا حجاج قال ثنا حماد عن ابی التیاح عن حفص اللیثی عن عمران بن حصین عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ **حدثنا** علی بن معبد قال ثنا حجاج بن محمد قال اخبرنی شعبة عن قتادة عن النضر بن انس عن بشیر بن نھیک عن ابی ھریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن خاتم الذھب

(ترجمہ) حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے یزید سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل (**حدیث** بیان کی ہم سے

ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی مریم نے کہا خبر دی ہمکو ابو غسان نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن عجلان نے انہوں نے عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہ ایک شخص بیٹھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اوسپر سونے کی انگوٹھی تھی پس روگردانی فرمائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے پھر اوسنے لوہے کی انگوٹھی پہنی تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ لباس دوزخیوں کا ہے پھر واپس چلا گیا اور چاندی کی انگوٹھی پہنی تو سکوت فرمایا اوس سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے **حدیث** بیان کی ہم سے عبد الغنی بن رفاعہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن بن زیاد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے (تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے روایت کی اشعث بن ابی شعثاء سے انہوں نے معاویہ بن سوید بن مقرن سے انہوں نے براء بن عازب سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی سے۔ پس یہ براء ہیں کہ روایت کی ہم نے اُن سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اس بارہ میں برخلاف اس کے جو روایت کر چکے ہم اُن سے اسباب کے شروع میں حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح بن عبادہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو التیاح نے کہا سنا میں نے بنی لیث کے ایک شخص کو کہتے ہوئے کہ گواہی دیتا رہتا ہوں عمران بن حصین پر یہ کہ انہوں نے حدیث بیان کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے منع فرمایا سونے کی انگوٹھی سے حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے انہوں نے ابو التیاح سے انہوں نے حفص لیثی سے انہوں نے عمران بن حصین سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسی کی مثل حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج بن محمد نے کہا خبر دی مجکو شعبہ نے انہوں نے قتادہ سے انہوں نے نضر بن انس سے انہوں نے بشیر بن نہیک سے انہوں نے ابو ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا سونے کی انگوٹھی سے **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ اَبِي قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ جَلَسَ رَجُلٌ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فَقَرَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ بِقَضِيْبٍ كَانَ فِيْ يَدِهِ ثُمَّ غَفَلَ عَنْهُ فَرَمَى الرَّجُلُ بِخَاتَمِهِ ثُمَّ نَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيْنَ خَاتَمُكَ فَقَالَ اَلْقَيْتُهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَظُنُّنَا اِلَّا وَقَدْ اَوْجَعْنَاكَ وَاَغْرَمْنَاكَ **حَدَّثَنَا** بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عُمَارَةَ ابْنِ غَزِيَّةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقَ فَلَبِسَ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ ثُمَّ جَاءَ فَاَعْرَضَ عَنْهُ فَانْطَلَقَ فَنَزَعَهُ وَلَبِسَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ فَاَقَرَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَقْبَلَ اِلَيْهِ **فَقَدْ** رُوِيَتْ هٰذِهِ الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّهْيِ عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ مِنْهَا حَدِيْثُ الْبَرَاءِ الَّذِيْ قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْهَا وَهُوَ اَصَحُّ وَاَثْبَتُ مِمَّا رَوَيْنَاهُ عَنْهُ فِي الْاِبَاحَةِ فَاحْتَمَلَ اَنْ يَكُوْنَ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ الْفَرِيْقَيْنِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسِخًا لِمَا قَدْ رَوَاهُ الْفَرِيْقُ الْاٰخَرُ نَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ **فَاِذَا** ابْنُ اَبِي دَاؤُدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ
خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ جَعَلَ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي كَفَّهُ فَاتَّخَذَهُ النَّاسُ فَرَمٰى بِهِ وَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ اَوْ فِضَّةٍ
حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِي بِشْرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ **حَدَّثَنَا** يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ
عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ ثُمَّ قَامَ
فَنَبَذَهُ فَقَالَ لَا اَلْبَسُهُ اَبَدًا فَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ **(ترجمہ)** حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے میرے باپ نے کہا سنا مین نے نعمان بن راشد کو حدیث بیان
بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** رَوْحٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ اَعْلَمَ النَّاسِ بِشَاْنِ الْحِجَابِ فِيْمَا اُنْزِلَ وَكَانَ اَوَّلُ مَا اُنْزِلَ فِىْ مُبْتَنٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ اَصْبَحَ بِهَا عَرُوْسًا فَدَعَا الْقَوْمَ فَاَصَابُوْا مِنَ الطَّعَامِ ثُمَّ خَرَجُوْا وَبَقِىَ رَهْطٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَطَالُوا الْمُكْثَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَخَرَجَ وَخَرَجْتُ مَعَهٗ حَتّٰى جَاءَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ ثُمَّ ظَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ قَدْ خَرَجُوْا فَرَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهٗ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى زَيْنَبَ فَاِذَا هُمْ جُلُوْسٌ فَرَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَعْتُ مَعَهٗ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ وَظَنَّ اَنَّهُمْ قَدْ خَرَجُوْا رَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهٗ فَاِذَا هُمْ قَدْ خَرَجُوْا فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِىْ وَبَيْنَهٗ بِالسِّتْرِ وَاُنْزِلَ الْحِجَابُ **حَدَّثَنَا** اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَنٰى بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ ثُمَّ خَرَجَ اِلٰى حُجَرِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَمَّا رَجَعَ اِلٰى بَيْتِهٖ رَاٰى رَجُلَيْنِ قَدْ مَدَّ بِهِمَا الْحَدِيْثُ فَوَثَبَا مُسْرِعَيْنِ فَرَجَعَ حَتّٰى دَخَلَ الْبَيْتَ وَاَرْخَى السِّتْرَ وَاُنْزِلَتْ اٰيَةُ الْحِجَابِ **حَدَّثَنَا** اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُنْقِذٍ قَالَ ثَنَا الْمُقْرِئُ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ سَالِمٍ الْعَلَوِىِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ خَادِمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ اَدْخُلُ عَلَيْهِ بِغَيْرِ اِذْنٍ فَجِئْتُ يَوْمًا اَدْخُلُ فَقَالَ كَمَا اَنْتَ فَاِنَّهٗ قَدْ حَدَثَ بَعْدَكَ اَمْرٌ فَلَا تَدْخُلْ عَلَيْنَا اِلَّا بِاِذْنٍ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ سَالِمٍ الْعَلَوِىِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا اُنْزِلَتْ اٰيَةُ الْحِجَابِ جِئْتُ اَدْخُلُ كَمَا اَدْخُلُ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدًا وَرَاءَكَ يَا بُنَىَّ

(ذوالہ) **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر نے کہا حدیث بیان کی مجھسے لیث نے پہر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے روح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ نے کہا حدیث بیان کی مجھسے لیث نے انہوں نے عقیل سے انہوں نے ابن شہاب سے کہا خبر دی مجکو انس بن مالک نے کہا مین پردہ کے معاملہ کو خوب جاننے والا ہون کہ کسکے بارہ مین نازل ہوا اور ابتداءی نزول اوسکا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زینب بنت جحش سے شب زفاف کرنے مین ہوا کہ آپنے اوس شب کے بعد صبح کی اور قوم کو بلایا پس انہون نے کہانا کہایا پہر وہ سب چلے گئے اور ایک گروہ اون مین کا باقی رہگیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک پس وہ بہت دیر تک ٹہیرے رہے پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہڑے ہوئے اور باہر تشریف لے گئے اور مین بہی آپ کے ہمراہ چلا گیا یہانتک کہ آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کے پاس تشریف لے آئے پہر خیال فرمایا آپنے کہ وہ لوگ چلے گئے ہونگے پس آپ واپس ہوئے اور مین بہی آپ کے ہمراہ واں آیا حتی کہ آپ زینب کے پاس آئے تو ناگاہ وہ لوگ بیٹہے ہوئے تھے پہر لوٹ گئے حضور اور مین بہی آپ کے ہمراہ یہان کہ جب آپ حضرت عائشہ کے حجرہ کی

جو کہٹ پر تشریف لے آئے اور گمان کیا کہ وہ لوگ نکل گئے ہونگے تو واپس آئے اور مین آپکے ہمراہ واپس آیا تو معلوم ہوا کہ وہ نکل گئے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میری اور اپنے مابین پردہ کر لیا اور پھر پردہ کا حکم نازل ہوا **حدیث** بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن بکر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حمید طویل نے انہون نے انس سے کہا ولیمہ کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسوقت زفاف کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زینب بنت جحش کے ساتھہ پھر نکلے آپ امہات المومنین کے حجرون کیطرف پھر جب واپس ہوئے تو دیکھا دو شخصون کو کہ دونو مین خوب باتین ہو رہی ہین پس آپ کو دیکھکر دونو جلدی سے پھر آپ واپس ہوئے یہانتک کہ گھر مین تشریف لے گئے اور پردہ ڈال لیا اور آیت حجاب نازل ہو گئی حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن منقذ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مقری نے انہون نے جریر سے انہون نے سالم علوی سے انہون انس بن مالک سے کہا تہا مین خدمتگار رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا اسلئے مین آپکی اجازت کے بغیر اندر چلا جاتا تہا پس آیا مین ایکروز اندر جانیکو تو فرمایا وہین کہٹرا رہ کیونکہ تیرے بعد ایک حکم نیا آگیا لہذا نہ آئیو بلا اجازت **حدیث** بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن حرب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے انہون نے سالم علوی سے انہون نے انس بن مالک سے کہا جب نازل ہوئی آیت پردہ کی تو آیا مین اندر آنیکو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے باہر ہی ٹھیر جا ای بیٹے

حدثنا ابن ابی داؤد قال ثنا عبید اللہ بن معاذ قال ثنا المعتمر بن سلیمٰن عن ابیہ عن ابی مجلز عن انس بن مالک قال لما تزوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم زینب بنت جحش دعا القوم فطعموا ثم جلسوا یتحدثون فاخذ کانہ یتہیا للقیام فلم یقوموا فلما رای ذلک قام وقام من قام معہ من القوم وقعد الثلثۃ ثم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم جاء فدخل فاذا القوم جلوس ثم انہم قاموا وانطلقوا فجئت فاخبرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہم قد انطلقوا فجاء فدخل وانزلت ایۃ الحجاب یایہا الذین امنوا لا تدخلوا بیوت النبی الا ان یؤذن لکم الایۃ **قال** ابو جعفر فکن امہات المومنین قد خصصن بالحجاب ما لم یجعل فیہ سائر الناس مثلہن **فان** قال قائل فقد قال اللہ عز وجل وقل للمؤمنات یغضضن من ابصارہن ویحفظن فروجہن ولا یبدین زینتہن الا ما ظہر منہا ثم قال ولا یبدین زینتہن الا لبعولتہن او ابائہن او اباء بعولتہن او ابنائہن او ابناء بعولتہن او اخوانہن او بنی اخوانہن او بنی اخواتہن او نسائہن او ما ملکت ایمانہن فجعل ما ملکت ایمانہن کذی الرحم المحرم فیہن **قیل** لہ ما جعلہن کذلک ولکنہ ذکر جماعۃ مستثنین من قولہ عز وجل ولا یبدین زینتہن فذکر البعول وذکر الاباء ومن ذکر معہم مثل ما ذکرہ وما ملکت ایمانہن فلم یکن جمعہ بینہم بدلیل علی استواء احکامہم لانا قد راینا البعل قد یجوز لہ ان ینظر من امراتہ الی ما لا ینظر الیہا ابوہا منہا ثم قال او ما ملکت ایمانہن فلا یکون ضمہ اولئک مع ما قبلہم بدلیل ان حکمہم مثل حکمہم ولکن الذی ابیح ہذہ الایۃ للمملوکین

مِنَ النَّظَرِ اِلَی النِّسَاءِ اِنَّمَا هُوَ مَا ظَهَرَ مِنَ الزِّیْنَۃِ وَهُوَ الْوُجُوْهُ وَالْکَفَّانِ وَفِیْ اِبَاحَتِہٖ ذٰلِكَ لِمَمْلُوْکِیْنَ
وَلَیْسُوْا بِذَوِیْ اَرْحَامٍ مُحَرَّمَۃٍ دَلِیْلٌ اَنَّ الْاَحْرَارَ الَّذِیْنَ لَیْسُوْا بِذَوِیْ اَرْحَامٍ مُحَرَّمَۃٍ مِنَ النِّسَاءِ
فِیْ ذٰلِكَ کَذٰلِكَ (قولہٖ) **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
عبید اللہ بن معاذ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے معتمر بن سلیمان نے انہون نے اپنے باپ سے انہون
نے ابو مجالد سے انہون نے انس بن مالک سے کہا جب نکاح کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
زینب بنت جحش سے تو بلایا قوم کو پس انہون نے کھایا پھر وہ بیٹھ گئے باتین کرنے لگے پس شروع
ہوئے آپ گویا آمادہ ہو رہے ہین کھڑے ہونیکو پھر نہ کھڑے ہو وہ لوگ جب آپنے یہ دیکھا تو اٹھ
کھڑے ہوئے آپ اور لوگون مین سے جس نے چاہا وہ آپ کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور تین آدمی بیٹھے
رہے پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اندر کو ہوئے تو دیکھا کہ لوگ بیٹھے ہوئے
ہین پھر اسکے بعد وہ لوگ چلے گئے تو مین آیا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو مین نے خبر دی کہ وہ لوگ چلے گئے
تو آپ تشریف لائے اور یہ کی آیت نازل ہوئی کہ ای ایمان والو نہ داخل ہو تم نبی علیہ السلام کے
گھرون مین مگر یہ کہ اجازت ہو جائے تمہارے واسطے آخر آیت تک ابو جعفر نے کہا لیکن امہات
المومنین پردہ کے ساتھ اسقدر مخصوص ہوئی ہین کہ اس مین باقی لوگ اونکی مثل نہین کئے گئے پس
اگر کوئی کہنے والا کہے کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا اور کہو مومن عورتون سے کہ پست کرین اپنی آنکھین
اور حفاظت کرین اپنی پیشاب گاہون کی اور نہ ظاہر کرین اپنی زینت سوا اوسکے جو کھلا رہتا ہے اونسے
پھر فرمایا اور نہ ظاہر کرین اپنی زینت مگر اپنے خاوندون کے لئے یا اپنے باپ دادا کے لئے اپنے خاوندون
کے باپ دادون کے لئے یا اپنے بیٹے پوتون لے لئے یا اپنے خاوندون کے بیٹے پوتون کے لئے یا
یا اپنے بھائیون کے لئے یا اپنے بھتیجون کے لئے یا اپنے بھانجون کے لئے یا اپنی عورتون کے لئے
یا اونکے لئے کہ مالک ہون ہاتھ اونکے (یعنے غلامون کے لئے) پس عورتون کا غلام خدا تعالےٰ نے
اونکے ذی رحم محرم کی مثل قرار دیا تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ خدا تعالےٰ نے اونکو ایسا نہین قرار دیا
بلکہ ایک جماعت کو جو خدا تعالےٰ کے اس قول سے مستثنےٰ ہے کہ اور نہ ظاہر کرین اپنی زینت
ذکر فرمایا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا خاوندونکو اور ذکر فرمایا باپ دادونکو اور جنکو اونکے ساتھ ذکر کیا جسطرح
ذکر کیا اور غلام مملوکون کا ذکر کیا پس ان تمام کو باہمی جمع کرنا اسکی دلیل نہین کہ وہ سب احکام مین برابر
ہون اسلئے کہ ہم نے دیکھا خاوند کو کہ اوسکو اپنی بیوی کا وہ مقام دیکھنا درست ہی کہ اوسکو اوسکا
باپ نہین دیکھ سکتا پھر فرمایا یا اون غلامون کے لئے جنکی عورتین مالک ہون لہذا انکو اپنے
ماقبل کے ساتھ ملانا اسکی دلیل نہین ہے کہ اونکا حکم پہلے کی مثل ہے البتہ اس آیت مین غلامون
کے لئے عورتون کی جس شئ کا دیکھنا جائز ثابت ہوتا ہے وہ صرف وہ چیز ہے جو عورتون کی ظاہری
زینت ہے اور وہ چہرہ اور دونو ہتھیلیان ہین اور خدا تعالےٰ کے اسکو غلامون کے لئے مباح کرنے
مین حالانکہ وہ ذو رحم محرم نہین ہین اسپر دلیل ہے کہ وہ آزاد لوگ جو عورتون کے ذی رحم محرم نہ

ہوں غیر اس حکم میں انکی طرح ہیں **وقد** بین هذا المعنى ما في حديث عبد بن زمعة من قول
رسول الله صلى الله عليه وسلم لسودة احتجبي منه فامرها بالحجاب منه وهو ابن وليدة ابيها
وليس يخلو ان يكون اخاها او ابن وليدة ابيها فيكون مملوكا لسائر ورثة ابيها فعلمنا ان النبي
صلى الله عليه وسلم لم يحجبها منه لانه اخوها ولكن لانه غير اخيها وهو في تلك الحال مملوك
لم يحل له بذلك النظر اليها فقد ضاد هذا الحديث حديث ام سلمة وخالفه وصارت
الآية التي ذكرنا على قول هذا الذاهب الى حديث سودة انها على سائر النساء دون امهات
المؤمنين وان عبيد امهات المؤمنين كانوا في حكم النظر اليهن في حكم الغرباء منهن الذين لا رحم بينهم
وبينهن لا في حكم ذوي الارحام منهن المحرمة وكل من كان بينه وبينهن محرمة فهو عندنا في
حكم ذوي الارحام المحرمة في منع ما وصفنا **ثم** رجعنا الى النظر لنستخرج به من القولين
قولا صحيحا فرأينا ذا الرحم لا بأس ان ينظر الى المرأة التي هو لها محرم الى وجهها وصدرها
وشعرها وما دون ركبتيها ورأينا القريب منها ينظر الى وجهها وكفيها فقط ثم رأينا العبد
حرام عليه في قولهم جميعا ان ينظر الى صدر المرأة مكشوفا او الى ساقيها سواء كان رقه
لها او لغيرها فلما كان فيما ذكرنا كالاجنبي منها لا كذي رحمها المحرم عليها كان في النظر الى
شعرها ايضا كالاجنبي لا كذي رحمها المحرم عليها فهذا هو النظر في هذا الباب وهو قول ابي
حنيفة وابي يوسف ومحمد رحمهم الله تعالى **وقد** وافقهم في ذلك من المتقدمين الحسن و
الشعبي حدثنا صالح بن عبد الرحمن قال ثنا سعيد بن منصور قال ثنا هشيم قال ثنا مغيرة
عن الشعبي ويونس عن الحسن انهما كرها ان ينظر العبد الى شعر مولاته (قوله) ترجمہ اور اس
معنے کو اوسنے ثابت کرو یا جو حدیث عبد بن زمعہ میں ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے
سودہ سے کہ چھپ جا اس سے پس آپنے انکو اوسنے پردہ کرنے کا حکم دیا حالانکہ وہ سودہ کے باپ
کی لونڈی کے بیٹے تھے اور ضرور ہے کہ اس لحاظ سے وہ سودہ کے بہائی ہوسکے ہوئے یا اونکے
باپ کی لونڈی کے بیٹے تو اس لحاظ سے اونکے مملوک ہوئے اور اونکے باپ کے تمام وارثون کے
لہذا ہم نے جانا کہ نبی صلے اللہ علیہ سلم نے اونسے پردہ نہین کرایا اسوجہ سے کہ وہ سودہ کے بہائی
ہے بلکہ اس وجہ سے کہ اونکے بہائی نہ تھے بلکہ وہ اوسوقت مملوک تھے پس بوجہ اونکے غلام ہونیکے
سودہ کو دیکھنا اونکے لئے حلال نہ ہوا پس یہ حدیث حدیث ام سلمہ کے مخالف ہوگئی اور اس شخص کے
نزدیک جو حدیث سودہ کی طرف گیا وہ آیت جو ہم ذکر کرچکے اسپر محمول ہے کہ یہ حکم امہات المومنین
کے ماسوا باقی عورتون کے لئے ہے اور اسپر کہ امہات المومنین کے غلام اونکی جانب دیکھنے مین
اونکے اون عزیز واقارب کے حکم مین ہین کہ اونکے اور اونکے درمیان رحم کا رشتہ نہ ہو نہ اون رشتہ
دارون کے حکم مین جو امہات المومنین کے ذی رحم محرم اور اونپر حرام ہون اور ہر وہ شخص کہ اوسکے اور
امہات المومنین کے مابین حرمت ہو وہ ہمارے نزدیک اوس چیز کے منع ہونے مین مثل ذوی الارحام

کی ہے جو اونپر حرام ہوں پھر ہم نظر غور کیطرف لوٹے تاکہ ہم ان دونو قولون مین سے قول صحیح نکال لین تو ہم سنے دیکھا ذو رحم محرم کو کہ اوسکے اوس عورت کی جانب دیکھنے مین کوی مضایقہ نہین جسکے ذو رحم محرم ہو اوس کے چہرہ اور اس کے سینہ اور اوسکے بالوں کیطرف اور اوسکے زانو سے نیچے کی جانب اور ہم سنے دیکھا کہ عورت کا رشتہ دار صرف اوسکے چہرہ اور اوسکے دونو ہاتھون کی جانب دیکھہ سکتا ہے پھر ہم نے دیکھا کہ بالاتفاق غلام پر حرام ہے کہ عورت کے کھلے ہوئے سینہ یا اوسکی پنڈلیوں کو دیکھے خواہ غلام اوسی کا ہو یا اوسکے سوا کسی اور کا پس جب وہ امر مذکور مین اوس عورت سے اجنبی کی مانند ہے نہ مانند اوسکے ذی رحم محرم کی تو ہوگا اوسکے بالون کی جانب دیکھنے مین بھی مثل اجنبی کی نہ اوسکے ذی رحم محرم کی مثل پس یہ نظر غور ہے اسبارہ مین اور یہی قول امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے اور موافقت کی ہے اونکی اسبارہ مین منجملہ متقدمین کے حضرت حسن اور حضرت شعبی نے حدیث بیان کی ہم سے صالح بن عبد الرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سعید بن منصور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مغیرہ نے انہوں نے روایت کی شعبی سے یونس سے اون دونو نے حسن سے کہ اون دونو نے مکروہ جانا اسکو کہ دیکھے غلام اپنی سیدہ کے بالون کی طرف +

بَابُ التَّكَنِّي بِأَبِي الْقَاسِمِ هَلْ يَصِحُّ أَمْ لَا

باب ابو القاسم کنیت رکھنا صحیح ہے یا نہین ؟

حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ قَالَ ثَنَا فِطْرٌ عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ وُلِدَ لِي بَعْدَكَ ابْنٌ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَكَانَتْ رُخْصَةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ **قَالَ** أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِأَنْ يَكْتَنِيَ الرَّجُلُ بِأَبِي الْقَاسِمِ وَأَنْ يَتَسَمَّى مَعَ ذٰلِكَ بِمُحَمَّدٍ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ وَقَالُوا أَمَّا مَا ذُكِرَ مِنْ أَنَّ ذٰلِكَ رُخْصَةٌ فَلَمْ يُذْكَرْ ذٰلِكَ فِي الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا ذُكِرَ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ رُخْصَةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّمَا هُوَ قَوْلُ مِمَّنْ بَعْدَ عَلِيٍّ وَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ ذٰلِكَ عَلَى مَا قَالَ وَيَجُوزُ أَنْ يَكُونَ عَلَى خِلَافِ ذٰلِكَ **وَالدَّلِيلُ** عَلَى أَنَّهُ خِلَافُ ذٰلِكَ أَنَّهُ قَدْ كَانَ فِي زَمَنِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَاعَةٌ قَدْ كَانُوا مُسَمَّيْنَ بِمُحَمَّدٍ مُتَكَنِّيْنَ بِأَبِي الْقَاسِمِ مِنْهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْأَشْعَثِ وَ مكتنين
مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حُذَيْفَةَ فَلَوْ كَانَ مَا أَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَدِيثِ الْأَوَّلِ خَاصًّا إِذًا لَمَا سَوَّغَهُ غَيْرُهُ وَلَأَنْكَرَهُ عَلَى فَاعِلِهِ وَأَنْكَرَهُ مَعَهُ مَنْ كَانَ يَحْضُرُهُ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فَقَالَ** الَّذِينَ ذَهَبُوا إِلَى أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ خَاصًّا لِعَلِيٍّ قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَدُلُّ عَلَى مَا قُلْنَا **فَذَكَرُوا** فِي ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ

قَالَ ثَنَا اَیُّوْبُ بْنُ وَاقِدٍ قَالَ ثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِیْفَۃَ عَنْ مُنْذِرِ الثَّوْرِیْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِیَّۃِ عَنْ عَلِیٍّ
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ وُلِدَ لَکَ بَعْدِیْ اِبْنٌ فَسَمِّہٖ بِاِسْمِیْ وَکَنِّہٖ بِکُنْیَتِیْ وَھِیَ
لَکَ خَاصَّۃً دُوْنَ النَّاسِ (قولہ) ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے ابوامیہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے علی
بن قادم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قطر نے انہون نے منذر ثوری سے انہون نے محمد بن حنفیہ
سے انہون نے حضرت علی سے کہا عرض کیا مین نے ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اگر میرے
کوی بچہ پیدا ہو تو آپ کے نام پر اوسکا نام اور آپکی کنیت اوسکی کنیت رکہون آپنے فرمایا ہان کہا اور
تہی یہ رخصت رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کی جانب سے حضرت علی کے لئے ابوجعفر نے کہا کہ گیا ایک
گروہ اسطرف کہ اس مین کوی مضایقہ نہین کہ آدمی کی کنیت ابوالقاسم اور اوسکے باوجود نام محمد رکہا جائے
اور استدلال کیا انہون نے اس بارہ مین اوس حدیث سے جو مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
اسمحدیث مین اور انہون نے کہا رہا وہ جو ذکر کیا گیا ہے کہ یہ رخصت ہے پس یہ لفظ حدیث کے اندر
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے منقول نہین ہے اور نہ حضرت علی سے مذکور ہے کہ یہ رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف سے رخصت تہی اور اسکے سوا نہین کہ یہ اون کا قول ہے جو حضرت علی کے
بعد ہین اور ہو سکتا ہے کہ یہ اوسی پر محمول ہو جو انہون نے کہا اور ہو سکتا ہے کہ اسکے خلاف پر ہو اور
دلیل اسپر کہ اوسکے خلاف ہے یہ ہے کہ زمانہ صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مین ایک جماعت
تہی جنکا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم تہی من جملہ اونکے محمد بن طلحہ اور محمد بن اشعث اور محمد بن ابی حذیفہ ہین
پس اگر وہ حکم جو پہلی حدیث مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مخصوص ہوتا تو نہ جائز رکہتے
اسکو اونکے سوا کسے لئے اور البتہ انکار کرتے اوسکا اوسکے فاعل پر اور انکار کرتے اوسکا وہ لوگ
جو اوسکے سامنے صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہوتے پس کہا اون لوگون نے جو گئے اس طرف
کہ یہ حضرت علی کے لئے مخصوص تہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے وہ منقول ہے جو ہمارے قول
پر دلالت کرتا ہے اور ذکر کی اس بارہ مین وہ حدیث جو ہم سے ابن مرزوق نے بیان کی کہا حدیث بیان
کی ہم سے روح بن اسلم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ایوب بن واقد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
قطر بن خلیفہ نے انہون نے منذر ثوری سے انہون نے محمد بن حنفیہ سے انہون نے حضرت
علی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر پیدا ہو تیرے میرے بعد کوئی لڑکا تو
نام رکہیو اوسکا میرے نام کے موافق اور کنیت رکہو میری کنیت اور یہ تیرے لئے مخصوص ہے
سوا اور لوگون کے **قَالُوْا** فَفِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ الْخُصُوْصِیَّۃُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
لِعَلِیٍّ بِذٰلِکَ دُوْنَ النَّاسِ **قِیْلَ** لَھُمْ ھٰذَا اِنَّمَا ذَکَرَہٗ ثُمَّ لَوْ ثَبَتَ ھٰذَا الْحَدِیْثُ عَلٰی مَا رَوَیْتُمْ وَلٰکِنَّہٗ
لَیْسَ بِثَابِتٍ عِنْدَنَا لِاَنَّ اَیُّوْبَ بْنَ وَاقِدٍ لَا یَقُوْمُ مَقَامَ مَنْ خَالَفَہٗ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ مِمَّنْ رَوَاہُ عَنْ
فِطْرٍ عَلٰی مَا ذَکَرْنَا فِیْ اَوَّلِ ھٰذَا الْبَابِ **فَقَالَ** الَّذِیْنَ ذَھَبُوْا اِلٰی اَنَّ ذٰلِکَ کَانَ خَاصًّا لِعَلِیٍّ بَعْدَ اَنِ
افْتَرَقُوْا فِرْقَتَیْنِ فَقَالَتْ فِرْقَۃٌ لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ یَّکْتَنِیَ بِاَبِی الْقَاسِمِ سَوَاءٌ کَانَ اِسْمُہٗ مُحَمَّدًا اَوْ لَمْ

يسمى محمدا

يكن وقالت الفرقة الاخرى لا ينبغي لاحد ممن سمى بمحمد ان يكنى بابي القاسم ولا بأس لمن لم يتسم بمحمد ان يتكنى بابي القاسم **وقد** روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ما يدل على ما قلنا في خصوصية رسول الله صلى الله عليه وسلم بذلك عليا **فذكروا** ما حدثنا ابن مرزوق قال ثنا وهب بن جرير قال ثنا شعبة عن عبد الله بن يزيد النخعي عن ابي زرعة عن عمرو بن جرير عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تسموا باسمي ولا تكتنوا بكنيتي **حدثنا** ابو بكرة قال ثنا وهب قال ثنا هشام عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله غير انه قال سموا باسمي **حدثنا** ابو امية قال ثنا الحسين بن محمد قال ثنا جرير بن حازم عن محمد عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله **حدثنا** يونس قال ثنا ابن وهب وابن نافع قالا ثنا داود بن قيس **ح** وحدثنا ربيع الجيزي قال ثنا القعنبي قال ثنا داود بن قيس عن موسى بن يسار عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تسموا باسمي ولا تكنوا بكنيتي فاني انا ابو القاسم (قوله) **ترجمہ** انہوں نے کہا پس اس حدیث میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف سے حضرت علی کے لئے سوا اور لوگوں کی خصوصیت ہے جو ابد پایا گیا اونکو یہ یوں ہی ہونا جسطرح تم نے ذکر کیا اگر ثابت ہو جاتی یہ حدیث موافق تمہاری روایت کے لیکن وہ ہمارے نزدیک ثابت نہیں ہے اسلئے کہ ایوب بن واقد اوسکے نام مقام نہیں ہو سکتا جس نے اوسکی اسحدیث میں مخالفت کی اور وہ وہ شخص ہے جس نے اوسکو نظر سے روایت کیا جیسا کہ ہم شروع باب میں ذکر کر چکے **پس** کہا اون لوگوں نے جو گئے اسطرف کہ یہ حضرت علی کے لئے مخصوص ہے بعد اونکے دو فرقہ ہو جا نکلے ایک فریق نے کہا کہ نہیں جائز کسی کے لئے یہ کہ ابو القاسم کنیت رکھے برابر ہے کہ اوسکا نام محمد ہو یا نہیں اور دوسرے فریق نے کہا کہ اوس شخص کے لئے جسکا نام محمد ہو ابو القاسم کنیت رکھنی درست نہیں اور جسکا نام محمد نہ ہو اوسکو ابو القاسم کنیت رکھنے میں کوئی مضایقہ نہیں **اور** رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی دلیل منقول ہے جو ہم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حضرت علی اسبارہ میں خاص کرنیکے اندر کہا پس ذکر کی انہوں نے وہ حدیث جو ہم سے ابن مرزوق نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب بن جریر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہوں نے عبد اللہ بن یزید نخعی سے انہوں ابو زرعہ سے انہوں نے عمرو بن جریر سے انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نام رکھو میرے نام پر اور میری کنیت پر اپنی کنیت نہ رکھو **حدیث** بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وہب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام نے انہوں نے روایت کی محمد بن سیرین سے انہوں نے ابو ہریرہ انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل سوا اسلئے کہ انہوں نے کہا کہ نام رکھو میرے نام پر **حدیث** بیان کی ہم سے ابو امیہ نے کہا حدیث ان کی ہم سے حسین بن محمد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے جریر بن حازم نے انہوں نے محمد سے انہوں

نے ابوہریرہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے یونس
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب اور ابن نافع نے دونوں نے کہا حدیث بیان بیان کی ہم سے
داؤد بن قیس نے (تحویل) اور **حدیث** بیان کی ہم سے ربیع جیزی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
قعنبی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے داؤد بن قیس نے انہوں نے موسیٰ بن یسار سے انہوں نے
ابوہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نام رکھو میرے نام پر اور میری کنیت پر کنیت
نہ رکھو اسلئے کہ میں ہی ابوالقاسم ہوں **حدثنا** محمد بن خزیمة قال ثنا احمد بن اشکیب الکوفی
قال ثنا معاویة عن الاعمش عن ابی سفیان عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسموا (ابو معاویہ)
باسمی ولا تکنوا بکنیتی **حدثنا** محمد قال ثنا ابو ربیعة قال ثنا ابو عوانة عن ابی حصین
عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثله **حدثنا** سلیمٰن بن شعیب
قال ثنا عبد الرحمٰن قال ثنا شعبة عن قتادة ومنصور عن سالم بن ابی الجعد عن جابر عن
النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثله **قالوا** فقد نهی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یکتنی بکنیته
واباح ان یتسمی باسمه وجاء ذلك عنه مجیئا ظاهرا متواترا فدل ذلك علی خصوصیته ما خالفه
ثم رجعنا الی الکلام بین الذین ذهبوا الی ما کان من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی
حدیث ابن الحنفیة انه کان خاصا لعلی **فکان** من حجة الفرقة الذین ذهبوا الی (ابی ذھبنا الی)
ان النهی المذکور فی حدیث ابی هریرة وجابر انما هو علی الکنیة خاصة کان اسم المکتنی بها (یعنی)
محمدا او لم یکن ما قد روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** بکار قال ثنا ابو عاصم
قال ثنا ابن جریج قال اخبرنی عبد الکریم عن عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن ابی عمرة عن عمه عن
ابی هریرة قال نهی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یکتنی بکنیته **فقصد** بالنهی
فی هذا الحدیث الی الکنیة خاصة فدل ذلك ان ما قصد بالنهی الیه فی الآثار التی ذکرناها قبله
هی الکنیة ایضا **وقد** دل علی ذلك ایضا ما حدثنا ابن مرزوق قال ثنا ابو عاصم عن ابن عجلان
عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسموا باسمی ولا تکتنوا بکنیتی انا ابو القاسم
اللہ یعطی وانا اقسم **حدثنا** سلیمٰن بن شعیب قال ثنا عبد الرحمٰن بن زیاد قال ثنا شعبة
عن حصین عن سالم بن ابی الجعد عن جابر بن عبد اللہ قال ولد لرجل من الانصار غلام فسماه
محمدا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم احسنت الانصار تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی انما انا قاسم
اقسم بینکم تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی (قولہ) **ترجمہ حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے احمد بن اشکیب کوفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے معاویہ نے انہوں نے
روایت کی اعمش سے انہوں نے ابوسفیان سے انہوں نے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ
علیہ وسلم نے نام رکھو میرے نام پر اور میری کنیت پر اپنی کنیتیں نہ رکھو **حدیث** بیان کی ہم سے
محمد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو ربیعہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عوانہ نے انہوں نے ابو حصین

سے انہون نے ابو صالح سے انہون نے ابو ہریرہ سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل
حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے روایت کی
قتادہ اور منصور سے انہون نے سالم بن ابی جعد سے انہون نے جابر سے انہون نے نبی صلے
اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل انہون نے کہا پس منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی کنیت
پر کنیت رکھنے کو اور اپنے نام پر نام رکھنے کو مباح قرار دیا اور آیا ہے یہ آپ سے بطریق متواتر لہذا اسنے اپنے
مخالف اوراتیت کی خصوصیت پر دلالت کی پھر ہم اون لوگون گفتگو کی جانب لوٹے جو رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث ابن الحنفیہ مین ثابت ہوا کہ یہ حضرت علی کے لئے خاص تہا پس اوس
طریق کی دلیل جو گیا اس طرف کہ وہ ممانعت جو مذکور ہے ابو ہریرہ اور جابر کی حدیث مین وہ بالخصوص
کنیت پر محمول ہے خواہ اوس شخص کا نام محمد ہو یا نہین ▪ حدیث ہے جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
سے مروی ہے حدیث بیان کی ہم سے بکار نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے کہا حدیث بیان
کی ہم سے ابن جریج نے کہا خبر دی مجکو عبد الکریم انہون نے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن ابی عمرہ سے
انہون نے اپنے چچا سے انہون نے ابو ہریرہؓ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے
اس سے کہ آپکی کنیت پر کنیت رکھی جائے پس آپ کا مقصد اس حدیث میں ممانعت سے صرف کنیت ہی
لہذا اس نے اس بات پر دلالت کی کہ اس سے پہلی احادیث مین بہی کنیت ہی مراد ہے اور اسپر وہ حدیث
بہی دلیل ہے جو ہم سے ابن مرزوق نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے انہون نے
روایت کی ابن عجلان سے انہون نے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نام رکھو
میرے نام پر اور نہ کنیت رکھو میری کنیت کے موافق مین ابو القاسم ہون اللہ دیتا ہے اور مین تقسیم
کرتا ہون حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحمن بن زیاد نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے روایت کی حصین سے انہون نے سالم بن ابی جعد سے
انہون نے جابر بن عبد اللہ سے کہا ایک انصاری آدمی کے لڑکا پیدا ہوا تو انصاری نے اوسکا محمد
نام رکہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انصار نے اچہا کیا میرے نام پر نام رکہا اور میری کنیت کے
موافق کنیت نہین رکہی حدثنا ربیع المؤذن قال ثنا اسد قال ثنا محمد بن خازم عن الاعمش
عن ابن ابی الجعد عن جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسموا باسمی ولا
تکنوا بکنیتی فانما جعلت قاسما اقسم بینکم فقد اخبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالمعنی الذی تکنوا
من اجلہ نھی ان یکتنی بکنیتہ وانما ھو لانہ یقسم بینہم فثبت بذلک ان قصدہ کان فی النھی الی
الکنیۃ دون الجمع بینہا و بین الاسم واحتجوا فی ذلک ایضا بما حدثنا عبد الغنی بن ابی عقیل
و حسین بن نصر قالا ثنا عبد الرحمن بن زیاد قال ثنا شعبۃ عن حمید الطویل قال سمعت انس
بن مالک یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی السوق فقال لہ رجل یا ابا القاسم فالتفت
الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی فقال الرجل انما ادعو ذلک فقال رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم تسموا باسمي ولا تكنوا بكنيتي **حدثنا** حسين بن نصر قال سمعت يزيد ابن هارون
قال ثنا حميد عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله **حدثنا** ابو بكرة قال ثنا محمد بن عبد الله
الانصاري قال ثنا حميد عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله **فهذا** يدل ايضا على ان
نهي رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هو عن التكني بكنيته خاصة دون الجمع بينها و بين اسمه
وقد ذهب الى هذا المذهب ابراهيم النخعي و محمد بن سيرين **حدثنا** احمد بن الحسن الكوفي
قال ثنا وكيع بن الجراح عن مجل قال قلت لابراهيم كانوا يكرهون ان يكني الرجل بابي القاسم ان
لم يكن اسمه محمدا قال نعم **فهذا** ابراهيم يحكي هذا ايضا عمن كان قبله يريد بذلك اصحاب
عبد الله او من فوقهم **وقد** حدثنا سليمن بن شعيب قال ثنا الخصيب قال ثنا يزيد بن ابراهيم
عن محمد بن سيرين ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تسموا باسمي ولا تكنوا بكنيتي قال ورأيت
محمد ابن سيرين يكره ان يكتني الرجل ابا القاسم كان اسمه محمدا او لم يكن **وكان** من
بعدهم من ذهب الى ان النهي في ذلك ايضا هو على الجمع بين الكنية والاسم جميعا ما حدثنا احمد بن
داود قال ثنا عبد العزيز بن الخطاب الكوفي قال ثنا قيس عن ابي ليلى عن حفصة بنت عمير عن
عمها البراء بن عازب ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى ان يجمع بين اسمه وكنيته (قوله)

ترجمہ حدیث بیان کی ہمسے ربیع موذن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسد نے کہا حدیث بیان
کی ہمسے محمد بن حازم نے انہون نے روایت کی اعمش سے انہون نے ابن ابی جعد سے انہون
جابر بن عبد اللہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نام رکہو میرے نام پر اور نہ کنیت رکہو
میری کنیت پر اس لیئے کہ مین قاسم بنایا گیا ہون تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہون تو خبر دی رسول
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس معنے کی جس وجہ سے آپنے اپنی کنیت کے موافق کنیت رکہنے کو منع
فرمایا اور وہ یہ کہ آپ لوگون کے درمیان تقسیم کرتے ہین پس ثابت ہوا کہ آپ کا مقصود ممانعت سے
کنیت ہی تہی نہ اون دونوکو جمع کرنا یعنے کنیت اور نام کو اور استدلال کیا انہون نے اس مین اوس حدیث سے
بہی جو ہم سے عبد الغنی بن ابی عقیل نے بیان کی اور حسین بن نصر نے دونو نے کہا حدیث بیان کی ہم سی
عبد الرحمن بن زیاد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے انہون نے حمید طویل سے کہا سنا مین
نے انس بن مالک کو کہتے ہوئے کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بازار مین پس کہا ایک شخص نے
آپسے ای ابو القاسم پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوسکی طرف متوجہ ہوئے تو اوس شخص نے
کہا مین اسکو بلاتا ہون تب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے نام پر نام رکہو اور میری کنیت
نہ رکہو حدیث بیان کی ہم سے حسین بن نصر نے کہا سنا مین نے یزید بن ہارون کو کہتے ہوئے کہ حدیث
بیان کی ہم سے حمید نے انہون نے انس سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل
حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبد اللہ انصاری نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے حمید سے انہون نے انس سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل

پس یہ بھی اسپر دلالت کرتا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صرف کنیت رکھنے سے منع فرمایا نہ کنیت اور نام دونوں کو جمع کرنے سے اور اسی طرف ابراہیم نخعی اور محمد بن سیرین گئے ہیں حدیث بیان کی ہم سے احمد بن حسن کوفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے وکیع بن جراح نے انہوں نے محل سے کہا عرض کیا میں نے ابراہیم سے کہ کیا مکروہ جانتے تھے صحابہ اسکو کہ آدمی کی کنیت ابوالقاسم ہو اگرچہ اوسکا نام محمد نہ ہو تو انہوں نے کہا ہاں پس یہ ابراہیم ہیں جو اپنے سے اوپر کے طبقہ کے لوگوں سے روایت کرتے ہیں جن سے مراد اونکی اصحاب عبداللہ یا اونسے اوپر کے لوگ ہیں اور حدیث بیان کی ہم سے سلیمان بن شعیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے . . . . حصیب نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ابراہیم نے انہوں نے محمد بن سیرین سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نام رکھو میرے نام پر اور میری کنیت پر کنیت نہ رکھو کہا اور دیکھا میں نے محمد بن سیرین کو برا جانتے ہوئے اسکو کہ کنیت رکھے آدمی ابوالقاسم حالانکہ اوسکا نام محمد ہو یا نہ ہو اور اونکی دلیل جو اسطرف گیا کہ ممانعت کنیت اور نام دونوں کو جمع کرنے سے ہے وہ حدیث ہے جو ہم سے احمد بن داود نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالعزیز بن خطاب کوفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے قیس نے انہوں نے ابو لیلی سے انہوں نے حفصہ بنت عبید سے انہوں نے اپنے چچا براء بن عازب سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس سے کہ جمع کرے آدمی آنحضرت کے نام اور کنیت کے درمیان **حدثنا** فهد قال ثنا ابن ابي مريم قال ثنا يحيى بن ايوب قال حدثني محمد بن عجلان عن ابيه عن ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم مثله **حدثنا** محمد بن خزيمة قال ثنا مسلم بن ابراهيم الازدي قال ثنا هشام بن ابي عبد الله قال ثنا ابو الزبير عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تسمى باسمي فلا يكتني بكنيتي ومن اكتنى بكنيتي فلا يتسمى باسمي . . . **قالوا** فثبت بهذه الآثار ان ما نهى عنه رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذلك هو الجمع بين كنيته مع اسمه وفي حديث جابر اباحة التكني بكنيته اذا لم يتسم معها باسمه **فكان** من الحجة عليهم لاهل المقالة الاخرى انه يحتمل ان يكون رسول الله صلى الله عليه وسلم قصد بنهيه ذلك المذكور في حديث البراء وابي هريرة وجابر الى الجمع بين الكنية والاسم واباح افراد كل واحد منهما ثم نهى بعد ذلك عن التكني بكنيته فكان ذلك زيادة فيما كان تقدم من نهيه في ذلك **فان** قال قائل فما جعل ما قلت اولى من ان يكون نهى عن التكني بكنيته ثم نهى عن الجمع بين اسمه وكنيته وكان ذلك اباحة لبعض ما كان وقع عليه نهيه قبل ذلك **قيل** له لان نهيه عن التكني بكنيته في حديث ابي هريرة فيما ذكرنا معه من الآثار لا يخلو من احد وجهين اما ان يكون متقدما للمقصود فيه الى الجمع بين الاسم والكنية او متأخرا عن ذلك فان كان متأخرا عنه فهو زائد عليه غير ناسخ له وان كان متقدما له فقد كان ثابتا ثم روي هذا بعده فنسخه فلما احتمل ما قصد فيه الى النهي عن

الْكُنْيَةِ اَنْ يَكُوْنَ مَنْسُوْخًا لِاَنَّا قَدْ عَلِمْنَا بِثُبُوْتِهِ كَانَ عِنْدَنَا عَلٰى اَصْلِهِ الْمُتَقَدِّمِ وَعَلٰى اَنَّهُ غَيْرُ مَنْسُوْخٍ حَتّٰى نَعْلَمَ يَقِيْنًا اَنَّهُ مَنْسُوْخٌ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ مَعَانِي الْاٰثَارِ **وَاَمَّا** وَجْهُهُ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَقَدْ رَاَيْنَا الْمَلَائِكَةَ لَا بَاْسَ اَنْ يَتَسَمَّوْا بِاَسْمَائِهِمْ وَكَذٰلِكَ سَائِرُ اَنْبِيَاءِ اللّٰهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ غَيْرَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا بَاْسَ اَنْ يُتَسَمّٰى بِاَسْمَائِهِمْ وَيُكْنٰى بِكُنَاهُمْ وَيُجْمَعَ بَيْنَ اِسْمِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ وَكُنْيَتِهِ فَهٰذَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَاْسَ اَنْ يُتَسَمّٰى بِاِسْمِهِ فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ لَا بَاْسَ اَنْ يُكْنٰى بِكُنْيَتِهِ وَاَنْ لَا بَاْسَ اَنْ يُجْمَعَ بَيْنَ اِسْمِهِ وَكُنْيَتِهِ فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِي هٰذَا الْبَابِ غَيْرَ اَنَّ اِتِّبَاعَ مَا قَدْ ثَبَتَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلٰى **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی مریم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحییٰ بن ایوب نے کہا حدیث بیان کی مجہ سے محمد بن عجلان نے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلم بن ابراہیم ازدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام بن ابی عبداللہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوزبیر نے انہوں نے روایت کی جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نام رکہے میرے نام پر پس نہ کنیت رکہے میری کنیت اور جو میری کنیت پر اپنی کنیت رکہے وہ میرے نام پر اپنا نام نہ رکہے انہوں نے کہا پس ان حدیثوں سے یہ ثابت ہوا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس سے منع فرمایا وہ آپ کی کنیت کے ساتہہ نام کا جمع کرنا ہے اور حدیث جابر مین آپ کی کنیت کے ساتہہ کنیت رکہنے اباحت ہے جبکہ اوسکے باوجود آپ کے نام پر نام نہ رکہا ہو۔

پس اون لوگون پر دوسرے قول والون کے لئے یہ حجت ہے کہ احتمال ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ممانعت سے جو مذکور ہوئی تہا اور ابوہریرہؓ اور جابرؓ کی حدیث مین کنیت اور نام دونو کو جمع کرنا مراد لیا ہو اور اون دونو مین سے صرف ایک رکہنے کو مباح فرمایا ہو پہر اسکے بعد آپ کی کنیت کے موافق کنیت رکہنے سے منع فرمادیا ہو تو یہ اوس نہی مین زیادتی ہو جائیگی جو گذر چکی **اور** اگر کوئی کہے کہ کونسی چیز تمہارے قول کو اوسپر ترجیح دیتی ہے کہ آپ نے اپنی کنیت کے موافق کنیت رکہنے سے منع فرمایا ہو پہر بعد مین آپ کے نام اور کنیت دونو کو جمع کرنے سے منع فرمادیا ہو اور ہو یہ اون بعض افراد کی اباحت جنپر اس سے پہلے نہی واقع ہو چکی تہی تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ ترجیح کی دلیل یہ ہے کہ آپ کا اپنی کنیت کے موافق کنیت رکہنے سے حدیث ابوہریرہ مین جو مذکور ہوئی منع فرمانا دو صورتون مین سے ایک سے خالی نہین یا کہ اوس سے پہلے ہوگا جو اس بارہ مین مقصود ہے یعنے نام اور کنیت کو جمع کرنا یا اوس سے مؤخر ہوگا پس اگر اس سے مؤخر ہو تو یہ اوسپر زائد ہے اوسکے لئے ناسخ نہین اور اگر اوس سے مقدم ہے تو ہوا ثابت پہر اس نے اوسکے بعد مروی ہو کر اوسکو منسوخ کردیا پس جبکہ احتمال ہے کہ اس بارہ مین جو مقصود ہے کنیت سے منع کرنا وہ منسوخ ہو بعد اسکے کہ ہم اوسکے ثبوت کو جان چکے تو ہوا یہ ہمارے نزدیک اپنی اصل پر جو پہلے ہے اور یہ کہ وہ منسوخ نہین یہانتک کہ ہمکو یقینی طور پر اوسکا

منسوخ ہونا ہم نہ جان لین پس یہ اسباب کی توجیہ ہے بہ طریق معانی احادیث **اور** رہی اوسکی توجیہ بہ طریق نظر پس ہم نے دیکھا کہ فرشتون کے نامون پر نام رکہنے مین کوئی مضایقہ نہین اسی طرح ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سوا اور انبیا علیہم السلام کے نام رکہنے مین کوئی ہرج نہین اور نہ اونکی کنیتون کے موافق کنیتن رکہنے مین اسی طرح اونکے نامون اور کنیتون کو جمع کرنے مین کوئی مضایقہ نہین ادہر ہمارے نبی صلے علیہ السلام کے نام پر نام رکہنے مین کوئی نقصان نہین اسلئے نظر غور اسکو مقتضی ہے کہ آپ کی کنیت کے مطابق کنیت رکہنے مین بہی کوئی مضایقہ نہوگا اور نہ آپ کے نام اور کنیت دونو کو جمع کرنے مین الحاصل یہ نظر غور کا نتیجہ ہے اس باب مین مگر یہ کہ جو کچہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا اسکی پیروی زیادہ بہتر ہے **فقد** رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ اَيْضًا مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُوْلُ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ فَقُلْنَا لَا نَكْنِيكَ اَبَا الْقَاسِمِ وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ سَمِّ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ **فَهٰذِهِ** الْاَنْصَارُ قَدْ اَنْكَرَتْ عَلٰى هٰذَا الرَّجُلِ اَنْ يُسَمِّيَ ابْنَهُ الْقَاسِمَ لِئَلَّا يُكْتَنٰى بِهِ وَتَصَدَّوْا اَبَا الْكُوَاهِيَةِ فِي ذٰلِكَ اِلَى الْكُنْيَةِ خَاصَّةً ثُمَّ لَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَلَغَهُ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ نَهْيَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّكَنِّيْ بِكُنْيَتِهٖ يَتَسَمّٰى مَعَ ذٰلِكَ بِاسْمِهٖ اَوْ لَمْ يَتَسَمَّ بِهٖ **فَاِنْ** قَالَ قَائِلٌ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَا يَدُلُّ عَلٰى كَرَاهَةِ التَّسَمِّيْ بِالْقَاسِمِ **قِيْلَ** لَهٗ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ مَكْرُوْهًا كَمَا ذَكَرْتَ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ اَقْسِمُ بَيْنَكُمْ **وَقَدْ** يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ كَرِهَ ذٰلِكَ لِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْتَنُوْنَ الْاٰبَاءَ بِاَسْمَاءِ الْاَبْنَاءِ وَقَدْ كَانَ اَكْثَرُهُمْ لَا يَكْتَنِيْ حَتّٰى يُوْلَدَ لَهٗ فَيَكْتَنِيْ بِاسْمِ ابْنِهٖ **وَالدَّلِيْلُ** عَلٰى ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ لِيْ عُمَرُ نِعْمَ الرَّجُلُ اَنْتَ يَا صُهَيْبُ لَوْلَا خِصَالٌ فِيْكَ ثَلٰثٌ قُلْتُ وَمَا هِيَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ تَكَنَّيْتَ وَلَمْ يُوْلَدْ لَكَ وَفِيْكَ سَرَفٌ فِي الطَّعَامِ وَانْتَمَيْتَ اِلَى الْعَرَبِ وَلَسْتَ مِنْهُمْ قُلْتُ اَمَّا قَوْلُكَ تَكَنَّيْتَ وَلَمْ يُوْلَدْ لَكَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّانِيْ اَبَا يَحْيٰى وَاَمَّا قَوْلُكَ انْتَمَيْتَ اِلَى الْعَرَبِ وَلَسْتَ مِنْهُمْ فَاِنِّيْ رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ سَبَتْنَا الرُّوْمُ مِنَ الطَّائِفِ بَعْدَ مَا عَقَلْتُ اَهْلِيْ وَنَسَبِيْ وَاَمَّا قَوْلُكَ فِيْكَ سَرَفٌ فِي الطَّعَامِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُكُمْ مَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ (قولہ) ترجمہ پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اسبارہ مین بہی وہ حدیث مروی ہے جو ہم سے یونس نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہون نے روایت کی ابن منکدر سے کہ انہون نے جابر بن عبداللہ کو کہتے سنا کہ ہم مین سے ایک شخص کے لڑکا پیدا ہوا پس اوسکا نام قاسم رکہا تو ہم نے کہا کہ ہم تجہکو ابوالقاسم کنیت نہ رکہنے دینگے اور تجہکو آنکہون دیکہتے فوقیت نہ دینگے پہر وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوا اور آپسے یہ ذکر کیا تو آپنے فرمایا اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمن رکہہ لو یہ انصار مین رضی اللہ عنہم کہ انہون نے اس شخص کو اپنے بیٹے کا نام قاسم نہ رکہنے دیا تاکہ وہ ابوالقاسم

عن

علقت اجمر

کے ساتھ کنیت نہ رکھا جاوے اور کراہت سے اس بارہ مین بالخصوص کنیت مقصود ہوئی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کا اس امر مین انکار نہ فرمایا جب آپکو اسکی خبر پہونچی لہذا اسنے اسپر دلالت کی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اپنی کنیت کے ساتھ کنیت رکھنے کو منع فرمایا خواہ آپ کے نام کے ساتھ موسوم ہو یا نہین پس اگر کوئی کہے کہ اس حدیث مین قاسم نام رکھنے کی کراہت پر دلیل ہے تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ مکروہ ہو جیسا کہ تو نے ذکر کیا بوجہ فرمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ بجز اسکے نہین ہین تقسیم کرنے والا ہون کہ تقسیم کرتا ہون تمہارے درمیان اور ہو سکتا ہے کہ اسوجہ سے مکروہ جانا ہو کہ وہ لوگ کنیت رکھتے تھے باپ دادون کی بیٹون کے نامون کے ساتھ اور اون مین سے اکثر ایسے تھے کہ کنیت نہین رکھتے تھے تاوقتیکہ اونکے کوئی بچہ پیدا ہو تو پھر اپنے بیٹے کے نام کے ساتھ کنیت رکھتے تھے **اور** دلیل اسپر وہ حدیث ہے جو ہم سے یونس نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبید اللہ بن عمرو نے انہون نے عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے انہون نے حمزہ بن صہیب سے انہون نے اپنے باپ صہیب سے کہا فرمایا مجھسے حضرت عمر نے بہت اچھے آدمی تھے تم ای صہیب اگر تم مین تین خصلتین نہ ہوتین مین نے عرض کیا اور وہ کیا ہین ای امیر المومنین فرمایا کنیت رکھ لی تم نے حالانکہ تمہارے کوئی بچہ پیدا نہین ہوا اور تمہارے اندر کھانے مین اسراف ہے اور تم نے نسبت عرب کی طرف کی ہے حالانکہ تم عرب مین سے نہین ہو مین نے کہا آپ کا کنیت کے بارہ مین فرمانا سو سنئے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت ابو یحیٰے رکھی ہے اور آپکا یہ فرمان کہ نسبت کی تو نے عرب کی طرف اور عرب سے نہین ہے سو مین قبیلہ بنی نمر بن قاسط کا ایک شخص ہون ہمکو روم نے طائف سے قید کیا بعد اسکے کہ مین اپنے اہل اور نسب کو سمجھنے لگا تھا اور آپ کا یہ فرمان کہ تیرے اندر طعام مین اسراف ہے ہو اوسکا جواب یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر تم مین کا وہ ہے جس نے کھانا کھلایا **فھذا** عُمَرُ قَدْ اَنْکَرَ عَلٰی صُهَیْبٍ اَنْ یَتَکَنّٰی قَبْلَ اَنْ یُوْلَدَ لَهٗ فَدَلَّ ذٰلِکَ اَنَّهُمْ اَوْ اَکْثَرَهُمْ کَانُوْا لَا یَتَکَنُّوْنَ حَتّٰی یُوْلَدَ لَهُمْ فَیَتَکَنُّوْنَ بِاَبْنَائِهِمْ فَلَمَّا وُلِدَ لِذٰلِکَ الْاَنْصَارِیِّ ابْنٌ فَسَمَّی الْقَاسِمَ اَنْکَرَتِ الْاَنْصَارُ ذٰلِکَ عَلَیْهِ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا سَمّٰی بِهٖ لِیَکْتَنِیَ بِهٖ فَاَبَوْا ذٰلِکَ وَاَنْکَرُوْهُ عَلَیْهِ فَاَثْنٰی عَلَیْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِذٰلِکَ **وقد** دَلَّ عَلٰی ذٰلِکَ اَیْضًا مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ اَنَّ اَبَا الزُّبَیْرِ الْمَکِّیَّ اَخْبَرَهٗ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ وَتَکَنّٰی بِهٖ فَاَبَتِ الْاَنْصَارُ اَنْ تُکَنِّیَهٗ بِذٰلِکَ فَبَلَغَ ذٰلِکَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنَتِ الْاَنْصَارُ تَسَمَّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکَنَّوْا بِکُنْیَتِیْ **ففی** هٰذَا الْحَدِیْثِ مَا قَدْ دَلَّ عَلٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا حَوَّلَ اسْمَ ذٰلِکَ الصَّبِیِّ لِاَنَّ اَبَاهُ تَکَنّٰی بِهٖ فَحَوَّلَهٗ اِلٰی اِسْمٍ یَجُوْزُ لِاَبِیْهِ التَّکَنِّیْ بِهٖ وَفِیْهِ مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ النَّهْیَ اِنَّمَا قُصِدَ بِهٖ اِلَی الْکُنْیَةِ خَاصَّةً لَا اِلَی الْجَمْعِ بَیْنَهَا وَبَیْنَ الْاِسْمِ وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ (قولہ) **ترجمہ پس** یہ حضرت عمر مین کہ صہیب پر بچہ پیدا ہونے

سے پیشتر انکار کیا لہذا اس نے دلالت کی کہ وہ تمام یا اکثر لوگ جب تک کہ اونکا بچہ پیدا نہ ہوتا تھا اوسوقت تک اپنی کنیت نہیں رکھتے تھے پھر اپنے بیٹوں کے ناموں سے کنیت رکھتے تھے پس جب بنی انصاری کے لڑکا پیدا ہوا اور اوس نے اوسکا نام قاسم رکھا تو انصار نے اونپر اسکا انکار کیا اسلئے کہ اوس نے اسکا یہ نام کنیت رکھنے کے لئے رکھا لہذا انہوں نے اس سے انکار کیا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم نے اونکی اسوجہ سے تعریف کی اور اسپر وہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جو ہم سے ابن ابی داؤد نے حدیث بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے عمرو بن خالد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن لہیعہ نے انہوں نے اسامہ بن زید سے کہ ابو زبیر مکی نے اونکو خبر دی بروایت جابر بن عبد اللہ کہا پیدا ہوا ہم میں سے ایک شخص کے لڑکا پس اوس نے اوسکا نام قاسم رکھا اور اوسکے ساتھ کنیت رکھی پس انصار نے اوسکو اس کے ساتھ کنیت رکھنے سے انکار کیا پھر اسکی خبر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو پہونچی تو آپنے فرمایا انصار اچھا کرتے ہیں میرے نام پر نام رکھتے ہیں اور میری کنیت پر کنیت نہیں رکھتے پس اس حدیث میں اسپر دلیل ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس بچہ کا نام اسوجہ سے تبدیل فرمایا کہ اوسکا باپ اس نام سے کنیت نہ رکھے اور اوسکا ایسا نام رکھا کہ اوسکے باپ کو اوس نام سے کنیت رکھنی درست تھی اور اس میں اسپر دلیل ہے کہ ممانعت سے مقصود صرف کنیت رکھنی ہے نہ نام اور کنیت دونو کو جمع کرنا اور اللہ تعالے خوب جانتا ہے ✦

بَابُ السَّلَامِ عَلَى أَهْلِ الْكُفْرِ

باب کافرونکو سلام کرنیکے بیان میں ہے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ رُومِيٍّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ قَالَ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَالْيَهُودِ وَالْمُشْرِكِينَ مِنْ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّهُ لَا بَأْسَ أَنْ يُبْتَدَأَ أَهْلُ الْكُفْرِ بِالسَّلَامِ وَاحْتَجُّوا فِي ذَلِكَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَخَالَفَهُمْ فِي ذَلِكَ آخَرُونَ فَكَرِهُوا أَنْ يُبْتَدَءُوا بِالسَّلَامِ وَقَالُوا لَا بَأْسَ بِأَنْ يُرَدَّ عَلَيْهِمْ إِذَا سَلَّمُوا وَاحْتَجُّوا فِي ذَلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ ثَنَا شَرِيكٌ وَأَبُو بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ يَعْنِي الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُهَيْلٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنْ سُهَيْلٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَيَّاشٌ الرَّقَّامُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْيَزَنِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا رَاكِب

غَدًا إِلَى يَهُودَ فَلَا تَبْدَؤُوهُمْ فَإِذَا سَلَّمُوا عَلَيْكُمْ فَقُولُوا وَعَلَيْكُمْ حَدَّثَنَا ... بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَلَا تَبْدَؤُوهُمْ بِالسَّلَامِ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ عَنْ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَقُلْ بِالسَّلَامِ (قوله) ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عمرو بن رومی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن ثور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے معمر نے انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے عروہ سے انہوں نے اسامہ بن زید سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم گذرے ایک مجلس پر جس مین مسلمان اور یہود اور مشرکین بت پرست سب شترک تھے پس آپ نے اونکو سلام کیا ابو جعفر نے کہا پس گیا ایک گروہ اسطرف کہ کافر کو ابتدائً سلام کرنے مین کوئی مضایقہ نہین اور استدلال کیا انہون نے اس بارہ مین اس حدیث سے اور مخالفت کی اونکی اس مین دوسرون نے اور مکروہ تبلایا اسکو کہ اونکو ابتدائً سلام کیا جائے اور انہون نے کہا اس مین کوئی مضایقہ نہین کہ جب وہ سلام کرین تو اونکو جواب دیا جائے اور استدلال کیا انہون نے اس مین اوس حدیث سے جو بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن سعید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے شریک اور ابو بکر یعنے ابن عیاش نے انہون نے روایت کی سہیل بن ابی صالح سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ ابتدا کرو اونپر سلام کی یعنے یہود اور نصاری پر حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو حذیفہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان نے انہون نے روایت کی سہیل سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے کہا حدیث بیان کی مجسے یحیے بن ایوب نے انہون نے روایت کی سہیل سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عیاش وقام نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الاعلے نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن اسحاق نے انہون نے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے انہون نے مرثد بن عبد اللہ یزنی سے انہون ابو عبد الرحمن جہنی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم نے مین کل یہود کیطرف جانیوالا ہون پس تم اونپر ابتدا نہ کرو البتہ جب وہ تمکو سلام کرین تو کہدو وعلیکم حدیث بیان کی ہم سے روح بن فرح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یوسف بن عدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد الرحیم نے انہون نے محمد بن اسحاق سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل سوا اسکے کہ انہون نے کہا نہ ابتدا کرو اونپر سلام کی حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبید اللہ بن عمرو نے انہون نے محمد بن اسحاق سے انہون نے یزید بن ابی حبیب سے انہون نے مرثد بن عبد اللہ یزنی

سے انہون نے ابو نضرہ غفاری سے انہون نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سوا اسکے کہ انہون
نے کہا سلام کا لفظ **حدثنا** يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي
حَبِيبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا نَضْرَةَ الْغِفَارِيَّ يَقُولُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنِّي
رَاكِبٌ اِلَى يَهُودَ فَاِذَا اَتَيْتُمُوهُمْ فَسَلَّمُوا عَلَيْكُمْ فَقُولُوا وَعَلَيْكُمْ **حدثنا** اَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو عَاصِمٍ قَالَ ثَنَا
عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ فَفِي هٰذِهِ الْآثَارِ النَّهْيُ عَنْ
ابْتِدَاءِ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى بِالسَّلَامِ مِنْ قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْحَدِيثِ الْاَوَّلِ اَنَّ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ فِي قَوْلِ اُسَامَةَ فَقَدْ يَجُوزُ اَنْ يَكُونَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ
بِسَلَامِهِ مَنْ كَانَ فِيهِمْ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَلَمْ يُرِدِ الْيَهُودَ وَلَا النَّصَارَى وَلَا عَبَدَةَ الْاَوْثَانِ حَتَّى لَا تَتَضَادَّ هٰذِهِ
الْآثَارُ فَهٰذَا الَّذِي وَصَفْنَا جَائِزٌ فَقَدْ يَجُوزُ اَنْ يُسَلِّمَ رَجُلٌ عَلَى جَمَاعَةٍ وَهُوَ يُرِيدُ بَعْضَهُمْ وَقَدْ يَحْتَمِلُ
اَنْ يَكُونَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِينَ لِاَنَّ ذٰلِكَ كَانَ فِي وَقْتٍ قَدْ اُمِرَ فِيهِ اَلَّا يُجَادِلَهُمْ اِلَّا
بِالَّتِي هِيَ اَحْسَنُ فَكَانَ السَّلَامُ ذٰلِكَ ثُمَّ اُمِرَ بِقِتَالِهِمْ وَمُنَابَذَتِهِمْ فَنَسَخَ ذٰلِكَ مَا كَانَ تَقَدَّمَ مِنْ سَلَامِهِ
عَلَيْهِمْ (قوله) **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابن وہب نے
کہا خبر دی مجکو ابن لہیعہ نے انہون نے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے انہون نے ابو الخیر سے
کہ انہون نے سنا ابو نضرہ غفاری کو کہتے ہوئے کہ انہون نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے
ہوئے کہ مین سوار ہونیوالا ہون یہود کیطرف پس جب تم اونکے پاس آؤ اور وہ تمکو سلام کرین تو کہو وعلیکم
حدیث بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے عبد الحمید بن جعفر نے کہا خبر دی مجکو یزید بن ابی حبیب نے پہر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی
مثل پس ان حدیثون مین یہود و نصاری پر سلام کے ابتداء کرنیکی ممانعت ہے بوجہ فرمانے نبی کریم صلے
اللہ علیہ وسلم کے اور پہلی حدیث مین یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا اونکو حسب
قول اسامہ لہذا ہو سکتا ہے کہ سلام کرنے سے مراد آپکی اون مسلمانونکو سلام کرنا ہو جو یہودون مین
موجود تھے اور خود یہود اور نصاری مراد نہ لئے ہون اور نہ بت پرست تاکہ یہ احادیث باہم متضاد اور
متناقض نہ ہو جائین اور یہ جو کچہ ہم نے ذکر کیا درست ہے کیونکہ جائز ہے کہ ایک شخص ایک گروہ کو سلام
کرے اور مراد اونمین کے بعض ہون اور احتمال اسکا بہی ہے کہ یہ واقعہ اوس زمانہ کا ہو کہ جب رسول
خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا تہا کہ آپ کفار سے مجادلہ نہ کرین مگر اوس طریقہ سے جو احسن
اور اگر اور ولید بن مسلم نے ابن ابی ذئب سے روایت کی انہون نے نافع سے انہون نے ابن عمر سے کہ ایک شخص
نے اپنی کنواری بیٹی کا نکاح کیا اور وہ ناراض تہی تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکے نکاح کو رد فرمادیا تو کیونکر جائز
ہو سکتا ہے کہ حدیث نعیم بن نحام کو اوسپر معمول کیا جاسئے جسکو عبد اللہ بن لہیعہ نے روایت کیا اسلئے کہ اوسکو
آپنے عبد اللہ بن عمر کیطرف لوٹا دیا کیونکہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اسکا خلاف منقول ہے **ثم** قد وجدنا حدیثا
قد روی فی امرأة ابنة نعیم بن النحام یدل علی انها کانت ایما **حدثنا** القاسم بن عبد اللہ بن مهدی قال
ثنا ابو مصعب الزهری قال ثنا حاتم بن اسمعیل عن الضحاک بن عثمان عن یحیی بن عروة عن ابیه ان عبد اللہ
بن عمر رضی اللہ عنهما اتی عمر بن الخطاب رضی اللہ عنه فقال انی قد خطبت ابنة نعیم بن النحام وارید
ان تمشی معی فتکلمه لی فقال عمر رضی اللہ عنه انی اعلم بنعیم منک ان عنده ابن اخ له یتیما و لم یکن
لینقص لحوم الناس ویترب لحمه فقال ان امها قد خطبت الی فقال عمر رضی اللہ عنه ان کنت فاعلا فاذهب
معک بعمک زید بن الخطاب قال فذهبا الیه فکلماه قال فکانما یسمع مقالة عمر رضی اللہ عنه فقال مرحبا
بک واهلا وذکر من منزلته وشرفه ثم قال ان عندی ابن اخ لی یتیم ولم اکن لانقص لحوم الناس واترب
لحمی فقالت امها من ناحیة البیت واللہ لا یکون حتی یقضی به علینا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اتحبس
ایما من بنی عدی علی ابن اخیک سفیه قالت او ضعیف قال ثم خرجت حتی اتت رسول اللہ صلی
اللہ علیه وسلم فاخبرته الخبر فدعا نعیما فقص علیه کما قال لعبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنهما فقال رسول
اللہ صلی اللہ علیه وسلم لنعیم صل رحمک وارض ایمک امها فان لهما من امرها نصیبا **ففی** هذا
الحدیث ان بنت نعیم ابن النحام کانت ایما فذلک ابعد من ان یکون رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم
اجاز نکاح ابیها علیها وهی کارهة وباللہ التوفیق (قوله) **ترجمہ** پہر ہم نے ایک حدیث پائی جو نعیم بن نحام کی بیٹی
کے بارہ مین مروی ہے جو اسپر دلالت کرتی ہے کہ وہ عورت بیوہ تہی **حدیث** بیان کی ہم سے قاسم بن عبد اللہ بن
مہدی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو مصعب زہری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حاتم بن اسمعیل نے
انہون نے ضحاک بن عثمان سے انہون نے یحیی بن عروہ سے انہون نے اپنے باپ سے کہ عبد اللہ بن
عمر رضی اللہ عنہما آئے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس اور کہا کہ مین نے نعیم بن خطاب کی بیٹی کو پیغام نکاح دیا ہے

ن: ابنتی
ن: تنقص لحوم
کلامہ
ن: فقال اترب
ن: اوقال

اور مین چاہتا ہون کہ آپ میرے ہمراہ چلین اور اوسسے میرے بارہ مین سفارش کرین تو حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ مین نعیم کو تجہسے زیادہ جانتا ہون اوسکے پاس اوسکا ایک بہتیجا یتیم ہے اور وہ ایسا شخص نہین ہے کہ لوگون کی حاجات پوری کرے اور اپنی حاجت خاک مین ملادے تو انہون نے کہا کہ مجہے اوسکی مان نے پیغام نکاح دیا تہا پس حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اگر تم کرنا ہی چاہتے ہو تو مین تمہارے ہمراہ ہی مین تمہارے چچا زید بن خطاب کو لیکر جاؤنگا کہا پس وہ دونون نعیم کے پاس گئے اور دونو نے اوس سے گفتگو کی کہا پس گویا وہ حضرت عمرؓ کی گفتگو کو سن ہی چکا تہا کہ کہنے لگا مرحبا بک واہلا اور ذکر کرنے لگا آپ کے شرف اور مرتبہ کو پہر کہنے لگا کہ میرے پاس میرا ایک یتیم بہتیجا ہے پس لڑکی کی مان گہر کے کسی گوشہ سے بولنے لگی کہ قسم خدا کی ایسا نہ ہوگا یہانتک کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہم پر کوئی حکم فرمائین کیا ایک بیوہ عورت کو تو قبیلہ بنی عدی کی اپنے بے عقل بہتیجے کے لئے روک کر رکہتا ہے کہا پہر نکلی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوئی اور سب خبر آپکو دی تو آپنے نعیم کو بلایا اوس نے تمام واقعہ آپ سے بیان کیا جسطرح عبد اللہ بن عمر سے کہا تہا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نعیم سے فرمایا صلہ رحمی کر اور اپنی بیوہ اور اوسکی مان کو رضامند کرلیوین دونو کو لڑکی کے معاملہ مین حصہ اختیار ہے تو اس حدیث مین یہ ہے کہ نعیم بن نحام کی بیٹی بیوہ تہی پس یہ بات بہت بعید ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکے باپ کے نکاح کر دینے کو جائز رکہا ہو حالانکہ وہ اس سے ناراض تہا اور اللہ ہی کے ساتہ توفیق ہے ٭

بَابُ الْمِقْدَارِ الَّذِىْ يُحَرِّمُ الصَّدَقَةَ عَلٰى مَالِكِهٖ

باب اوس مقدار کے بیان مین کہ اوسکے مالک پر صدقہ لینا حرام ہے

حَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ أَبِيْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَأَلَ النَّاسَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى فَإِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا ظَهْرُ غِنًى قَالَ أَنْ يَعْلَمَ أَنَّ عِنْدَ أَهْلِهِ مَا يُغَدِّيْهِمْ وَمَا يُعَشِّيْهِمْ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ بِإِسْنَادِهٖ قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ مَنْ مَلَكَ هٰذَا الْمِقْدَارَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ وَلَمْ تَحِلَّ لَهُ الْمَسْأَلَةُ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا مَنْ مَلَكَ أُوْقِيَّةً مِنَ الْوَرِقِ وَهِيَ أَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا أَوْ عَدْلَهَا مِنَ الذَّهَبِ حُرِّمَتْ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ وَلَمْ تَحِلَّ لَهُ الْمَسْأَلَةُ وَمَنْ مَلَكَ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لَمْ تُحَرَّمْ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ قَالَ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لِرَجُلٍ يَسْأَلُهُ مَنْ سَأَلَ مِنْكُمْ وَعِنْدَهُ أُوْقِيَّةٌ أَوْ عَدْلُهَا فَقَدْ سَأَلَ إِلْحَافًا وَالْأُوْقِيَّةُ يَوْمَئِذٍ أَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا وَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ وَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ ثُمَّ ذَكَرَ

بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ **وَخَالَفَهُمْ** فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا مَنْ مَلَكَ خَمْسِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ عَدْلَهَا مِنَ الذَّهَبِ
حُرِّمَتْ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ وَلَمْ يَحِلَّ لَهُ الْمَسْأَلَةُ وَمَنْ مَلَكَ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لَمْ يُحَرَّمْ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ **وَاحْتَجُّوْا** فِيْ
ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ **ح** وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَا
ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسْأَلُ عَبْدٌ مَسْأَلَةً وَلَهُ مَا يُغْنِيْهِ اِلَّا جَاءَتْ شَيْنًا اَوْ كُدُوْحًا
اَوْ خُدُوْشًا فِيْ وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَاذَا غِنَاهُ قَالَ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْ حِسَابُهَا مِنَ الذَّهَبِ
حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ
الثَّوْرِيُّ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ كُدُوْحًا فِيْ وَجْهِهٖ وَلَمْ يَشُكَّ وَزَادَ فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ وَلَوْ كَانَ
عَنْ غَيْرِ حَكِيْمٍ فَقَالَ حَدَّثَنَاهُ زُبَيْدٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ يَزِيْدَ **قوله ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے
ابوبشر رقی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ایوب بن سوید نے انہوں نے روایت کی عبدالرحمٰن بن یزید
بن جابر سے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ربیعہ بن یزید نے انہوں نے ابوکبشہ سلولی سے کہا حدیث بیان
کی مجھ سے سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ نے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے
جو شخص سوال کرے لوگوں سے پیچھے مالداری کے تو وہ زیادتی چاہتا ہے جہنم کی چنگاریوں کی میں نے عرض کیا
اور کیا ہے پیچھا مالداری کا کہا یہ کہ جانتا ہو آدمی موجود ہونا اپنے اہل کے پاس اسقدر جو اونکی صبح اور شام کے لئے
کافی ہو **حدیث** بیان کی ہم سے ربیع بن سلیمان مرادی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بشر بن بکر نے کہا حدیث
بیان کی مجھ سے عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر نے پھر ذکر کیا اوسکی مثل اوسکے اسناد کے ساتھ **ابوجعفر** نے کہا کہ
ایک گروہ اسطرف گیا کہ جو شخص اس مقدار کا مالک ہو اوسپر صدقہ حرام ہے اور سوال اوسکے لئے حلال نہیں اور
استدلال کیا انہوں نے اس میں اس حدیث سے اور مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا جو شخص مالک
چاندی کے ایک اوقیہ کا اور وہ چالیس درہم کا ہوتا ہے یا اوسکی برابر سونے کا تو اوسپر صدقہ حرام ہے اور سوال اوسکے
لئے حلال نہیں اور جو اس سے کم کا مالک ہو تو اوسپر صدقہ حرام نہیں اور استدلال کیا انہوں نے اس میں اوس
حدیث سے جو ہم سے یونس بن عبدالاعلی نے بیان کی کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہ مالک نے حدیث بیان
کی اونسے بروایت زید بن اسلم انہوں نے عطا بن یسار سے انہوں نے بنی اسد کے ایک مرد سے کہا
حاضر ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کی خدمت میں تو میں نے آپکو اوس شخص سے جو آپسے سوال کرتا تھا
یہ فرماتے سنا کہ جو شخص تم میں سے سوال کرے اور اوسکے پاس ایک اوقیہ یا اوسکی برابر ہو تو اوس نے الحاح کا سوال
کیا اور اوقیہ اوس زمانہ میں چالیس درہم کا تھا اور اوس حدیث سے جو ہم سے یزید بن سنان نے بیان کی کہا حدیث
بیان کی ہم سے بشر بن عمر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مالک بن انس نے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل
اور اوس حدیث سے جو ہم سے یزید نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن کثیر نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے سفیان ثوری نے انہوں نے روایت کی زید بن اسلم سے پھر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل **اور**
مخالفت کی اونکی اس میں دوسروں نے اور کہا جو شخص مالک ہو پچاس درہم یا اونکی برابر سونے کا تو اوسپہ

صدقہ حرام ہے اور اوسکے لئے سوال نہین اور جو اس سے کم کا مالک ہو تو اوسپر صدقہ حرام نہین اور استدلال
کیا انہون نے اس مین اوس حدیث سے جو ہم سے حسین بن نصر نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے فریابی نے
(تحویل) اور حدیث بیان کی ہم سے ابراہیم بن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عاصم نے دونو نے کہا
حدیث بیان کی ہم سے سفیان ثوری نے انہون نے حکیم بن جبیر سے انہون نے محمد عبدالرحمن بن یزید سے
اپنے باپ سے انہون نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین سوال کرتا
کوئی بندہ حالانکہ اوسکے پاس اسقدر ہو جو اوسے بے پروا کرتا ہو مگر آیگا وہ قیامت کے روز استحالت مین کہ اوسکے
چہرہ مین عیب یا کہرونچ ہوگی عرض کیا گیا ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور کیا ہے مالداری اوسکی فرمایا پچاس
درہم یا اونکی برابر سونا حدیث بیان کی ہم سے احمد بن خالد بغدادی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یحیی بن آدم
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان ثوری نے پہر ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل سوا اسکے کہ اونہون
نے کہا کہرچین ہونگی اوسکے چہرہ مین اور شک بیان نہ کیا اور یہ زیادہ کیا کہ پہر سفیان سے کہا گیا کہ اور
اگر یہ غیر حکیم سے ہو تو انہون نے کہا حدیث بیان کی ہم سے بہ زبید نے انہون نے روایت کی محمد بن
عبدالرحمن ابن یزید سے **وخالفهم** في ذلك آخرون فقالوا من ملك مائتي درهم حرمت عليه
الصدقة والمسألة ومن ملك دونها لم تحرم عليه المسألة ولم تحرم عليه الصدقة ايضا **واحتجوا**
في ذلك بما حدثنا يزيد بن سنان قال ثنا ابو بكر الحنفي قال ثنا عبد الحميد بن جعفر قال حدثني
ابي عن رجل من مزينة انه اتى امه فقالت يا بني لو ذهبت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم
فسألته قال فجئت الى النبي صلى الله عليه وسلم وهو قائم يخطب الناس وهو يقول من استغنى
اغناه الله ومن استعف اعفه الله ومن سأل الناس وله عدل خمس اواق سأل الحافا **قال** ابو
جعفر لما اختلفوا في ذلك وجب الكشف مما اختلفوا فيه لنستخرج من هذه الاقوال قولا صحيحا
فرأينا الصدقة لا تخلو من احد وجهين اما ان تكون حراما لا يحل من الاشياء المحرمات عند
الضرورات اليها او تكون تحل له الى ان يملك مقدارا من المال فتحرم على مالكه فرأينا من
ملك دون ما يغديه او دون ما يعشيه كانت الصدقة له حلالا باتفاق الفرق كلها فخرج
بذلك حكمها من حكم الاشياء المحرمات التي تحل عند الضرورة **الا ترى** ان من اضطر الى
الميتة ان الذي تحل له منها هو ما يمسك به نفسه لا ما يشبعه حتى يكون له غداء او حتى يكون له
عشاء **فلما كان** الذي يحل من الصدقة هو بخلاف ما يحل من الميتة عند الضرورة ثبت
انها انما تحرم على من ملك مقدارا ما فاردنا ان ننظر في ذلك المقدار ما هو فرأينا من ملك دون
ما يغدي او دون ما يعشي لم يكن بذلك غنيا وكذلك من ملك اربعين درهما او خمسين درهما
او ما هو دون المائتي درهم فاذا ملك مائتي درهم كان بذلك غنيا لان رسول الله صلى الله عليه و
سلم قال لمعاذ بن جبل رضي الله عنه في الزكوة خذها من اغنيائهم واجعلها في فقرائهم فعلمنا
بذلك ان مالك المائتين غني وان مالك ما دونها غير غني فثبت بذلك ان الصدقة حرام على مالك

اَلْمِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَصَاعِدًا وَاَنَّهَا حَلَالٌ لِمَنْ يَمْلِكُ مَا هُوَ دُوْنَ ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (قوله) ترجمہ اور مخالفت کی اونکی اس مین دوسرون نے اور کہا جو شخص مالک ہو دوسو درہم کا حرام ہے اوسپر صدقہ اور سوال کرنا اور جو شخص اس سے کم کا مالک ہو حرام نہین ہے اوسپر صدقہ اور نہ سوال اور استدلال کیا انہون نے اس حدیث سے جو ہم سے یزید بن سنان نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوبکر حنفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالحمید بن جعفر نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے میرے باپ نے انہون نے روایت کی قبیلہ مزینہ کے ایک شخص سے کہ وہ آئے اپنی مان کے پاس تو اونکی مان نے کہا اے بیٹے کاش تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین جا کر سوال کرتا کہا پس آیا مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین اور آپ کھڑے ہوکر خطبہ پڑہ رہے تھے اور فرما رہے تھے جو غنی بنتا ہے غنی بناتا ہے اوسکو اللہ تعالے اور جو پاکدامن بنتا ہے پاکدامن بناتا ہے اوسکو خدا تعالے اور جو سوال کرتا ہے لوگون سے حالانکہ اوسکے پاس پانچ اوقیون کی برابر مال ہو تو وہ سوال کرتا ہے الحاف (اصرار) کا ابوجعفر نے کہا اور جب لوگ اسمین مختلف ہوئے تو اوس امر پر روشنی ڈالنی واجب ہوئی جس مین اونکا اختلاف ہے تاکہ ہمکو ان اقوال مین قول صحیح دستیاب ہوسکے پس ہم نے دیکھا کہ صدقہ دو باتون مین سے ایک سے خالی نہین ہوتا یا حرام ہوتا ہے کہ مثل اور اشیا محرمہ کے اوسکی ضرورت کے وقت بھی حلال نہین ہوتا یا حلال ہوتا یہانتک کہ مالک بنے مال کی ایک مخصوص مقدار کا تو اوسپر حرام ہوتا ہے پس ہم نے دیکھا کہ جو صبح یا شام کے کہانے سے کم کا مالک ہو تو صدقہ اوسکے لئے بالاتفاق حلال ہوتا ہے لہذا اوسکا حکم اون اشیاء محرمہ سے نکلا جو وقت ضرورت حلال ہوجاتی ہین کیا تم نہین دیکھتے کہ جو مضطر ہوجائے مردار کیطرف تو اوسکے لئے اوس مردار سے اوسیقدر حلال ہوگا جو اوسکی جان بچادے نہ اوسقدر جو اوسکے پیٹ کو بھر دے یہانتک کہ اوسکے صبح یا شام کے کہانے سے کافی ہوجائے پس جبکہ حلال صدقہ کا حکم اوس مردار کے حکم سے مخالف ہے جو بوقت ضرورت حلال ہوتا ہے تو ثابت ہوا کہ وہ اوس شخص پر حرام ہے جو کسی مقدار کا مالک ہو پھر ہم نے چاہا کہ اوس مقدار مین غور کرین تو ہم نے دیکھا کہ جو صبح یا شام کے کہانے سے کم کا مالک ہو وہ اس سے غنی نہین کہلایا جاتا اسی طرح جو چالیس درہم یا پچاس یا دوسو سے کم کا مالک ہو لیکن جب دوسو درہم کا مالک ہوجائے تو وہ اس سے غنی ہوجاتا ہے اسلئے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے زکوٰۃ کے بارہ مین فرمایا لے اوسکو اونکے مالدارونسے اور خرچ کر اوسکو اونکے فقرا پر پس ہم نے اس سے جان لیا کہ دوسو کا مالک غنی ہوتا ہے اور اس سے کم کا مالک غیر غنی ہوتا ہے کو اس سے یہ ثابت ہوا کہ صدقہ دوسو درہم یا اس سے زیادہ کے مالک پر حرام ہے اور بیشک وہ حلال ہے اوسکے لئے جو اس سے کم کا مالک ہو اور یہی قول امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم کا ہے +

بَابُ فَرْضِ الزَّكٰوةِ فِي الْاِبِلِ السَّائِمَةِ فِيْمَا زَادَ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ

باب اون چرنے والے اونٹون مین فرض زکوٰۃ کا بیان جو ایک سو بیس سے زیادہ ہون

حدثنا علی بن شیبۃ قال ثنا یزید بن ھرون قال اخبرنا حبیب بن ابی حبیب قال ثنا
عمرو بن ھرم قال حدثنی محمد بن عبد الرحمن الانصاری قال لما استخلف عمر بن عبد العزیز ارسل
الی المدینۃ یلتمس کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی عمرو بن حزم فی الصدقات وکتاب عمر فوجد
عند آل عمرو بن حزم کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ الی عمرو بن حزم فی الصدقات ووجد عند آل
عمر کتاب عمر فی الصدقات مثل کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنسخا لہ قال فحدثنی عمرو انہ
طلب الی محمد بن عبد الرحمن ان ینسخہ ما فی ذینک الکتابین فنسخ لہ ما فی ھذا الکتاب فکان فیما فی
ذلک الکتاب ان الابل اذا زادت علی تسعین واحدۃ ففیہا حقتان طروقتا الفحل الی ان یبلغ عشرین
ومائۃ فاذا بلغت الابل عشرین ومائۃ فلیس فیما زاد منہا ما دون العشر شیئ فاذا بلغت ثلثین ومائۃ ففیہا
بنتا لبون وحقۃ الی ان تبلغ اربعین ومائۃ فاذا کانت اربعین ومائۃ ففیہا حقتان وابنۃ لبون الی ان
تبلغ خمسین ومائۃ فاذا کانت خمسین ومائۃ ففیہا ثلث حقاق ثم اجری الفریضۃ کذلک حتی یبلغ
ثلثمائۃ فاذا بلغت ثلثمائۃ ففیہا من کل خمسین حقۃ ومن کل اربعین بنت لبون **قال** ابو جعفر
فذھب الی ھذا الحدیث قوم من الرواۃ **وخالفھم** فی ذلک آخرون فقالوا ما زاد علی العشرین
والمائۃ ففی کل خمسین حقۃ وفی کل اربعین بنت لبون وتفسیر ذلک انہ لو زادت الابل بعیرا واحدا
علی عشرین ومائۃ وجب بزیادۃ ھذا البعیر حکم ثان غیر حکم العشرین والمائۃ فوجب فی کل اربعین
بنت لبون ثم یجرون ذلک کذلک حتی تبلغ الزیادۃ تمام المائۃ والثلثین فیجعلون فیہا حقۃ
وبنتی لبون ثم یکون ذلک کذلک حتی یتناھی الزیادۃ الی اربعین ومائۃ فاذا کانت اربعین ومائۃ
کان فیہا حقتان وبنت لبون الی خمسین ومائۃ فاذا کانت خمسین ومائۃ کان فیہا ثلث حقاق
ثم یجرون الفرض فی الزیادۃ علی ذلک کذلک ابدا (قولہ) ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے علی بن شیبہ
نے کہا حدیث بیان کی ہم سے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو حبیب بن ابی حبیب نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے عمرو بن ہرم نے کہا حدیث بیان کی مجھسے محمد بن عبد الرحمن انصاری نے کہا جب خلیفہ
بنائے گئے عمر بن عبد العزیز تو انہوں نے مدینہ مین رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کے اوس والا نامے
کی تلاش کے لئے بھیجا جو آپنے عمرو بن حزم کو صدقات کے بارہ مین لکھا تہا اور حضرت کے تحریر کی
تلاش کے لئے پس اولاد عمرو بن حزم کے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا وہ والا نامہ ملا جو آپنے عمرو
حزم کو صدقات کے بارہ مین لکھا تہا اور اولاد عمر رض کے پاس حضرت عمر کی صدقات کے بارہ
مین تحریر ملی جو بعینہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے والا نامے کے مطابق تہی پہر وہ دو نو لکہے
گئے اور مجہ سے عمرو نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے اولاد محمد بن عبد الرحمن کو بلایا کہ جو کچہ ان دو نو
تحریرون مین ہے اوسکو علیحدہ لکہدین چنانچہ جو کچہ اوس مین تہا وہ لکہا گیا پس اوس مین جو کچہ تہا اوسکا
حاصل یہ ہے کہ اونٹ جب نوے سے ایک زیادہ ہو جائے تو اونمین دو حقے ہین یہانتک کہ ایک سو بیس
کو پہونچ جائین پہر جب اونٹ ایک سو بیس ہو جائین تو اونپر دس سے کم جسقدر زیادہ ہون اونمین کچہ

کچھ نہین پہر ایک سو تیس ہو جائین تو اون مین دو بنت لبون اور ایک حقہ ہے یہانتک کہ ایک سو چالیس ہو جائین
پہر جب ایکسو چالیس ہو جائین تو اون مین دو حقے اور ایک بنت لبون ہے یہانتک کہ ایکسو پچاس ہو جائین
پہر جب ایکسو پچاس ہو جائین تو اون مین تین حقے ہین پہر فریضہ اسی طرح جاری رہے یہانتک کہ تین سو تک
پہر جب تین سو ہو جائین تو اون مین ہر پچاس کے اندر ایک حقہ اور ہر چالیس مین ایک بنت لبون ہے
ابو جعفر نے کہا کہ ایک گروہ اس حدیث کیطرف گیا اور انہون نے اسی پر عمل کیا اور مخالفت کی اونکی اس مین
دوسرون نے اور کہا کہ ایک سو بیس پر جسقدر زیادہ ہون تو ہر پچاس مین ایک حقہ ہے اور ہر چالیس مین
ایک بنت لبون اور تفصیل اسکی یہ ہے کہ اگر ایک سو بیس اونٹون پر ایک بہی زیادہ ہو جاتے تو اسکے زیادہ
ہونے سے دوسرا حکم ایکسو بیس کے حکم کے سوا ہوگا پس ہر چالیس مین بنت لبون واجب ہوگا پہر اسیطرح
جاری کرتے رہین یہانتک کہ زیادتی ایکسو تیس تک پہونچ جائے پس اوس مین ایک حقہ اور دو بنت
لبون رکہین پہر یہ صورت اسی طرح چلتی رہے یہانتک کہ زیادتی ایکسو چالیس تک پہونچ جائے پہر جب
ایکسو چالیس ہو جائین تو اونمین دو حقے اور ایک بنت لبون ہوگا ایک سو پچاس تک پہر جب ایکسو پچاس ہو جائین
تو اونمین تین حقے ہونگے پہر زیادتی مین فرض اسیطرح جاری رکہین ہمیشہ **وَاحْتَجُّوا** فِیْ ذٰلِکَ مِنَ الْاٰثَارِ
بِمَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ
عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ الصِّدِّیْقَ لَمَّا اسْتُخْلِفَ وَجَّهَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَی
الْبَحْرَیْنِ فَکَتَبَ لَهُ هٰذَا الْکِتَابَ هٰذِهٖ فَرِیْضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِیْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی
الْمُسْلِمِیْنَ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا رَسُوْلَهٗ فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلٰی وَجْهِهَا فَلْیُعْطِهَا وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا
فَلَا یُعْطِهٖ فَکَانَ فِیْ کِتَابِهٖ ذٰلِكَ اَنَّ الْاِبِلَ اِذَا زَادَتْ عَلٰی عِشْرِیْنَ وَمِائَةٍ فَفِیْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَفِیْ کُلِّ خَمْسِیْنَ
حِقَّةٌ **حَدَّثَنَا** اَبُوْ بَکْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الضَّرِیْرُ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَرْسَلَنِیْ ثَابِتٌ الْبُنَانِیُّ اِلٰی ثُمَامَةَ
بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لِیَبْعَثَ اِلَیْهِ بِکِتَابِ اَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِیْ کَتَبَهٗ
لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ حِیْنَ بَعَثَهٗ مُصَدِّقًا قَالَ حَمَّادٌ فَدَفَعَهٗ اِلَیَّ فَاِذَا عَلَیْهِ خَاتَمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِذَا فِیْهِ ذِکْرُ فَرَائِضِ الصَّدَقَاتِ ثُمَّ ذَکَرَ مِثْلَ حَدِیْثِ ابْنِ مَرْزُوْقٍ **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِیْ دَاؤدَ قَالَ
ثَنَا الْحَکَمُ بْنُ مُوْسٰی اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا یَحْیٰی بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤدَ قَالَ حَدَّثَنِی الزُّهْرِیُّ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ
مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَتَبَ اِلٰی
اَهْلِ الْیَمَنِ بِکِتَابٍ فِیْهِ الْفَرَائِضُ وَالسُّنَنُ وَالدِّیَاتُ وَبَعَثَ بِهٖ مَعَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ ثُمَّ ذَکَرَ فِیْمَا زَادَ عَلَی الْعِشْرِیْنَ
وَالْمِائَةِ مِنَ الْاِبِلِ کَذٰلِكَ اَیْضًا **حَدَّثَنَا** یُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ الْاَنْصَارِیِّ اَخْبَرَهٗ اَنَّ هٰذَا
کِتَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فِی الصَّدَقَاتِ فَذَکَرَ فِیْمَا زَادَ عَلَی الْعِشْرِیْنَ وَالْمِائَةِ
کَذٰلِكَ اَیْضًا **(قولہ)** اور استدلال کیا انہون نے اس مین منجملہ آثار کے اوس حدیث سے جو ہمسے ابراہیم
بن مرزوق نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبداللہ انصاری نے کہا حدیث بیان کی مجہ سے میرے

باپ نے انہون روایت کی ثمامہ بن عبد اللہ سے انہون نے انس رض سے کہ ابوبکر صدیق جب خلیفہ بنائے گئے توانس بن مالک رض اونسے بحرین کیطرف متوجہ ہوئے توآپنے اونکو یہ حکم نامہ لکھا یہ وہ فرض صدقہ ہے جسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمانونپر فرض فرمایا اور اللہ تعالے نے اپنے رسول کو اسکا حکم دیا پس جس مومن سے اسکے مطابق صدقہ کا سوال کیا جائے تووہ اسکو سمجہ لے اور جو اس سے زیادہ کی تعداد کو طلب کرے تووہ نہ دے اور اوس حکم نامے مین یہ تہا کہ اونٹ جب ایکسو بیس پر زیادہ ہوجائین توہر چالیس مین بنت لبون اور ہر پچاس مین ایک حقہ ہے **حدیث** بیان کی ہم سے ابوبکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عمر ضریر کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے کہا بہیجا مجکو ثابت بنانی نے ثمامہ بن عبد اللہ بن انس انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس اسلئے بہیجا کہ تاکہ وہ ثمامہ کے پاس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وہ تحریر بہیجدین جو آپنے انس بن مالک رض کے لئے لکہی تہی بروقت اونکو صدقہ کے وصول کی غرض سے روانہ کرینگے حماد نے کہا پس انہون نے وہ تحریر مجہے دیدی اچانک اوسپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی مہر تہی اور اوس مین فرض صدقات کا ذکر تہا پہر ذکر کیا مثل حدیث ابن مرزوق کے **حدیث** بیان کی ہم سے ابن ابی داؤد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حکم بن موسی ابو صالح نے کہا حدیث بیان کی ہمسے یحیے بن حمزہ نے انہون نے روایت کی سلیمان بن داؤد سے کہا حدیث بیان کی ہم سے زہری نے انہون نے روایت کی ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے انہون نے روایت کی اپنے باپ سے انہون نے اپنے دادا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو ایک والانامہ لکہا جس مین فرائض اور سنن اور دیتون کا بیان تہا اور بہیجا اوسکو عمرو بن حزم کے ہمراہ پہر ذکر کیا اون اونٹون مین جو ایکسو بیس سے زیادہ ہون نیز اسی طرح **حدیث** بیان کی ہم سے یونس بن عبد الاعلی نے کہا خبر دی ہمکو ابن وہب نے کہا خبر دی مجکو عبد اللہ بن لہیعہ نے انہون نے عمارہ بن غزیہ انصاری سے انہون نے عبد اللہ بن ابوبکر انصاری سے خبر دی اونکو یہ کہ یہ والانامہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے عمرو بن حزم کو صدقات کے بارہ مین پہر ذکر کیا اون اونٹون مین جو ایکسو بیس سے زیادہ ہون نیز اسی طرح

حدثنا احمد بن داؤد بن موسی قال حدثنی عبد اللہ بن محمد بن اسماء قال ثنا عبد اللہ بن المبارك عن محمد بن ابی بکر ابن عمرو بن حزم عن ابیہ عن جدہ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کتب لعمرو بن حزم فرائض الابل ثم ذکر فیما زاد علی العشرین والمائۃ کذلك ایضا **حدثنا** یونس قال ثنا ابن وہب قال اخبرنی یونس عن ابن شہاب قال نسخۃ کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی کتب فی الصدقۃ وہی عند آل عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اقرأنیہا سالم و عبد اللہ ابنا ابن عمر رضی اللہ عنہما فوعیتہا علی وجہہا وہی التی نسخ عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ من سالم و عبد اللہ ابنی ابن عمر رضی اللہ عنہم الی حین امر علی المدینۃ وامر عمالہ بالعمل بہا ثم ذکر ہذا الحدیث **قالوا** وقد عمل بذلك عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ **وذکروا** فی ذلك ما حدثنا احمد بن داؤد قال ثنا عبد اللہ بن محمد بن اسمعیل قال ثنا عبد اللہ ابن المبارك عن موسی بن عقبۃ عن نافع عن ابن عمر ان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کان یاخذ علی ہذا الکتاب فذکر فرائض الابل وفیما ذکر

سالم بن عبد اللہ بن عمر

منہا الی ما زاد علی عشرین و مائۃ ففی کل اربعین بنت لبون و فی کل خمسین حقۃ **وخالفہم**
فی ذلک آخرون فقالوا ما زاد علی العشرین والمائۃ من الابل استونفت فیہ الفریضۃ فکان فی کل
خمس منہا شاۃ حتی تتناہی الزیادۃ الی خمس و عشرین فیکون فیہا بنت مخاض الی تسع و اربعین و مائۃ
فاذا کانت خمسین و مائۃ ففیہا ثلث حقاق ثم کذلک الزیادۃ ما کان دون الخمسین ففیہا فرائض
مستانفات علی حکم اول فرائض الابل فاذا کملت خمسین ففیہا حقۃ **واحتجوا** فی ذلک من الآثار
بما حدثنا سلیمن بن شعیب قال ثنا الخصیب بن ناصح قال ثنا حماد بن سلمۃ قال قلت لقیس بن سعد
اکتب لی کتاب ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم فکتبہ لی فی ورقۃ ثم جاء بہا واخبرنی انہ اخذہ
من کتاب ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم واخبرنی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کتبہ لجدہ عمرو
بن حزم رضی اللہ عنہ فی ذکر ما یخرج من فرائض الابل فکان فیہ انہا اذا بلغت تسعین ففیہا حقتان
الی ان تبلغ عشرین و مائۃ فاذا کانت اکثر من ذلک ففی کل خمسین حقۃ فما فضل فانہ یعاد الی اول
فریضۃ الابل فما کانت اقل من خمس و عشرین ففیہ الغنم فی کل خمس ذود شاۃ (قولہ) **ترجمہ حدیث**
بیان کی ہم سے احمد بن داؤد بن موسیٰ نے کہا حدیث بیان کی مجھسے عبداللہ بن محمد بن اسماء نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے عبداللہ بن مبارک نے انہوں نے محمد بن ابوبکر بن عمرو بن حزم انہوں نے اپنے باپ سے
انہوں نے اپنے دادا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ سلم نے عمرو بن حزم کو اونٹوں کے فرائض لکھے پھر ذکر کیا اون
اونٹوں میں جو ایکسو بیس پر زائد ہوں نیز اسی طرح **حدیث** بیان کی ہم سے یونس نے کہا حدیث بیان کی
ہم سے ابن وہب نے کہا خبر دی مجکو یونس نے انہوں نے روایت کی ابن شہاب سے کہا رسول خدا صلے
اللہ علیہ وسلم کے والے نامے کا وہ نسخہ جو آپ نے صدقہ کے بارہ مین لکہا تہا اور وہ عمر بن خطابؓ کی اولاد کے پاس
تہا وہ مجکو سالم اور عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کے بیٹوں نے پڑہایا پس میں نے اوسکو جیسا تہا یاد کر لیا اور وہ وہی
ہے کہ عمر بن عبدالعزیز نے سالم اور عبداللہ ابن عمر کے بیٹوں سے نقل کرایا جبکہ وہ مدینہ پر حاکم مقرر ہوئے اور
اپنے عمال کو اوسکے ساتہہ عمل کرنے کا حکم دیا پھر ذکر کیا یہ حدیث **انہوں** نے کہا اور اسیکے ساتہہ حضرت عمر بن
خطاب رضی اللہ عنہ نے عمل فرمایا اور ذکر کی انہوں نے اس مین وہ حدیث جو ہم سے احمد بن داؤد نے بیان
کی کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن مبارک نے
انہوں نے موسیٰ بن عقبہ سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ
لیا کرتے تھے اس تحریر کے مطابق پھر ذکر کئے اونٹوں کے فرائض اور جو کچھ ذکر کیا اون مین سے یہ بہی تہا
کہ جسقدر ایکسو بیس پر زیادہ ہو تو ہر چالیس میں بنت لبون اور ہر پچاس مین حقہ ہے اور مخالفت کی اس مین اونکی
دوسرون نے اور کہا کہ ایکسو بیس اونٹوں پر جو کچھ زیادہ ہون تو اون مین فریضہ از سر نو جاری کیا جاسکے یعنے
اون مین سے ہر پانچ کے اندر ایک بکری یہانتک کہ زیادتی پچیس تک پہونچ جائے پس اون مین
بنت مخاض ہوگا ایکسو انچاس تک پہر اون مین تین حقے ہین پہر اسی طرح زیادتی اگر پچاس سے کم رہے
تو اوسمین استینافی فرائض ہین موافق اونٹون کے پہلے فرائض کے پہر جب پورے پچاس ہوجائین تو اون

فرض

فی ذلک

ہین ایک حقہ ہے اور استدلال کیا انہون نے اس مین منجملہ آثار کے اوس حدیث سے جو ہم سے سلیمان
بن شعیب نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے خصیب بن ناصح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن
سلمہ نے کہا مین نے عرض کیا قیس بن سعد سے کہ مجھے ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کے خط کی نقل کر دو
تو انہون نے ایک ورق پر نقل کر دی پہر وہ اوسکو لائے اور مجکو خبر دی کہ مین نے یہ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم
کے خط سے نقل کی ہے اور خبر دی مجھکو کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو اونکے دادا عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ
کے لئے لکہا تہا اونٹون مین فرض صدقات نکالنے کے بیان مین سو اوس مین یہ تہا کہ جب اونٹ نوّے
ہو جاوین تو اون مین دو حقّے ہین یہانتک کہ ایکسو بیس ہو جاوین پہر جب اس سے زیادہ ہو جاوین تو ہر پچاس
مین ایک حقہ ہے پہر بہی اگر بچ رہین تو اونٹون کے پہلے فریضہ کی طرف عود کیا جائے پس جب تک پچیس
سے کم رہین تو اون مین بکریان ہین اس حساب سے کہ ہر پانچ اونٹون مین ایک بکری **حَدَّثَنَا**
اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الضَّرِيْرُ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ **قَالَ** اَبُوْ جَعْفَرٍ فَلَمَّا اخْتَلَفُوْا فِيْ ذٰلِكَ
وَجَبَ النَّظَرُ لِنَسْتَخْرِجَ مِنْ هٰذِهِ الثَّلٰثَةِ الْاَقْوَالِ قَوْلًا صَحِيْحًا فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فَرَاَيْنَا جَمِيْعًا قَدْ جَعَلُوا الْعِشْرِيْنَ
وَالْمِائَةَ نِهَايَةً لِمَا وَجَبَ فِيْمَا زَادَ عَلَى التِّسْعِيْنَ وَقَدْ رَاَيْتَ مَا جُعِلَ نِهَايَةً فِيْمَا قَبْلَ ذٰلِكَ اِذَا زَادَتِ
الْاِبِلُ عَلَيْهِ شَيْئًا وَجَبَ بِزِيَادَتِهَا فَرْضٌ غَيْرُ الْفَرْضِ الْاَوَّلِ مِنْ ذٰلِكَ اَنَّا وَجَدْنَاهُمْ جَعَلُوْا فِيْ خَمْسٍ مِنَ الْاِبِلِ
شَاةً ثُمَّ بَيَّنُوْا لَنَا اَنَّ الْحُكْمَ كَذٰلِكَ فِيْمَا زَادَ عَلَى الْخَمْسِ اِلٰى تِسْعٍ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً اَوْجَبُوْا بِهَا حُكْمًا مُسْتَقْبَلًا
فَجَعَلُوْا فِيْهَا شَاتَيْنِ ثُمَّ بَيَّنُوْا لَنَا اَنَّ الْحُكْمَ كَذٰلِكَ فِيْمَا زَادَ اِلٰى اَرْبَعَ عَشَرَةَ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً اَوْجَبُوْا بِهَا
حُكْمًا مُسْتَقْبَلًا فَجَعَلُوْا فِيْهَا ثَلٰثَ شِيَاهٍ ثُمَّ بَيَّنُوْا لَنَا اَنَّ الْحُكْمَ كَذٰلِكَ فِيْمَا زَادَ اِلَى الْعِشْرِيْنَ فَاِذَا كَانَتْ
عِشْرِيْنَ فَفِيْهَا اَرْبَعُ شِيَاهٍ ثُمَّ اَجْرَوُا الْفَرْضَ كَذٰلِكَ فِيْمَا زَادَ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ كُلَّمَا اَوْجَبُوْا شَيْئًا بَيَّنُوْا اَنَّهُ
الْوَاجِبُ فِيْمَا اَوْجَبُوْهُ فِيْهِ اِلٰى نِهَايَةٍ مَعْلُوْمَةٍ فَكُلُّ مَا زَادَ عَلٰى تِلْكَ النِّهَايَةِ شَيْءٌ انْتَقَضَ بِهِ الْفَرْضُ الْاَوَّلُ
اِلٰى غَيْرِهِ اَوْ اِلٰى زِيَادَةٍ عَلَيْهِ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ وَكَانَتِ الْعِشْرُوْنَ وَالْمِائَةُ قَدْ جَعَلُوْهَا نِهَايَةً لِمَا اَوْجَبُوْهُ
فِي الزِّيَادَةِ عَلَى التِّسْعِيْنَ ثَبَتَ اَنَّ مَا زَادَ عَلَى الْعِشْرِيْنَ يَجِبُ بِهِ شَيْءٌ اِمَّا زِيَادَةٌ عَلَى الْفَرْضِ الْاَوَّلِ وَاِمَّا
غَيْرُ ذٰلِكَ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا فَسَادُ قَوْلِ اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى وَثَبَتَ تَغَيُّرُ الْحُكْمِ بِزِيَادَةٍ عَلَى الْعِشْرِيْنَ وَالْمِائَةِ
(قولہ) **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے ابوبکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوعمر ضریر نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے حماد بن سلمہ نے پہر ذکر کیا اوسکی مثل **ابو جعفر** نے کہا پس جب لوگ اس مین مختلف ہوئے
تو غور واجب ہوا تا کہ ہم ان تینون قولون مین سے صحیح قول نکالین پس ہم نے اس مین غور کیا تو ہم نے
دیکہا کہ اون سبہون نے ایک سو بیس کو انتہا قرار دیا ہے اوسکی جو نوے سے زائد پہر واجب ہوتا ہے اور ہم
نے دیکہا کہ اس سے پہلے جو انتہا قرار دی گئی ہے تو جب اونٹ اوسپر کچہ بہی زیادہ ہو جائین تو اونکے زائد ہونے
سے ایک فرض واجب ہوتا ہے جو پہلے فرض کا غیر ہوتا ہے چنانچہ ہم نے دیکہا کہ وہ پانچ اونٹون مین ایک
بکری ٹہرا تے ہین پہر وہ بیان کرتے ہین کہ حکم یہ ہے اون اونٹون مین بہی جو پانچ سے زیادہ ہو جائین نو تک
پہر جب ایک زیادہ ہو جائے تو اوسکی وجہ سے ایک نیا حکم واجب کرتے ہین کہ اونمین دو بکریان ہین پہر اونکا

بیان ہے کہ حکم اسیطرح رہتا ہے اون مین جو نو سے زیادہ ہون چودہ تک پہر جب ایک بہی زیادہ ہو جائے
تو اوسکی وجہ سے ایک نیا حکم واجب کرتے ہین کہ اون مین تین بکریان ہین پہر اونکا بیان ہے کہ حکم زائد
مین اسی طرح رہتا ہے یہانتک کہ بیس ہو جائین پس جب بیس ہو جائین تو اون مین چار بکریان پہر وہ
فرض اسی طرح جاری رہکتے ہین زائد مین ایکسو بیس تک کہ جب کسی کو ہی مقدار واجب کرتے ہین تو یہ بیان
کر دیتے ہین کہ یہ واجب باقی رہیگا ایک معین انتہا تک پہر جب اوس انتہا سے کچہ بہی زیادہ ہوگا تو پہلا فرض
دوسرے کیطرف منتقل ہو جائیگا اور یا پہلے پر کچہ زیادتی ہو جائیگی پس جبکہ یہ معاملہ یون ہے اور انہون نے ایکسو بیس
کو اوسکی انتہا قرار دیا ہے جو انہون نے نوے پر زیادتی مین واجب کیا ہے تو ثابت ہوا کہ جو کچہ بیس پر زائد ہوگا اوسکی
وجہ سے کچہ ضرور واجب ہونا چاہئے یا پہلے فرض پر زیادتی اور یا پہلے فرض کے سوا کچہ اور لہذا ہمارے اس
بیان سے ثابت ہوا کہ پہلے قول والون کا مذہب فاسد ہے اور ثابت ہوئی یہ بات کہ ایکسو بیس پر زیادتی سے
ضرور متغیر ہوگا **ثم** نظرنا بین اہل المقالۃ الثانیۃ والمقالۃ الثالثۃ فوجدنا الذین یذہبون الی
المقالۃ الثانیۃ یوجبون بزیادۃ البعیر الواحد علی العشرین والمائۃ رد حکم جمیع الابل الی ما یجب فیہ
بنات اللبون فی قولہم وہو ما ذکرنا عنہم ان فی کل اربعین بنت لبون **فکان** من الحجۃ علیہم
لاہل المقالۃ الثالثۃ انا رأینا جمیع ما یزید علی النہایات المسماۃ فی فرائض الابل فیما دون
العشرین والمائۃ یتغیر بتلک الزیادۃ الحکم ان لتلک الزیادۃ حصۃ فیما وجب بہا **من** ذلک
ان فی اربع وعشرین اربعا من الغنم فاذا ازدادت واحدۃ کان فیہا بنت مخاض الی خمس وثلاثین فاذا
زادت واحدۃ ففیہا بنت لبون فکانت بنت المخاض واجبۃ فی الخمس والعشرین لا فی بعضہا وکذلک
بنت اللبون واجبۃ فی الستۃ والثلثین کلہا لا فی بعضہا وکذلک سائر الفروض فی الابل حتی تتناہی
الی عشرین ومائۃ لا ینتقل الفرض بزیادۃ لا شیء فیہا بل ینتقل بزیادۃ فیہا شیء **الا تری**
ان فی عشر من الابل شاتین فاذا ازدادت بعیرا فلا شیء فیہ ولا یتغیر بزیادتہ حکم العشرۃ التی
کانت قبلہ فاذا کانت الابل خمس عشرۃ کان فیہا ثلث شیاہ فکانت الفریضۃ واجبۃ فی البعیر الذی
کمل بہ ما یجب فیہ ثلث شیاہ وفیما قبلہ فلما کان ما ذکرنا کذلک وکانت الابل اذا ازدادت بعیرا
واحدا علی عشرین ومائۃ بعیر فکل قد اجمع انہ لا شیء فی ہذا البعیر لان الذین اوجبوا استئناف
الفریضۃ لم یوجبوا فیہ شیئا ولم یغیروا بہ حکما والذین لم یوجبوا استئناف الفریضۃ من اہل
المقالۃ الثانیۃ جعلوا فی کل اربعین من العشرین والمائۃ بنت لبون ولم یجعلوا فی البعیر الزائد
علی ذلک شیئا **فلما** ثبت ان الفرض فیما قبل العشرین والمائۃ لا ینتقل الا بما یجب فیہ
جزء من الفرض الواجب بہ وکان البعیر الزائد علی العشرین والمائۃ لا یجب فیہ شیء من فرض
وجب بہ **ثبت** انہ غیر مغیر فرض غیرہ عما کان علیہ قبل حدوثہ فثبت بما ذکرنا قول من
ذہب الی المقالۃ الثالثۃ وممن ذہب الیہا ابو حنیفۃ وابو یوسف ومحمد رحمۃ اللہ علیہم **وقد**
روی ذلک ایضا عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ **حدثنا** اسمعیل بن اسحق بن سہل

اَلْکُوْفِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ خَصِیْفٍ عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ وَزِیَادِ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ فِیْ فَرَائِضِ الْاِبِلِ اِذَا زَادَتْ عَلٰی تِسْعِیْنَ فَفِیْہَا حِقَّتَانِ اِلٰی عِشْرِیْنَ وَمِائَۃٍ فَاِذَا بَلَغَتِ الْعِشْرِیْنَ وَمِائَۃً اُسْتُقْبِلَتِ الْفَرِیْضَۃُ بِالْغَنَمِ فِیْ کُلِّ خَمْسٍ شَاۃٌ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ فَفَرَائِضُ الْاِبِلِ فَاِذَا کَثُرَتِ الْاِبِلُ فَفِیْ کُلِّ خَمْسِیْنَ حِقَّۃٌ (قولہ) **ترجمہ** پھر ہم نے دوسرے اور تیسرے قول میں غور کیا تو ہم نے دوسرے قول والون کو پایا کہ وہ ایکسو بیس پر ایک اونٹ زیادہ ہونے سے تمام اونٹون کے حکم کو اوسطرف لوٹانا واجب کہتے ہین جس مین اونکے نزدیک بنت لبون واجب ہوتے ہین اور وہ یہ ہے جو ہم اوسنے نقل کر چکے کہ ہر چالیس مین ایک بنت لبون ہے **پس** اونپر تیسرے قول والون کے لئے یہ حجت کہ ہم نے دیکھا وہ تمام زیادتیان جو ایکسو بیس سے کم کم مین اونٹون کی فرائض کے اندر معینہ انتہاؤن پر ہوتی ہین تو اونکی وجہ سے حکم متغیر ہو جاتا ہے معلوم ہوا کہ اوس زیادتی کے لئے صدقہ واجبہ مین کوئی حصہ ہے **چنانچہ** چوبیس مین چار بکریان ہین پس جب ایک زیادہ ہو جائے تو اوس مین بنت لبون ہے پس بنت مخاض پچیس مین واجب ہے نہ اونکے بعض مین اسی طرح بنت لبون چھتیس مین واجب ہے سب مین نہ اونکے بعض مین اور اسی طرح اونٹون مین باقی فرائض یہانتک کہ ایکسو بیس تک پہونچ جائین کہ فرض ایسی زیادتی کے ساتھ منتقل نہیں ہو سکتا جس مین کچھ واجب نہ ہو بلکہ ایسی زیادتی کے ساتھ منتقل ہو سکتا جس مین کچھ واجب ہو کیا تم نہین دیکھتے کہ دس اونٹون مین دو بکریان واجب ہین پس جب ایک اونٹ زیادہ ہو جائے تو اوس مین کچھ نہین اور اسکی زیادتی سے اون دسون کا حکم متغیر نہ ہوگا جو پہلے سے ہین پھر جب اونٹ پندرہ ہو جائین تو اون مین تین بکریان ہونگی پس فریضہ واجب ہوگا اوس اونٹ مین جس سے وہ مقدار کامل ہوئی جس مین تین بکریان واجب ہوتی ہین اور اوس سے پیشتر کی تعداد مین پس جبکہ ہم نے جو کچھ ذکر کیا اسطرح ہوا اور اونٹون کے اندر جب ایکسو بیس پر ایک ہی زیادہ ہو جائے تو سب کا اتفاق ہے کہ اوس اونٹ مین کچھ نہین اسلئے کہ جو لوگ فریضہ کے از سرنو شروع ہونیکو واجب کرتے ہین وہ اوس مین کچھ بھی واجب نہین کرتے اور نہ اوسکی وجہ سے حکم کو متغیر کرتے ہین اور جو لوگ فریضہ کے از سرنو ہونیکے قائل نہین دوسرے قول والے وہ ایکسو بیس مین سے ہر چالیس کے اندر بنت لبون واجب کرتے ہین اور اسپر جو اونٹ زائد ہو اوس مین کچھ واجب نہین کرتے پس جبکہ یہ ثابت ہو گیا کہ ایک سو بیس سے پیشتر کا جو فرض ہے وہ منتقل نہین ہو سکتا مگر اوس شی سے جس مین کوئی چیز فرض واجب کا واجب ہوتا ہو اور اونٹ جو ایکسو بیس پر زائد ہوا ہے اوس مین کوئی فرض ثابت نہین جو اوسکی وجہ سے واجب ہوا ہو تو ثابت ہوا کہ وہ اوس فرض کو بدلنے والا نہین ہے جو اوس اونٹ کے پیدا ہونے سے پہلے سے چلا آتا ہے پس ہمارے بیان مذکور سے تیسرے قول والون کا مذہب ثابت ہو گیا اور منجملہ اونکے جو اسطرف گئے امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم ہین اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی یہی مروی ہے **حدیث** بیان کی ہم سے اسمعیل بن اسحاق بن سہیل کوفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبدالسلام بن حرب نے انہون نے روایت کی خصیف سے انہون نے ابو عبیدہ اور زیاد بن ابی مریم سے انہون نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ

انہوں نے فرمایا اونٹوں کے فرائض ہیں کہ جب وہ نوے ۹۰ پر زیادہ ہوں تو اونمیں دو حقے ہیں ایکسو بیس تک پھر جب ایکسو بیس ہو جائیں تو فریضہ بکریوں سے از سر نو شروع ہوگا کہ ہر پانچ میں ایک بکری پھر جب پچیس کو پہونچ جائیں تو فرائض اونٹوں کے بشرطیکہ کثیر ہوں اس طریقہ پر ہیں کہ ہر پچاس میں ایک حقہ ہے۔

وقد روی ذلک ایضا عن ابراہیم النخعی رحمہ اللہ **حدثنا** ابو بکرۃ قال ثنا ابو عمر قال ثنا ابو عوانۃ عن منصور بن المعتمر قال قال ابراہیم النخعی اذا زادت الابل علی عشرین ومائۃ ردت الی اول الفرض **فان** احتج اہل المقالۃ الثانیۃ لمذہبہم فقالوا معنی الآثار المتصلۃ شاہدۃ لقولنا ولیس ذلک مع مخالفنا **قیل** لہم اما علی مذہبکم فاکثرہا لا یجب لکم بہ الحجۃ علی مخالفکم لانہ لو احتج علیکم بمثل ذلک لم تسوغوہ ایاہ وجعلتموہ باحتجاجہ بذلک علیکم جاہلا بالحدیث **فمن** ذلک ان حدیث ثمامۃ بن عبد اللہ انما وصلہ عبد اللہ بن المثنی وحدہ لا نعلم احدا وصلہ غیرہ وانتم لا تجعلون عبد اللہ بن المثنی حجۃ **ثم** قد جاء حماد بن سلمۃ وقدرہ عند اہل العلم فی العلم اجل من قدر عبد اللہ بن المثنی وہو ممن یحتج بہ فروی ہذا الحدیث عن ثمامۃ منقطعا فکان یجیء علی اصولکم ان یکون ہذا الحدیث یجب ان یدخل فی معنی المنقطع ویخرج من معنی المتصل لانکم تذہبون الی ان زیادۃ غیر الحافظ علی الحافظ غیر ملتفت الیہا **واما** حدیث الزہری عن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم فانما رواہ عن الزہری سلیمان بن داود وقد سمعت ابن ابی داود یقول سلیمان بن داود ہذا وسلیمان بن داود الحرانی عندہم ضعیفان جمیعا وسلیمان بن داود الذی یروی عن عمر بن عبد العزیز عندہم ثبت **ومما** یدل ایضا علی وہاء ہذا الحدیث ان اصحاب الزہری المأخوذ علمہ عنہم مثل یونس بن یزید ومن روی عن الزہری فی ذلک شیئا انما رووہ عن الصحیفۃ التی عند آل عمر رضی اللہ عنہ **افتری** الزہری یکون فرائض الابل عندہ عن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیہ عن جدہ وہم جمیعا ائمۃ واہل علم ماخوذ عنہم فیسکت عن ذلک ویضطرہ الامر الی الرجوع الی صحیفۃ عمر غیر مرویۃ فیحدث الناس بہا ہذا عندنا مما لا یجوز علی مثلہ رضو (کلا)

ترجمہ اور یہی ابراہیم نخعیؒ سے بھی منقول ہے **حدیث** بیان کی ہم سے ابو بکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عمر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو عوانہ نے انہوں نے روایت کی منصور بن معتمر سے کہا فرمایا ابراہیم نخعی نے کہ جب اونٹ ایکسو بیس پر زیادہ ہو جائیں تو پہلے فرض کیطرف لوٹائے جائیں **پس** اگر دوسرے قول والے اپنے مذہب کے لئے استدلال کریں اور کہیں کہ احادیث متصلہ کے معنے ہمارے قول کی شہادت دیتے ہیں اور ہمارے مخالف کے ساتھ حدیث متصل نہیں ہے تو انکو جواب دیا جائیگا کہ تمہارے مذہب کی رو سے اکثر ان احادیث سے اپنے مخالف پر استدلال تمہارے لئے جائز نہیں اسلئے کہ اگر مخالف اسی قسم کی احادیث سے اپنے مذہب کے لئے استدلال کرنے لگے تو تم اوسکو جائز نہیں رکھتے بلکہ اوراوسکو اس قسم کی احادیث سے استدلال کرنیکی وجہ جاہل از حدیث کہتے ہو چنانچہ منجملہ انکے یہ ہے کہ ثمامہ بن عبد اللہ کی حدیث کو صرف عبد اللہ بن مثنی نے موصول ذکر کیا ہے کہ ہم اونکے سوا کسیکو نہیں جانتے

کہ اوسکو موصولا ذکر کیا ہو اور تم عبداللہ بن مثنی کو حجت نہین ٹہیرا تے پہر حماد بن سلمہ آتے اور او نکا مرتبہ اہل علم کے نزدیک علم مین عبداللہ بن مثنی سے بہت بڑہا ہوا ہے اور وہ قابل احتجاج ہین اور انہون نے اس حدیث کو ثمامہ سے منقطعاً روایت کیا لہذا تمہارے اصول کی بنا پر یہ حدیث حکم مین منقطع کے رکہنی ضرور ہے کیونکہ تمہارا مذہب یہ ہے کہ حافظ پر غیر حافظ کی زیادتی قابل توجہ نہین ہے اور رہی حدیث زہری کی ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے سو اوسکو زہری سے سلیمان بن داؤد نے روایت کیا ہے اور ہین نے ابن داؤد کو فرماتے سنا ہے کہ سلیمان بن داؤد یہ اور سلیمان بن داؤد حرانی اون سب کے نزدیک ضعیف ہین اور وہ سلیمان بن داؤد جو عمر بن عبدالعزیز سے روایت کرتے ہین اثبت ہین اور ایک دلیل اس حدیث کے کمزور ہونیکی یہ بہی ہے کہ زہری کے وہ اصحاب جنکا علم اون حضرات سے ماخوذ ہے جیسے یونس بن یزید اور وہ شخص جو اس بارہ مین زہری سے کچہ روایت کرتا ہے۔ تو وہ صرف اونسے اوس صحفہ کی روایت کرتا ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اولاد کے پاس تہا کیا تم دیکہتے ہو کہ زہری کے نزدیک اونٹون کے فرائض ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے مروی ہین اونہون نے روایت کی اپنے باپ سے اونہون نے اپنے دادا سے اور یہہ سب کے امام اور اہل علم ہین کہ علم انسے لیا جاتا ہے پس وہ اس مین چپ ہو جائیگا اور اوسکو یہہ بات حضرت عمرؓ کہ غیر مروی صحیفہ کیطرف لوٹنے پر مجبور کر دیگی پس وہ لوگونکو اس کے مطابق حدیث بیان کریگا یہ ہمارے نزدیک اوس قبیلہ سے ہے کہ انکے مثل نے تجاوز نہین کیا جاسکتا۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَاِنَّ حَدِيْثَ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ حَدِيْثٌ مُتَّصِلٌ لَا مَطْعَنَ لِاَحَدٍ فِيْهِ **قِيْلَ** لَهٗ مَا هُوَ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ مَعْمَرًا اِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ وَجَدُّهٗ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ وَهُوَ لَمْ يُدْرِكِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وُلِدَ اِلَّا بَعْدَ اَنْ كَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْكِتَابَ لِاَبِيْهِ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا وُلِدَ بِنَجْرَانَ قَبْلَ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَنَةَ عَشْرٍ مِنَ الْهِجْرَةِ وَلَمْ يُنْقَلْ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اِلَيْنَا اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْهِ فَقَدْ ثَبَتَ انْقِطَاعُ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَيْضًا وَالْمُنْقَطِعُ فَاَنْتُمْ لَا تَحْتَجُّوْنَ بِهٖ **فَقَدْ** ثَبَتَ اَنَّ كُلَّ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ مُنْقَطِعٌ فَاِنْ كُنْتُمْ لَا تُسَوِّغُوْنَ لِمُخَالِفِكُمُ الْاِحْتِجَاجَ بِالْمُنْقَطِعِ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْبَابِ فَلِمَ تَحْتَجُّوْنَ عَلَيْهِ بِهٖ فِيْ هٰذَا الْبَابِ فَلَئِنْ وَجَبَ اَنْ يَكُوْنَ عَدَمُ الْاِتِّصَالِ فِيْ مَوْضِعٍ مِنَ الْمَوَاضِعِ يُزِيْلُ قَبُوْلَ الْخَبَرِ اِنَّهٗ يَجِبُ اَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ هُوَ فِيْ كُلِّ الْمَوَاضِعِ وَلَئِنْ وَجَبَ اَنْ يُقْبَلَ الْخَبَرُ وَاِنْ لَمْ يَتَّصِلْ اِسْنَادُهٗ لِثِقَةِ مَنْ يَتَّصِلُ بِهٖ اِلَيْهِ فِيْ بَابٍ وَاحِدٍ اَنَّهٗ يَجِبُ اَنْ يُقْبَلَ فِيْ كُلِّ الْاَبْوَابِ **فَاِنْ** قَالَ قَائِلٌ اَمَّا حَدِيْثُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَقَدِ اضْطَرَبَ وَاخْتُلِفَ فِيْهِ فَلَا حُجَّةَ فِيْهِ لِوَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ هٰذِهِ الْمَقَالَاتِ وَغَيْرُهٗ مِمَّا رُوِيَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ اَوْلٰى مِنْهُ **قِيْلَ** لَهٗ وَمِنْ اَيْنَ اضْطِرَابُ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ **اَمَّا** قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ فَقَدْ رَوَاهُ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا عَنْهُ وَقَيْسٌ حُجَّةٌ حَافِظٌ **وَاَمَّا** حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ الَّذِيْ خَالَفَهٗ فَاِنَّمَا رَوَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ مَنْ لَا تَقْبَلُوْنَ اَنْتُمْ رِوَايَتَهٗ عَنِ الزُّهْرِيِّ لِضُعْفِهٖ عِنْدَكُمْ **وَاَمَّا** حَدِيْثُ مَعْمَرٍ فَاِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ فَلَيْسَ فِي التَّثَبُّتِ وَالْاِتْقَانِ كَقَيْسِ بْنِ سَعْدٍ **وَلَقَدْ** حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْوَزِيْرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ

الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ يَقُوْلُ كُنَّا إِذَا رَأَيْنَا الرَّجُلَ يَكْتُبُ الْحَدِيْثَ عَنْ وَاحِدٍ مِنْ أَرْبَعَةٍ ذَكَرَهَا فِيهِمْ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ سَخِرْنَا مِنْهُ لِأَنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَعْرِفُوْنَ الْحَدِيْثَ فَلَمَّا لَمْ يَكُنْ فِي عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ تَيَسُّرٌ فِي الضَّبْطِ وَالْحِفْظِ صَارَ الْحَدِيْثُ عِنْدَنَا عَلَى مَا رَوَاهُ قَيْسٌ لَا سِيَّمَا وَقَدْ ذَكَرَ قَيْسٌ أَنَّ أَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدٍ كَتَبَهُ لَهُ وَاللهُ أَعْلَمُ **ترجمہ** اور اگر کوئی کہنے والا کہے کہ حدیث معمر کی جو عبداللہ بن ابوبکر سے مروی ہے حدیث متصل ہے کہ کسیکو اوس مین طعن نہین ہے تو اوسکو جواب دیا جائیگا کہ وہ متصل نہین ہے اسلئے کہ معمر نے اوسکو عبداللہ بن ابوبکر سے روایت کیا انہون نے اپنے باپ سے انہون نے اپنے دادا سے اور اونکے دادا محمد بن ابوبکر ہین اور انہون نے نبی کریم صلے اللہ علیہ سلم کو نہین دیکھا اور نہ پیدا ہوئے تھے مگر بعد اسکے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہ والا نامہ اُسکے باپ کو لکھہ چکے تھے اسلئے کہ وہ پیدا ہوئے مقام نجران مین نبی کریم صلے اللہ علیہ سلم وفات سے پیشتر سنہ ۱۰ھ اور اس حدیث کے اندر ہم تک یہ بات نہین پہونچی کہ محمد عمرو بن حزم نے اس حدیث کو اپنے باپ سے روایت کیا ہے لہذا اس حدیث کا بہی منقطع ہونا ثابت ہوا اور حدیث منقطع سے تم استدلال نہین کرتے پس ثابت ہوا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم سے اس باب مین جو کچہہ منقول ہے وہ منقطع ہے **پس** اگر تم اس باب کے سوا اور بابونمین اپنے مخالف کے لئے منقطع سے استدلال لانیکو جائز نہین رکہتے تو اس باب مین تم خود اُس مخالف پر اُس منقطع سے کیونکر استدلال لا سکتے ہو اور اگر یہ ضروری ہے کہ کسی موقعہ مین مواقع سے نہ متصل ہونا خبر کی مقبولیت کو زائل کرتا ہے تو ضرور ہے کہ تمام مواقع مین یہی حکم ہو اور اگر واجب ہے قبول کرنا خبر کا اگرچہ اوسکا اسناد متصل نہ ہو ایک باب مین تو ضرور ہے کہ قبول کی جاتے تمام بابونمین اور اگر کوئی کہنے والا کہے کہ عمرو بن حزم کی حدیث مضطرب اور مختلف فیہ ہے اسلئے اُسکے اندر کسی مذہب والے کے لئے کوئی حجت نہین اور اسکے سوا اور حدیثین جو اس باب مین منقول ہین اس سے بہتر ہین۔ اسکو جواب دیا جائیگا اور کیسے مضطرب ہے حدیث عمرو بن حزم کی رہے قیس بن سعد سو انہون نے اُسکو ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے روایت کیا جیسا کہ ہم اون سے ذکر کر چکے اور قیس حجت ہے حافظ ہے اور رہی حدیث زہری کی جو اُسکے مخالف ہے سو اُسکو زہری سے اس شخص نے روایت کیا کہ تم اُسکی زہری سے روایت کو بوجہہ اسکے تمہارے نزدیک ضعیف ہونیکے نہین کرتے اور رہی حدیث معمر کی **پس** انہون نے اُسکو عبداللہ بن ابوبکر سے روایت کیا انہون نے اپنے باپ سے اور عبداللہ بن ابوبکر حفظ اور اتقان مین قیس بن سعد کے مثل نہین ہے اور بیشک حدیث بیان کی مجھسے یحییٰ بن عثمان نے کہا سنا مین نے ابن وزیر کو کہتے ہوئے کہا سنا مین نے شافعی کو کہتے ہوئے کہ سنا مین نے سفیان بن عیینہ کو کہتے ہوے کہ جب ہم دیکھتے کسی کو کہ لکھہ رہا ہے حدیث چار مین سے کسی سے جنکے اندر عبداللہ بن ابوبکر کو ذکر کیا تو نداق کرتے ہم اُس سے اسلئے کہ یہ چارون حدیث دان نہ تھے **پس** جب کہ عبداللہ بن ابوبکر منضبط، اور حفظ مین قیس کے برابر نہ ہوتے تو ہوتی حدیث ہمارے نزدیک وہی جسکو قیس نے روایت کیا با لخصوص جب کہ ذکر کیا قیس نے یہ کہ ابوبکر بن محمد نے یہ مجھکو لکھکر دی اور اللہ زیادہ جانتا ہے ؎

کِتَابُ الْوَصَایَا

کتاب وصیتون کے بیان مین

بَابُ مَا یَجُوْزُ فِیْہِ الْوَصَایَا مِنَ الْاَمْوَالِ وَمَا یَفْعَلُہُ الْمَرِیْضُ فِیْ مَرَضِہٖ الَّذِیْ یَمُوْتُ مِنَ الْہِبَاتِ وَالصَّدَقَاتِ وَالْعِتَاقِ **حَدَّثَنَا** عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ مَرِضْتُ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا اَشْفَیْتُ مِنْہُ عَلَی الْمَوْتِ فَاَتَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُنِیْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ مَالًا کَثِیْرًا وَلَیْسَ یَرِثُنِیْ اِلَّا ابْنَتِیْ اَفَاَتَصَدَّقُ بِمَالِیْ کُلِّہٖ قَالَ لَا قَالَ اَفَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثَیْ مَالِیْ قَالَ لَا قَالَ فَالشَّطْرُ قَالَ لَا قَالَ فَالثُّلُثُ قَالَ اَلثُّلُثُ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ **حَدَّثَنَا** فَھْدُ بْنُ سُلَیْمٰنَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَ ثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ عَنْ زَائِدَۃَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ عَادَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اُوْصِیْ بِمَالِیْ کُلِّہٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَالنِّصْفُ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ نَعَمْ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ **حَدَّثَنَا** فَھْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ سَعْدٌ ثُمَّ ذَکَرَ نَحْوَہٗ **قَالَ** اَبُوْ جَعْفَرٍ فَتَکَلَّمَ النَّاسُ فِی الرَّجُلِ ھَلْ یَسَعُہٗ اَنْ یُّوْصِیَ بِثُلُثِ مَالِہٖ اَوْ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّقْصُرَ عَنْ ذٰلِکَ فَقَالَ قَوْمٌ لَہٗ اَنْ یُّوْصِیَ بِثُلُثِ مَالِہٖ کَامِلًا فِیْمَا اَحَبَّ مِمَّا یَجُوْزُ فِیْہِ الْوَصَایَا **وَاحْتَجُّوْا** فِیْ ذٰلِکَ بِاِبَاحَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِسَعْدٍ اَنْ یُّوْصِیَ بِثُلُثِ مَالِہٖ بَعْدَ مَنْعِہٖ اَنْ یُّوْصِیَ بِمَا سِوٰی اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ عَلٰی مَا ذَکَرْنَا فِیْ ھٰذِہِ الْاٰثَارِ وَعَطْفِہٖ بِمَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی وَبَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ طَلْحَۃُ بْنُ عَمْرٍو الْحَضْرَمِیُّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ لَکُمْ ثُلُثَ اَمْوَالِکُمْ اٰخِرَ اَعْمَارِکُمْ زِیَادَۃً فِیْ اَعْمَالِکُمْ رقولہا **ترجمہ باب**

اون مالونکے بیان مین جن مین وصیتین جائز ہین اور اون ہبون اور صدقون اور ازادی کے بیان مین کہ مریض اپنے اوس مرض مین کرے جس مین مریگا حدیث بیان کی ہم سے علی بن عبدالاعلی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے اونہون نے روایت کی زہری سے اونہون نے عامر بن سعد بن ابی وقاص سے اونہون نے اپنے باپ سے کہا فتح مکے کے سال مین ایسا بیمار ہوا کہ اوس سے موت کے کنارے آلگا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میرے عیادت کے لئے تشریف لائے مین نے عرض کیا اے رسول خدا میرے پاس مال بہت ہے اور وارث مری صرف مری بیٹی ہے کیا مین اپنے تمام مال کی خیرات کردون فرمایا نہین کہا کیا اپنے مال کی دو تہائی خیرات کردون فرمایا نہین کہا اور نصف فرمایا نہین کہا ایک تہائی فرمایا ہان اور ایک تہائی بہت ہے **حدیث** بیان کی ہم سے فہد بن سلیمان نے کہا **حدیث** بیان کی ہم سے ابوبکر بن ابوبکر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حسین بن علی نے اونہون نے زائدہ سے اونہون نے عبدالملک بن عمیر سے اونہون نے مصعب بن سعد سے اونہون نے اپنے باپ سے کہا عیادت کے لئے تشریف لائے میری رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تو مین نے عرض کیا کہ مین اپنے تمام مال کی وصیت کردون فرمایا نہین مین نے عرض

کیا اور آدھے کی فرمایا نہیں میں نے عرض کیا اور تہائی کی فرمایا ہاں اور تہائی بھی بہت ہے **حدیث** بیان کی ہم سے
فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو بکر نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن فضیل نے انہوں نے روایت
کی عطا بن سائب سے انہوں نے میرے باپ عبد الرحمن سے کہا فرمایا سعد نے پھر ذکر کیا اوسکی مثل **ابو جعفر**
نے کہا کہ لوگوں نے کلام کیا ہے آدمی کے بارہ میں کہ کیا اوسکو اپنے تہائی مال کی وصیت کرنیکی گنجائش ہے یا
مناسب ہے کہ اس سے بھی کم کرے **پس** ایک گروہ نے کہا کہ اسکو اپنے پورے مال کی وصیت کرنی جائز ہے
تمام اون اموال میں کہ وصیتیں اُنکے اندر جائز ہوتی ہیں اور استدلال کیا انہوں نے اس بارے میں نبی صلے
اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ کے لئے اسکو مباح فرمانے سے کہ وہ اپنے تہائی مال کی وصیت کرے اسکے بعد
کیا اُسکو اس سے زیادہ کی وصیت کرنے سے روک چکے تھے جیسا کہ ہم ان احادیث میں ذکر کر چکے اور اُس
حدیث سے جو ہم سے یونس بن عبد الاعلیٰ اور بحر بن نصر نے بیان کی دونوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے
عبد اللہ بن وہب نے کہا خبر دی مجھکو طلحہ بن عمرو حضرمی نے انہوں نے عطا سے اُنہوں نے ابو ہریرہؓ
سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ عزوجل نے تمہارے واسطے تہائی مالونکو تمہاری آخیر عمروں
میں تمہارے اعمال کے اندر زیادتی کا سبب بنایا ہے **وخالفہم** فی ذلک آخرون فقالوا ینبغی للموصی
ان یقصر فی وصیتہ عن ثلث مالہ بقول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الثلث والثلث کثیر **فمما**
روی فی ذلک عمن ذهب الیہ من المتقدمین ما حدثنا محمد بن خزیمة قال ثنا حجاج قال ثنا حماد عن
هشام بن عروة عن عروة قال کان ابن عباس یقول استقصروا عن قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ لکثیر
حدثنا محمد بن خزیمة قال ثنا حجاج قال ثنا حماد قال انا حمید عن بکیر بن عبد اللہ قال قصیت
ابی حمید بن عبد الرحمن الحمیری قال ما کنت لاقبل وصیة رجل لہ ولد یوصی بالثلث **فمن**
الحجة لاهل المقالة الاولی علی اهل هذہ المقالة ان الوصیة بالثلث لو کانت جورا اذا لا نکر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ذلک علی سعد ولقال لہ اقصر عن الثلث فلما ترک ذلک کان قد اباح ایاہ دفی
ذلک ثبوت ما ذهب الیہ اهل المقالة الاولی وممن ذهب الی ذلک ابو حنیفة وابو یوسف ومحمد رحمہم
اللہ تعالی **ثم** تکلم الناس بعد هذا فی هبات المریض وصدقاتہ اذا مات فی مرضہ ذلک فقال قوم و
هم اکثر العلماء هی من الثلث کسائر الوصایا **وممن** ذهب الی ذلک ابو حنیفة وابو یوسف
ومحمد رحمہم اللہ تعالی **وقالت** فرقة هو من جمیع المال کافعالہ وهو صحیح وهذا قول لم نعلم
احدا من المتقدمین قالہ **وقد** روینا فیما تقدم من کتابنا هذا عن عائشة انہا قالت نحلنی ابو بکر
جداد عشرین وسقا من مالہ بالعالیة فلما مرض قال لی انی کنت نحلتک جداد عشرین وسقا
من مالی بالعالیة فلو کنت جددتیہ وحزتیہ کان لک وانما هو الیوم مال وارث فاقتسموہ بینکم
علی کتاب اللہ تعالی **فاخبر** ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ انہا لو قبضت ذلک من مالہ فی ملکہ
بملکتہ وجعل ذلک غیر جائز کما لا یجوز الوصیة لہا ولم تنکر ذلک عائشة علی ابی بکر الصدیق
رضی اللہ ولا سائر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدل ذلک ان من هبتہم جمیعا انہ کان

نسخ بکر

مِثْلَ مَذْهَبِهٖ فَلَوْ لَمْ يَكُنْ لِمَنْ ذَهَبَ اِلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنَ الْحُجَّةِ لِقَوْلِهِمُ الَّذِيْ ذَهَبُوْا اِلَيْهِ اِلَّا مَا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَمَا تَرَكَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاِنْكَارِ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ لَكَانَ فِيْهِ اَعْظَمُ الْحُجَّةِ **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا (قوله) **ترجمہ** اور مخالفت کی اُنکی اسمین دوسرون نے اور کہا کہ وصیت کرنے والے کو مناسب ہے کہ اپنے تہائی مال سے کم کی وصیت کرے بوجہہ فرمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کے ایک تہائی اور تہائی بہی بہت ہے پس منجملہ اون روایات کے جو اس بارہین اُون متقدمین سے مروی ہین جو اسطرف گئے وہ حدیث ہے جو ہم سے محمد بن خزیمہ نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے اوہنون نے روایت کی ہشام بن عروہ سے اوہنون نے عروہ سے کہا ابن عباس فرمایا کرتے تھے کہ کی سمجھو نبی صلے اللہ علیہ سلم کے اس فرمانے سے کہ تہائی بہت ہے حدیث بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد نے کہا خبر دلمی ہمکو حمید نے اہنون نے روایت کی بکیر بن عبد اللہ سے کہا حاصل کیا مین نے اپنے باپ حمید بن عبد الرحمن حمیری سے کہ اہنون نے فرمایا مین نہ قبول کرون اُس اولاد والے مرد کی وصیت کو جو ایک تہائی کی وصیت کرے پس پہلے قول والون کے نے دوسرے قول والونپر یہ حجت ہوئی کہ تہائی مال کی وصیت کرنا اگر ظلم ہوتا تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اسکا سعد پر ضرور انکار کرتے اور ضرور اونسے یہ فرماتے کہ تہائی سے کم کر لیکن جب آپنے یہ نہ فرمایا تو آپنے یہ اونکے لئے مباح فرمایا اور اس مین پہلے قول والون کے مذہب کا ثبوت ہے اور جنکا یہ مذہب ہے اون ہی مین سے امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تعالے ہین پھر اسکے بعد لوگ بیمار کے ہبون اور صدقون مین مختلف ہوئے ہین جبکہ بیمار اوسی بیماری مین مرجاوے تو ایک گروہ نے کہا اور وہ زیادہ تعداد علماء کی ہے کہ وہ تہائی سے جاری ہونگے مانند باقی وصیتون کی اور جو لوگ اسطرف گئے اونمین سے امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تعالے ہین اور ایک فریق نے کہا کہ وہ تمام مال مین سے جاری ہونگے جسطرح اوسکے اور افعال اور یہ ہی صحیح ہے اور یہ ایک قول ہے کہ مین نہین جانتا متقدمین مین سے کوی اسکا قائل ہوا ہو اور ہم اپنی اس کتاب کے پہلے بیان مین حضرت عائشہ سے روایت کر چکے ہین کہ اہنون نے فرمایا کہ مجکو ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اپنے مقام عالیہ کے مال مین سے بیس وسق گنی ہوی کہجورین دین پس جب بیمار ہوئے تو مجسے کہا کہ مین تجکو اپنے مقام عالیہ کے مال مین سے بیس وسق کہجورین دے چکا ہون پس اگر تو اوسکو کاٹ چکی ہوتی اور حفاظت مین لے لیتی تو وہ تیری ہوتین لیکن وہ آج وارثون کا مال ہے لہذا اوسکو اسلئے اوسکو آپس مین حسب حکم کتاب الٰہی تقسیم کرنا پس ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ بتلایا کہ اگر حضرت عائشہؓ اوس مال کو اپنی ملک مین لے چکی ہوتین تو وہ اوسکی مالک ہو جاتین اور اب اوسکو غیر جائز قرار دیا جسطرح اونکے لئے وصیت جائز نہین اور حضرت عائشہ نے حضرت ابو بکرؓ پر اسکا انکار نہ کیا اور نہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے باقی صحابہ نے پس یہ اسکی دلیل ہوی کہ تمام صحابہ کا مذہب اس مسئلہ مین حضرت ابو بکرؓ کے مذہب کی موافق تہا پس اگر

اون لوگون کے لئے جنکا مذہب ہم ذکر کرچکے اپنے مذہب کی تائید مین کوئی اور دلیل نہ ہوتی سوا اوسکے جو اس حدیث مین ہے باوجود صحابہ کے حضرت ابوبکر صدیق پر انکار کرنیکے تو یہی ایک بہت بڑی دلیل ہوتی لیکن ہم دیکھتے ہین کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بہی اسکی دلیل مروی ہے **حَدَّثَنَا** صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ ثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ لَهٗ عِنْدَ الْمَوْتِ لَا مَالَ لَهٗ غَيْرُهُمْ فَاَقْرَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ اِثْنَيْنِ وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً **حَدَّثَنَا** اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ ثَنَا عَطَاءُ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَقَتَادَةَ وَحُمَيْدٍ وَسِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ وَسُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ **فَهٰذَا** رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ الْعَتَاقَ فِي الْمَرَضِ مِنَ الثُّلُثِ فَكَذٰلِكَ الْهِبَاتُ وَالصَّدَقَاتُ **وَقَدِ** احْتَجَّ بَعْضُ مَنْ ذَهَبَ اِلٰى هٰذِهِ الْمَقَالَةِ اَيْضًا بِحَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَهٗ فِيْ مَرَضِهٖ فَقَالَ اَتَصَدَّقُ بِمَالِيْ كُلِّهٖ فَقَالَ لَا حَتّٰى رَدَّهٗ اِلَى الثُّلُثِ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ **قَالَ** فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ قَدْ جَعَلَ صَدَقَتَهٗ فِيْ مَرَضِهٖ مِنَ الثُّلُثِ كَوَصَايَاهُ مِنَ الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهٖ **وَيَدْخُلُ** لِمُخَالِفِهٖ عَلَيْهِ اَنَّ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ سُؤَالَهٗ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ اِنَّمَا كَانَ عَلَى الْوَصِيَّةِ بِالصَّدَقَةِ بَعْدَ الْمَوْتِ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا عَنْهُ فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ فَلَيْسَ مَا احْتَجَّ هُوَ بِهٖ مِنْ حَدِيْثِ عَامِرٍ بِاَوْلٰى مِمَّا احْتَجَّ بِهٖ عَلَيْهِ مُخَالِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ مُصْعَبٍ (قوله)

ترجمہ حدیث بیان کی ہم سے صالح بن عبد الرحمن نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سعید بن منصور نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشیم نے کہا حدیث بیان کی ہم سے منصور بن زاذان نے انہون نے روایت کی حسن سے انہون نے عمران بن حصین سے کہ ایک شخص نے موت کے وقت اپنے چھہ غلام آزاد کئے جنکے سوا اوسکا کچہہ مال نہ تہا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم نے اونکے درمیان قرعہ ڈالا اور دو کو آزاد کیا اور چار کو غلام رکہا **حدیث** بیان کی ہم سے ابوبکرہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے روح بن عبادہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سعید بن ابو عروبہ نے انہون نے روایت کی قتادہ سے انہون نے حسن سے انہون نے عمران سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ سلم سے اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن خزیمہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حجاج نے کہا حدیث بیان ہم سے حماد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عطا خراسانی نے انہون نے سعید بن مسیب اور ایوب سے اون دونون نے محمد بن سیرین سے انہون نے عمران بن حصین اور قتادہ اور حمید اور سماک بن حرب سے اون سبہون نے

حسن سے انہوں نے عمران بن حصین سے پس ذکر کیا اوسکی مثل **حدیث** بیان کی ہم سے احمد بن داود نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد اور سلیمان بن حرب نے دونو نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حماد بن زید نے
روایت کی ایوب سے انہون نے ابوقلابہ سے انہون نے ابومہلب سے انہون نے عمران سے انہون نے رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم ہین کہ انہون نے بیماری ہین آزادی غلام تہائی مال سے جاری فرمائی پس اسی قیاس پر ہبے
اور صدقے ہین اور بعض لوگون نے جنکا یہ مذہب ہے حدیث زہری سے بہی استدلال کیا ہے اوہنون نے
روایت کی عامر بن سعد سے انہون نے اپنے باپ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اونکی بحالت بیماری
عیادت فرمائی تو انہون نے عرض کیا کہ کیا مین اپنا تمام مال خیرات کردون آپنے فرمایا نہین یہانتک کہ اوسکو
تہائی مال کیطرف لوٹادیا جسطرح بیمار کی وصیتین بعد مرنیکے تہائی سے جاری ہوتی ہین اور اسکا مخالف اسپر
یون اعتراض کرسکتا ہے کہ مصعب بن سعد نے اس حدیث کو اپنے باپ سے روایت کیا کہ اونکا رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم سے اسبارہ مین دریافت کرنا صرف موت کے بعد صدقہ کی وصیت کرنے پر محمول ہے
جیسا کہ ہم اوسے اسباب کے شروع مین ذکر کرچکے پس حدیث عامر جسکے ساتھ انہون نے استدلال کیا حدیث
مصعب سے بہتر نہین ہے جس سے اونکے مخالف نے استدلال کیا ہے **ثُمَّ** تَكَلَّمَ النَّاسُ بَعْدَ
هٰذَا فِيمَنْ اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ لَا مَالَ لَهُ غَيْرُهُمْ فَاَبَى الْوَرَثَةُ اَنْ يُجِيزُوا فَقَالَ قَوْمٌ يَعْتِقُ
مِنْهُمْ ثُلُثُهُمْ وَيَسْعَوْنَ فِيمَا بَقِيَ مِنْ قِيمَتِهِمْ **وَمِمَّنْ** قَالَ ذٰلِكَ اَبُو حَنِيفَةَ وَاَبُو يُوسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى
وَقَالَ آخَرُونَ يَعْتِقُ مِنْهُمْ ثُلُثُهُمْ وَيَكُونُ مَا بَقِيَ مِنْهُمْ رَقِيقًا لِوَرَثَةِ الْمُعْتِقِ **وَقَالَ** آخَرُونَ يُقْرَعُ
بَيْنَهُمْ فَيَعْتِقُ مِنْهُمْ مَنْ قُرِعَ مِنَ الثُّلُثِ وَيُرَقُّ مَنْ بَقِيَ **وَاحْتَجُّوا** فِي ذٰلِكَ بِمَا ذَكَرْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ يقرع
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ عِمْرَانَ **فَكَانَ** مِنَ الْحُجَّةِ لِاَهْلِ الْمَقَالَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ عَلٰى اَهْلِ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ
اَنَّ مَا ذَكَرُوا مِنَ الْقُرْعَةِ الْمَذْكُورَةِ فِي حَدِيثِ عِمْرَانَ مَنْسُوخٌ لِاَنَّ الْقُرْعَةَ قَدْ كَانَتْ فِي بَدْءِ الْاِسْلَامِ
لِيُسْتَعْمَلَ فِي اَشْيَاءَ فَيُحْكَمُ بِهَا فِيهَا وَيُجْعَلُ مَا قُرِعَ مِنْهَا وَهُوَ الشَّيْءُ الَّذِي كَانَتِ الْقُرْعَةُ مِنْ اَجْلِهِ بِعَيْنِهِ فيها
مِنْ ذٰلِكَ مَا كَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَكَمَ بِهِ فِي زَمَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْيَمَنِ **مَا** قَدْ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْكُوفِيُّ قَالَ ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَوْ يَعْلَى بْنُ
عُبَيْدٍ اَنَا الْاَجْلَحُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَجْلَحِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْخَلِيلِ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ
زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ بَيْنَا اَنَا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ مِنَ الْيَمَنِ وَعَلِيٌّ يَوْمَئِذٍ
بِهَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اُتِيَ عَلِيٌّ بِثَلَاثَةِ نَفَرٍ يَخْتَصِمُونَ فِي وَلَدٍ قَدْ وَقَعُوا عَلَى امْرَاَةٍ فِي طُهْرٍ وَاحِدٍ فَاَقْرَعَ
بَيْنَهُمْ فَقَرَعَ اَحَدُهُمْ فَدَفَعَ اِلَيْهِ الْوَلَدَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ
اَوْ قَالَ اَضْرَاسُهُ **فَهٰذَا** رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُنْكِرْ عَلٰى عَلِيٍّ مَا حَكَمَ بِهِ فِي الْقُرْعَةِ
فِي دَعْوَى النَّفَرِ الْوَلَدَ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْحُكْمَ حِينَئِذٍ كَانَ كَذٰلِكَ ثُمَّ نُسِخَ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُنْكِرْ عَلٰى عَلِيٍّ مَا
حَكَمَ بِهِ فِي الْقُرْعَةِ فِي دَعْوَى النَّفَرِ الْوَلَدَ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْحُكْمَ حِينَئِذٍ كَانَ كَذٰلِكَ ثُمَّ نُسِخَ بَعْدُ بِاتِّفَاقِنَا
وَاتِّفَاقِ هٰذَا الْمُخَالِفِ لَنَا وَدَلَّ عَلٰى نَسْخِهِ مَا قَدْ رَوَيْنَاهُ فِي بَابِ الْقَافَةِ مِنْ حُكْمِ عَلِيٍّ فِي مِثْلِ هٰذَا بِاَنْ جَعَلَ

الْوَلَدَ بَیْنَ الْمُدَّعِیِیْنَ جَمِیْعًا یَرِثُهُمَا وَیَرِثَانِهٖ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْحُكْمَ كَانَ یَوْمَئِذٍ حُكْمَ عَلِیٍّ بِمَا حَكَمَ فِیْ كُلِّ شَیْءٍ مِثْلُ النَّسَبِ الَّذِیْ یَدَّعِیْهِ النَّفَرُ وَالْمَالُ الَّذِیْ یُوْصِیْ بِهِ النَّفَرُ بَعْدَ اَنْ یَكُوْنَ قَدْ اَوْصٰی بِهٖ لِكُلِّ وَاحِدٍ عَلٰی حِدَةٍ اَوِ الْعِتَاقُ الَّذِیْ یَعْتِقُهُ الْعَبِیْدُ فِیْ مَرَضٍ مُعْتِقِهِمْ اَنْ یُقْرَعَ بَیْنَهُمْ فَاَیُّهُمْ قُرِعَ اِسْتَحَقَّ مَا ادَّعٰی وَمَا كَانَ وَجَبَ بِالْوَصِیَّةِ وَالْعِتَاقِ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِكَ بِنَسْخِ الرِّبٰوا وَرُدَّتِ الْاَشْیَاءُ اِلَی الْمَقَادِیْرِ الْمَعْلُوْمَةِ الَّتِیْ فِیْهَا التَّعْدِیْلُ الَّذِیْ لَا زِیَادَةَ فِیْهِ وَلَا نُقْصَانَ (قوله) **ترجمہ** پہر لوگون نے اسکے بعد اوس شخص کے بارہ مین گفتگو کی جس نے اپنی موت کے وقت اپنے چہہ غلام آزاد کئے اور اونکے سوا کچہ اور مال نہا نہین پہر وارثون نے اسکو جائز نہ رکہا تو ایک گروہ نے کہا کہ اونمین سے ایک تہائی آزاد ہوجائینگے اور باقی غلام اپنی قیمتون مین سعی کرینگے اور جن لوگون نے اسکا قول کیا منجملہ اونکے امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہم ہین اور دوسرون نے کہا کہ اون مین سے ایک تہائی آزاد ہوجائینگے اور باقی غلام آزاد کرنے والے کے وارثون کے لئے غلام رہینگے اور دوسرون نے کہا کہ اون کے درمیان قرعہ ڈالا جائے اور قرعہ کے بعد ایک تہائی آزاد کئے جائین اور باقی غلام اور استدلال کیا انہون نے اس مین اوس حدیث سے جو ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث عمران مین روایت کرچکے پس پہلے دونو قول والون کے لئے اس قول والو پر یہ دلیل ہوئی کہ وہ قرعہ جو حدیث عمران مین مذکور ہوا منسوخ ہے اسلئے کہ قرعہ ابتداء اسلام مین تہا تاکہ اشیا مین اوسکا استعمال کرکے اوسکے مطابق اونمین حکم کیا جاتے اور قرعہ جس شی کی وجہ سے ڈالا جاتے تو وہ شی بعینہ وہی خیال کی جائے جو قرعہ مین نکلے منجملہ اوسکے یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین یمن کے اندر قرعہ کے ذریعہ فیصلہ کیا چنانچہ حدیث بیان کی ہم سے اسمعیل بن اسحاق کوفی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے جعفر بن عون یا یعلی بن عبید نے مجکو شک ہے انہون نے روایت کی شعبی سے انہون نے عبد اللہ بن اجلح سے انہون نے عبد اللہ بن خلیل حضرمی سے انہون نے زید بن ارقم سے کہا اس حال مین کہ مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تہا کہ ناگاہ ایک شخص آپکی خدمت مین یمن کا آیا اور حضرت علی اوس زمانہ مین وہین تھے پس عرض کیا ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم حضرت علی کے پاس تین شخص ایک لڑکے مین جہگڑا کرتے ہوسے آئے کہ تینون نے ایک عورت سے ایک طہر مین ہم بستری کی تہی تو آپنے اون کے درمیان قرعہ ڈالا پس قرعہ مین اونمین سے ایک کا نام نکلا پس آپنے اوس ایک کو وہ بچہ دلا دیا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہنسے یہانتک کہ آپکی کچلیان ظاہر ہوگئین یا کہا آپ کی داڑہین لہذا یہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہین کہ حضرت علی پر قرعہ سے فیصلہ فرمانے کا انکار نہ فرمایا ایک گروہ کے بچہ کا دعوی کرنے مین تو یہ اسکی دلیل ہوئی کہ حکم اوس زمانہ مین یون ہی تہا پہر اوسکے بعد ہمارے اور ہمارے مخالف کے اتفاق سے وہ منسوخ ہوگیا اور اوسکے منسوخ ہونے پر اوس حدیث نے دلالت کی جو ہم قیافہ کے باب مین روایت کرچکے کہ حضرت علی نے اسی جیسے واقعہ مین یہ حکم دیا کہ بچہ دونو مدعیون کا ہے وہ دونو کا وارث بنے اور دونو اوسکے وارث ہون پس یہ اسکی دلیل ہے کہ حکم اوس زمانہ مین موافق حکم کرنے حضرت علی کے تہا ہر شی مین مثل اوس نسب کی جسکے چند لوگ

مدعی ہون اور اوس مال کی جسکی ایک گروہ کو وصیت کی گئی ہو بعد اسکے کہ اونمین سے ہر ایک کے لئے علیحدہ
وصیت کی جاچکی ہو اور مثل آزادی کی کہ غلام اپنے آزاد کرنے والے کی بیماری مین آزاد ہوئے ہون اسطرح
کہ اونمین قرعہ اندازی کی جائے پس جو لنسا قرعہ مین نکلے وہی اپنے دعوی کا مستحق ہے اور وصیت اور آزادی
کی وجہ سے جو کچھ واجب ہوا وسکا پھیر یہ سود کے منسوخ ہونے سے جبکہ تمام اشیا اون معینہ مقدارون
کی طرف لوٹادی گئین جن مین برابری ہونی چاہئے نہ زیادتی ہو اوس مین اور نہ نقصان منسوخ ہوگیا۔
وبعد هذا فنبين معنى ما حكم به رسول الله صلى الله عليه وسلم من العتاق في المرض من القرعة و
جعله اياه من الثلث من احد وجهين **اما** ان يكون حكما دليلا على سائر افعال المريض في مرضه
من عتاقه وهباته وصدقاته او يكون ذلك حكما في عتاق المريض خاصة دون سائر افعاله هباته
وصدقاته **فان** كان خاصا في العتاق دون ما سواه فينبغي ان لا يكون ما جعله النبي صلى الله عليه
وسلم في هذا الحديث من العتاق في الثلث دليلا على الهبات والصدقات انها كذلك تثبت قول الذي
يقول انها من جميع المال اذ كان النظر شهد له وان كان هذا الا بكر لك فيه خلاف ما قال الا بالتقليد
ولا شيء في هذا الباب نقله غير هذا الحديث **وان** كان قد جعل النبي صلى الله عليه وسلم ذلك
العتاق في الثلث دليلا لنا على ان هبات المريض وصدقاته كذلك **فكذلك** هو دليل
لنا على ان القرعة قد كانت في ذلك كله جارية يحكم بها ففي ارتفاعها عندنا وعندك هذا المخالف لنا من الهبات
والصدقات دليل ان ارتفاعها ايضا من العتاق فبطل بذلك قول من ذهب الى القرعة وثبت احد
القولين الآخرين **فقال** من ذهب الى تثبيت القرعة وكيف تكون القرعة منسوخة وقد كان رسول
الله صلى الله عليه وسلم يعمل بها فيما قد اجمع المسلمون على العمل بها فيه من بعده **فذكروا**
لما حدثنا يونس قال ثنا علي بن معبد قال ثنا عبيد الله بن عمرو عن اسحق بن راشد عن الزهري
عن عروة وسعيد بن المسيب وعبيد الله بن عبد الله بن عتبة وعلقمة بن وقاص عن عائشة قالت
كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد سفرا اقرع بين نسائه فايتهن خرج سهمها خرج
بها معه (قوله) **ترجمہ** اور اسکے بعد پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیماری کے وقت آزاد کرنیکا قرعہ
سے جو فیصلہ فرمایا اور اوسکو ایک تہائی سے جاری ٹہیرایا وہ دو وجہون مین سے ایک سے خالی نہ
ہوگا یا تو یہ ایسا فیصلہ ہوگا جو بیمار کے بحالت بیماری تمام کئے ہوئے افعال پر دلیل ہوگا مثلا اوسکے
ہبون اور اوسکی آزادی اور اوسکے صدقات یا یہ صرف بیمار کے غلامون کو آزاد کرنیکے ساتھ مخصوص ہوگا
اور اوسکے باقی افعال ہبے اور صدقون پر جاری نہ ہوگا پس اگر آزاد کرنے کے ساتھ مخصوص ہو رسول
صلے اللہ علیہ وسلم کا اس حدیث مین تہائی مال سے آزادی باقی رکھنا ہبون اور صدقونپر دلیل نہین ہوسکتا
تہائی سے ٹہیرتے ہین لہذا اوس شخص کا قول ثابت ہوا جو کہتا ہے کہ ہبے اور صدقے تمام مال
سے جاری ہوتے ہین اسلئے کہ نظر غور اسی کی شہادت دیتی ہے اگرچہ اسکے اندر اوسکے قول کا خلاف صرف
التقلید سے سمجھا جاسکتا ہے اور اس باب مین سوا اس حدیث کے اور کچھ منقول نہین اگرچہ نبی صلے اللہ علیہ

وسلم نے اس آزادی کو تہائی مال مین رکہنا ہمارے لئے اسپر دلیل قرار دیا ہے کہ مریض کے ہبے اور صدقے بہی اسی طرح ہین پس علیٰ ہذالقیاس وہ ہمارے واسطے اسپر بہی دلیل ہے کہ قرعہ ان تمام امور مین جاری تہا کہ اوسکے موافق فیصلہ کیا جاتا تہا پس اسکو دور ہوجانے مین ہمارے نزدیک اور ہمارے مخالف کے نزدیک ہبون اور صدقون سے اسپر دلیل ہے کہ وہ آزاد کرنے سے بہی دور ہوگیا لہذا اوس شخص کا قول باطل ہوگیا جو قرعہ کیطرف گیا اور دوسرے دونو قولون مین سے ایک قول ثابت ہوگیا پہر جو شخص قرعہ کے ثابت رکہنے کیطرف گیا اوسنے کہا کہ قرعہ منسوخ کیونکر ہوسکتا ہے حالانکہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوسکے ساتہہ عمل کرتے تھے اون معاملات مین کہ تمام مسلمانون کا آپ کے بعد اونین قرعہ پر عمل کے اندر اجماع رہا ہے اور ذکر کی وہ حدیث جو ہم سے یونس نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے علی بن معبد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبید اللہ بن عمرو نے انہون نے روایت کی اسحاق بن راشد سے انہون نے زہری سے انہون نے عروہ اور سعید بن مسیب اور عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ اور علقمہ بن وقاص سے انہون نے عائشہؓ سے کہا جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سفر کا ارادہ فرماتے تھے تو اپنی عورتون کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے تھے پس اون مین سے جسکا حصہ نکلتا تہا اوسکو اپنے ہمراہ لے جاتے تھے۔

حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْصَالِحٍ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ قَالَ ثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ بَهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَيَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهٗ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ ابْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ تَلِيْدٍ قَالَ ثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ الْقِتْبَانِيُّ عَنْ اَبِي الطَّاهِرِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ خَالَتِيْ عَمْرَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مِثْلَهٗ **قَالُوْا** فَهٰذَا مَا يَنْبَغِيْ لِلنَّاسِ اَنْ يَفْعَلُوْهُ اِلَى الْيَوْمِ وَلَيْسَ بِمَنْسُوْخٍ فَمَا يُنْكِرُوْنَ اَنَّ الْقُرْعَةَ فِي الْعِتَاقِ فِيْ الْمَرَضِ كَذٰلِكَ قِيْلَ لَهُمْ قَدْ ذَكَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فِيْ مَوْضِعِهٖ مَا يُغْنِيْ وَلٰكِنَّا نَذْكُرُ هٰهُنَا مَا فِيْهِ اَيْضًا دَلِيْلٌ اَنْ لَا حُجَّةَ لَكُمْ فِيْ هٰذَا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى جَمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ اَنَّ لِلرَّجُلِ اَنْ يُسَافِرَ اِلٰى حَيْثُ اَحَبَّ وَاِنْ طَالَ سَفَرُهٗ ذٰلِكَ وَلَيْسَ مَعَهٗ اَحَدٌ مِنْ نِسَائِهٖ وَاِنْ حُكْمَ الْقَسْمِ يَرْتَفِعُ عَنْهُ بِسَفَرِهٖ **فَلَمَّا** كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ كَانَتْ قُرْعَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ نِسَائِهٖ فِيْ وَقْتِ احْتِيَاجِهٖ اِلَى الْخُرُوْجِ بِاَحَدٍ لِهُنَّ لِتَطِيْبَ نَفْسُ مَنْ لَا يَخْرُجُ بِهَا مِنْهُنَّ وَلِتَعْلَمَ اَنَّهٗ لَمْ يُحَابِ الَّتِيْ خَرَجَ بِهَا عَلَيْهِنَّ لِاَنَّهٗ لَمَّا كَانَ لَهٗ اَنْ يَخْرُجَ وَيُخَلِّفَهُنَّ جَمِيْعًا كَانَ لَهٗ اَنْ يَخْرُجَ وَيُخَلِّفَ مَنْ شَاءَ مِنْهُنَّ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا اَنَّ الْقُرْعَةَ اِنَّمَا تُسْتَعْمَلُ فِيْمَا يَسَعُ تَرْكُهَا وَفِيْمَا لَهٗ اَنْ يُمْضِيَهٗ بِغَيْرِهَا **ترجمہ** حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ابوصالح نے کہا حدیث بیان کی ہم سے لیث نے کہا حدیث بیان کی مجہ سے یونس بن یزید نے انہون نے روایت کی ابن شہاب سے پس ذکر کیا اس اسناد سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے فہد نے کہا حدیث

بیان کی ہم سے یوسف بن بہلول نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن ادریس نے انہون نے روایت کی محمد بن اسحاق سے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن مسلم نے انہون نے روایت کی عمروہ بن زبیر سے انہون نے عائشہ اور عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ اور علقمہ بن وقاص اور سعید بن مسیب اور عبداللہ بن ابوبکر سے انہون نے روایت کی عمرہ سے انہون نے عائشہ اور یحیی بن عباد بن عبداللہ بن زبیر سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے عائشہؓ سے اوسکی مثل حدیث بیان کی ہم سے محمد بن حمید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سعید بن عیسی بن تلید نے کہا حدیث بیان کی ہم سے مفضل بن فضالہ قتبانی نے انہون نے روایت کی ابوطاہر عبدالملک بن محمد بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم نے انہون نے روایت کی اپنے چچا عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے کہا حدیث بیان کی مجھ سے میری خالہ عمرہ بنت عبدالرحمن نے انہون نے روایت کی عائشہ سے اوسکی مثل انہون نے کہا کہ ہمنا سب ہے لوگ اسکو ایسے ہی کرتے رہین آج تک اور وہ منسوخ نہین ہے لہذا کیسے انکار کرسکتے ہین اسکا کہ قرعہ بیماری کی حالت مین بھی جائز ہو کیونکہ اندر بھی اسی طرح قائم ہے تو اونکو جواب دیا گیا کہ ہم اسبارہ مین اسکے موقعہ پر او سقدر بیان تو کرچکے ہین جو کافی ہے لیکن ہم اسجگہ وہ بھی ذکر کئے دیتے ہین جس مین اسپر دلیل ہے کہ تمہارے واسطے اس مین کوئی دلیل نہین ہوسکتی اگر خدا نے چاہا تمام مسلمانون کا اسپر اتفاق ہے کہ آدمی کو جائز ہے جہان چاہے سفر کرے اگرچہ اوسکا سفر طویل ہو جاتے اور اوسکے ساتھ اوسکی عورتون مین سے کوئی عورت نہ ہو اور برابری کا حکم مرد کے سفر کرنے سے دور ہو جاتا ہے پس جبکہ یہ بات یون ہے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اپنی عورتون کے درمیان قرعہ اندازی کرنا اوسوقت کہ جب آپکو کسی عورت کو سفر مین ہمراہ لے جانیکی حاجت ہوتی ہی اسلئے تہا کہ تاکہ اون عورتون کا دل خوش ہوجائے جو آپکے ہمراہ سفر مین جانیسے رہجائین اور تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوس عورت سے بہ نسبت دوسرون کی زیادہ محبت نہین رکہتے تہے جسکا آپکی ہمراہی مین جانا قرار پایا ہے اسلئے کہ جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جائز تہا کہ باہر تشریف لے جاتے اور تمام عورتونکو وطن مین چھوڑ جاتے تو آپکو یہ بھی جائز تہا کہ سفر مین تشریف لے جاتے اور وطن مین چھوڑ جاتے جسکو چاہتے پس اس بیان سے ثابت ہوا کہ قرعہ اون اشیا مین استعمال کیا جاتا ہے جنکے ترک کی گنجائش ہوتی ہے اور اون مین کہ قرعہ کے بغیر بھی اونکو پورا کیا جاسکے

ومن ذلك الخصمان يحضران عند الحاكم فيدعي كل واحد منهما على صاحبه دعوى فينبغي للقاضي أن يقرع بينهما فأيهما قرع بدأ بالنظر في أمره وله أن ينظر في أمر من شاء منهما بغير قرعة فكان الأحسن به بعد التطوق به في هذا استعمال القرعة كما استعملها رسول الله صلى الله عليه وسلم في أمر نسائه وكذلك عمل المسلمون في اقتسامهم بالقرعة فيما قد ملكوه بين أهلهم بما لو أمضوه بينهم لا عن قرعة كان ذلك مستقيما فأقرعوا بينهم ليطمئن قلوبهم وترتفع الظنة عمن تولى لهم قسمتهم ولو اقرع بينهم على طوائف من المتاع الذي لهم قبل أن يعدل ويسوى قيمته على املاكهم منه كان ذلك القسم باطلا فثبت بذلك أن القرعة انما جعلت بعد أن تعدل مهاما يجوز القسم به وانها انما اريدت لانتفاء الظنون لا بحكم يجب بها فكذلك نقول كل قرعة تكون مثل هذا فهي حسنة وكل قرعة يراد بها وجوب حكم

وَقَطعُ حُقُوقٍ مُتَقَدِّمَةٍ فَهِيَ غَيْرُ مُسْتَعْمَلَةٍ **ثُمَّ** رَجَعْنَا إِلَى الْقَوْلَيْنِ الْآخَرَيْنِ فَرَأَيْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حَكَمَ فِي الْعَبْدِ إِذَا كَانَ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَأَعْتَقَهُ أَحَدُهُمَا بِأَنَّهُ حُرٌّ كُلُّهُ وَيَضْمَنُ إِنْ كَانَ مُوسِرًا وَكَانَ مُعْسِرًا فَفِي ذٰلِكَ مِنَ الْاِخْتِلَافِ مَا ذَكَرْنَاهُ فِي كِتَابِ الْعَتَاقِ **ثُمَّ** وَجَدْنَا فِي حَدِيثِ أَبِي الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ شِقْصًا لَهُ فِي مَمْلُوكٍ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ حُرٌّ كُلُّهُ لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيكٌ فَبَيَّنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِلَّةَ الَّتِي لَهَا عَتَقَ نَصِيبُ صَاحِبِهِ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ الْعَتَاقَ مَتٰى وَقَعَ بَعْضُ الْعَبْدِ انْتَشَرَ فِي كُلِّهِ **وَقَدْ** رَأَيْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَكَمَ فِي الْعَبْدِ بَيْنَ اثْنَيْنِ إِذَا أَعْتَقَهُ أَحَدُهُمَا وَلَا مَالَ لَهُ يُحْكَمُ عَلَيْهِ فِيهِ بِالضَّمَانِ بِالسِّعَايَةِ عَلَى الْعَبْدِ فِي نَصِيبِ الَّذِي لَمْ يُعْتِقْ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ حُكْمَ هٰؤُلَاءِ الْعَبِيدِ فِي الْمَرَضِ كَذٰلِكَ وَأَنَّهُ لَمَّا اسْتَحَالَ أَنْ يَجِبَ عَلَى غَيْرِهِمْ ضَمَانُ مَا جَاوَزَ الثُّلُثَ الَّذِي لِلْمَيِّتِ أَنْ يُوصِيَ بِهِ وَيَمْلِكُهُ فِي مَرَضِهِ مِنْ أَحَدٍ مِنْ قِيمَتِهِمْ وَجَبَ عَلَيْهِمُ السِّعَايَةُ فِي ذٰلِكَ لِلْوَرَثَةِ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللهُ تَعَالٰى (قولہ) **ترجمہ** اور منجملہ اسی کے یہ ہے کہ دو شخص حاضر ہوں حاکم کے پاس اور اون میں سے ہر ایک اپنے ساتھی پر ایک دعوی کرتا ہو تو قاضی کے لئے مناسب ہے کہ اون دونو کے درمیان قرعہ ڈالے جو لنسا قرعہ میں نکلے اوسی کے دعوے میں پہلے غور کرلے حالانکہ جائز یہ بھی ہے کہ بغیر قرعہ کے دونوں میں سے جسکے دعوے میں چاہے غور کرے تو بہتر طریقہ تاکہ کسی قسم کا گمان پیدا نہ ہوسکے قرعہ کا استعمال کرنا ہے جسطرح اوسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کے بارہ میں استعمال فرمایا کرتے تھے اسی طرح مسلمانوں نے قرعہ سے حصوں کے اندر کام لیا اون اشیا میں جنکو انہوں نے اپنے گہروالوں کے درمیان عدل کے ساتہہ تقسیم کرنا چاہا گو کہ وہ اگر بلا قرعہ ہی اس تقسیم کو انجام دیتے تب بہی تقسیم درست ہو جاتی لیکن انہوں نے قرعہ اندازی کی اونکے درمیان تاکہ اونکے قلوب مطمئن ہوجائیں اور اون لوگوں سے ہر قسم کے گمان کا ارتفاع ہو جائے جنپر تقسیم کرینگے وہ متولی بنے ہوں اور اگر وہ اونکے مابین اون مختلف قسم کے مالوں پر قرعہ اندازی کریں جن میں اون لوگوں کی ملکیت کے حساب سے تعدیل اور برابری نہیں کی گئی تو یہ تقسیم باطل ہوگی پس اس سے ثابت ہوا کہ قرعہ صرف اوس وقت ڈالا جاتا ہے کہ اوس سے پیشتر تقسیم درست ہو چکی ہو اور قرعہ سے مقصد بدگمانی دور کرنا ہوتا ہے نہ کسی ایسی بات کے لئے جو قرعہ سے واجب ہو جاتے پس اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ ہر وہ قرعہ جو ایسا ہو تو وہ اچھا ہے اور ہر وہ قرعہ جس سے کسی حکم کا واجب ہونا مقصد ہو اور پہلے حقوق کا قطع کردینا تو وہ غیر مستعمل ہے پہر ہم دوسرے دونو قولوں کی طرف لوٹے تو ہم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کو دیکہا کہ آپنے غلام کے بارہ میں جو دو شخصوں کے درمیان مشترک ہو پہر اوسکو دونو میں سے ایک آزاد کردے یہ حکم دیا کہ وہ تمام آزاد ہے اور اگر وہ شخص مالدار ہے تو ضامن ہوگا اور اگر تنگدست ہے تو اس میں وہی اختلاف ہے جو ہم آزادی کی کتاب میں ذکر کرچکے پہر ہم نے حدیث ابو ملیح ہذلی میں جو انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی پایا کہ ایک شخص نے غلام کے اندر اپنا حصہ آزاد کردیا تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ تمام آزاد ہے اوسکا کوئی شریک نہیں تو رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم نے وہ علتہ

بیان فرمادی جسکی وجہ سے اوسکے ساتھی کا حصہ (بہی) آزاد ہوگیا پس یہ اسکی دلیل ہے کہ آزادی جب غلام کے بعض حصہ مین واقع ہوتی ہے تو اسکے تمام مین پہیل جاتی ہے اور ہم سنے رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کو دیکہا کہ آپنے دو شخصون کے مشترکہ غلام مین جنکہ اوسکو ایک نے آزاد کردیا اور اوسکے پاس مال تہا نہین تاکہ ضمان کا حکم دیا جاتا غلام کو یہ حکم فرمایا کہ وہ اوسقدر کما دے جسقدر آزاد نہین ہوا لہذا ثابت ہوا کہ ان تمام غلامون کا حکم حالت مرض مین (بہی) یہی ہے اور جبکہ اون لوگون کے غیر پر ضمان کا واجب ہونا محال ہوا تو اوس تہائی مال سے متجاوز نہ ہوگا جسقدر کی میت کے واسطے وصیت درست ہے اور اپنے مرض کی حالت مین جسکو چاہے اونکی قیمت کا مالک بنادے اور اس صورت مین وارثون کے لئے غلامون پر کمانا واجب ہوگا اور یہی قول امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا ہے ◆

بَابُ الرَّجُلِ يُوصِي بِثُلُثِ مَالِهِ لِقَرَابَتِهِ أَوْ لِقَرَابَةِ فُلَانٍ مِنْهُمْ

باب اوس شخص کے بیان مین جو اپنے یا کسی خاص قبیلہ کے فلان شخص کے رشتہ دارون کو تہائی مالکی وصیت کرے

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ اخْتَلَفَ النَّاسُ فِي الرَّجُلِ يُوصِي بِثُلُثِ مَالِهِ لِقَرَابَةِ فُلَانٍ مَنْهُمُ الْقَرَابَةُ الَّذِينَ يَسْتَحِقُّونَ تِلْكَ الْوَصِيَّةَ فَقَالَ أَبُو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللهُ هُمْ كُلُّ ذِي رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِنْ فُلَانٍ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ أَوْ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ غَيْرَ أَنَّهُ يَبْدَأُ فِي ذَلِكَ بِمَنْ كَانَتْ قَرَابَتُهُ مِنْهُمْ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ عَلَى مَنْ كَانَتْ قَرَابَتُهُ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ وَتَفْسِيرُ ذَلِكَ أَنْ يَكُونَ لِلْمُوصِي لِقَرَابَتِهِ عَمٌّ وَخَالٌ فَقَرَابَةُ عَمِّهِ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ وَقَرَابَةُ خَالِهِ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ فَيَبْدَأُ فِي ذَلِكَ بِعَمِّهِ عَلَى خَالِهِ فَيَجْعَلُ الْوَصِيَّةَ لَهُ **وَقَالَ** زُفَرُ رَحِمَهُ اللهُ الْوَصِيَّةُ لِكُلِّ مَنْ قَرُبَ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ أَوْ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ دُونَ مَنْ كَانَ أَبْعَدَ مِنْهُ وَسَوَاءٌ كَانَ فِي ذَلِكَ بَيْنَ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ وَبَيْنَ مَنْ كَانَ ذَا رَحِمٍ غَيْرِ مَحْرَمٍ **وَقَالَ** أَبُو يُوسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُمَا اللهُ تَعَالَى الْوَصِيَّةُ فِي ذَلِكَ لِكُلِّ مَنْ جَمَعَهُ وَفُلَانًا أَبٌ وَاحِدٌ مُنْذُ كَانَتِ الْهِجْرَةُ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ أَوْ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ وَسَوَاءٌ فِي ذَلِكَ بَيْنَ مَنْ بَعُدَ مِنْهُمْ بَيْنَ مَنْ قَرُبَ وَبَيْنَ مَنْ كَانَتْ رَحِمُهُ غَيْرَ مَحْرَمٍ وَلَمْ يُفَضِّلُوا فِي ذَلِكَ مَنْ كَانَتْ رَحِمُهُ مِنْ قِبَلِ الْأَبِ عَلَى مَنْ كَانَتْ رَحِمُهُ مِنْ قِبَلِ الْأُمِّ **وَقَالَ** آخَرُونَ الْوَصِيَّةُ فِي ذَلِكَ لِكُلِّ مَنْ جَمَعَهُ وَفُلَانًا أَبُوهُ الرَّابِعُ إِلَى مَا هُوَ أَسْفَلُ مِنْ ذَلِكَ لِكُلِّ مَنْ جَمَعَهُ وَفُلَانًا وَقَالَ آخَرُونَ الْوَصِيَّةُ فِي ذَلِكَ لِكُلِّ أَبٍ وَاحِدٍ فِي الْإِسْلَامِ أَوْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِمَّنْ يَرْجِعُ بِآبَائِهِ أَوْ بِأُمَّهَاتِهِ إِلَيْهِ أَبًا عَنْ أَبٍ أَوْ أُمًّا عَنْ أُمٍّ إِلَى أَنْ تَلْقَاهُ مِمَّا تَثْبُتُ بِهِ الْمَوَارِيثُ أَوْ تَقُومُ بِهِ الشَّهَادَاتُ وَإِنَّمَا جَوَّزَ أَهْلُ هَذِهِ الْمَقَالَاتِ الْوَصِيَّةَ لِلْقَرَابَةِ عَلَى مَا ذَكَرْنَا مِنْ قَوْلِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ إِذَا كَانَتْ تِلْكَ الْقَرَابَةُ قَرَابَةً تُحْصَى وَتُعْرَفُ فَإِنْ كَانَتْ لَا تُحْصَى وَلَا تُعْرَفُ فَإِنَّ الْوَصِيَّةَ بِهَا بَاطِلَةٌ فِي قَوْلِهِمْ جَمِيعًا إِلَّا أَنْ يُوصِيَ بِهَا لِفُقَرَائِهِمْ فَيَكُونُ جَائِزَةً لِمَنْ رَأَى الْوَصِيَّ دَفْعَهَا إِلَيْهِ مِنْهُمْ وَأَقَلُّ مَنْ يَجُوزُ لَهُ أَنْ يَجْعَلَهَا فِيهِمُ اثْنَانِ فَصَاعِدًا فِي قَوْلِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللهُ وَقَالَ أَبُو يُوسُفَ رَحِمَهُ اللهُ إِنْ دَفَعَهَا إِلَى وَاحِدٍ مِنْهُمْ أَجْزَأَهُ ذَلِكَ (قوله) **ترجمہ** ابو جعفر نے کہا لوگ اوس شخص کے بارہ مین مختلف ہوئے جو اپنے تہائی مال کی فلان شخص کے رشتہ دارون کے لئے وصیت کرے جنکے اندر وہ لوگ رشتہ دار ہون جو اوس وصیت کے مستحق ہون تو امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے

فرمایا کہ وہ ہر ذی رحم محرم ہین جو فلان شخص سے باپ کیطرف سے رشتہ دار ہون یا اوسکی مان کیطرف سے صرف اتنی
بات ہے کہ ابتدا اون رشتہ دارون سے کرے جو اوسکے باپ ہی کے طرف سے رشتہ دار ہون اور مطلب اسکا یہ
ہے کہ رشتہ دارونکو وصیت کرنے والے کے لئے کوئی چچا اور ماموں ہون پس اوسکے اوس چچا کا رشتہ
جو باپ کیطرف سے ہو مانند اوسکے اوس ماموں کے رشتہ کے ہے جو اوسکی مان کیطرف سے رشتہ دار ہو لہذا
اوسکو اپنے چچا سے ابتدا کرنی چاہیئے نہ اپنے ماموں سے پس وصیت اوسی کے لئے کرے اور امام
زفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وصیت ہر اوس شخص کے لئے ہے جو رشتہ دار ہو خواہ باپ کیطرف سے
یا مان کیطرف سے نہ اوسکے لئے جو اوس سے دور ہو اور برابر ہے کہ وہ منجملہ اون لوگون کے ہو جو ذی رحم محرم
ہین یا منجملہ اونکے جو غیر ذی رحم محرم ہین اور امام ابو یوسف اور امام محمد بن حسن رحمہما اللہ نے فرمایا کہ وصیت
اس صورت مین ہر اوس شخص کے لئے ہے کہ وہ اور فلان ایک باپ پر جمع ہو جائین جب کہ ہجرت
واقع ہوئی خواہ باپ کیطرف سے یا مان کیطرف سے اور اس حکم مین وہ شخص بھی جو اون لوگون سے قریب ہون اور جو
اونسے بعید ہون سب برابر ہین اسیطرح وہ جو رشتہ مین حرام نہ ہو اور اس حکم مین اوس شخص کو فضیلت نہین جسکا
رشتہ باپ کیطرف سے ہو اوس شخص پر جسکا رشتہ مان کیطرف سے ہو اور دوسرون نے فرمایا وصیت اس صورت مین
ہر اوس شخص کے لئے ہے کہ اوسکو اور فلان اوسکے چوتھے باپ نے اکٹھا کر دیا ہو یا اوس نیچے درجہ کے باپ نے
اور دوسرون نے کہا وصیت اس صورت مین ہر اوسکے لئے ہے کہ اوسکو اور فلان کو ایک باپ نے اکٹھا کر دیا
ہو خواہ اسلام کے اندر یا زمانہ جاہلیت مین اور اسکے سوا نہین کہ ان تمام قولون والون نے وصیت کو قرابت
کے لئے جائز رکھا جیسا کہ ہم ہر ایک کے قول کو ذکر کر چکے بشرطیکہ وہ قرابت ایسی ہو کہ اوسکا احاطہ اور اوسکی
پہچان ہو سکے اور اگر ایسی ہو کہ احاطہ اور پہچان نہو سکے تو وصیت قرابت کے ساتھ باطل ہے بالاتفاق الا اوس
صورت مین کہ اون کے فقرا کے واسطے وصیت کرے تو جائز ہوگی وصی کو مجاز ہے کہ اون مین سے کسی کو دے
اور کم سے کم جسکو دینا جائز ہے اونمین سے وہ دو ہین یا زیادہ محمد بن حسن رضی اللہ عنہ کے قول مین اور
امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر اونمین سے ایک کو ہی دیدے تو یہ کافی ہے * **فلما** اختلفوا
فی القرابۃ منہم ہذا الاختلاف وجب ان ننظر فی ذلک لنستخرج من اقاویلہم ہذہ قولا صحیحا فنظرنا فی ذلک
فکان من حجۃ الذین ذہبوا الی ان القرابۃ ہم الذین یلتقونہ ومن یقاربونہ عند ابیہ الرابع فاسفل
من ذلک انما قالوا ذلک فیما ذکروا لان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما قسم سہم ذوی القربی اعطی
بنی ہاشم وبنی المطلب انما یلتقی ہو وبنو المطلب عند ابیہ الرابع لانہ محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب
بن ہاشم بن عبد مناف والآخرون بنو المطلب عبد مناف یلتقونہم وہو عند عبد مناف وہو ابوہ
الرابع **فمن الحجۃ** علیہم فی ذلک للآخرین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما اعطی بنی ہاشم
وبنی المطلب قد حرم بنی امیۃ وبنی نوفل وقرابتہم منہ کقرابۃ بنی المطلب فلم یحرمہم لانہم لیسوا
قرابۃ ولکن لمعنی غیر القرابۃ فکذلک من نوقدتم لم یحرمہم لانہم لیسوا قرابۃ ولکن لمعنی غیر القرابۃ
ثم قد روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی القرابۃ من غیر ہذا الوجہ **ما** حدثنا ابن مرزوق

قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ ثَنَا حُمَیْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَۃُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ اَوْ قَالَ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا جَاءَ اَبُوْ طَلْحَۃَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ حَائِطِی الَّذِیْ بِمَکَانِ کَذَا وَکَذَا لِلّٰہِ وَلَوِ اسْتَطَعْتُ اَنْ اُسِرَّهٗ لَمْ اُعْلِنْہُ فَقَالَ اجْعَلْہُ فِیْ فُقَرَاءِ قَرَابَتِكَ اَوْ فُقَرَاءِ اَهْلِكَ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ ثُمَامَۃَ قَالَ قَالَ اَنَسٌ کَانَتْ لِاَبِیْ طَلْحَۃَ اَرْضٌ فَجَعَلَهَا لِلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَہٗ اجْعَلْهَا فِیْ فُقَرَاءِ قَرَابَتِكَ فَجَعَلَهَا لِحَسَّانَ وَاُبَیٍّ **قَالَ** اَبِیْ عَنْ ثُمَامَۃَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ وَکَانَا اَقْرَبَ اِلَیْہِ مِنِّیْ **فَهٰذَا** اَبُوْ طَلْحَۃَ قَدْ جَعَلَهَا لِاُبَیٍّ وَحَسَّانَ وَاِنَّمَا یَلْتَقِیْ هُوَ وَاُبَیٌّ عِنْدَ اَبِیْہِ السَّابِعِ لِاَنَّ اَبَا طَلْحَۃَ اسْمُہٗ زَیْدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَیْدِ مَنَاۃَ ابْنِ عَدِیِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ وَاُبَیُّ بْنُ کَعْبِ بْنِ قَیْسِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ زَیْدِ بْنِ مُعَاوِیَۃَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ ابْنِ النَّجَّارِ فَلَمْ یُنْکِرْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَبِیْ طَلْحَۃَ مَا فَعَلَ مِنْ ذٰلِكَ

(قولہ) **ترجمہ** پس جبکہ لوگ قرابت میں اسقدر مختلف ہوئے تو واجب ہوا کہ ہم اس میں غور کریں تاکہ ہم اونکے تمام قولوں میں سے صحیح قول نکال لیں پس ہم نے اس میں غور کیا تو اون لوگوں کی دلیل جو اسطرف گئے کہ قرابت سے وہ لوگ مراد ہیں جو اوس سے مل جائیں اور وہ جو اوسکے چوتھے درجہ کے باپ میں اوس سے نزدیک ہوں یا اوس سے نیچے درجہ کے باپ میں یہ ہے کہ انہوں نے یہ قول اسوجہ سے کیا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ ذوالقربی کو حصے تقسیم فرمائے تو بنی ہاشم اور بنو مطلب کو دئے حالانکہ آپ اور بنو مطلب آپکے چوتھے درجہ کے باپ کے پاس ملاقات کرتے ہیں کیونکہ آپ محمد بیٹے عبداللہ کے ہیں وہ بیٹے عبدالمطلب کے وہ بیٹے ہاشم کے وہ بیٹے عبد مناف کے اور دوسرے لوگ بیٹے مطلب کے ہیں وہ بیٹے عبد مناف کے پس آپ اور وہ لوگ عبد مناف پر مل جاتے ہیں حالانکہ وہ حضور کے چوتھے درجہ کے باپ ہیں پھر انپر دوسروں کے لئے اس مسئلہ میں یہ دلیل ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب بنی ہاشم اور بنی مطلب کو دیا تو بنی امیہ اور بنی نوفل کو محروم کر دیا حالانکہ اون کی قرابت بھی آپسے بنو مطلب کی سی ہے پس نہیں محروم فرمایا آپ نے ان کو اس وجہ سے کہ وہ رشتہ دار نہ تھے بلکہ اُس وجہ سے جو رشتہ داری کے علاوہ کوئی اور بات ہے لہذا اسی طرح اُن سے اوپر کے رشتہ داروں کو بھی اس وجہ سے محروم نہیں کیا کہ وہ رشتہ دار نہیں ہیں بلکہ رشتہ کے سوا دوسری کسی وجہ سے پھر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے قرابت کے بارہ میں اِس طریقہ کے سوا دوسرے طریقہ سے مروی ہے کہ حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبداللہ انصاری نے کہا حدیث بیان کی ہم سے حمید نے انہوں نے حضرت انس سے کہا جب یہ آیت نازل ہوئی لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ یا کہا مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا پس ابو طلحہ آئے اور عرض کیا ای رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میرے وہ باغ جو فلاں فلاں مقام میں ہیں اللہ تعالٰے کے لئے ہیں اور اگر میں اوسکو پوشیدہ کرسکوں تو اوسکا اعلان نہ کروں تو آپنے فرمایا کہ اوسکو اپنے رشتہ داروں میں سے فقیروں کے لئے کر دے یا اپنے گھر کے فقیروں کے لئے حدیث بیان کی ہم سے ابن مرزوق نے کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن عبداللہ نے کہا حدیث بیان کی مجھ

سے میرے باپ نے انہوں نے روایت کی ثمامہ سے کہا حضرت انس نے فرمایا کہ ابو طلحہ کی ایک زمین
تھی پس انہوں نے اوسکو اللہ تعالے کے واسطے ٹہیرا دیا پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کیخدمت مین حاضر ہوئے تو آپنے
اونسے فرمایا کہ اوسکو اپنی قرابت کے فقیرون کے واسطے کردے تو انہوں نے حضرت حسان اور حضرت
اُبی کے لئے کردیا میرے باپ نے ثمامہ سے روایت کر کے کہا انہوں نے روایت کی انس سے کہا وہ دونو
اونسے بہ نسبت میرے زیادہ قریب تھے پس یہ ابو طلحہ ہین کہ انہوں نے اوس زمین کو حضرت حسان
اور اُبی کے لئے ٹہیرایا حالانکہ وہ اور اُبی لوگ ساتوین درجہ کے باپ کے پاس ملتے ہین کیونکہ ابو طلحہ
کا نام زید ہے بیٹے سہل کے بیٹے اسود کے بیٹے حرام بن عمرو کے بیٹے زید مناۃ کے بیٹے عدی کے
بیٹے عمرو کے بیٹے مالک کے بیٹے نجار کے اور ابی بیٹے کعب کے ہین بیٹے قیس کے بیٹے عتیک کے بیٹے معاویہ کے بیٹے زید
کے بیٹے عوف کے بیٹے مالک کے بیٹے نجار کے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اونکے اس فعل پر کوئی
ناگواری ظاہر نہ فرمائی (قولہ) **فدل** ماذکرنا علے ان من کان یلقے الرجل الی ابیہ الخامس او السادس
او الی من فوق ذلک من الاباء المعروفین قرابۃ لہ کما ان من یلقاہ الی اب دونہ قرابۃ ایضا **وقد**
امر اللہ عز وجل نبیہ ایضا صلے اللہ علیہ وسلم ان ینذر عشیرتہ الاقربین **فروی** عنہ فی ذلک ما
حدثنا محمد بن عبد اللہ بن مخلد الاصفہانی قال ثنا عباد بن یعقوب قال ثنا عبد اللہ بن عبد القدوس من
الاعمش عن المنہال بن عمرو وعن عباد بن عباد قال قال علی لما انزلت وانذر عشیرتک الاقربین قال لی
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یا علے اجمع لی بنی ہاشم وہم اربعون رجلا ثم ذکر الحدیث **ففی**
ہذا الحدیث انہ قصد بنی ابیہ الثالث **وقد** روی عنہ ایضا فی ذلک ما حدثنا محمد بن
عبد اللہ بن مخلد ابو الحسن الاصبہانی قال ثنا محمد بن حمید الرازی قال ثنا سلمۃ بن الفضل
عن محمد بن اسحق عن عبد الغفار بن القاسم عن المنہال عن عمرو بن عبد اللہ الحارث عن ابن
عباس عن علی عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم مثلہ غیر انہ قال اجمع لی بنی عبد المطلب قال وہم
اربعون رجلا یزیدون رجلا او ینقصونہ **ففی** ہذا الحدیث انہ قصد بنی ابیہ الثانی **وقد**
روی عنہ ایضا فی ذلک ما حدثنا ربیع الجیزی قال ثنا ابو الاسود وحسان بن غالب قالا ثنا ہمام
عن موسی بن وردان عن ابی ہریرۃ عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انہ قال یا بنی ہاشم
یا بنی قصی یا بنی عبد مناف انا النذیر والموت المغیر والساعۃ الموعود (قولہ) ترجمہ پس جو کچھ ہم
نے ذکر کیا اوس نے اسپر دلالت کی کہ جو شخص کسی دوسرے سے اوسکے پانچوین یا چھٹے یا اس سے بھی
اوپر کے درجہ کے باپ سے ملجاوے منجملہ اون باپون کے جو مشہور ہون اوسکے لئے قرابت ہین جیسا کہ
وہ شخص جو دوسرے سے اونسے نیچے درجہ کے باپ مین ملجاوے تو بہی قرابت ہوتا ہے اور بیشک خدا تعالے
نے بہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے قریب تر کنبہ کو ڈرانے کا حکم فرمایا ہے پس اس بارہ مین آپسے وہ حدیث
مروی ہے جو ہم سے محمد بن عبد اللہ بن مخلد اصفہانی نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے عباد بن یعقوب نے
کہا حدیث بیان کی ہم سے عبد اللہ بن عبد القدوس نے انہوں نے روایت کی اعمش سے انہوں نے منہال

بن عمرو سے انہون نے عباد بن عباد سے کہا حضرت علی نے فرمایا جب نازل ہوی یہ آیت کہ وانذر عشیرتک الاقربین
تو مجہسے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ای علی میرے واسطے بنو ہاشم کو اکٹہا کردو اور وہ چالیس آدمی تھے
یا ایک کم چالیس پہر یہ حدیث ذکر کی تو اسحدیث مین یہ بات ہے کہ آپنے اپنے تیسرے درجہ کے باپ کے
بیٹون کا ارادہ فرمایا اور آپسے اسبارہ مین وہ حدیث بہی مروی ہے جو ہم سے محمد بن عبد اللہ بن مخلد اصبہانی نے
بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلمہ بن فضل نے انہون
نے روایت کی محمد بن اسحاق سے انہون نے عبد الغفار بن قاسم سے انہون نے منہال سے انہون نے عمرو
بن عبد اللہ بن حارث سے انہون نے ابن عباس سے انہون نے حضرت علی سے انہون نے نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے اوسکی مثل سوا اسکے کہ انہون نے کہا میرے لئے عبد المطلب کے بیٹون کو جمع کردو کہا اور وہ چالیس آدمی
تھے ایک آدمی زائد یا کم تو اسحدیث مین یہ ہے کہ آپنے اپنے دوسرے درجہ کے باپ کے بیٹون کا ارادہ کیا اور
اسبارہ مین آپسے یہ بہی مروی ہے جو ہم سے احمد بن داود نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے مسدد نے کہا حدیث
بیان کی ہم سے یزید بن زریع نے کہا حدیث بیان کی ہم سے سلیمان تیمی نے انہون نے روایت کی ابو عثمان نہدی
سے انہون نے قبیصہ بن مخارق اور زہیر بن عمرو سے دونو نے کہا جب نازل ہوئی یہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین
تو چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ایک پہاڑ کی چوٹی پر پس اوسکی بلندی پر چڑہے پہر فرمایا ای عبد مناف کے بیٹو
مین ڈرانے والا ہون تو اسحدیث مین یہ ہے کہ آپنے اپنے چوتھے درجہ کے باپ کے بیٹون کا ارادہ کیا اور آپسے
اسبارہ مین وہ حدیث بہی مروی ہے جو ہم سے ربیع جیزی نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے ابو الاسود اور
حسان بن غالب نے دونو نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہمام نے انہون نے روایت کی موسیٰ بن وردان سے
انہون نے ابو ہریرہ سے انہون نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا ای ہاشم کے بیٹو ای قصی کے
بیٹو ای عبد مناف کے بیٹو مین ڈرانیوالا ہون اور موت مغیر اور ساعت موعدہ کی ہوئی **فَفِي** هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهُ دَعَا بَنِي
اَبِيْهِ الْخَامِسِ **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْهُ اَيْضًا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ وَعَفَّانُ عَنْ
اَبِيْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ
الْاَقْرَبِيْنَ قَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا بَنِيْ كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ
عَبْدِ مَنَافٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ هَاشِمٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ اَنْقِذِيْ
نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَاِنِّيْ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا غَيْرَ اَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَاَبُلُّهَا بِبِلَالِهَا **فَفِي** هٰذَا الْحَدِيْثِ
اَنَّهُ دَعَاهُمْ مَعَهُمْ بَنِيْ اَبِيْهِ السَّابِعِ لِاَنَّهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ
بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْهُ اَيْضًا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ
بْنِ غِيَاثٍ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ
عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِيْ يَا بَنِيْ فِهْرٍ يَا بَنِيْ
عَدِيٍّ يَا بَنِيْ فُلَانٍ لِبُطُوْنٍ مِنْ قُرَيْشٍ حَتّٰى اجْتَمَعُوْا فَجَعَلَ الرَّجُلُ اِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَخْرُجَ اَرْسَلَ
رَسُوْلًا لِيَنْظُرَ وَجَاءَ اَبُوْ لَهَبٍ وَقُرَيْشٌ فَاجْتَمَعُوْا فَقَالَ اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِيْ تُرِيْدُ

إِنْ تُخْبِرُ عَلَيْكُمْ أَكُنْتُمْ تُصَدِّقُونِي قَالُوا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا قَالَ فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ
شَدِيدٍ **فَفِي** هَذَا الْحَدِيثِ أَنَّهُ دَعَا بُطُونَ قُرَيْشٍ كُلَّهَا **وَقَدْ** رُوِيَ مِثْلُ ذَلِكَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ
حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ قَالَ ثَنَا عُقَيْلٌ قَالَ ثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ قَالَ سَعِيدٌ
وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ
وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا
يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ
مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللَّهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ لَا أُغْنِي عَنْكِ
مِنَ اللَّهِ شَيْئًا (قوله) **ترجمہ** پس اس حدیث مین یہ ہے کہ آپنے اپنے پانچوین درجہ کے باپ کے بیٹون کو
بلایا اور اونسے اسبارہ مین وہ حدیث بھی مروی ہے جو ہم سے ابن مرزوق نے بیان کی کہا حدیث بیان کی ہم سے
ابو ولید اور عفان نے انہون نے روایت کی ابو عوانہ سے انہون نے عبد الملک بن عمیر سے انہون نے موسی بن
طلحہ سے انہون نے ابو ہریرہؓ سے کہا جب نازل ہوی یہ آیت کہ وانذر عشیرتک الاقربین تو نبی صلے اللہ علیہ سلم
باہر سے ہوئے اور فرمایا ای کعب بن لوی کے بیٹو اپنی جانونکو دوزخ سے نکالو ای عبد مناف کے بیٹو اپنی جانونکو
آگ سے نکالو ای ہاشم کے بیٹو اپنی جانونکو آگ سے نکالو ای فاطمہ محمدؐ کی بیٹی اپنی جان دوزخ سے نکال کیونکہ
مین اللہ کیطرف سے تمہارے لئے کسی چیز کا مالک نہین سوا اسکے کہ تمہارے لئے رحم (رشتہ) ہے کہ مین اوسکو
اوسکی تری سے تر کرونگا پس اس حدیث مین یہ ہے کہ آپنے اپنے ساتوین درجہ کے باپ کے بیٹون کو بلایا اسلئے
کہ آپ محمد ہین بیٹے عبد اللہ کے وہ بیٹے عبد المطلب کے بیٹے ہاشم کے بیٹے عبد مناف کے بیٹے قصی کے بیٹے کلاب کے
بیٹے مرہ کے بیٹے کعب کے بیٹے لوی کے اور آپسے اسبارہ مین وہ حدیث بھی مروی ہے جو ہم سے فہد نے بیان کی
کہا حدیث بیان کی ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے کہا حدیث بیان کی مجھسے میرے باپ نے انہون نے روایت
کی اعمش سے انہون نے عمرو بن مرہ سے انہون سعید بن جبیر سے انہون نے ابن عباس سے کہا جب نازل ہوی
یہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین تو چڑھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کوہ صفا پر اور پکارنے لگے ای فہر کے بیٹو ای
عدی کے بیٹو ای فلان کے بیٹو قریش کے بہت سے بطنون کو یہانتک کہ وہ سب اکٹھے ہوئے اور جو شخص خود
